بِ: (۱) ساتھ (۲) سے (۳) ذریعہ (۴) بدلہ (۵) سبب (۶) میں (۷) تعدیہ (۸) زائدہ

بَاعَ بالجُملَة: تھوک فروخت کیا۔

مَرَّ بالسُّوق: بازار سے گذرا

کَتَبَ بالقَلَم: قلم سے لکھا۔

صَعِدَ بالسُّلَّم: سیڑھی کے ذریعہ چڑھا۔

بَاعَ الکِتَابَ برُوبِیَة: کتاب ایک روپے کی فروخت کی۔

فَشَلَ بالإهمَال: لاپرواہی کی وجہ سے ناکام ہوا۔

أخَذَ بالیَد: ہاتھ میں لیا۔

بَاحَ بِسِرِّه: اس کا راز ظاہر کیا۔

لیس بجیّد: عمدہ نہیں ہے۔

بَأبَأ الوَلَدَ: بچہ کا بابا کہنا۔

بَابَا: عیسائیوں کا پوپ اعظم

بَابُور: دیکھئے وابور)

بَابُورُ البَحرِ: سمندری جہاز

بَابُورُ سِکَّةِ الحَدِید: ریلوے انجن۔

بَات (دربَیَت)

بَاتِیسته: باریک ململ۔

بَاثالُوجیا: علم العلاج، علم ترکیب ادویہ

بَاحَ: (دربوح) بَاخَ (دربوخ)

بَاخِرَة: (دربخر)

باد (دربَیَد)

بَادِر: (دربدر)

بَاذِنجَان: بینگن، و بَاذِنجَانَة

بَأرَ بَأرًا: کنواں کھودنا۔

بِئرٌ: کنواں ج: آبَارٌ، أبؤُرٌ، و أبآرٌ۔ و بِئَارٌ.

بُؤرة: ج: بُؤَر بھنور (۱) نقطۂ اجتماع (۲) گڑھا

بُؤرَةٌ خَطِیرَة: خطرناک بھنور۔

بَار: (۱) شراب خانہ۔

بَارلَمَان: پارلیمنٹ

بَارنَامج، بَرنَامج: پروگرام، فہرست

بَارُومتر: (مع) بارومیٹر، بیرومیٹر، آلہ بادپیما

بَارِیس: پیرس

بَارِیسيٌّ: پیرسی، پیرس کا، پیرس کا باشندہ۔

بَازَار: بازار، مارکیٹ۔

بَأس: طاقت، بہادری، قوت۔

ذُو بَأسٍ: طاقتور، بہادر۔

لَابَأْسَ بِذٰلِکَ: کوئی مضائقہ نہیں
لَابَأْسَ بِکَذَا: خاصی، خاصا (خِبْرَۃ)
لَابَأْسَ بِهَا: خاصا تجربہ۔
لَابَأْسَ عَلَيْکَ: تم کو کوئی خوف نہیں۔
شئ لَابَأْسَ به: ناقابلِ اعتراض
بَئِسَ ـَ بُؤْساً، وَبَاساً و بَئِيساً: تنگدست ہونا، بدحال ہونا محتاج وفقیر ہونا۔
بَؤُسَ ـُ بَأْساً و بَاسَةً و بَآسَةً: طاقتور ہونا، بہادر ہونا۔
بُـؤْسٌ بَـاسَـاءُ: بدحالی، تنگدستی، زبوں حالی، مصیبت
بَاسَابُورْت، بَاسْبُوْر: پاسپورٹ
بَائِسٌ: تنگدست، خستہ حال، مصیبت زدہ
بَاشَرَ: (دیکھئے بشر)
بَاش: چیف، صدر
بَاشَا: لقب، پاشا
بَاشْکِیرُ: (دا) تولیہ۔
بَاطِسُ الْحِذَاء: (دا) جوتے کا تلا
بَاصَةٌ: (مع) بس ج: بَاصَات
بَاقَةٌ: گلدستہ ج: بَاقَات
بَالَّةٌ إِبَالَةٌ: تجارتی بنڈل، کپڑے کی گانٹھ۔
بَالُوعَةٌ: گندا نالہ، گندی نالی
بَالُو: بال کا معرب) (۱) گیند (۲) ڈانس
بَالُون: (مع) غبارہ: (مُنْطَاد)
بَامِيَا: (مع) بھنڈی
بَانِيُو: باتھ ٹب
بَاهَ لِلأَمْرِ ـَ بَاهاً: سمجھنا، تاڑنا۔

ب .... ب

بَبْرٌ: ہندوستانی شیر، شیر ببر ج: بُبُور

البَبْغَاءُ، و البَبَّغَاءُ: طوطا ج: بَبْغَاوَات.

ب .... ت

بَتَّ ـُ بَتًّا: قطع کرنا، کاٹنا۔
بَتَّ الأَمْرَ و فيه: آخری فیصلہ کرنا، فیصلہ کرنا، طے کرنا۔
بَتٌّ: فیصلہ، قطعیت۔
بَتَّةَ البَتَّةَ: یقیناً، قطعاً ہمیشہ۔
بَتَاتاً: قطعی طور پر، آخری طور پر، بالکل
بَتَرَ ـُ بَتْراً: کاٹنا، کترنا، حصۂ جسم کاٹنا
بَتْرٌ: قطع وبرید، نقص
بَتَّار: تیز، قاطع
أَبْتَرُ مَبْتُور: (۱) دُم بریدہ (۲) ناتمام ناقص، لاولد۔ (جُمْلَةٌ مَبْتُورَةٌ) ناتمام جملہ۔
بِتْرُول: (مع) (۱) (پٹرول) (۲) مٹی کا تیل
بِتْرُولٌ خَام: غیر صاف شدہ پٹرول
بِتْرُولٌ مُكَرَّرٌ: صاف شدہ پٹرول
بَتَلَ تَبْتِيلاً: قطع کرنا، دور کرنا
بَتَّلَ و تَبَتَّلَ: شادی نہ کرنا، بے رغبت ہونا، متوجہ نہ ہونا
مَبْتُول: غیر شادی شدہ، کنواری عورت۔
بِتِنْجَان: بینگن
بِتِيَّةٌ: غسل کرنے کا ٹب، باتھ ٹب۔

ب .... ث

بَثَّ ـُ بَثًّا: پھیلانا، شائع کرنا، بکھیرنا، بھیجنا، اشاعت کرنا۔
بَثٌّ: اشاعت، بکھیرنا۔
بَثُّ الأَلْغَام: سرنگ بچھانا۔
بَثُّ رُوحِ الذُّعْرِ: دہشت انگیزی پھیلانا

بَثَّ السُّمُوم: زہر افشانی کرنا۔
بَثَّ الفِكْرَة: نظریہ کی اشاعت کرنا
إِنْبِثَاث: پھیلنا، شائع ہونا، بکھرنا۔
مُنْبَثّ: شائع، منتشر، بکھرا ہوا۔
بَثِرَ ـَ بَثَرَ ـِ بَثُرَ ـُ بَثْراً و بُثُوراً: پھنسیاں نکل آنا، چہرہ پر دانے نکل آنا۔
بَثْرَةٌ: پھنسی ج: بَثْر و بُثُور
بَثَقَ ـُ بَثْقاً و بَثَقَ: شق کرنا، توڑنا، چاک کرنا، پانی کا نہر کو توڑنا۔
إِنْبِثَاق: نکلنا، شق ہونا، طلوع ہونا، پانی کا جاری ہونا، (۲) پنکچر ہونا۔
إِنْبِثَاقُ الشيء من كذا: نتیجہ کے طور پر نکلنا۔

ب .... ج

بَجِحَ به ـَ بَجَحاً: خوش ہونا۔
بَجَّحَ تَبْجِيْحاً: (۱) بے حیا ہونا، خوش کرنا۔
تَبَجَّحَ: فخر کرنا، اترانا۔
بَجَدَ ـُ بُجُوْداً: ب۔ قیام کرنا، مقیم ہونا۔
بَجْدَة: اصل، اصلیت، حقیقت۔
إِبْنُ بَجْدَة: باخبر، حقیقت شناس
بَجِرَ ـَ بَجَراً: بڑے پیٹ والا ہونا۔
بُجْرَة: ناف ج: بُجَر
أَبْجَر: بڑے پیٹ والا۔
بَجَسَ ـُ بَجْساً: جاری کرنا، بہانا، شق کرنا، چیرنا، پھاڑنا۔
إِنْبِجَاس و تَبَجُّس: پھٹنا، جاری ہونا۔
بَجَعَ ـَ بَجْعاً: تلوار سے کاٹنا۔
بَجَع: لمبی چونچ کا ماہی خوراک آبی پرندہ، حواصل و: بَجَعَة
بُجُول: (ن۔ س) خوش ہونا، خوشحال ہونا۔

بَجُلَ ـُ بَجَالَةً: معزز ہونا۔
تَبْجِيل: تعظیم کرنا، احترام کرنا۔
مُبَجَّل: لائق احترام، معزز۔
بَجَمَ ـِ بَجْماً و بُجُوماً: ڈر کر خاموش ہو جانا۔
بَجَّنَ المِسْمَا رَتَبْجِيناً: کیل ٹھونکنا۔
البُوجِيَّة (عَرَبَة يَجُرُّهَا جَوَاد: بگھی۔

ب .... ح

بَحْبَحَة و تَبَحْبُح: باغ باغ ہونا، خوش ہونا۔
بَحْبُوح: شریف الطبع (دا)
مُبَحْبِح: فراخ، آرام دہ۔
بَحُتَ ـُ بُحُوتَة: خالص ہونا۔
بَحْت: خالص
بَحَثَ في المَوْضُوع ـَ بَحْثاً: تحقیق کرنا، غور کرنا، چھان بین کرنا۔
بَحَثَ الأَمْرَ: غور کرنا، اسٹڈی کرنا، ریسرچ کرنا۔
بَحَثَ عن: تلاش کرنا، جستجو کرنا۔
بَاحَثَ مَعَه في و تَبَاحَثَ: بحث کرنا، گفتگو کرنا، مباحثہ کرنا۔
بَحْث: تحقیق، ریسرچ، مطالعہ، اسٹڈی، تحسیر، علمی تحقیق، تحقیقی مقالہ، تحقیقی مضمون ج: أَبْحَاث و بُحُوث
بَحْثٌ إِسْتِقْرَائِيّ: تجرباتی ریسرچ۔
البَحْثُ عن البِتْرُوْل: پٹرول تلاش کرنا۔
بَحْثٌ في الشيء: غور و فکر کرنا۔
بَحْثٌ عِلْمِيّ: ریسرچ
بَحْثُ المَسْئَلَة: مسئلہ پر غور کرنا
بَحْثٌ مُقَارِنٌ: تقابلی مطالعہ

بَحْثٌ و مُنَاقَشَةٌ: بحث ومباحثہ
بَحَّاثَة، بَحَّاثٌ بَاحِثٌ: محقق
مَبْحَثٌ: موضوع، موضوعِ تحقیق، موضوعِ مطالعہ ج: مَبَاحِث
المَبَاحِثُ الجِنَائِيَّةُ: فوجداری تحقیقات
مُبَاحَثَةٌ: استدلالی گفتگو، مناظرہ، مقابلہ کلام، بات چیت، گفتگو ج: مُبَاحَثَات
مُبَاحَثَات: بات چیت، گفتگو
مُبَاحَثَاتٌ تَمْهِيْدِيَّة: ابتدائی گفتگو، ابتدائی بحث ومباحثہ۔
مُبَاحَثَات مباشرہ: گفتگو براہ راست۔
مُبَاحَثَاتٌ وَجْهاً لِوَجْهٍ: روبرو بات چیت
مَوْضُوْعُ مُبَاحَثَات: بات چیت کا موضوع
بَحْثَرَة: بکھیرنا، برباد کرنا
تَبَحْثُر: بکھرنا، برباد ہونا
بَحَّ ـ بَحَحًا و بَحَاحَةً و بُحُوْحَةً و بُحَاحًا: آواز بیٹھ جانا، گلا خراب ہوجانا۔
بَحَّحَ تَبْحِيْحًا و أَبَحَّ إِبْحَاحاً: گلا پڑنا یا گلا خراب کر دینا۔
بُحَاح: گلے کی خرابی، آواز کا بھاری پن۔
أَبَحُّ، مَبْحُوْحٌ: بھاری آواز والا، خراب گلے والا۔
بَحِرَ ـ بَحَرًا: مبہوت ہونا، حیران ہونا۔
إِبْحَارٌ: سمندر میں سفر کرنا، جہاز کی روانگی۔
بَحْرٌ: سمندر، دریا ج: بِحَار
البَحْرُ الأَبْيَضُ: دریائے روم، بحر روم
البَحْرُ الأَحْمَرُ: دریائے قلزم
البَحْرُ الأَطْلَانْطِيقِيُّ، البَحْرُ الأَطْلَانْطِيُّ: بحر اٹلانٹک جو افریقہ اور امریکہ کے درمیان واقع ہے۔
البَحْرُ المُحِيْطُ: محیط بحر، سمندر، بحر اعظم، ساگر۔
بَحْرُ الظُّلُمَات: دریائے اٹلانٹک
فِي بَحْرِ كَذَا: دوران، اثناء، درمیان
بِحَارَة: جہاز رانی، سمندری سفر کی مہارت، کشتی رانی، ملاحی۔
بَحْرِيٌّ: سمندری، دریائی، سمندر سے متعلق، جہاز رانی سے متعلق (۲) شمالی۔
بَحَّارٌ و بَحَّارَة: ملاح، جہاز ران
مُلْحَقٌ بَحْرِيٌّ: بحری اتاچی، اتاچی برائے بحری امور
نَقْلٌ بَحْرِيّ: سمندری ٹرانسپورٹ
بَحْرِيَّة: نیوی، بحری طاقت، بحریہ۔
بَحْرَةٌ: جوہڑ، کچا برساتی تالاب، گڑھا ج: بُحَرٌ و بِحَار
بُحَيْرَة: جھیل و تالاب ج: بُحَيْرَات
بُحْرَانٌ: ہذیان، سراسیمگی، بے ہوشی، (دیوانگی کی حالت، بیماری کی شدت کا درجہ۔

ب............خ

بَخْتٌ: قسمت، نصیب
فَتْحُ البَخْتِ: قسمت بتانا
كِتَابُ فَتْحِ البَخْتِ: نجومی کی کتاب جس سے وہ لوگوں کا انکا نصیب بتاتا ہے۔
فَاتِحُ البَخْتِ: نجومی، جوتشی، فال بتانے والا۔

قَلِيلُ البَخت: کم نصیب
بَخِيتٌ و مَبْخُوت: صاحب نصیب
بَخْتَرَة ، تَبَخْتُر: اترانا، اترا کر چلنا
بَخَّ ـُ بَخًّا في النَّوْم: خراٹے لینا
بَخَّ الماء: پانی ٹپکانا
بُخَيْخة: پچکاری، سرنج
بُخَيْخَةُ الحَدائِق: باغبانی کا آب پاش
بُخَيْخة رَشَّاشَة: آب پاش (حجام کا)
بُخَيْخَةُ العُطُور: گلاب پاش
بَخِرَ ـَ بَخَرًا: گندہ دہن ہونا، منھ کا بدبودار ہونا۔
بَخَرَ المَاءُ ـَ بَخْرًا و بُخَارًا و تَبَخَّرَ: بھاپ بننا۔
بَخَرَ القِدْرُ: دیگچی سے بھاپ اٹھنا۔
تَبَخُّر: دھونی لینا، بھاپ بننا۔
تَبْخِير: دھونی دینا، بھاپ بنانا
بَخَرٌ: بوئے دہن، بدبو
بُخار: بھاپ، اسٹیم گیس، ج أبْخِرَة
بُخارِيّ: دخانی، بھاپ دار
بُخارِيَّة: اسٹیمر، سٹیمر
مَاسُورَةُ البُخار: اسٹیم پائپ
مِيزانُ ضغط البُخار: دخان پیما، جو بائلر میں لگا ہوتا ہے جس سے بھاپ کے دباؤ کی مقدار معلوم ہوتی ہے۔ ویپرومیٹر، بھاپ پیما، اسٹیم دیکھنے کا آلہ
وَابُور بُخارِيّ: اسٹیم انجن
سَفِينَةٌ بُخارِيَّة: دخانی کشتی، اسٹیمر
القُوَّةُ الدُّخانِيَّة: اسٹیم پاور، دخانی طاقت
بَخُور: دھونی ج: أبْخِرَة و بَخُورَات

بَاخِرَة ج: بَوَاخِر: اسٹیمر، دخانی جہاز
بَاخِرَة ج: بَوَاخِر: اسٹیمر، دخانی جہاز
بَاخِرَةُ البَضَائِع: مال بردار جہاز
بَاخِرَةُ التَّجَسُّس: جاسوسی جہاز
بَاخِرَةُ شَحْن: بار برداری کا جہاز
مِبْخَرَة: (۱) دھونی دان ج: مَبَاخِر
(۲) بھاپ کے ذریعہ صفائی کا آلہ
مِبْخَرَة: عوددان
بَخَسَ ـَ بَخْسًا: قیمت گرانا، کم کرنا
بَخَسَه حَقَّه: حق تلفی کرنا، ناانصافی کرنا
بَخَسَ قِيمَةً: قیمت کم کرنا
بَخَصَ عَيْنَه ـَ بَخْصًا: آنکھ نکالنا
بَخَعَ نَفْسَه ـَ بَخْعًا: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو گھلانا، ہلاک کرنا۔
بَخَقَ عَيْنَه ـَ بَخْقًا: آنکھ پھوڑنا
بَخُلَ ـُ بُخْلاً بَخِلَ ـَ بَخَلاً و بُخْلاً و بُخُولاً: کنجوس ہونا

ب .... د

بَدَأَ ـَ بَدْأً و ابْتَدَأَ: شروع کرنا، آغاز کرنا، افتتاح کرنا۔
بَدَّأه تَبْدِئَةً: مقدم کرنا، ترجیح دینا
بَادَأه مُبَادَأَة: پہل کرنا
___ بالشَّرّ: جھگڑے کی ابتدا کرنا، چڑھائی کرنا۔
___ بالكلام: گفتگو کی ابتدا کرنا، گفتگو میں پہل کرنا۔
بَدْء ، بَدَاءَة، إبْتِدَاء: آغاز، اول، شروع، اسٹارٹنگ، ابتداء۔
بَدَأَ اسْمُه يَخْبُو: اس کا نام مٹنے لگا۔

بَدَأَ سِلْسِلَةً من الإنفِجَارَات: اس نے برسنا شروع کر دیا۔
بَدْءُ نَشَاط: سرگرمی جاری کرنا
بَدَأَتِ الجَامِعَة بِالإعْدَادِ لِهٰذَا المُؤْتَمَر: جامعہ نے اس کانفرنس کی تیاری شروع کر دی۔
بَدَأَت اللَّجْنَةُ عَمَلَها: کمیٹی نے اپنا کام شروع کر دیا۔
بَدَأَتِ المُبَاحَثَاتُ بِرِئَاسَةِ فُلَان: فلاں کی صدارت میں بات چیت شروع ہوئی۔
بَادِئٌ: پہل کرنے والا، اول، آغاز کنندہ
بَادِئَ ذِي بَدْءٍ: شروع میں
البَادِئُ بالشَّرِّ: حملہ آور، چڑھائی کرنے والا
بِدَائِيٌّ: اصلی، بنیادی
إبْتِدَائِيٌّ: پرائمری، ابتدائی
شَهَادَة إبْتِدَائِية: پرائمری سارٹیفکٹ
مَدْرَسَة إبْتِدَائِيَّة: پرائمری اسکول
مَبْدَأ: اصول، قاعدہ، بنیاد، اصل، سرچشمہ
ج: مَبَادِئ
مَبَادِئ: اصول و مَبْدَأ
مَبَادِئ تَوْجِيهِيَّة: رہنما اصول
مَبَادِئُ الحِزْب: پارٹی کے اصول، جماعتی اصول
مَبَادِئُ دِيمُقْرَاطِيَّة: جمہوری اصول
مَبَادِئُ عَدَمِ الإنْحِيَاز: غیر جانبداری کے اصول
مَبَادِئُ لِلتَّوْجِيه والإرْشَاد: رہنما خطوط
مَبَادِئُ النِّقَابَة: یونین کے اصول وضوابط
صَاحِبُ المَبْدَأ: خاص اصول کا مالک، بااصول، صاحب اصول، اصول پسند
سَامِي المَبَادِئ: بلند اصول انسان
مَبَادِئُ العُلُوم: علم وفن کے بنیادی اصول
إعْتِنَاقُ المَبَادِئ: اصول اپنانا
إنْطِلَاقاً مِنَ المَبَادِئ: اصول کے تحت
مَبْدَئِي: بنیادی، اصولی، قانونی
مَبْدَئِياً: اصولی طور پر، بنیادی طور پر
بَدَّدَ تَبْدِيداً: بکھیرنا، منتشر کرنا، برباد کرنا
تَبَدَّد: بکھر جانا، برباد ہو جانا
تَبَدُّدُ النُّفُوذ: اقتدار مٹنا
تَبْدِيدُ الإشَاعَات: افواہوں کی تردید کرنا
تَبْدِيدُ الشُّكُوك: شبہات دور کرنا
تَبْدِيدُ المَخَاوِف: خدشات دور کرنا
تَبْدِيدُ النَّوَايَا: ارادوں پر پانی پھیرنا،
إسْتِبْدَاد: مطلق العنان ہونا، خودمختار وخود رائے ہونا، مطلق العنانی، اقتدار پسندی، ظلم، ڈکٹیٹرشپ
إسْتِبْدَادِيّ: ڈکٹیٹرانہ، ظالمانہ، مستبدانہ (۲) ڈکٹیٹر، ظالم وجابر
مُسْتَبِدّ: مطلق العنان، ظالم، خودرائے، ڈکٹیٹر، اقتدار پسند، جابرانہ، بے قاعدہ، بے اصول، ظالمانہ
بُدّ: چارۂ کار، چھٹکارا، خلاصی، حصہ
بِدَايَةُ الطَّرِيق: ابتدائی مرحلہ
بِدَايَةُ مَعَالِمِ الشَّيء: آثار نظر آنا
لابُدَّ مِنْ كُلِّ بُدّ: ضرور، یقیناً
لابُدَّ منه: ضروری، لازمی
بَدَرَ بُدُوراً الى: جلدی کرنا، دوڑنا
بَدَّرَ تَبْدِيراً و بَادَرَ مُبَادَرَةً: عجلت کرنا،

سبقت کرنا، دوڑنا
بَدْرٌ: مہ کامل ج: بُدُوْر
بَدَارِ: جلدی کر
بَادِرَة ج بَوَادِرُ: مظہر، بدیہی چیز علامت
البَادِرَة الوُدِّيَّة: دوستانہ علامت
مُبَادَرَة: پہل، اقدام، نئی کوشش، پیغام، نیا قدم، نیا مشن
مُبَادَرَة الى: پیش قدمی کرنا
مُبَادَرَة بكذا: تجویز
مُبَادَرَة بالهُجُوم: حملہ میں پہل کرنا
مُبَادَرَةُ رَاجرْس: راجرس مشن
مُبَادَرَةُ السَّلَام: امن مہم، امن مشن، امن اقدام۔
مُبَادَرَة لازِمَة: ضروری اقدام
مُبَادَرَات: شروعات، اقدامات
بَوَادِرُ: آثار، علامات، و بَادِرَة
بَوَادِرُ تَمْهِيدِيَّة: ابتدائی آثار
بَوَادِرُ الخِلَاف: مخالفت کی علامتیں، آثار مخالفت۔
بَيْدَرُ الحِنْطَة: گیہوں کا کھلیان ج: بَيَادِرُ
بَدَعَ ـَ بَدْعًا و اِبْتِدَاع: ایجاد کرنا، گھڑنا، نئی بات پیدا کرنا۔
إبْدَاع: بنانا، پیدا کرنا، کمال دکھانا ایجاد، اختراع
إبْدَاعِي: جدت پسند
بَدْعٌ و اِبْتِدَاعٌ: اختراع، ایجاد
بَدِيْع: عجیب، عمدہ، موجد، خالق، اچھا، اچھوتا ج: بَدَائِعُ

بَدُعَ ـُ بَدَاعَةً و بُدُوْعًا: باکمال ہونا
بَدَلَ ـُ بَدْلاً و بَدَّلَ تَبْدِيْلاً و أَبْدَلَ إِبْدَالاً: بدلنا، تبادلہ کرنا، باری باری کرنا
بَادَلَ الشيء مُبَادَلَةً: تبادلہ میں لینا
إِسْتِبْدَال: تبدیل کرانا، ایکسچینج
تَبَادُلُ الآرَاء: تبادلہ خیال کرنا
تَبْدِيْل: تبادلہ کرنا، ادلہ بدلہ کرنا، چینجنگ
تَبْدِيْلُ السُّرْعَة: انجن کا گیر لگانا
بَدَلٌ: عوض، متبادل
بَدَل: الاؤنس، معاوضہ، بدلہ، تبدیلی
بَدَلُ الإشْتِرَاك: خریداری، اخبار یا رسالہ کی قیمت، اخباری چندہ
بَدَلُ إقَامَة: کرایہ قیام، وظیفہ خورد ونوش، الاؤنس جو خورد ونوش کے لئے دیا جائے
بَدَلُ إنْتِقَال: سفر الاؤنس، ٹی۔اے
بَدَلُ سَفَر: کرایہ سفر، سفر الاؤنس
بَدَلُ سَكَن: رہائشی بھتہ، رہائشی الاؤنس (۲) کرایہ مکان
بَدَلُ مَيْدَان: فیلڈ الاؤنس
بَدَلاً من كَذا: بجائے اس کے
بَدَلَات و بَدَل: الاؤنس
بَدْلَة: یونیفارم، سوٹ
بَدْلَةُ ثِيَاب: کپڑوں کا جوڑا، سوٹ ج: بَدَلَات
بَدْلَةُ رِجَال: مردانہ سوٹ
البَدْمِنْتُن: بیڈمنٹن
بِدَال (مِدْوَس): پیڈل
بَدَّال: (۱) صراف، سکہ بدلنے والا، (۲) اشیائے خوردنی فروخت کرنے والا۔

بَدِيلُ شيءٍ: متبادل، بدل
بَدِيلٌ صَالِحٌ: نعم البدل
بَدَّالَةُ التِلِيفُون: ٹیلیفون ایکسچینج
تَبَادُل و مُبَادَلَة: لین دین، تبادلہ، ادلا بدلا
تَبَادُلُ الآرَاء: خیالات کا تبادلہ
تَبَادُلُ أَرْضٍ: زمین کا تبادلہ
تَبَادُلُ أَسْرَى الحَرْب: جنگی قیدیوں کا تبادلہ
تَبَادُلُ الأَفْكَار: خیالات کا تبادلہ
تَبَادُلٌ ثَقَافِيٌّ: ثقافتی تبادلہ
تَبَادُلُ التَّمْثِيل الدِّبْلُومَاسِيّ: سفارتی نمائندگی کا تبادلہ
تَبَادُلُ الخَوَاطِر: تبادلہ خیال کرنا
تَبَادُلُ كَلِمَاتِ التَّرْحِيب: ایک دوسرے کو خوش آمدید کہنا۔
تَبَادُلُ وِجْهَاتِ النَّظَر: تبادلہ خیالات
تَبَادُلُ مُذَكِّرَات: خطوط کا تبادلہ
تَبَادُلُ النَّظَرَات: آنکھوں آنکھوں میں بات کرنا
تَبَادُلُ نَقْدٍ: مبادلہ زر
مُبَادَلَة: تبادلہ، ایکسچینج، مبادلہ
مُبَادَلَةٌ دَاخِلِيَّةٌ: ملکی ایکسچینج
مُتَبَادَل: مشترک، عام رائج، باہمی
بَدُنَ ـُ بَدَانَةً و بُدْنًا: بھاری جسم ہونا موٹے بدن کا ہونا
بَدَنِيّ: جسمانی
رِيَاضَة بَدَنِيَّة: ورزش
عُقُوبَة بَدَنِيَّة: جسمانی سزا
بَدَانَة: موٹاپن، موٹاپا

بَدِين: موٹا، بھاری جسم کا
بَدَهَ ـَ بَدْهاً: اچانک آنا
بَدَهَ ـَ بَدَاهَةً و ابْتَدَهَ: برجستہ بولنا
بَدَاهَة: برجستگی، بے ساختگی
بَدِيهِيٌّ: ظاہر، واضح محتاج بیان نہیں
بَدْوٌ: جنگل، دیہات، دیہاتی پن، گنوار پن
بَدَوِيّ: دیہاتی، غیر متمدن، غیر مہذب
بُدُوٌّ (ن): ظاہر ہونا، روشن ہونا
بَدَا لِلفِكْر ـُ بُدُوًّا: ذہن میں آنا
إِبْدَاء مُبَادَاة: ظاہر کرنا
تَبَدِّي: ظاہر ہونا، دیہاتی زندگی اپنانا
بَادٍ: ظاہر، روشن، واضح
بَدَاوَة: بے تمدنی، ناشائستگی
بادية: جنگل ج: بادیات، بَوَادٍ
ب..........ذ
بَذَأَ ـَ بَذْءً و بَذَاءً: ناپسند کرنا، مذمت کرنا
بَذِيّ: برا، ناپسندیدہ
بَذِيُّ اللِّسَان: بدزبان، بدکلام
بَذَاءَة: برائی، بدزبانی، بدکلامی
بَذَخَ ـَ بَذَخاً: بلند ہونا، تکبر کرنا
بَاذِخ: بلند
بَذَّ ـُ بَذًّا: غالب ہونا، فوقیت لے جانا
بَذَّ ـَ بَذَاذًا و بَذَاذَةً: (س) بدحال ہونا
بَذَاذَة: پراگندگی، شکستہ حالی، گندگی
بَذَرَ الحَبَّ ـُ بَذْرًا: (۱) بونا، بیج ڈالنا، تخم ریزی کرنا (۲) مال کو فضول خرچ کرنا
بَذْر: بیج ج: بُذُور: نسل، گٹھلی
بَذَّرَ تَبْذِيرًا: فضول خرچ کرنا
بَذَلَ ـُ بَذْلاً: خرچ کرنا

بَذَلَ نَفْسَه: جان کی بازی لگانا، قربانی دینا
بَذَلَ. وُسْعَه: کوشش کرنا، جدوجہد کرنا
بَذْل. و اِبْتِذَال: ناجائز استعمال کرنا، غلط طور پر خدمت لینا، حقارت سے کام لینا
بَذْلٌ: خرچ، داد ودہش، قربانی، قربانی کرنا
بَذْلُ أَقْصىٰ جُهُوْدٍ: آخری سے آخری کوشش کرنا
بَذْلُ التَّضْحِيَات مِنْ اَجْلِ تَحْقِيْقِ الْأَهْدَاف: مقاصد کی تکمیل کے لئے قربانی دینا۔
بَذْلُ الذَّات: تن دہی، جاں بازی
بِذْلَةُ ثِيَاب: سوٹ، کپڑوں کا جوڑا
بِذْلَةُ السَّهْرَة: شام کا لباس
بِذْلَةُ الْعَمَل او الشُّغْل: اوپری پوشاک جو بوقت کام پہنی جاتی ہے
بِذْلَة رَسْمِيَّة: سرکاری وردی
بِذْلَة حُكُوْمِيَّة: سرکاری یونیفارم
بِذْلَة مَلَكِيَّة: شاہی لباس
بِذْلَة نِظَامِيَّة: یونیفارم
بَذْلُ الدَّم: خون دینا، جان دینا، قربانی دینا
بَذْلُ الْمُحَاوَلَات: کوشش کرنا
مُبْتَذَل: حقیر، مستعمل، پرانا، ریڈی میڈ

ب .... ر

بَرَأَ ـــ بَرْأً: پیدا کرنا
بَرِئَ الْمَرِيْضُ ـــ بُرْءًا: صحت یاب ہونا
بَرِئَ الْجُرْحُ: زخم بھرنا، اچھا ہونا
بَرِئَ من كذا: بری الذمہ ہونا سبکدوش ہونا، گناہ یا جرم سے پاک ہونا
بَرَّأَه تَبْرِئَة: بری کرنا، بے گناہ قرار دینا
تَبْرِئَة و إِبْرَاء: سبکدوش کرنا، بے قصور ٹھیرانا، بیمار کو شفا دینا
تَبَرَّأَ مِن: دست بردار ہونا، نجات پانا، ناپسند کرنا، اظہار براءت، بچنا
بُرْءٌ و بُرُوْءٌ: شفا، صحتیابی
بَرَاءَة: معصومیت (۲) سند، ڈپلوما، خلاصی، چھٹکارا صفائی، لائسنس
بَرِيءٌ: پاک، سبکدوش، دست بردار، شفایاب، صحت یاب
بَرِيءٌ: معصومانہ
بَرِيءٌ ج أَبْرِيَاءُ: بے گناہ، معصوم،
بَرِيَّة: مخلوق ج: بَرَايَا
بَارِئ: خالق
إِبْرَاء و تَبْرِئَة: سبکدوشی، ڈسچارج
بَرْبَرَة: بڑبڑانا، بک بک کرنا، جھک کرنا، فضول باتیں کرنا
بَرْبَرَة: وحشی، مغربی افریقہ کی ایک قوم
بَرْبَرِيَّة: وحشی پن
بُرْتُغَال (مع): پرتگال
بُرْتُقَالٌ: بُرْتُقَان: سنگترہ، نارنگی
شَرَابُ الْبُرْتُقَال: شربت سنترہ
عَصَّارَةُ الْبُرْتُقَال وغيره: رس نکالنے کا آلہ
بُرُتُكُوْل: (مع) پروٹوکول
بُرْثُنٌ: پرندہ کا پنجہ ج: بَرَاثِن
بَرَاثِنُ الإِسْتِعْمَار: سامراجی پنجے
بُرْجٌ: قلعہ، محل، گنبد ج: بُرُوْج
بُرْجٌ: ٹاور، برج ج: أَبْرَاج
بَارِجٌ: ماہر جہاز رانی، ماہر ملاح

بَارِجَة: مسلح جہاز، جنگی جہاز، میدان جنگ ج: بَوَارِج
بَارِجَةُ أَمِيرِ البَحْرِ: جہاز جس پر امیرالبحر کام کر رہا ہو
تَبَرَّج: عورت کا سنگار کرنا
بِرْجَلٌ: (دا) پرکار، دائرہ کش
بُرْجُمَةٌ: انگلی کا جوڑ ج: بَرَاجِم
بَرِحَ المَكَانَ و منه ـَ بَرَحًا: الگ ہونا
مَا بَرِحَ: لگاتار، برابر
بَرَّح تَبْرِيحًا: تھکانا، پریشان کرنا
بَرَّحَ به الأَمْرُ: تکلیف میں مبتلا کرنا
بَرَاح: کشادہ زمین، فراخ جگہ
البَارِحَة: روزِ گذشتہ، شب گذشتہ
أَوَّلُ البَارِحَة: پرسوں گذشتہ
مُبَرِّح: اذیت رساں، سخت
أَلَم مُبَرِّح: سخت درد
بَرَدَ ـُ بُرُودَة و بَرَدَ ـُ بَرْدًا و بُرُودًا: ٹھنڈا ہونا، سردی لگنا، زکام ہونا
بَرَدَ ـُ بَرْدًا وَ بَرَّدَ و أَبْرَدَ: ٹھنڈا کرنا، حوصلہ پست کرنا
بَرَدَتْ هِمَّتُه: حوصلہ پست ہونا
بَرَّدَ هِمَّتَه: حوصلہ پست کرنا
بَرَدَ الحَدِيدَ ـُ بَرْدًا: ریتنا، ریتی کرنا
إِبْرَاد: ڈاک بھیجنا، ڈاک سے بھیجنا
بَرْد: سردی
بَرَد: اولہ و: بَرَدَة
بَرَّاد: (دا): فرج ٹھیک ٹھیک بٹھانے والا (آلہ)
بَرَّادُ الشَّاي: چائے دان، ٹی پاٹ
بَرَّاد (وِعَاء لِتَبْرِيدِ السَّوَائِل): (واٹر) کولر

بَارِد: کولڈ، ٹھنڈا
بَرَّادَة: ریفریجریٹر، ٹھنڈا کرنے کی مشین
بَرَّادِيَة: (دا) واٹر کولر، پانی ٹھنڈا کرنے کا بکس
بُرَادَة: لوہے کا برادہ
بَرُود: پٹاخوں وغیرہ کا بارود
بَرُودَة و بَارُودَة: رائفل، بندوق
بَرِيدٌ: (۱) قاصد (۲) ڈاک (۳) پوسٹ مین
بَرِيدٌ بَحْرِيٌّ: بحری ڈاک
بَرِيدٌ جَوِّيٌّ: ایرمیل، ہوائی ڈاک
بَرِيدٌ صَادِرٌ: جانے والی ڈاک
بَرِيدٌ عَادِيٌّ: معمولی ڈاک
بَرِيدٌ مُسَجَّلٌ: رجسٹرڈ میل
بَرِيدٌ وَارِدٌ: آنے والی ڈاک
أُجْرَةُ البَرِيد: پوسٹیج، محصول ڈاک
خِدْمَاتُ البَرِيد: میل سروس
طَابِعُ البَرِيد: ڈاک ٹکٹ، اسٹامپ
صُنْدُوقُ البَرِيد: لیٹر بکس
خَتْمُ البَرِيد: ڈاک مہر
مَصْلَحَةُ البَرِيد: محکمہ ڈاک
مَكْتَبُ البَرِيد: پوسٹ آفس
بَرِيدِي: ڈاک کا، ڈاک خانہ کا
بَارِد: (۱) ٹھنڈا (۲) سست و کاہل (۳) بے حس (۴) کند
بَارِدُ الطَّبْع: نرم و مزاج، ٹھنڈے مزاج کا
مِبْرَد: ریتی ج: مَبَارِد
مِبْرَدُ النَّجَّار: رندا
مِبْرَدٌ أَقْطَش: کند ریتی یا رندا
مِبْرَدٌ مُنَكَّش: خم دار رندا
مِبْرَدُ نِصْفِ دَائِرَة: کماندار رندا

مُبَرِّد: خوشگوار، ٹھنڈا کرنے والا
المُبَرِّد: واٹر کولر، کولر، ریفریجریٹر
بِرْذَوْن: بار برداری کا گھوڑا ج: بَرَاذِيْن
بَرَّرَ تَبْرِيْرًا: جائز قرار دینا، سبکدوش کرنا، بری قرار دینا
تَبْرِيْر: صفائی، معصومیت، کسی کی طرف سے صفائی پیش کرنا، بے گناہ ثابت کرنا، جائز قرار دینا۔
تَبْرِيْرُ العَمَلِيَّةِ الإِجْرَامِيَّة: مجرمانہ کارروائی کو جواز کا رنگ دینا۔
تَبْرِيْرٌ مَفْلُوْجٌ: عذرِ لنگ
يُبَرَّرُ: لائقِ عفو، قابلِ معافی
لَا يُبَرَّرُ: ناقابلِ عفو
مُبَرِّرٌ: عذر، وجہِ جواز، سبب ج: مُبَرِّرَات
المُبَرِّرُ الكَافِي: بڑا جواز
مُبَرِّرَات: بہانے، صفائیاں
بَرَّهُ ـِ بِرًّا: اطاعت کرنا، حسنِ سلوک کرنا، اچھا برتاؤ۔
بَرَّ فِي قَوْلِهِ: ٹھیک بات کہنا، سچ بولنا
بَرَّ فِي اليَمِيْن: قسم پوری کرنا
بِرٌّ: نیکی، حسنِ سلوک، اطاعت، احسان
بُرٌّ: گیہوں
بَرٌّ: خشکی
نَقْلٌ بَرِّيٌّ: زمینی ٹرانسپورٹ
بَرٌّ و بَارٌّ: نیک، فرمانبردار، صالح
بَرًّا: (۱) خشکی کے راستہ سے، (۲) باہر
بَرًّا وبَحْرًا: بحر و بر سے
بَرَّانِيّ: بیرونی، اجنبی، خارجی
بِلَادُ البَرِّ: بیرونی ممالک

مَبَرَّة: نیکی احسان ج: مَبَرَّات
بَرَزَ ـُ بُرُوْزًا، بَرِزَ ـَ بَرَزًا: ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، ممتاز ہونا، مشہور ہونا، ابھرنا
بَرَزَ على غيره ـُ بَرَازَةً: فوقیت لیجانا
بَارَزَه مُبَارَزَةً: مقابلہ کرنا
إِبْرَاز: ظاہر کرنا، نمایاں کرنا، نکالنا، پیشکش
إِبْرَازُ الحَقِيْقَة: اظہارِ حقیقت
تَبَرَّزَ: پاخانہ کرنا
بِرَازُ الإِنْسَان: پاخانہ، لید وغیرہ
بُرُوْز (ن): ابھار، نمایاں ہونا
بُرُوْزُ العُرُوْقِ فِي الأَيْدِي النَّحِيْلَةِ: نازک ہاتھوں کی رگیں دکھائی دینا۔
بُرُوْز: ابھار، نمود
مُبَارِز: مقابل، مردِ میدان، جنگی
مُبَرِّز: نمایاں، ممتاز
مُبَارَزَة: مقابلہ
بَرْزَخ: خاک نائے
بُرْش: پائدان
بَرْشَمَ فيه بَرْشَمَةً: گھورنا
بَرْشَمَ الشيْءَ: سیل لگانا، کیل لگانا، مضبوط بند کرنا
آلَةُ البَرْشَمَة: کیل لگانے کی مشین
بَرَشُوْت: (مع) پیراشوٹ، فوجی چھتری
بَرَشُوْتِيّ: چھاتہ بردار سپاہی
بَرِصَ ـَ بَرَصًا: برص میں مبتلا ہونا
بَرَصٌ، أَبُوبُرَيْص: چھپکلی
بَرْطَلَة: رشوت دینا
تَبَرْطَل: رشوت لینا
بُرْطُلَة: چھتری

مُبَرْطَلٌ: چھت دار

بَرْطَمَة: غصہ سے پھول جانا، غصہ سے ہونٹ نکالنا

بَرْطَمَان: مرتبان

بَرِيْطَانِيَا العُظْمىٰ: برطانیہ عظمیٰ

بَرِيْطَانِيَة: برٹش، برطانیہ

بَرَعَ ـَـ و بَرِعَ ـَـ و بَرُعَ ـُـ بَرَاعَةً و بُرُوْعًا: صاحب کمال ہونا، ماہر ہونا

تَبَرَّعَ فِي: کمال حاصل کرنا، مہارت پیدا کر لینا

تَبَرَّعَ بشيء: چندہ دینا، خیرات کرنا

بَارِع: ماہر، باکمال

بَرَاعَة: کمال، مہارت

بَرَاعَةٌ إدَارِيَّةٌ: انتظامی مہارت

البَرَاعَة العَسْكَرِيَّة: فوجی مہارت

تَبَرُّع ج: تَبَرُّعَات: چندہ، عطیہ، چندہ دینا

تَبَرُّعًا: مفت، بلا قیمت

تَبَرُّعَاتٌ تَطَوُّعِيَّة: رضاکارانہ چندہ

مُتَبَرِّع: چندہ دہندہ، عطیہ دہندہ

بَرْغَثَ المَكَانُ بَرْغَثَةً: کسی جگہ پسو پڑنا

بُرْغُوث: پسو ج: بَرَاغِيْث

بُرْغِيٌّ: پیچ ج: بَرَاغِيّ

مِسْمَارٌ بُرْغِيٌّ: پیچ دار کیل

بَرَقَ ـُـ بَرْقًا و بُرُقًا و بَرَقَانًا و بَرِيْقًا: چمکنا، ظاہر ہونا

بَرَقَتْ و أَبْرَقَتِ السَّمَاءُ: آسمان میں بجلی چمکنا

إبْرَاق إلى: تار دینا، برقیہ روانہ کرنا

بَرْق: بجلی، چمک، ٹیلی گراف

البَرْق اللَّاسِلْكِيّ: وائرلیس، ٹیلی گراف،

بَرْقِيّ: بجلی سے متعلق، بجلی کا

بَرْقِيًّا: بذریعہ تار

بَرْقِيَّة: ٹیلی گرام، تار ج: بَرْقِيَّات

بَرْقِيَّة بالشِّفْرَة: کوڈ ٹیلی گرام

بَرْقِيَّة جَوَابِيَّة: جوابی تار

بَرْقِيَّةٌ غَيْرُ مُسْتَعْجَلَة: معمولی تار

بَرْقِيَّة لاَ سِلْكِيَّة: وائرلیس ٹیلی گرام

بَرْقِيَّةٌ مُسْتَعْجَلَة: ارجنٹ تار

بَرْقِيَّةٌ مُمَاثِلَة: ویسا ہی تار، سابق جیسا

بَرْقِيَّةٌ مُؤَجَّلَةٌ: میعادی تار

بَرْقِيَّاتُ عَزَاء: تعزیتی تار

بَرَّاق: چمکدار، چمکیلا، بھڑکدار

عُيُوْنٌ بَرَّاقَةٌ: چمکدار آنکھیں

بَارِقَة: بجلی والا بادل، کرن

بَارِقَةُ أَمَلٍ: شعاع امید، امید کی کرن

بَرِيْق: آب و تاب

إبْرِيْق: لوٹا، جگ ج: أَبَارِيْق

إبْرِيْقٌ أُسْطُوَانِيُّ الشَّكْل: جگ

إبْرِيْقُ الشَّاي: کیتلی، ٹی پوٹ

إبْرِيْقُ القَهْوَة: کافی پوٹ

إبْرِيْق وطَشْتٌ: لوٹا چلمچی

مُبْرِقَة، آلَةُ التِّلِغْرَاف: ٹیلی گراف

المُبْرِقَةُ المُبَاشِرَةُ: ٹیلکس

بَرْقَشَة: رنگنا، رنگوں سے آراستہ کرنا

مُبَرْقَش: رنگین، آراستہ

بُرْقُع: نقاب، برقع، ج: بَرَاقِع

بُرْقُوْق: آلوچہ، آلو بخارا، شفتالو

بَرَکَ ـُ بُرُوْکًا و تَبْرَاکًا : قیام کرنا، اونٹ کا بیٹھنا
بَرَکَ المَاءُ فی الأرْض: پانی جمع ہونا
بَرَّکَ و أبْرَکَ الجَمَلَ: اونٹ کو بٹھانا
بَارَکَ له و فیه و علیه مُبَارَکَةً: برکت دینا
تَبَرَّکَ و تَبَارَکَ به : برکت حاصل کرنا، نیک شگون لینا
تَبَارَکَ: بلند و باعظمت ہونا
بَرَّکَه تَبْرِیْکًا: مبارکباد دینا، برکت کی دعا کرنا
بُرْکَان ج: بَرَاکِیْنُ: آتش فشاں، کوہ آتش فشاں
بُرْکَانٌ ثَائِرٌ: آتش فشاں پہاڑ جس سے لاوا ابل رہا ہو
بُرْکَانٌ ثَائِرٌ هَادِرٌ: زبردست لاوا پھینکنے والا آتش فشاں
بُرْکَانٌ خَامِدٌ: جس کا لاوا نکلنا بند ہو گیا
بُرْکَانٌ سَاکِنٌ: جس سے لاوا نہ نکل رہا ہو
فُوْهَةُ البُرْکَان: دہانہ آتش فشاں پہاڑ
مَقْذُوْفَاتُ البُرْکَان: لاوا، آتشیں مادہ جو پہاڑ سے نکلتا ہے
بُرْکَانِیٌّ: آتش فشاں پہاڑ کا
بِرْکَة ج: بِرَک : حوض، تالاب، گڑھا
مُبَارَک: خوشگوار، بابرکت
مُبَارَکَةُ شیٍٔ: سراہنا
بَارَکَ جُهُوْدَه مُبَارَکَةً: خراج تحسین پیش کرنا، سراہنا
بِرْکَارٌ: پرکار (مع)
بَرْلَمَان: پارلیمنٹ

البَرْلَمَانُ السَّلِیْمُ: صاف ستھری پارلیمنٹ
البَرْلَمَانُ المَحَلِّیُّ فی الوِلَایَة: صوبائی پارلیمنٹ
اِنْتِخَابَات بَرْلَمَانِیَة: پارلیمنٹ کے انتخابات
بَرَمَ ـُ بَرْمًا و أبْرَمَ الحَبْلَ : بٹ دینا
بَرَمَ الأمْرَ: مضبوط و مستحکم کرنا، برقرار رکھنا
بَرِمَ ـَ بَرَمًا و تَبَرَّمَ: تنگ دل ہونا
بَرْمٌ و إبْرَام: پختہ کرنا، مضبوط کرنا، استحکام و مضبوطی
إبْرَامُ اِتِّفَاق: معاہدہ کرنا
إبْرَامُ صَفْقَة: سودا کرنا
بَرِیْمَة: برما، سوراخ کرنے کا اوزار، ھیجکیش
بَرِیْمَة لِفَتْحِ الزُّجَاجَات: ڈاٹ کھولنے کا پیچ
إبْرَامُ المُعَاهَدَة و الإتِّفَاق: برقراری معاہدہ، استحکام معاہدہ
تَبَرُّم: تنگ دلی، ناگواری
التَّبَرُّمُ بِشیٍٔ: اکتاہٹ، ناگواری،
مُبْرَم: مضبوط، مستحکم
قَضَاءٌ مُبْرَمٌ: اٹل فیصلہ، تقدیر الٰہی
بِرْمِیْل ج : بَرَامِیْلُ: بیرل، ڈرام، تیل کا پیمانہ، پیپا، کنستر
نِصْفُ البِرْمِیْل: ٹب
بَرَامِجُ التَّدْرِیْب: ٹریننگ پروگرام
بَرَامِجُ التَّنْمِیَة: ترقیاتی پروگرام
بَرَامِجُ الدِّرَاسَة بالمُرَاسَلَات: مراسلاتی کورس
البَرَانْدِی (شَرَابٌ مُسْکِر): برانڈی

بَرْنَامج: ایجنڈا، پروگرام، فہرست ج: بَرَامِجُ
بَرْنَامِجٌ إِصْلَاحِيٌّ: اصلاحی پروگرام
بَرْنَامَجُ الدِّرَاسَةِ او التَّعْلِيم: نصابِ تعلیم
بَرْنَامَجُ ذُو النِّقَاطِ العِشْرِيْن: بیس نکاتی پروگرام
بَرْنَامَجُ الغِذَاءِ العَالَمِيّ: عالمی غذائی پروگرام
بَرْنَامَجٌ مَحَلِّيّ: مقامی پروگرام
بَرْنَامَجُ المُرَاجَعَة: آڈٹ پروگرام
بَرْنَامَجُ المُسَاعَدَةِ الخَارِجِيَّة: بیرونی امداد کا پروگرام
بِرِنْس: (مع) پرنس، امیر، شہزادہ
بُرَيْطَة ہیٹ (مع)
بُرَيْطَةُ اللَّمْبَة: لیمپ شیڈ
بُرْهَة: وقت، پیریڈ، لحظہ، تھوڑی دیر
بَرْهَنَ الشيءَ وعليه: دلیل قائم کرنا
بَرْهَنَةٌ على الوَطَنِيَّة: شہریت کا ثبوت پیش کرنا
بُرْهِيٌّ: تیز رفتار
بُرُوتُوكُول: دستاویز، معاہدہ، متعینہ طریقہ کار
بَرْوَزَة: (دا) فریم کرنا، چوکٹا لگانا
بِرْوَاز: چوکھٹا، فریم (دا)
بُرُوفَةُ المَطْبُوعَات: پروف
بَرَى القَلَمَ وغيرَه ـِ بَرْيًا: تراشنا، چھیلنا، دبلا کرنا، ہڈیاں نکالنا
بَارَاه مُبَارَاةً: مقابلہ کرنا، میچ کرنا
تَبَارَى: باہم مقابلہ، تسابق
إِنْبَرَاء: سامنے آنا، مقابلہ پر آنا، چیلنج کرنا
بَرَى: مٹی
بَرَّاءَة، مِبْرَاة: قلم تراش، پنسل تراش
مُبَارَاة: میچ، ٹورنامنٹ، مقابلہ
مُبَارَاة: مقابلہ، میچ، میچ کرنا
المُبَارَاةُ النِّهَائِيَّة: فائنل میچ
بَرِيطَانِيَا: برٹش، برطانیہ

ب............ز

بَزَرَ ـُ بَزْرًا: بیج ڈالنا
بِزْرٌ و: بِزْرَةٌ: بیج، تخم ج: بُزُوْر
بَزْرَاء: کثیر الاولاد عورت
بَزَّ ـُ بَزًّا و بِزَّةً منه: چھیننا، زبردستی لینا
بِزَّةٌ: کپڑوں کا جوڑا، ڈریس، ہیئت، یونیفارم
بِزَّةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی وردی
بَزَّاز: پارچہ فروش، کلاتھ مرچنٹ
بَزَّازَةُ الأَطْفَال: بچے کی دودھ پینے کی شیشی (رَضَّاعَة)
إِبْتِزَاز: لوٹ کھسوٹ
الإِبْتِزَازُ التَّهْدِيْدِي: بلیک میل
إِبْتِزَازُ المَالِ بِتَهْدِيْدِه: بلیک میل کرنا
بَزَغَ ـُ بُزُوْغًا: طلوع ہونا، روشن ہونا
بَزَقَ ـُ بَزْقًا و بُزَاقًا: تھوکنا
بُزَاق: تھوک
بَزَّاقَة، مِبْزَقَة: پیکدان، اگالدان ن: مَبَازِق
بَزَلَ ـُ بَزْلًا: سوراخ کرنا، برمانا
بَزَلَ الزُّجَاجَة: شیشی کی ڈاٹ کھولنا
بَزَّال: ڈرام یا پیپے کی ٹینٹو
بَزَّال: بوتلوں کی ڈاٹ کھولنے کا پیچ
مِبْـــزَل: ٹروکر، ایک خاص قسم کا طبی آلہ جس کے ذریعہ مریض استسقاء کے جسم

ے رطوبت نکالی جاتی ہے

بَرِیٌّ ...... شریک بھائی

بَازِیٌّ: باز، شکاری پرندہ

ب .... س

بُسْتَانٌ: باغ ج: بَسَاتِیْنُ

بُسْتَانِیٌّ: باغباں، مالی، گارڈنر

بَسَرَ الْخَبَرَ ـُ بَسْرًا وَابْتَسَرَ: قبل از وقت خبر دینا۔

بَسَرَ ـُ بُسُوْرًا: ترش رو ہونا، چہرہ پر شکن پڑنا

بُسْرٌ: ناپختہ کھجور

مُبْتَسَرٌ: قبل از وقت، بے موسم

بَسَّ ـُ بَسًّا: اونٹ کو آہستہ چلانا، دھتکارنا

بَسٌّ و بَسَّةٌ: بوس، بلی

بَسْ: بس، کافی ہے، فقط

بَسَطَ ـُ بَسْطًا: پھیلانا، کشادہ کرنا، بچھانا، وسعت دینا، ظاہر و واضح کرنا، ہاتھ پھیلانا

بَسَطَ الْمَائِدَةَ: دسترخوان بچھانا

بَسَطَ يَدَهٗ: سخاوت کرنا، فراخ دستی کرنا

بَسَطَ الرَّجُلَ: خوش کرنا

بَسَطَ و بَسَّطَ الْحَدِيْدَ: لوہے کو کوٹنا

بَسَطَ و بَسَّطَ الْأَمْرَ: آسان و سہل کرنا

بَسَطَ النُّفُوْذَ علي ......(ن): اقتدار جمانا، رسوخ پھیلانا

بَسُطَ ـُ بَسَاطَةً: معمولی ہونا، سادہ ہونا صاف ہونا

إِنْبَسَاط: پھیلنا، کشادہ ہونا، کھلنا، خوش ہونا

م۔ بَسْط: کشادگی، وسعت، وضاحت

بِسَاط: فرش، دری، وغیرہ ج: بُسُط

علي بِسَاطِ الْبَحْثِ: زیر غور، زیر بحث

بَسَاطَة: سادگی، صاف دلی، بے تکلفی

بَسِيْطٌ: سہل، معمولی، سادہ، صحیح النیت، سادہ دل

بَسِيْطُ الْكَفِّ: فراخ دست، سخی

مَعْرِفَةٌ بَسِيْطَةٌ: معمولی تعارف

مَبْسُوْط: شائع، فراخ (۲) خوش طبع، بے تکلف

بَسَقَ ـُ بُسُوْقًا: بلند و دراز ہونا

بَاسِق: بلند و دراز

بَاسِقُ الْأَخْلَاق: بلند اخلاق

بَسْكُوْت و بَسْكُوِيْت: بسکٹ

بَسُلَ ـُ بَسَالَةً و بَسَالًا: بہادر ہونا

تَبَسَّلَ: ترش رو ہونا، تیوری چڑھانا

إِسْتِبْسَال: لڑنے کے لئے آمادہ ہونا

بَسَالَة: جرأت، بہادری

بَاسِلٌ: جری، بہادر، ج: بَوَاسِلُ

بَسَمَ ـِ بَسْمًا، تَبَسَّمَ و إِبْتَسَمَ: مسکرانا

مَبْسِمٌ: منھ ج: مَبَاسِمُ

مَبْسِمُ السِّيْجَارَة: سگریٹ ہولڈر

بَسْمَلَة: بسم اللہ پڑھنا

ب .... ش

بَشِرَ ـَ بِه بِشْرًا: خوش ہونا

بَشَرَ الْعُوْدَ وَالثَّمَرَ ـُ بَشْرًا: چھیلنا

بَشَّرَه تَبْشِيْرًا: خوشخبری دینا

بَاشَرَ الْأَمْرَ مُبَاشَرَةً: خود انجام دینا، براہ راست انجام دینا

بَاشَرَ الصِّنَاعَةَ: پیشہ اختیار کرنا، پریکٹس کرنا

بَاشَرَ العَمَلَ: کام پر لگنا، انجام دینا، شروع کرنا

إسْتِبْشَار: خوش ہونا

الإسْتِبْشَارُ بِالمُسْتَقْبَل: مستقبل کی بشارت دینا

بِشْرٌ: خوشی

بَشَرَة: کھال، ظاہری سطح

بُشْرٰی و بِشَارَة: خوشخبری، مسرت بخش خبر

بَشَرِيّ: (۱) انسانی (۲) جلد انسانی سے متعلق

بَشَرِيَّة: نوعِ انسان، نسلِ انسان

أعْطَابٌ بَشَرِيَّةٌ: جانی نقصانات

قُوَّة بَشَرِيَّة: افرادی طاقت

بِشَارَة: (۱) خوشخبری (۲) نیک شگون (۳) خیر (۴) انجیل (۵) حسن و جمال

ج: بِشَارَات و بَشَائِر

بَشِيْرُ الوَجْه: خوب رو

بَشِيْرُ سَلَام: امن کا پیغام بر

تَبْشِيْر: مسیحی تبلیغ

تَبْشِيْرِيّ: مشنری

تَبَاشِيْرُ: ابتدائی علامات، علامات، آثار

مُبَشِّر: (۱) خوشخبری دینے والا (۲) امرِ خیر کی دعوت دینے والا (۳) مذہبی واعظ، مشنری، مبلغ، عیسائی مذہب کا مبلغ

مِبْشَرَة: ج: مباشر: جلد صاف کرنے کا آلہ

مُبَاشِر: ڈائرکٹ، بلا واسطہ، براہ راست

رَئِيْس مُبَاشِر: ڈائرکٹ آفیسر

مُبَاشَرَة: براہِ راست، بلا واسطہ طور پر، ڈائرکٹ

مُبَاشَرَة: آغاز، اتصال، اسٹارٹ کرنا

مُبَاشَرَةُ الحُقُوْقِ البَرْلَمَانِيَّة: پارلیمنٹری حقوق لینا

مُبَاشَرَةُ السُّلْطَة البَرْلَمَانِيَّة: پارلیمنٹری اختیار حاصل کرنا

بَشِعٌ و بَشِيْع: بدشکل، بدرو

بَشْكِير: تولیہ

ب .... ص

بَصْبَصَ الكَلْبُ بِذَنَبِهِ بَصْبَصَةً: دم ہلانا

بَصْبَصَ الرَّجُلُ: چاپلوسی کرنا، تملق کرنا

بَصْبَصَ بِعَيْنِهِ: آنکھ سے اشارہ کرنا

بَصِرَ و بَصُرَ الشَّيْءَ و بِهِ بَصَرًا و بَصَارَةً: دیکھنا، تہہ تک پہنچنا، جاننا

مَدَى البَصَر: حدِ نگاہ

بَصَرٌ: نگاہ، علم ج: أبْصَار

طَوِيْلُ البَصَر: دور بیں، وسیع العلم

قَصِيْرُ البَصَر: کوتاہ بیں، کوتاہ علم

بَصَرِيّ: آپٹیکل، آنکھ کا، نگاہ کا

بَصِيْرَة: ذکاوت، فہم، نورِ قلب، علم، دور اندیشی ج: بَصَائِر

فَتْحُ البَصَائِر: آنکھیں کھولنا

بَاصِرَة: آنکھ

تَبَصَّرَ فِي: بصیرت حاصل کرنا

مُبَاصَرَة: ٹیلی ویژن، غائب بینی، مشاہدۂ غائب، لاسلکی کے ذریعہ ان واقعات یا اشیاء کا مشاہدہ کرنا جو فاصلہ یا حجاب کی وجہ سے آنکھوں سے اوجھل ہوں

مِبْصَار: ٹیلی ویژن، آلہ غائب بیں ٹیلی ویژن سیٹ

بَصَّ ـــ بَصًّا و بَصِيْصًا: چمکنا، روشن ہونا، پانی برسنا

بَصَّةُ نَارٍ ، بَصْوَة: شعلہ، چنگاری
بَصِيصٌ: چمک، روشنی، کرن
بَصِيصٌ من الأَمَل: امید کی ایک کرن، امید کی جھلک، شعاعِ امید
بَصَّاصٌ: (دا) جاسوس، خبر رساں
بَصَّاصَةٌ: آنکھ (دا)
بَصَقَ ــُـ بَصْقًا: تھوکنا
مِبْصَقَةٌ: اگالدان ج: مَبَاصِقُ
بَصَلٌ: پیاز و: بَصَلَة
بَصَلٌ طَازَج: تازہ پیاز
بَصَلٌ مُجَفَّف: خشک پیاز
بَصَلٌ مُخَلَّل: پیاز کی چٹنی، سرکہ ملی ہوئی پیاز
بَصَلِيٌّ: پیازی، پیاز والا
بَصَم: سیل
بَصْمَة: ج: بَصَمَات: نشانِ انگشت، نشانِ انگوٹھا

ب.........ض

بِضَاعَة: مالِ تجارت ج: بَضَائِعُ
بِضَاعَة تَالِفَة: (ضد: سَلِيْمَة) خراب سامان
بِضَاعَةُ التِّجَارَة: سامانِ تجارت
بَضْعُ الجِلْد: نشتر زنی
بِضَاعَة تَحْتَ التَّشْغِيل: سامانِ زیرِ ترتیب زیرِ ترتیب سامان
بِضَاعَة تَحْتَ الصُّنع: زیرِ تیاری سامان
بِضَاعَة حَاضِرَة: تیار شدہ سامان
بِضَاعَة سَلِيْمَة: (ضد: تَالِفَة): اچھا سامان
البِضَاعَةُ فی الطَّرِيْق: سامان چل پڑا ہے (یعنی راستہ میں ہے)
البِضَاعَة المؤَمَّنُ عليها: انشورڈ سامان
بَضَائِعُ بِقَالَة: پرچون کا سامان
بَضَائِع بِالقَطْعَة: خوردہ سامان، سامان کے پیس
بَضَائِعُ بَلَاسْتِيك: پلاسٹک کا سامان
بَضَائِعُ ثَقِيْلَة: بھاری مال، بڑا سامان
بَضَائِعُ جِلْدِيَّة: چمڑے کا سامان
بَضَائِعُ حَدِيْدِيَّة: لوہے کا سامان
بَضَائِعُ خَطِرَة: نازک سامان، پرخطر سامان
بَضَائِع رَاكِدَة: نہ بکنے والا مال، کنڈم سامان، کنڈم مال
بَضَائِعُ زُجَاجِيَّة: کانچ کا سامان
بَضَائِعُ غَيْرُ تَامَّةِ الصُّنع: نامکمل اشیاء
بَضَائِع قَابِلَةٌ للإِشْتِعَال: آگ پکڑنے والا سامان
بَضَائِع قابلة لِلتَّلَفِ: خراب ہونے والا سامان
بَضَائِعُ قَابِلَةٌ للعَطَب: خراب ہونے والا سامان
بَضَائِعُ قَلِيْلَةُ القِيْمَة: کم قیمت چیزیں، کم قیمت مال
بَضَائِعُ كَاسِدَة: بےکار سامان
بَضَائِع كَبِيْرَةُ الحَجْم: بڑے عدد، بڑے سامان
بَضَائِعُ مُتَدَاوَلَة: چلنے والا سامان
بَضَائِعُ مُمْتَازَة: اعلیٰ قسم کا سامان
بَضَائِعُ مِنَ الدَّرَجَة الأُوْلٰى: اول درجہ کا سامان، ایک نمبر کا سامان
بَضَائِعُ مَنْزِلِيَّة: گھریلو سامان

اَلْبَضَائِعُ الْمُهَرَّبَةُ: غیر قانونی درآمد برآمد شدہ مال
بَضَائِعُ هَنْدَسِيَّة: انجینئرنگ کا سامان
بَضَائِعُ تُدْفَعُ عنها عَوَائِدُ جُمْرُكِيَّة: سامان جس پر کسٹم دیا جائے۔

ب.........ط

تَبَاطُؤ: تاخیر، ڈھیلا پن
تَبَاطُؤ فِي الإِنْتَاج: پیداوار میں کمی، ڈھیلا پن
تَبَاطُؤ مُعَقَّد: دانستہ تاخیر
مُبْطِي: لیٹ
مُتَبَاطِي فِي الدَّفْع: ادائیگی میں سست
بَطَّارِيَّة: بیٹری
بَطَّارِيَّاتُ سَيَّارَات: موٹر کار بیٹریاں
بَطَّارِيَّات الصَّوَارِيخ: راکٹوں کی بیٹریاں
بَطَاطَا، بَطَاطِس: آلو
بِطَاقَة: لیبل، چٹ، کارڈ ج: بَطَائِق بِطَاقَات
بِطَاقَةُ بَرِيْد: پوسٹ کارڈ
بِطَاقَة بَرِيْدِيَّة: پوسٹ کارڈ
بِطَاقَةُ تَحْقِيق الشَّخْصِيَّة: شناختی کارڈ
بِطَاقَةُ تَخْزِيْن: مال جمع کرنے کا کارڈ
بِطَاقَة الجِرَايَات: راشن کارڈ
بِطَاقَةُ الدُّخُول إِلَى حَفْلَةٍ أَوْ إِجْتِمَاعٍ: داخلہ کارڈ، داخلہ پاس
بِطَاقَةُ الزِّيَارَة: وزیٹنگ کارڈ، ملاقاتی کارڈ
البِطَاقَةُ السِّيَاحِيَّةُ: ٹورسٹ کارڈ
بِطَاقَةُ شِرَاءٍ عَلَى الحِسَاب: کریڈٹ کارڈ
بِطَاقَةُ الصِّنْف: لیبل جس سے سامان کی قسم (کوالٹی) معلوم ہو

بِطَاقَةُ عُلْبَة: ڈبے کی چٹ
بِطَاقَةُ العَنَاوِيْن: ایڈریس بک
بِطَاقَةُ مُخَرَّمَةٌ: سوراخ کیا ہوا سلپ
بِطَاقَةُ الهُوِيَّة: ایڈنٹی کارڈ، شناختی کارڈ
بَطَلَ ـُ بُطْلاً و بُطْلاناً: فاسد ہونا، بیکار ہونا، باطل ولغو ہونا
بَطَلَ اسْتِعْمَالُه: رواج ختم ہونا
بَطَّلَ الشيَ تَبْطِيلاً و أَبْطَلَ: (۱) فسخ کرنا، کینسل کرنا، منسوخی، ختم کرنا، (۲) ناقص بنانا
إِبْطَالُ صَحِيْفَة: اخبار بند کرنا
بَطُلَ ـُ بَطَالَة: دلیر ہونا، ہیرو بننا
بَطَلَ ـُ بُطُوْلَةً: بیکار و بے مشغلہ ہونا
بَطَل ج: أَبْطَال ۔ م: بَطَلَة: (۱) بہادر (۲) ہیرو (۳) شہسوار (۴) ممتاز کھلاڑی، مجاہد، ممتاز چمپین
بَطَلٌ سِيْنَمَائِيٌّ: فلمی ہیرو
البَطَل المِغْوَار: جانباز ہیرو
بَطَلٌ يُؤَلِّهُه قومُه: ہیرو جس کو اس کی قوم خدا مانتی ہے۔
بُطُوْلَات: بہادرانہ کارنامے
البُطُوْلَة: اعلیٰ کردار، کارنامہ، شجاعت، چمپین شپ
بُطُوْلَةُ العَالَم: عالمی چمپین
بُطُوْلَة عَالَمِيَّة: عالمی چمپین شپ
بُطُوْلَة مَسْرَحِيَّة: ڈرامائی، ہیرو شپ، ڈرامائی کردار
الأَبَاطِيْل: بے بنیاد باتیں
بَاطِل: (۱) حق کی ضد (۲) جھوٹا، (۳) بے قیمت لغو، بے تاثیر، بے حقیقت، غلط

بطالة: (۱) بیکاری، بے روزگاری (۲) چھٹی
بطالة دَوْرِيّة: وقفہ جاتی بے روزگاری
بطالة مُزْمنة: دائمی بے روزگاری
بطالة مُفْتعلة: مصنوعی بے روزگاری
بطالة مَوْسِمِيّة: سیزنل بے روزگاری
بَطْلِيمُوس: اسکندریہ کا عالم فلکیات
بَطَنَ ـُ بُطُونًا: چھپنا، پوشیدہ ہونا
بَطَنَ الأَمْرَ ـُ بَطْنًا و استبطنه و تبطّنه: معاملہ کی تہ کو پہنچنا، نوعیت واقعہ کو سمجھنا
بَطِنَ ـَ بَطَنًا و بَطُنَ ـُ بَطَانَةً: پیٹ بڑھنا، بڑے پیٹ والا ہونا
بَطِينٌ: (۱) بڑے پیٹ کا (۲) ندیدہ، بسیار خوردہ
شَأْوٌ بَطِينٌ: مسافت بعیدہ
بِطْنَةٌ: بسیار خوری، حرص، زیادتی خوراک سے پیٹ کا پھولنا، ندیدہ پن
إِبْطَان: چھپانا، پوشیدہ کرنا
بُطِنَ ـَ بَطْنًا: (مجہول): پیٹ میں درد ہونا
مَبْطُون: درد پیٹ میں مبتلا
بَطْنٌ ج: بُطُون و أَبْطُن: (۱) پیٹ (۲) ہر چیز کا اندرونی حصہ
إِنْقِبَاضُ البَطْن: قبض ہونا
بَطْنُ الرِّجْل: پیر کا تلوا
بَطْنُ المِلْعَقَة: چمچہ کی گہرائی
إِبْنُ بَطْنِه: پیٹ کا بندہ، مطلبی
وَلَدَتْ ثَلاثَةً في بَطْنٍ وَاحِدَةٍ: بیک وقت تین بچے جنے۔
بَاطِنٌ: (۱) اندرونی حصہ (۲) پوشیدہ
بَاطِنًا: دل دل میں، رازدارانہ طور پر

بَوَاطِنُ الأُمُورِ و ظَوَاهِرُها: معاملات کے مختلف پہلو، اسرار وظواہر
بِطَانَة ج: بَطَائِن: (۱) راز (۲) رازدار (۳) خاص آدمی
بِطَانَةُ الثَّوْب (ضد ظِهَارَة): استر، نیچے کا کپڑا
بِطَانَةُ الأَمِير: حاشیہ نشیں، مقربین، خاص لوگ
بِطَانَة: استر ج: بِطَانَات
بَطَّانِيَّة: (۱) کمبل، بلانکٹ ج: بَطَّانِيَّات
بِطِّيخ: (در بطخ) خربوزہ
بَاطِيَة: ج: بَوَاطٍ: بڑا پیالہ

ب .... ظ

بَظَّ ـُ العُودَ بَظًّا: باجے کے تاروں کو بجانے کے لئے درست کرنا
إِبْظَاظ: موٹا ہونا (بَظِيظ موٹا)
بَظِرَ ـَ بَظَرًا: غیر مختون ہونا
أَبْظَرُ: غیر مختون ج: بُظْر. م: بَظْرَاءُ
تَبْظِير: ختنہ کرنا

ب .... ع

بَعْبَعَة: (ثَرْثَرَة): بک بک کرنا، جلدی اور لگاتار بولنا
بَعَثَ الشَّيْءَ وبه ـَ بَعْثًا: (۱) بھیجنا (۲) نکال پھینکنا، مردوں کو اٹھانا
بَعَثَ بِالرِّسَالَةِ الى: خط بھیجنا، پیغام بھیجنا
بَعَثَ بِالبَرْقِيَّةِ الى: تار بھیجنا
بَعَثَ من النَّوْم: بیدار کرنا
بَعَثَ من المَوْت: زندہ کرنا، جلانا، اٹھانا
بَعَثَ على: آمادہ کرنا، مجبور کرنا، برانگیختہ کرنا
بَعَثَ على التَّفْكِير: سوچنے پر مجبور کرنا

بَعَث: (۲) وفد بھیجنا، کمیشن روانہ کرنا
إِبْتِعَاث: نمائندہ بنا کر بھیجنا
بَعْث: (۱) قیامت (۲) روانگی (۳) وفد
ج: بُعُوْث
بَعْثَة: ڈیپوٹیشن، ایجنسی، مشن، وفد جو کسی مقصد سے کہیں بھیجا جائے، نمائندہ، ادارہ، کمیشن، باختیار وفد، ڈیلی گیشن ج: بَعْثَات
بَعْثَةُ الأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا کمیشن
بَعْثَة تِجَارِيَّة: تجارتی وفد کاروباری مشن
بَعْثَة ثَقَافِيَّة: ثقافتی مشن
البَعْثَةُ الجِيُوْلُوْجِيَّة: جیالوجی کمیشن
بَعْثَة دِبْلُوْمَاسِيَّة: ڈپلومیٹک ایجنسی، سفارتخانہ، سفارتی مشن
بَعْثَة طُلَّابِيَّة: طلبہ کا وفد، طلبہ کی جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے بھیجی جائے
بَعْثَة عِلْمِيَّة: تعلیمی وفد
بَعْثَة إِكْتِشَافِيَّة: تحقیقاتی جماعت، وفد بَاعِث
ج: بَوَاعِث: سبب، وجہ، علت
بَعْث ج: بُعُوْث: پیام، مشن (۲) وفد، شام و عراق کی برسراقتدار پارٹیاں، وہ جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے بھیجی جائے
بَعْثِيّ: بعث پارٹی سے تعلق رکھنے والا
مَبْعَث: سبب، باعث ج: مَبَاعِث
مَبْعُوْث: (۱) نمائندہ (۲) پیامبر، بھیجا ہوا، قاصد، ڈیلی گیٹ، نائب، سفیر
مَبْعَثُ الذُّهُوْلِ وَالإِسْتِغْرَاب: باعث حیرت واستعجاب
مَبْعُوْث او وَزِيْر مُعْتَمَد: معتمد علیہ نمائندہ
مَبْعُوْثُ الأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا نمائندہ
مَبْعُوْث دِبْلُوْمَاسِيّ: ڈپلومیٹک نمائندہ، سفارتی نمائندہ
مَبْعُوْث رَسْمِيّ: سرکاری نمائندہ
المَبْعُوْث الشَّخْصِيّ: ذاتی نمائندہ
مَبْعُوْث فَوْقَ العَادَة: نائب قونصل
مَبْعُوْث فِي مُهِمَّة خَاصَّة: سفیر، فرستادہ، کسی اہم کام کے لئے فرستادہ
مَبْعُوْث قُنْصُلِيّ: کونسلر کا نمائندہ
مُنْبَعَث: مبعوث
مَجْلِسُ المَبْعُوْثِيْن: پارلیمنٹ کا بورڈ، ہاؤس، ایوان نمائندگان
إِنْبِعَاث: (۱) روانہ ہونا (۲) اٹھنا، پھیلنا
إِنْبِعَاثُ الرَّائِحَةِ الكَرِيْهَة: بدبو پھیلنا
إِنْبِعَاث فِي السَّيْر: تیز چلنا
بَعِثَ ـَ بَعَثًا: بیدار ہونا
تَبَعَّثَ شَيْء: کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا
تَبَعَّثَ الشِّعْرُ منه: شعر کی آمد ہونا
بَعْثَرَة: بکھیرنا، پھیلانا، منتشر کرنا
مُبَعْثَر: پھیلا ہوا، منتشر
تَبَعْثُر: منتشر ہونا، بکھرنا، پھیلنا
تَبَعْثُرُ النَّفْس: طبیعت بے چین ہونا
بَعَجَ البَطْنَ ـَ بَعْجًا: پھاڑنا، چاک کرنا
بَعُدَ ـُ بُعْدًا: دور ہونا
إِبْعَاد: (۱) دور کرنا (۲) معزول کرنا (۳) جلا وطن کر دینا (۴) زائل کرنا، برطرف کرنا، باہر نکالنا، پارٹی وغیرہ سے

نکالنا

إبعادُ الشئ عن الفِکر: ذہن سے نکالنا

أبعادُ شئ: فاصلے، وسعتیں، گہرائیاں، پہلو، حدود، اثرات

أبعادُ قضیّة: مسئلہ کا نشیب و فراز

أبعادیّة: زمین، کھیت، فارم

إستبعاد: (۱) دور سمجھنا، (۲) ناممکن سمجھنا، خارج از امکان سمجھنا (۳) حذف کرنا، دشوار سمجھنا (۴) دور ہونا

إستبعادٌ عن: حذف کرنا، نکالنا

إبتعاد و تباعد عن: (۱) دور ہونا (۲) اجتناب کرنا، چھوڑنا

بُعد: (۱) دوری (۲) مسافت (۳) پہلو (۴) فاصلہ ج: أبعاد

بُعدٌ شاسعٌ: طویل فاصلہ

بُعدُ النّظر: دور اندیشی

عن بُعدٍ: دور رہ کر، دور سے

علی بُعدٍ: دور، بہت دور، فاصلہ پر

بعیدُ المدی: دور رس، طویل المیعاد، طویل الذیل

المُبعَد: جلاوطن

بَعد: بعد، پھر

بَعدَ الآن: آئندہ، اب سے

بَعدَما: جب کہ، اس کے بعد کہ

بَعدُ (لِلآن): اب تک، ابھی تک، تا ایں دم

بَعَرَ الحیوانُ تبعیرًا: زیادہ مینگنی کرنا

مَبعَر: مینگنی نکلنے کی جگہ ج: مَباعِر

بَعزَقةٌ: پراگندہ کرنا، بکھیرنا

بَعض: حصہ، ٹکڑا ج: أبعاض

بعضُ التّبریر: کسی حد تک وجہ جواز

بعضُ الوقت: پارٹ ٹائم

بَعوض: مچھر و: بعوضة

بعوضُ الملاریا: ملیریائی مچھر

بَعل: ج: بُعول: خاوند، شوہر

ب .... غ

بَغَتَه ـــ بَغتًا و باغتَه مُباغتةً: یکایک آنا، تعجب خیز طریقہ سے آنا

إنبغات: کسی چیز کے اچانک ظہور سے متاثر ہونا، سٹپٹا جانا

بَغتةً: اچانک، یکایک، لاعلمی میں، بلا توقع، ایک دم، بے خبری میں

مُباغتة: اچانک آنا، یکبارگی کوئی کام کرنا

بَغیٰ ـ بَغیًا و بِغاءً: زنا کرنا

بَغیٰ علیه: ظلم کرنا، زیادتی کرنا، خلاف کرنا

إبتغاء: پسند کرنا، چاہنا

مُبتغٍ: آرزو مند

ینبغی: مناسب ہے، لازم ہے، چاہیے

بَغیٌ و بِغاءٌ: (۱) ظلم ستم (۲) زنا

بَغیٌّ ج بَغایا: عصمت فروش عورت، زانیہ

بُغیَة: مطلوب، مقصد، حاجت

باغٍ ج: بُغاة: (۱) ظالم (۲) نافرمان

ب .... ق

بَقّ: (دیکھئے بقق)

بَقبَقة: زیادہ بولنا، جھک کرنا

بَقباق: بسیار گو، جھکی آدمی

بُقجة: (۱) بُقچی، پوٹلی، بنڈل

بُقجةُ صابون: صابن کی ٹکیہ

بَقَرَ الشيَ ـــُـ بَقْرًا: پھاڑنا، کشادہ کرنا (۲) کھودنا

بَقَرٌ: (اسم جنس) گائے و بَقَرَة ج: بَقَرَات

بَقَرُ الوَحْشِ و البَقَرُ الوَحْشِيُّ: نیل گائے۔ جنگلی گائے

بَقَرُ المَاءِ: دریائی گائے

بَقَرِيٌّ: گائے کا، گائے کی

بَقَّعَ الثَّوْبَ تَبْقِيْعًا: کپڑے پر دھبے ڈالنا، ایک دفعہ رنگ میں ڈبونا

تَبَقَّعَ: کپڑے پر رنگ کے دھبے پڑنا

بُقْعَة ج: بُقَع و بِقَاع: (۱) زمین کا ایک حصہ (۲) دھبہ، نشان، داغ (۳) رتبہ و منزلت (فُلَانٌ حَسَنُ البُقْعَةِ عِنْدَ الأَمِيْرِ)

أَبْقَعُ اللَّوْنِ: سیاہ وسفید رنگ والا، داغدار ن: بُقْعٌ

بَاقِعَة: ج: بَوَاقِعُ: دھوکہ نہ کھانے والا

بَقَّ المَاءَ ـُـ بَقًّا: (۱) منہ سے پانی کو آواز کے ساتھ نکالنا

بَقَّقَ البَيْتُ: کثرت سے کھٹمل ہونا

بَقٌّ: کھٹمل، پسو، و: بَقَّة

بَقُّ الفِرَاشِ: کھٹمل

بَقَّاق: بکواسی، بہت بولنے والا

بَقَّال: پرچون فروش

بَقَّالَة: پرچون کی دکان جہاں خشک اشیاء فروخت ہوتی ہیں۔

بَقِيَ ـَـ بَقَاءً: (۱) باقی رہنا، باقی بچنا، (۲) دیرپا ہونا، ٹھہر جانا

تَبَقَّى: بچایا جانا، باقی رہنا

إِبْقَاء: (۱) باقی رکھنا (۲) رحم کھانا

إِبْقَاءٌ عَلَى الحَيَاةِ: امان دینا، جان محفوظ رکھنا

الإِبْقَاءُ عَلَى القَوَاعِدِ الحَرْبِيَّةِ: جنگی اڈے محفوظ رکھنا

إِسْتِبْقَاء: باقی رکھنا، محفوظ رکھنا

إِسْتِبْقَاءٌ عَلَى الحَيَاةِ: امان چاہنا

بَقَاءٌ: بقا، وجود

بَقَاءُ الشيِ عَقَبَةً فِي الطَّرِيْقِ: رکاوٹ بنا رہنا

بَقَاءُ الأَنْسَبِ: بقائے اصلح

بَاقٍ: (۱) موجود، بچا ہوا (۲) بیلنس (در حساب) (۳) فاضل و متروک (۴) لازوال، دیرپا (۵) ساکن، جامد، غیر متحرک

مُسْتَبْقًى: محفوظ، ریزرو

البَاقِي مِنَ الطَّلَبِ: بیک آرڈر، باقی ماندہ فرمائش

بَوَاقٍ: بقایا جات، و: بَاقِيَةٌ

ب .... ک

بَكَالُورِيُوْس فِي العُلُوْمِ التِّجَارِيَّةِ: بیچلر آف کامرس، بی کام (B.Com)

بَكَالُوْرِيُوس فِي الفُنُوْنِ والآدَابِ: بی اے (B.A)

بِكْبَاشِي: لفٹنٹ کرنل، (فوجی عہدہ دار)

بَكَّتَ تَبْكِيْتًا: ملامت کرنا، سرزنش کرنا

بَكَّتَ الضَّمِيْرُ: ضمیر کو ملامت کرنا

بَكَرَ ـُـ بُكُوْرًا و بَكَّرَ تَبْكِيْرًا: صبح سویرے اٹھنا، صبح کے وقت آنا، عجلت سے کرنا

إِنْذَارٌ مُبَكِّرٌ: ابتدائی وارننگ

إبْتِكَار: جدت، ایجاد کرنا، ابتدائی حصہ حاصل کرنا
مُبْتَكَرَات: نئی چیزیں
بِكْرٌ ج أَبْكَار: اکلوتا بیٹا، پہلا بچہ، کنواری، ہر نئی چیز، اچھوتا
بَكَرَة: ریل، چرخی
بَكَرَةُ البئر: ج: بَكَرَات) چرخی
بَكَرَةُ الخَيط: دھاگے کی نلکی، تاگے کی ریل
بَكْرَة: جماعت
جَاءُوا علی بَكْرَةِ أبِيهِمْ: سب کے سب آئے۔
بُكْرَةً، بَاكِرًا: (ا) صبح سویرے، صبح کے اول وقت میں (٢) کل آئندہ
بَكَرَة شريط (في الالة الكاتبه) دبن اسپون
بِكْرِيّ (بِكْرِيَّة): پہلا بچہ، پہلوٹی کا بچہ
بِكْرِيَّةُ الوِلَادَة: پہلی بار بچہ جننے والی
بَاكُور: قبل از وقت اپنے وقت سے پہلے ظاہر ہونے والی چیز
بَكْرَجٌ (دا) غَلَّايَةُ المَاء: پانی اُبالنے کا برتن، ساور، کیتلی
بَكَلَ ـُ بَكْلًا و بَكَّلَ: بکسوا لگانا
بَكَلُورِيَّة، بَكَالُورِيَّة: بکالوریٹ، بی۔اے کی سند
بَكَلُورِيُوس: گریجویٹ
ـــ عُلُوم: بی ایس، بیچلر آف سائنس
ـــ فُنُون: بی۔اے، بیچلر آف آرٹس
بَكِمَ ـَ بَكَمًا و بَكَامَة: گونگا ہونا
بَكُمَ ـُ بَكَامَةً: جان بوجھ کر گونگا بننا
بَكِيمٌ و أَبْكَمُ ج: بُكْمَان و بُكْمٌ: گونگا
التَبَاكِي علی شيء: کسی چیز کا رونا رونا

بُكَاءُ التِمْسَاح: مگرمچھ کے آنسو

ب .... ل

بَلَاتِين: (مع): پلاٹینم، ایک قسم کی دھات جو سونے سے قیمتی اور بھاری ہوتی ہے۔
بَلْبَلَة: بے چین بنانا، پریشان کرنا، ہنگامہ مچانا (٢) گڑبڑی، افراتفری
تَبَلْبُل: بے چین ہونا، مضطرب ہونا
مُبَلْبَلُ النَّفْس او الخَاطِر: پریشان خاطر
بُلْبُلٌ: (دا) لٹو (٢) ایک پرندہ ج: بَلَابِل
بَلْبَلَة بَلْبَال: اضطراب، بے چینی، تشویش، اختلاط
بَلْبَلَةُ الأفْكَار: ذہنوں کو پریشان کرنا
بَلْبَلَةُ الرَأي العَام: رائے عامہ میں ہیجان پیدا کرنا
مُبَلْبَل: غیر یقینی، تشویشناک
بَلَجَ ـُ بُلُوجًا و إبْلَاج و إنْبِلَاج و إبْتِلَاج و تَبَلُّج: روشن ہونا، طلوع ہونا
بَلِجَ الحَقُّ ـَ بَلَجًا: ظاہر ہونا، واضح ہونا
بَلِجَ صَدْرُه: انشراح ہونا
بَلْجِيكَا: بلجیم
بَلْجِيكِي: ملک بلجیم کا باشندہ
بَلَحٌ و بَلَحَة: کچی کھجور
بَلَحُ البَحْر: ایک صدفی کیڑا، بحری صدفیہ
بَلُدَ ـُ بَلَادَة، بَلُدَ و تَبَلَّدَ: کند ذہن ہونا، ضعیف الرائے ہونا
بَلَّدَ الرَّجُلَ تَبْلِيدًا: شہری آب و ہوا کا عادی بنانا
مُتَبَلِّدُ الحِسّ: ڈل
تَبَالُد: بے وقوفی کا مظاہرہ کرنا

بَلَدٌ ج: بِلَادٌ و بُلْدَان: خطۂ زمین، ملک
الْبِلَادُ تُوَاجِهُ أَزْمَةً كَبِيرَةً: ملک کو بڑا بحران درپیش ہے
بِلَادٌ تَحْتَ الْإِنْتِدَاب: عارضی انتظام کے ماتحت ممالک
بِلَادُ الْعَجَم: غیر عربی ممالک
بِلَادُ الْكُومُنْوِيلْت: کامن ویلتھ ممالک
بِلَادٌ مُسْتَهْلِكَة: کھپت والے ممالک
بِلَادٌ مُصَنِّعَة: صنعتی ممالک
بَلَادَة: بے حسی، کم عقلی، جمود، کند ذہن، سخت دلی، مردہ دلی
بَلَدٌ ذُو سِيَادَة: خودمختار ممالک
بَلَد و بَلْدَة: (۱) قصبہ، (۲) شہر
بَلَدِيٌّ: (۱) ہم وطن (۲) ملکی
بَلَدِيَّة: میونسپلٹی ج: بَلَدِيَّات
الْبَلَدُ فِي مِحَن: ملک آزمائش میں ہے
الْبَلَدُ الْمُعْتَدِي: حملہ آور ملک
الْبُلْدَانُ الْمُنْتِجَة: پیداواری ممالک
مَجْلِسٌ بَلَدِيٌّ: میونسپل کونسل
بَلْوَرَة: بلور کے مانند ہونا، واضح کرنا، صاف و شفاف بنانا، وضاحت کرنا، انکشاف حقیقت کرنا
تَبَلْوُر: بلور کے مانند ہونا، واضح ہونا
بِلَّوْر: ایک قسم کا صاف شیشہ
بِلَّوْرِيّ، مُتَبَلِّر مُتَبَلْوِر: بلور کی مانند چمکدار، واضح وروشن
بَلْشَفَة: انتہاپسند اشتراکی بنانا
بُلْشُفِيّ: انتہاپسند اشتراکی ج: بَلَاشِفَة
بُلْشُفِيَّة: بالشوازم (BOLSHEVISM)
شَارَةُ الْبَلَاشِفَة: بالشویک بیج
الْحِزْبُ الْبُلْشُفِيُّ: بالشویک پارٹی
بَلَصَ ـُ بَلْصًا: بزور لینا، غصب کرنا
بَلَصَ بِالتَّهْدِيد: بلیک میل کرنا، کسی کو دھمکی دے کر کوئی کام لینا
بُولِيصَة: رسید، ہنڈی، بلٹی
بُولِيصَةُ تَأْمِين: بیمہ پالیسی، معاہدۂ بیمہ
بُولِيصَةُ تَأْمِين عَلَى الْحَيَاة: لائف انشورنس پالیسی
بُولِيصَةُ خُرُوج: مال کی بلٹی
بُولِيصَةُ شَحْن: بلٹی
بَلَطَ ـُ بَلْطًا و بَلَّطَ: پختہ فرش بنانا، پتھر کا فرش بنانا، پلاسٹر کرنا، ٹائل لگانا
تَبَلَّطَ: (۱) تھکنا، عاجز ہونا
بَلَاطٌ و: بَلَاطَة: ٹائل، وہ پتھر جو فرش میں استعمال کیا جائے (۲) دربار
لُغَةُ الْبَلَاط: درباری زبان
بَلَاطُ الْمَلِك: قصر شاہی، شاہی محل، دربار شاہی
بَلَاطُ إِسْمَنْت: سمنٹ کا ٹائل
بَلْطُو، مِعْطَف: کوٹ، اوورکوٹ
بَلِعَ ـَ بَلْعًا و ابْتَلَعَ: نگلنا
بَلِعَ الْإِهَانَة: توہین برداشت کرنا
تَبْلِيع و إِبْلَاع: نگلوانا
بَلَعَه رِيقَه: مہلت دینا، موقع دینا
بَلَّاعَةٌ بَالُوعَة ج: بَلَالِيع و بَوَالِيع: نالی، موری، گندہ آب چک
بُلْعُم. بُلْعُوم: ج: بَلَاعِم: حلق

بَلَغَ ـــ بُلُوْغًا: (۱) پہنچنا، (۲) پالینا (۳) جاننا، کسی بات کا علم ہونا
بَلَغَ الوَلَدُ: بالغ ہونا
بَلَغَ الأَوْجَ: ٹاپ کرنا
بَلَغَ الثَّمَرُ: پک جانا
بَلَغَ الحَضِيْضَ: پستی کو پہونچنا
بَلَّغَ الخَبَرَ: اطلاع دینا، خبر بھجوانا، بتلانا
بَلَغَ الذُّرْوَةَ: ٹاپ کرنا
بَلَغَ الرُّشْدَ: بالغ ہونا، سنِ شعور کو پہنچنا
بَلَغَ سِنَّ الرُّشْدِ: ہوش سنبھالنا، سنِ شعور کو پہونچنا
بَلَغَ السَّيْلُ الزُّبَى: پانی سر سے گذرنا، معاملہ حد سے بڑھنا
بَلَغَ القِمَّةَ: ٹاپ کرنا
بَلَغَ ما تَمَنَّاه: آرزو بر آنا
بَلَغَ إِرْتِفَاعُهُ سَبْعَةَ أَمْتَارٍ: اس کی بلندی سات میٹر ہوگئی
بَلَغَ مُنْتَهَاه: وہ آخری حد پر پہنچ گیا
بَلَغَتِ السَّاعَةُ ثَمَانِيَةً: آٹھ بجنا
بُلْغَةٌ: بقدرِ کفاف، گذر بسر کے بقدر
بَلَغَ المِقْدَارُ كذا: مقدار کا کسی حد کو پہنچنا
بَلَغَهُ كذا: کسی بات کا علم ہونا
بَلَّغَ الخَبَرَ و أَبْلَغَ بـ: (۱) اطلاع دینا، (۲) خبر بھجوانا، بتلانا
بَلَّغَ الخَبَرَ عنه: (۱) رپورٹ دینا، (۲) کسی کے خلاف اطلاعات پہنچانا
إِبْلاغ: اناؤنس منٹ، نوٹس
بَالَغَ فی المَبْلَغِ مُبَالَغَةً: غلو کرنا، حد سے بڑھنا

تَبَلَّغَ: آگاہ ہونا، باخبر ہونا
تَبَلَّغَ بالشَّیءِ: کسی چیز پر اکتفا کرنا
مَبْلَغ ج: مَبَالِغ: رقم، مقدار، کسی چیز کی حد، منتہا
مَبْلَغ إِضَافِيٌّ: الاؤنس
المَبْلَغُ الكُلِّيُّ: مجموعی رقم، ٹوٹل رقم
المَبْلَغُ المَحْسُوْمُ: ڈسکاؤنٹ، وضع کردہ رقم
مَبْلَغ مَدْفُوْع مُقَدَّمًا: پیشگی ادا کردہ رقم
المَبْلَغُ المُسْتَحِقُّ: مطالبہ کی رقم، واجب مطالبہ
المَبْلَغُ المُوْدَعُ: امانت کی رقم، (بینک میں) جمع کی ہوئی رقم
المَبْلَغُ المُؤَمَّن عليه: انشورڈ رقم، محفوظ رقم
مُبَالِغٌ فی الرَّأیِ الَّذِی یَعْتَنِقُهُ: اصول پرست، نظریہ پرست
بَلاغٌ: خبر، اطلاع، (۲) اعلان (۳) اناؤنس منٹ، پیغام، فرمان (۴) دھمکی، نوٹس ج: بَلاغَات
بَلاغ أَخِير أَو نِهَائِي: الٹی میٹم
بَلاغ رَسْمِيّ: اعلامیہ، پریس نوٹ
بَالِغ: پورا کامل، مراہق، حدِ نمو اور حدِ کمالِ عقل کو پہنچنے والا
بَالِغُ ذُرْوَةٍ: ہائی، انتہائی بلند
البَالِغُ قَدْرُه كذا: جس کی مقدار اتنی ہے۔
قَلَقٌ بَالِغٌ: زبردست تشویش
بَلَفَ ـــ بَلْفًا: وہم میں ڈالنا، دھوکہ دینا
بَلِقَ: (س، ک) سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا

أَبْلَقُ: سفید وسیاہ داغوں والا
بُلُک: (دا) جماعت، فوج کی ایک کمپنی
بَلْکُون. (شُرْفَة): بالکنی
بَلَّ ـــ بَلًّا و بَلَلاً و بُلُولاً من مَرَضه: صحت یاب ہونا
بَلٌ بُلُولاً: بھیگی بھیگی سرد ہوا چلنا
بَلَّ ـُـ بَلًّا و بِلَّة، و بَلَلاً و بَلَّل: بھگونا، تر کرنا
إِبْتِلال: بھیگنا، تر ہونا
بَالُو: بال کا معرب، کرہ، گیند
بَلِهَ ـَـ بَلَهًا و بَلاهَة: بے وقوف ہونا، کمزور رائے والا ہونا
أَبْلَهُ م: بَلْهَاءُ ج بُلْه: بے وقوف
بُلُوک: دیکھئے، بُلُک
بُلُوک أَمِين: کوارٹر ماسٹر (ایک فوجی عہدہ)
بَالُون: (مع) غبارہ
بَلُون، مُنْطَاد: غبارہ، غبارہ نما چیز
بَلِيَ ـَـ بِلًى وبَلاءً: پرانا ہونا، بوسیدہ ہونا
بَلَىٰ ـُـ بَلْوًا: آزمائش میں ڈالنا، گرفتارِ مصیبت کرنا، پرانا کرنا، ابتداءً آزمائش میں ڈالنا
بَالٍ: (۱) پرانا، گلا ہوا، کرم خوردہ، بوسیدہ، (۲) بدبودار، متعفن
بَالَى الأَمْرَ و به مُبَالاة: کسی چیز کو اہمیت دینا، پروا کرنا (اس کا اکثر استعمال منفی ہوتا ہے) (لا يُبَالِي بكذا)
بَلُّورًا: بچھڑے کی جھلی
بَلْيُون، أَلْفُ مِلْيُون: ایک ارب (۱،۰۰،۰۰،۰۰،۰۰۰) (امریکہ میں) (انگلستان میں) مِلْيُون: دس لاکھ
ج: بَلايِين: اربوں

ب .... م

بَمْبَاشِي، بِكْبَاشِي: لفٹنٹ کرنل
بَمْبَة: (معرب) بم (قُنْبُلَة)

ب .... ن

بَنْج: ایک قسم کا زہریلا نبات جو جسم کو بے حس اور سن بنا دیتا ہے (۲) کلوروفارم، نیند آور دوا
بَنَّج تَبْنِيجًا: سن کرنا، بے حس کرنا
بَنْد ج: بُنُود: (۱) بڑا جھنڈا (۲) قانون کی دفعہ، فقرہ، آئٹم
بُنُودُ الصَّرْف: مداتِ خرچ
بُنُودُ الإِيرَاد: مداتِ آمدنی
بَنْدَر: (مع) تجارتی شہر، مرکزِ تجارت، مرکزی شہر
بُنْدُقَة: کارتوس
بُنْدُقِيَّة: بندوق، گن
بُنْدُقِيَّةُ رَش: شوٹ گن
بُنْدُقِيَّةُ رَصَاص: رائفل
بُنْدُقِيَّةُ مَحْشُوَّة: بھری ہوئی بندوق، لوڈ گن
بُنْدُقِيَّةُ هَوَاء: ایرگن
بَنْدُول: (مع) گھڑی کا پنڈولم
بِنْزِين: پٹرول
بِنْس (بِنْسِي): پینی (ایک انگریزی سکہ)
بَنْطَغْرَاف: نقل نگار، (ایک آلہ)
بَنْطَلُون ج: بَنْطَلُونَات: پینٹ، پتلون
بَنْطَلُون قَصِير: نیکر
بُنْك: (۱) اصل شے (۲) رات کا ایک حصہ
بَنْك ج: بُنُوك: (۱) بینک، (۲) بینچ، سیٹ

بَنکَ النَّجَار: وہ میز جس پر بڑھئی لکڑی رکھ کر رندہ کرتا ہے
بَنکُ الإِصْدَار: سنٹرل بینک، بینک آف ایشو
بَنکَ أَهْلِيّ: نیشنل بینک
بَنکُ إِيْدَاع: بینک آف ڈپازٹ، ڈپازٹ بینک
بَنکٌ تِجَارِيّ: کمرشیل بینک
بَنکُ التَّسْلِيف: لون بینک
بَنکُ التَّسْلِيف الزِّرَاعِيّ: زرعی قرضہ بینک
بَنکُ التَّسْلِيف الصِّنَاعِيّ: صنعتی قرضوں کا بینک
بَنک الدَّم: بلڈ بینک، خون بینک
بَنکُ الدَّوْلَة: گورنمنٹ بینک، اسٹیٹ بینک
البَنکُ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی بینک، انٹرنیشنل بینک
بَنکٌ عَقَارِيّ: زمینوں سے متعلق بینک
البَنکُ المَرْکَزِيّ: سنٹرل بینک
البَنکُ الوَطَنِيّ: نیشنل بینک
بَنکُ الوِلَايَة: اسٹیٹ بینک
بُنکِيْرٌ: مال دار، دولت مند
اَلْبَنکْنُوت: بینک نوٹ
بَنَّ الشَّاةَ تَبْنِيْنًا: بکری کو فربہ کرنے کے لئے باندھنا
بُنّ: کافی، Coffee
بُنِّيّ: کتھئی رنگ کا، کافی رنگ کا، براؤن
تَبَنَّى الشَّيْءَ: اپنانا، اختیار کرنا
تَبَنَّى مَشْرُوْعَ القَرَار: تجویز کا مسودہ بنانا
تَبَنَّى القَضِيَّةَ: مسئلہ کو اپنانا
بَنَى ــــ بِنَاءً وبِنَايَةً: (۱) تعمیر کرنا، عمارت کھڑی کرنا (۲) بنانا
بِنَاء ج: أَبْنِيَة، بِنَايَة ج: بِنَايَات،
جَدْوَلُ أعْمَالٍ: ایجنڈا۔
جَدْوَلُ التَّحوِیْلِ: تبدیلی روپیہ کا چارٹ۔
الجَدْوَلُ الزَّمَنِیُّ: نقشہ اوقات، ٹائم ٹیبل۔
جَدْوَلُ صَحِیفَة: اخبار کا کالم ج: جَدَاوِلُ۔
جَدْوَلُ الطَّلَب: ڈیمانڈ چارٹ، تفصیل فرمائش۔
جَدْوَلُ النَّاخِبِیْن: ووٹر لسٹ۔
جَدْوَلُ مَوَاعِیدِ (القُطُرِ او الطَّائِرَاتِ): ریل یا جہاز کا ٹائم ٹیبل۔
جَدْوَلٌ حِسَابِیٌّ: گوشوارۂ حساب۔
جَدْوَلُ الضَّرْبِ: پہاڑا۔
ــــ تَحْوِیْلٍ: شرح مبادلہ کی لسٹ۔
ــــ القَضَایَا: فہرست مقدمات۔
الجَدَاوِلُ الزَّمَنِیَّة: نظام الاوقات۔
جَدْوَلَةُ شیءٍ: کسی کام کے اوقات کا نقشہ بنانا، ٹائم ٹیبل بنانا۔

جَدْوَلَةُ الدُّیُوْنِ: قرضوں کی ادائگی کے اوقات مقرر کرنا۔
قَلَمُ جَدْوَلٍ: ڈرائنگ پین۔
جَدِیْلَة ج: جَدَائِلُ: (۱) زلف، گیسو، (خصوصاً عورت یا لڑکی کے) (۲) چوٹی۔
جِدَال: جھگڑا، بحث، نزاع، قتل وقتال، قیل و قال۔
جَدَّال: بہت جھگڑالو۔
مَجْدُوْل: بٹی ہوئی رسی، لپٹے ہوئے بال۔
جدون الدَّرَّاجة: (مع) سائیکل کا ہینڈل۔
جَدْوىٰ: (۱) فائدہ (۲) عطیہ، تحفہ۔
بِلا جَدْوىٰ: بے فائدہ، غیر مفید، بے سود۔
جَدَا علیه ـُ جَدْواً: تحفہ پیش کرنا۔
إجْتِدَاء و اسْتِجْدَاء: مانگنا، طلب کرنا، بھیک مانگنا۔
إجْدَاء: نفع پہنچانا، فائدہ دینا۔
أجْدیٰ: زیادہ نفع بخش، زیادہ سودمند۔
لا یُجْدِیْ: بے فائدہ، غیر نفع بخش۔
هٰذَا لا یُجْدِیْکَ: یہ تم کو نفع نہ دے گا، اس سے تم کو فائدہ نہ ہوگا۔
جَدْیٌ ج: جِدَاءٌ: بکری کا بچہ (پہلے سال کا)۔

ج .... ذ

جَذَبَ ـِ جَذْباً و اجْتَذَبَ: کھینچنا، مائل کرنا۔

جَذَبَ القَلْبَ: دل موہ لینا، فریفتہ بنالینا۔
جَذْبٌ، جَاذِبِيَّة: (۱) کشش (۲) قوت جاذبہ۔
جَاذِبِيَّة: (۱) نیچے کی طرف یا مرکز کی طرف مائل ہونے کی قوت (۲) کسی چیز کی طرف کشش ثقل کی وجہ سے مائل ہونے کی قوت۔
جَاذِبِيَّةُ الثِّقْل: کشش زمین۔
جَاذِبِيَّةٌ مَغْنَطِيسِيَّة: مقناطیسی کشش۔
جَاذِبِيَّةٌ جِنْسِيَّة: جنسی میلان۔
جَاذِبٌ، جَذَّاب: کشش والا، پرکشش، دلفریب، دلکش، جاذب نظر۔
شَخْصِيَّةٌ جَذَّابَة: پرکشش شخصیت۔
مَجْذُوْب ج: مَجَاذِيْب: کھنچا ہوا (۲) مجنوں، دیوانہ۔
مُسْتَشْفَى المَجَاذِيْب: پاگل خانہ، دیوانوں کا ہسپتال۔
جَذَأَ ـُ جَذْأً: کاٹنا، توڑنا۔
جُذَاذَة: لیبل، چیٹ، چٹھی، ریزہ۔
جَذَرَ ـُ جَذْرًا و جَذَّرَ: کاٹنا، جڑ سے اکھاڑنا۔
جَذْرٌ ج: جُذُوْر: اصل، جڑ، بن وبیخ۔
جَذْرِيّ: بنیادی۔
جَذَعٌ ج: جِذَاع: نوجوان، کمسن، نوعمر۔
جِذْعٌ ج: جُذُوْع: (۱) تنہ (۲) دھڑ، سر، پیر اور ہاتھ کے علاوہ بقیہ جسم۔
جِذْعِيّ: تنے سے متعلق (شَجَرَة جِذْعِيَّة) تناور درخت۔
جَذَّفَ تَجْذِيْفًا: کشتی کھینا، کشتی چلانا۔
مِجْذَاف ج: مَجَاذِيْف: چپو۔

جَذِلَ ـَ جَذَلًا و اجْتَذَل: خوش ہونا۔
إِجْذَال: خوش کرنا۔
جَذِلٌ، جَذْلَان ج: جُذْلَان: خوش۔
جَذَمَ ـِ جَذْمًا و جَذَّمَ: کاٹنا (۲) تیزی سے کاٹنا۔
جُذِمَ: مرض جذام (کوڑھ) میں گرفتار ہونا۔
جِذْمَةُ الشَّجَرَة: کٹے ہوئے درخت کا باقی ماندہ تنہ۔
أَجْذَم: ٹنڈا، کوڑھی۔
مَجْذُوْم: کوڑھی۔
جُذْوَة ج: جُذًى: دہکتا ہوا انگارہ۔
جَذْوَةُ النِّضَال: جذبۂ جہاد۔

ج .... ر

جَرُؤَ ـُ جَرَاءَةً و جُرْأَةً و اجْتَرَأَ: دلیر ہونا، جسارت کرنا۔
جُرْأَة، جَرَاءَة: دلیری، بہادری، بے باکی، بے حیائی۔
جُرْأَةٌ نَادِرَة: بے مثال بہادری۔
جَرِيْءٌ ج: أَجْرِيَاء: دلیر، بیباک، بے حیا۔
جِرَام: گرام (مع)۔
جِرَامُفُوْن: (مع) گرامفون۔
جَرَانِيْت: (مع) گرانیٹ، ایک قسم کا پتھر جو عمارت میں کام آتا ہے۔
جَرِبَ ـَ جَرَبًا: (۱) خارش زدہ ہونا (۲) رنگ اڑ جانا یا بدل جانا۔
جَرَّبَهُ تَجْرِيْبًا: (۱) آزمانا، آزمائش کرنا (۲) اکسانا، ورغلانا (۳) کوشش کرنا، کسی کام کو کرکے دیکھنا۔
مُجَرَّب: آزمودہ۔

جَرَبٌ: خارش، کھجلی۔
جَـرْبَان: خارش زدہ (۲) بدلے ہوئے رنگ کا۔
جِرَابٌ ج: أَجْرِبَة و جُرُبٌ: غلاف، کیس، چمڑے کا تھیلا۔
جِرَابُ السَّيْف: تلوار کی میان۔
جِرَابُ الفَرْد: پستول دان، ہولسٹر۔
جَـوْرَبٌ قَـصِيرٌ ج: جَوَارِبُ: موزہ، پائتابہ۔
جَـوْرَبٌ طَـوِيـل: لمبا موزہ (پنڈلی تک کا)۔
مُجَرَّبٌ: تجربہ کار، آزمودہ کار۔
تَجْرِبَة: آزمائش، ریہرسل۔
تَجْرِبَةُ الثَّوب عَلَى مَقَايِيسِ الجِسْم: جسم پر کپڑے کو فٹ کر کے دیکھنا۔
تَجْرِبَةٌ ذَرِّيَّةٌ: ایٹمی تجربہ۔
تَجْرِبَةٌ رَائِدَةٌ: مفید تجربہ، رہنما تجربہ۔
تَجْرِبَةٌ قَاسِيَة: تلخ تجربہ۔
تَجْرِبَةٌ مَرِيْرَةٌ: تلخ تجربہ۔
تَجْرِيبِى: تجرباتی، آزمائشی۔
جُرْثُومَة ج: جَـرَاثِيمُ: بیج، تخم جس سے کسی چیز کا آغاز ہو۔
جَـرَّجَ الأُتُـمْـبِـيلَ تَجْرِيجاً: کار کو گیرج میں رکھنا۔
جَرَاجٌ: (مع) گیرج (موٹر کار کا)۔
جَرْجَرَةُ الرَّعْد: گرج کی آواز ہونا۔
جَرْجَرَةُ الْمَاءِ فِى الحَلْق: منہ میں پانی لے کر غرغرہ کرنا۔
الـجَـرْجَـارُ، الجَـرْجِـيرُ: (صَـارُوخ): راکٹ۔
جَرَحَ ۔ جَرْحاً: (۱) زخمی کرنا (۲) کاٹنا۔
___ الإِحْسَاسَ: احساس کو ٹھیس لگانا، جذبات کو مجروح کرنا۔
___ بِلِسَانِه: عیب لگانا، توہین کرنا۔
___ الشَّهَـادَةَ أَو الـوَصِـيَّةَ: سند یا وصیت کو بے ضابطہ یا ناجائز قرار دینا۔
___ فِى الكِبْرِيَاء: وقار کو نقصان پہنچانا۔
___ كِبرِياءَ احدٍ: بڑائی کو ٹھیس پہنچانا۔
___ كِبْرِيَاءَ الوَطَن: وطن کا وقار مجروح کرنا۔
جُرْحٌ مُمِيتٌ: مہلک زخم۔
اِجْتِرَاحُ الإِثْم: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
جُرْحٌ ج: جُرُوحٌ: زخم۔
جَـرَّاح، جِرَاحِيٌّ: سرجری کا طبیب، سرجن، آپریٹر۔
جِرَاحٌ خَطِيْرَةٌ: خطرناک زخم۔
جِرَاحَة: سرجری، سرجری آپریشن، فن جراحی۔
الجِرَاحَةُ التَّعْوِيْضِيَّةُ: پلاسٹک سرجری۔
الجِرَاحَةُ التَّقْوِيْمِيَّةُ: پلاسٹک سرجری۔
جِـرَاحِيٌّ: جراح یا جراحی کے متعلق، آپریشن سے متعلق۔
جِرَاحِيَّة: سرجری آپریشن۔
عَمَلِيَّةٌ جِرَاحِيَّة: سرجری آپریشن۔
غُـرْفَةُ الـعَـمَلِيَّةِ الجِرَاحِيَّةِ: آپریشن روم۔
جَارِحٌ، يَجْرَحُ: آزاردہ، تکلیف دہ۔
حَيَوَانٌ جَارِحٌ: درندہ۔
اِنْتِقَادٌ جَارِحٌ: سخت تنقید، تعریض، طنزیہ تنقید۔

جَارِحَة ج: جَوَارِحُ: (۱) عضوانسانی (۲) شکاری پرندہ، درندہ۔

جَرَدَ العُوْدَ ـ جَرْداً و جَرَّدَ: چھیلنا، برہنہ کرنا، خول اتارنا۔

جَرَدَ البَضَائِعَ: (دا) اسٹاک کرنا۔

جَرَّدَ السَّيْفَ تَجْرِيْداً: تلوار میان سے نکالنا۔

جَرَّدَهُ مِنَ الرُّتَبِ: تنزل کرنا، برطرف کرنا۔

جَرَّدَ الرَّجُلَ من سُلْطَتِهِ تَجْرِيْداً: اختیار چھین لینا۔

جَرَّدَهُ من السِّلَاحِ: اسلحہ چھین لینا، اسلحہ ضبط کرنا، نہتا کردینا۔

جَرَّدَه من المُعَدَّاتِ الحَرْبِيَّة: سامان جنگ سے محروم کردینا، چھین لینا۔

جَرَّدَه من المُلْكِ: (۱) بادشاہت واقتدار سے ہٹانا، معزول کرنا، برطرف کرنا۔

تَجَرَّدَ من كذا: دست بردار ہونا، بے تعلق ہونا، نہتا ہونا، برہنہ ہونا۔

جَرْدٌ، جَرِدٌ: بے گیاہ زمین، تیز زمین۔

جَرْدُ (الاشْيَاءِ والبَضَائِع: (دا) دوکان کے اسٹاک کا جائزہ، چٹھا تجارتی۔

جَرْدُ النَّقْدِيَّة: کیش اکاؤنٹنگ۔

جَرِيْدَة ج: جَرَائِدُ: (صَحِيْفَة) اخبار، پیپر، نیوز پیپر (۲) گوشوارہ، فہرست۔

الجَرِيْدَةُ الرَّسْمِيَّة: سرکاری گزٹ۔

جَرِيْدَةُ السِّيْنَمَا: نیوز ریل۔

جَرِيْدَةٌ غَرَّاءُ: موقر جریدہ۔

جَرِيْدَةٌ وَاسِعَةُ الانْتِشَار: کثیر الاشاعت اخبار۔

جَرِيْدَةٌ يَوْمِيَّة: (۱) روزنامہ (۲) روزنامچہ۔

جَرِيْدَةُ النَّخْلِ: کھجور کی ڈنڈی، شاخ۔

بَائِعُ الجَرَائِد: اخبار فروش۔

لِعْبُ الجَرِيْد: (۱) نیزہ بازی کا مقابلہ (۲) ٹورنامنٹ، ورزشی اور مجلسی کھیلوں کا عام مقابلہ۔

أَجْرَدُ: گنجا، بے بالوں کا، سرمنڈا۔

أَرْضٌ جَرْدَاءُ: چٹیل زمین، بے آب و گیاہ زمین۔

تَجَرَّدَ عن الإنْسَانِيَّة: آدمیت سے دور ہونا۔

تَجَرَّدَ من القُيُوْد: آزاد ہونا۔

تَجْرِيْد: کھال اتارنا، بال اتارنا، برہنہ کرنا (۲) علیحدگی، برطرفی، برہنگی، تخفیف۔

التَّجْرِيْدُ من الجِنْسِيَّة: وطنیت سے محروم کرنا۔

تَجْرِيْدُ مِنْطَقَةٍ من السِّلَاح: کسی علاقہ کو ہتھیاروں سے الگ کرنا۔

تَجْرِيْدَة: فوجی دستہ (۲) فوجی حملہ۔

مِجْرَدُ الأَسْنَان: دانتوں کا برش۔

مُجَرَّد: (۱) مزید کی ضد (۲) مرکب کا مقابل (۳) عریاں، برہنہ (۴) غیر مسلح، نہتا (۴) علیحدہ، برطرف (۵) محض، خالص۔

بِمُجَرَّدِ......: محض، جونہی، محض اس وجہ سے۔

جُرَذٌ ج: جِرْذَان: بڑا چوہا، چوہے کی ایک قسم۔

جَرَّ۔جَرًّا: (۱) کھینچنا (۲) سبب بننا۔
جَرَّ العَالَمَ الى الحَرْبِ: ساری دنیا کو جنگ میں دھکیلنا۔
جَرَّ عَلٰی نَفْسِهٖ جَرِيْرَةً: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
هَلُمَّ جَرًّا: علی ہذا القیاس، اسی طرح، اسی پر دوسروں کو بھی قیاس کرو۔
جَرَّار: (۱) بڑا، عظیم الشان (۲) بہت کھینچنے والا (۳) گھڑا کھینچنے والا۔
جَرَّارَة: (۱) کھینچنے کا آلہ، مشین، ٹریکٹر (۲) زرد رنگ کا بچھو۔
جَرَّارَةُ العَرَبَة: رسا، جس سے گھوڑا گاڑی کو کھینچتا ہے۔
جَرَّارَةٌ لِرَفْعِ الانْقَاضِ: بلڈوزر۔
جَرَسٌ ج: أَجْرَاس: گھنٹی، گھنٹا۔
جَرَسُ الانْذَار: خطرے کی گھنٹی۔
جَرَسُ الخَطَر: خطرہ کی گھنٹی۔
جَرَسُ المَوْت: ماتمی گھنٹی جس کے ذریعہ موت یا دفن کا اعلان کیا جاتا ہے۔
جَرَسٌ كَهْرَبِیٌّ: بجلی کی گھنٹی۔
الجُرْسِی: جرسی۔
جَارُوْشَة: چکی۔
جَرَضَ۔جَرْضًا: گلا گھونٹنا۔
جَرِضَ۔جَرَضًا: گلا گھٹ جانا۔
جَرَعَ۔جَرْعًا و اجْتَرَعَ: (۱) گھونٹ بھرنا (۲) نگلنا (۳) پینا۔
جُرْعَة ج: جُرَع: گھونٹ۔
جَرَفَ۔جَرْفًا و جَرَّفَ و اجْتَرَفَ: کھرچنا، صاف کرنا، پانی کا کسی چیز کو بہا لے جانا، لے اڑنا۔
جُرُف: ڈرنگ، ڈھلوان چٹان۔
جُرُفُ النَّهْرِ او الحُفْرَةِ: مینڈھ، نہر یا تالاب وغیرہ کا کنارہ۔
جَرَّافَة: کدال، بیلچہ، پھاوڑا، سراون۔
جَرُوْف و مِجْرَفَة: پلی، کفچہ، ڈوئی۔
جَرَمَ۔جَرِيْمَةً و أَجْرَمَ و اِجْتَرَمَ: جرم کرنا، گناہ کرنا۔
إِجْرَام مُنَظَّم: منظّم جرم۔
أَتَى الجُرْمَ: ارتکاب جرم کرنا۔
مُجْرِم: مجرمانہ (فِعْلٌ مُجْرِمٌ) (۲) جرائم پیشہ۔
مُجْرِمُ حَرْبٍ: جنگی مجرم۔
تَجْرِيْم: مجرم بنانا، مجرم ثابت کرنا۔
جَرِيْمَة: کرائم، جرم ج: جَرَائِم۔
جَرِيْمَةٌ كُبْرىٰ: بڑا جرم۔
جَرِيْمَةٌ لَا تُغْتَفَرُ: ناقابل معافی جرم۔
الجَرَائِمُ البَشِعَةُ: گھناؤنے جرائم۔
جَرْم: (۱) چھوٹی کشتی (۲) سائز (۳) حجم۔
جِرْمٌ ج: أَجْرَام: جسم، باڈی، ڈیل۔
جَرِيْم: بڑے سائز کا، بڑے جسم والا۔
الجِرَام: گرام۔
جِرَامَات: گرام (جمع)۔
جُرْمُوْق: موزہ، ساق پوش جو ایڑی سے ٹخنے تک ہو۔
جُرْن: (۱) پانی کا حوض (۲) غلہ کا ڈھیر، کھلیان (۳) کھرل (۴) ہاون دستہ۔
جُرْنُ القَمْح: گیہوں کا کھلیان۔
جَرَّنَ الحَصِيْدَ تَجْرِيْنًا: غلہ کا ڈھیر لگانا۔

جَرْوٌ ج: جِرَاء: کتے یا درندے کا بچہ۔
جَرَى ـِ جَرْياً: دوڑنا، بہنا۔
جَرَى الإنتِخَابُ هٰذَا الأُسْبُوعَ ـِ جَرَيَاناً: الیکشن ہونا۔
جَرَى تَكْرِيمُ الفَائِزِينَ فِي القَاعَةِ: ہال میں کامیاب ہونے والوں کا اعزاز ہوا۔
جَرَيَانُ الاِتِّصَالِ مَعَ فُلَان: کسی سے رابطہ قائم ہونا۔
جَرَيَانُ الاِحْتِفَال بِمُنَاسَبَة كَذَا: کسی موقعہ پر تقریب ہونا۔
جَرَيَانُ الإسْتِقْبَال لِفُلَان فِي كَذَا: کسی کا استقبال ہونا۔
جَرَيَانُ الإنْتِخَاب بَيْنَ المُرَشَّحِيْنَ: نمائندوں کا الیکشن ہونا۔
جَرَيَانُ التَّحَرِّيَاتِ فِي شَأن كَذَا: کسی سلسلہ میں تحقیقات ہونا۔
جَرَيَانُ مُبَاحَثَاتٍ: بات چیت ہونا۔
جَرَيَانُ بَحْثِ إمْكَانِ تَعْزِيزِ العَلَاقَات: تعلقات کے استحکام کے امکانات پر غور و فکر کرنا۔
جَرَتِ العَادَةُ كَذَا: یہ رواج پڑ گیا ہے۔
جَرَتْ مُنَاقَشَةٌ مَعَ رِجَالِ الشُّرْطَة: پولیس کے ساتھ تو تو میں میں ہوئی۔
إجْرَاء وتَجْرِئَة: دوڑانا، بہانا، جاری کرنا۔
أجْرَى عليه الرِّزْقَ إجْرَاءً: الاؤنس دینا، روزینہ دینا۔
إجْرَاء: نافذ کرنا (۲) کارروائی، اقدام ج: إجْرَاءَات۔
إجْرَاءُ أبْحَاث: تحقیقات کرنا۔
إجْرَاءٌ إحْتِرَازِيّ: احتیاطی کارروائی۔
إجْرَاءُ إخْتِبَارٍ: تجربہ کرنا، ٹیسٹ کرنا۔
الإجْرَاءُ الإسْتِثْنَائِيُّ: غیر معمولی کارروائی۔
إجْرَاءُ التَّحْقِيق مع أحَد: کسی سے تفتیش کرنا۔
إجْرَاءٌ حَازِمٌ: زبردست کارروائی۔
إجْرَاءٌ حُكُومِيٌّ: سرکاری کارروائی۔
إجْرَاءُ حِوَارٍ مع أحَد: انٹرویو لینا، گفتگو کرنا۔
إجْرَاءٌ رَسْمِيٌّ: باضابطہ کارروائی۔
إجْرَاءٌ قَانُونِيٌّ: قانونی کارروائی، قانونی اقدام، ضابطہ کی کارروائی۔
إجْرَاءٌ قَضَائِيٌّ: عدالتی کارروائی۔
إجْرَاءُ اللِّقَاء: ملاقات کرنا۔
إجْرَاءُ المُحَادَثَات: بات چیت کرنا، انٹرویو لینا۔
إجْرَاءُ مَسْح شي: سروے کرانا۔
إجْرَاءٌ مُضَادٌّ: جوابی کارروائی۔
إجْرَاءُ المُفَاوَضَات: بات چیت کرنا۔
إجْرَاءُ المُقَابَلَة مع أحَد: انٹرویو لینا، ملاقات کرنا۔
إجْرَاءُ المُكَالَمَةِ التِّلِيفُونِيَّة: ٹیلی فون کال کرنا۔
إجْرَاءٌ نِهَائِيٌّ: آخری کارروائی۔
إجْرَاءَات: کارروائی۔
إجْرَاءَاتٌ إدَارِيَّة: انتظامی کارروائی۔
إجْرَاءَاتٌ إسْتِفْزَازِيَّة: دہشت انگیز

کارروائی۔
إجْرَاءَاتُ الأمْنِ: حفاظتی انتظامات۔
إجْـرَاءَاتٌ أمْنِيَّة: حفاظتی انتظامات، امن سے متعلق انتظامات۔
إجْرَاءاتٌ تَعَسُّفِيَّة: ظالمانہ کارروائی۔
إجْـرَاءَاتٌ تَـمْهِيـدِيَّة: ابتدائی کارروائی۔
إجْـرَاءَاتٌ طَـارِئَة او إجْرَاءَاتُ الـطَّـوَارِئ: ہنگامی کارروائی، ایمرجنسی اقدامات۔
إجْرَاءَاتٌ عَاجِلَة: فوری کارروائی۔
إجْرَاءَاتٌ مُشَدَّدَة: سخت اقدامات، سخت کارروائی۔
إجْرَاءَاتٌ مَكْتَبِيَّة: دفتری کارروائی۔
إجْرَائِيّ: کارروائی سے متعلق۔
مَجْرَى: دوڑ، رفتار، دھارا، گزرگاہ، راستہ۔
مَجْرَى البَوْل: پیشاب کی نالی۔
مَـجْـرَى الـحَيَاة: رفتارزندگی، زندگی کا رخ۔
مَجْرَى المَاء: پانی کا دھارا، بہاؤ۔
مَجْرَى الهَوَاء: ہوا کا رخ، سمت۔
مَـجْـرَى الأحْـوَال: حالات کا رخ، رفتار۔
مَجْرَى الأحْدَاث: واقعات کا رخ۔
مَجْرَى التَّفْكِير: سوچنے کی لائن۔
مَجْرَى الحَوَادِث: حوادث کی رفتار۔
مَجْرَى الحَيَاة: رفتارزندگی۔
مَجْرَى القَنَاة: نہر کا راستہ۔
مَجْرَى الهَوَاء: ہوا کا رخ۔

مَـجْـرَيَاتُ الـمَـعْـرَكَة: لڑائی کے احوال۔
مَاجَرَيَات: (وا) واقعات، حوادث۔

ج.........ز

جَزَّأ تَجْزِئَة: تقسیم کرنا، تجزیہ کرنا، حصے بخرے کرنا۔
جُـزْء ج: أجْـزَاء: (۱) حصہ (۲) پرزہ (۳) ٹکڑا (۴) پیس (۵) پارٹ۔
جُزْءٌ مِنْ بَرْنَامَج: پروگرام کا حصہ۔
جُـزْئِيّ: مرحلہ وار، جزوی، کلی کی ضد، معمولی، سطحی، فرعی۔
أجْزَاءٌ بَدِيلَة: فالتو پرزے۔
أجْزَا خَانَة: فارمیسی دواخانہ۔
أجْزَائِيّ: کیمسٹ، انگریزی دوافروش۔
أجْزَائِيَّة: فارمیسی، دواخانہ۔
أجْـزَائِـيّ: (وا) کیمسٹ، انگریزی دوا فروش۔
جِزْدَان: (مع) بٹوا، تھیلی، پرس (ترکی)۔
جَزَرَ ـُ جَزْراً و جَزَراً: ذبح کرنا، سمندر میں جزر ہونا، پانی کا کم ہونا، پیچھے ہٹنا۔
جَزَرٌ و: جَزَرَة: گاجر۔
جَزَرَة: ٹیٹو پیپے وغیرہ میں لگی ہوئی۔
جَزَّارٌ: قصاب، گوشت کاٹنے یا فروخت کرنے والا۔
جِزَارَة: گوشت فروشی یا ذبح کا پیشہ۔
مَجْزَرٌ: مذبح، ذبح خانہ ج: مَجَازِرُ۔
مَـجْـزَرَة: قتل وغارت گری، فساد، خون خرابہ۔
مَجْزَرَةٌ بَشَرِيَّة: انسانی خون خرابہ۔

جَزَّ ــُـ جزًا: اون وغیرہ کترنا، کاٹنا۔
جزّۃُ الغنم: بھیڑ کی کتری ہوئی اون۔
جُزّاز: اون کترنے والا۔
جُزازۃ: کترن، تراشہ، ٹکڑا۔
مِجزّ: اون کترنے کی قینچی۔
مَجزُوز: تراشا ہوا، کترا ہوا، بے اون کا۔
جَزِعَ ــَـ جزَعًا و جُزُوعًا: بے برداشت ہونا، گھبرانا، مایوس ہونا، پریشان ہونا، بیتاب ہونا۔
جزَعٌ: بے صبری، گھبراہٹ، بے چینی۔
جَزِعٌ و جازعٌ و جَزُوعٌ: (ضد صَبُور) بیتاب، پریشان، بے چین۔
جَزعٌ: سنگِ سلیمانی، سلیمانی پتھر۔
جزّعَ بالرُّخام تجزیعًا: ماربل لگانا۔
تجزّع بالرُّخام: ماربلنگ، ماربل والا ہونا۔
تجزیع بالرُّخام: ماربل لگانا، سنگِ مرمر لگانا۔
مُجزّع: مرمریں، سنگِ مرمر جیسا چکنا، ماربل دار۔
ورق مُجزّع: ابری، وہ کاغذ جس پر ابری بنائی گئی ہو۔
جزَفَ ــِـ جزْفًا و جازَفَ: اٹکل و اندازہ سے کام کرنا (۲) خطرہ میں پڑنا۔
ـــ بنفسِہ مُجازفۃً: رسک مول لینا، جان خطرہ میں ڈالنا۔
جُزافٌ: بے تکا، بے ترتیب، اٹکل پچو۔
جُزافًا: بے تکے پن سے، بے سوچے سمجھے۔
تکلّم جُزافًا: اوٹ پٹانگ بات کرنا، بے سوچے بات کرنا۔
مُجازِف: ناعاقبت اندیش، من چلا۔
مُجازفۃ: جانبازی، آزمائش، خطرناک کھیل، ناعاقبت اندیشی، خطرہ کا کام، خطرہ مول لینا۔
جَزُلَ ــُـ جزالۃً: کثرت سے ہونا، بہت ہونا۔
جزُلَ المنطِقُ: گفتگو کا فصیح ہونا، سلیس ہونا۔
أجزَلَ لہ العطاءَ: خوب دینا، بخشش کرنا، دل کھول کر دینا۔
جَزْلٌ و جزِیلٌ: (۱) بہت (۲) زبردست (۳) سلیس، فصیح۔
جزیلُ الاِحترام: زبردست احترام۔
شُکرٌ جزیلٌ: زبردست شکریہ۔
جزْلۃ: ٹکڑا، پیس، سلائس۔
جزالۃ: کثرت، فصاحت۔
جزالۃُ المنطِق: خوش بیانی، فصاحتِ کلام۔
جوزَلُ الحمام: کبوتر کا بچہ ج: جوازِلُ۔
جُزلان: بٹوا، پرس۔
جَزَمَ ــِـ جزمًا: (۱) کاٹنا (۲) کسی کام کا قطعی فیصلہ کرنا، تہیہ کرنا، عزم کرنا۔
جزمَ علیہ الأمرَ: لازم کرنا۔
جزْمٌ: قطعیت، یقین، عزم۔
جازِمٌ: قطعی، یقینی، لازم۔
جزْمۃ: بوٹ، جوتا (دا)۔
ـــ بربَاطٍ: تسمہ دار جوتا، فیتے دار جوتا۔
ـــ بأزرارٍ: بٹنوں دار جوتا، بٹن بوٹ۔
ـــ لمّاعۃ: پالش دار چمڑے کا جوتا۔

— مَکْشُوفَة: جوتا جس میں ٹخنا کھلا رہے۔
رِبَاطُ الجَزْمَة: فیتا، تسمہ۔
جَزْمَاتِي: (وا) جوتا بنانے والا، مرمت کرنے والا۔
جَزُوْن: کسی باغ کے لان کی گھاس۔
جَزَاء: بدلہ (مُجَازَاة) بدلہ دینا۔
جَزَاءٌ نَقْدِيّ: جُرمانہ۔
جَزَاءٌ مَالِيّ: جرمانہ۔
جَزَائِيّ: تعزیری، قابل سزا، سزا کا۔
جِزْيَة: (۱) لگان (۲) باج، مال کی مقررہ مقدار جو ایک ریاست یا حکمراں دوسرے کو ادا کرے۔

ج .... س

جَسَأَ جَسْأً و جُسُوْءاً، و جُسْأَةً: کام کے باعث ہاتھوں کا سخت ہو جانا، کھردرا ہو جانا۔
جَاسِئٌ: کھردرا، سخت موٹا۔
جَسَدٌ: بازی ج: أجْسَادٌ۔
مِجْسَاد (مِشْبَاح): اسٹیریو سکوپ، جسم بین (ایک آلہ جس سے کسی جسم کے دو مختلف منظر ایک ہی تصویر میں اتار لئے جاتے ہیں اور تصویر ٹھوس معلوم ہوتی ہے)۔
جَسَّدَ تَجْسِيداً: مشخص کرنا، عملی جامہ پہنانا۔
تَجْسِيد: نمایاں کرنا، عملی جامہ پہنانا، مشخص کرنا، منطبق کرنا۔
تَجْسِيدُ الإرَادَة: خواہش کو پورا کرنا۔
تَجْسِيدُ التَّطَلُّعَات الجَمَاهِيرِيَّة: عوام کی توقعات پوری کرنا۔
تَجْسِيدُ التَّطَلُّعَات القَوْمِيَّة: قومی امنگیں پوری کرنا۔
تَجَسُّدٌ: جسم بن جانا، مجسم ہونا۔
تَجَسُّدُ الصِّدَام بِشَكْلِهِ المُبَاشِر: براہ راست ٹکراؤ ہو جانا۔
مُتَجَسِّد: ذی جسم۔
جَسَّرَ تَجْسِيراً: ہمت دلانا، دلیر بنانا۔
جَسَرَ و جَسَرَ جَسْراً: پل بنانا، پل پار کرنا۔
جَسَرَ جَسَارَةً و جُسُوراً: اقدام کرنا، ہمت کرنا، جسارت کرنا۔
جِسْرٌ ج: جُسُور و أجْسُر: پل، برج۔
جِسْرٌ جَوِّيٌّ: فضائی پل، فضا میں کسی چیز کا سلسلہ۔
جِسْرٌ ذُو عَوَارِض: گارڈر برج۔
— مُتَحَرِّك: اٹھاؤ پل، وہ پل جو بوقت ضرورت ہٹایا جا سکے۔
— عَائِم: پل تخت، کشتیوں کا بنایا ہوا پل۔
— مُعَلَّق: جھولا پل، بے ستون پل جو لٹکا رہے۔
جِسْرُ البَنَّاء: مچان جس پر کھڑے ہو کر معمار تعمیر کرتا ہے۔
جِسْرُ البِنَاء: گارڈر، شہتیر، چھت کی ڈاٹ۔
جَسَارَة: بیباکی، نڈرپن، شوخی، بے ادبی۔
جَسُوْرٌ: بیباک، نڈر، شوخ، بے ادب۔
الجُسُورُ الإسْتِرَاتِيجِيَّة: جنگی اہمیت کے پل۔
جَسَّ: (ن) ہاتھ لگا کر دیکھنا، ٹٹولنا، سراغ لگانا، جانچنا، تفتیش کرنا۔

جَسَّ الطَّبِيْبُ النَّبْضَ ـُ جَسًّا: نبض دیکھنا۔
جَسَّ النَّبْضَ ـُ: نبض دیکھنا، نبض پر ہاتھ رکھنا۔
التَّجَسُّسُ: جاسوسی، جاسوسی کرنا۔
تَجَسَّسَ علی: سراغ لگانا، تفتیش کرنا۔
جَاسُوْسِيَّة: جاسوسی۔
مِجَسٌّ: کسوٹی۔
جَسَّمَ الشَّيْئَ تَجْسِيْماً: بڑا بنانا، کسی چیز یا بات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا، بڑا بنا کر دکھانا۔
تَجَسَّمَ: بڑا بننا، تناور ہونا، زبردست ہونا۔
جَسُمَ ـُ جَسَامَةً: ڈیل ڈول کا ہونا، بھاری بھرکم ہونا، زبردست ہونا، تناور ہونا۔
جِسْمٌ ج: أَجْسَامٌ و جُسُوْمٌ: بدن، ڈھانچہ، باڈی۔
جَسِيْمٌ: بھاری بھرکم، زبردست، بڑے جسم کا۔

ج............ش

جَشَأَ تَجْشِئَةً: ڈکار لینا۔
جُشَأَة و جُشَاءَة: ڈکار۔
جَشَّ ـُ جَشًّا و جَشِيْشاً: کوٹنا، دلنا۔
جَشِيْش: موٹا پیسا ہوا آٹا، دلیا۔
أَجَشُّ: گلو گرفتہ، بیٹھی ہوئی آواز والا۔
إِجْشَاش: آواز بیٹھ جانا، کرخت ہو جانا۔
جُشَّةُ الصَّوْت: گلو گرفتگی، خرابی آواز۔
جَشِعَ: (س) انتہائی حریص و لالچی ہونا۔
جَشِع: لالچی، حریص، طماع۔

جَشِمَ ـَ جَشْماً و تَجَشَّمَ: مشقت اٹھانا، تکلیف برداشت کرنا۔

ج............ص

جَصَّصَ تَجْصِيْصاً: پلاسٹر کرنا، چونے کا پلاسٹر کرنا۔
جِصٌّ: چونا، گچ، پلاسٹر۔
جَصَّاصَة: چونے کی بھٹی۔

ج............ع

جَعْبَة: تھیلا، تیروں کا تھیلا ج: جِعَابٌ۔
جَعْجَعَة: شور، چکی کی آواز، گھر گھراہٹ۔
جَعْجَعَةٌ بلا طِحْنٍ: باتیں ہی باتیں عمل کچھ نہیں۔
جَعْجَاع: شور وغل کرنے والا۔
جَعُدَ ـُ جَعَادَةً و جُعُوْدَةً: بالوں کا مڑنا، گھنگریالا ہونا، کپڑے یا کاغذ میں سلوٹ پڑنا۔
جَعْدَةُ شَعْرٍ: گھونگھریالے بالوں کی لٹ۔
جَعْدَةٌ فی جِلْدٍ او ثَوْبٍ: کھال کی جھری، کپڑے کی سلوٹ۔
جَعَرَ السَّبُعُ ـَ جَعْراً: درندہ کا پاخانہ کرنا۔
جَعَلَ ـَ جَعْلاً: (۱) بنانا (۲) پیدا کرنا (۳) صفت تبدیل کرنا (۴) رکھنا، ڈالنا (۵) گمان کرنا (۶) مقرر کرنا۔
جَعَلَ له نَعْلاً: سول لگانا۔
جَعَلَه آلَةً لِمَآرِبِه: کسی کو اپنے مقاصد کا ذریعہ بنانا۔
جَعَلَه مُثْلَةً: آنکھ ناک بگاڑنا۔
جَعَلَه مُنْسَجِماً مَعَ: فٹ کرنا، مطابق کرنا۔
جَعَلَه مُنْطَبِقاً عَلَى: فٹ کرنا۔

جَعَلَ الشئَ سِتاراً للأغراض: آڑ بنانا۔
جَعَلَ الشئَ عَصْرِیاً: ماڈرن بنانا۔
جَعَلَ العَلاقَاتِ الدِبْلُوْمَاسِیَّة طَبِیْعِیَّةً: سفارتی تعلقات معمول پر لانا۔
جُعْلٌ و جِعَالَةٌ: مزدوری، حق محنت، فیس، انعام، کمیشن، محنتانہ۔

ج .... ف

جَفْرَة و جَفْرٌ: خفیہ رسم الخط، خفیہ رسم الخط میں لکھنا۔
جَفَّ ـِ جَفّاً و جَفَافاً: خشک ہونا۔
تَجْفِیْف: خشک کرنا، سکھانا۔
جَفَاف: خشکی، روکھاپن، بے مروّتی، خشک مزاجی، سوکھا، قحط۔
جاف: خشک، روکھا، خشک مزاج، بے مروت
الجفاف والمجاعة: خشک سالی، فاقہ کشی
جَفَلَ ـُ جُفُوْلاً: گھوڑے وغیرہ کا بدکنا، شرارت کرنا۔
تَجْفِیْل و إِجْفَال: بدکانا، بھگانا۔
جَفْوٌ و جَفَاءَة: (ن) بے رُخی، نا اتفاقی، سنگ دلی، بے دردی، سختی، کشیدگی، بُعد۔
جَافٍ: بے رحم، سنگدل، بے درد، سخت مزاج، کرخت۔
الأُمُّ الجَافِیَةُ: دماغ کی مضبوط بیرونی جھلی۔
جَفِیَّة: آلۂ مدافعت، روک جو تصادم سے بچاؤ کے لئے لگائی جائے۔
جَافِی الطَّبِیْعَة: روکھا، خشک مزاج۔
مُجَافَاةُ الحَقِیْقَة: حقیقت کا انکار۔

ج .... ل

جَلَبَ: (ن،ض) (۱) لانا، حاصل کرنا (۲) شور کرنا (۳) کسب معاش کرنا (۴) کھینچنا (۵) جاذب نظر ہونا (۶) خون منجمد ہونا (۷) زخم اچھا ہونا۔
جَلَبَ الإِنْتِبَاه الی کذا: توجہ مبذول کرانا۔
جَلَبَ البَضَائع من الخارج: باہر سے مال منگانا۔
جَلَبَ علیه جَلْباً: سبب بننا۔
جَلْبٌ و اِسْتِجْلاب: باہر سے مال منگانا، امپورٹ (IMPORT) کرنا۔
جَلَبٌ و جَلَبَة: شور غل۔
جُلْبَة: زخم کا بکل، کھر نڈ۔
جِلْبَة: (عزقة) واشر، (سوراخ دار یا چپٹا چھلا جو ڈھبری وغیرہ کے ساتھ مضبوطی کے لئے لگا دیتے ہیں۔
جِلْبَاب: لمبا کرتا ج: جَلابِیْب۔
جَلَّاب و جَالِب: تاجر، امپورٹر، باہر سے مال منگانے والا۔
مَجْلَبَة: سبب، ذریعہ ج: مَجَالِب۔
جَلْجَلَة: گرجدار آواز ہونا۔
جُلْجُل: گھونگرو ج: جَلاجِل۔
جَلْجَلَة: گونج، گرج۔
جُلْجُلان: تل، ہرا دھنیا۔
مُجَلْجِل: گونجدار، جھنکار دار آواز والا۔
جَلِحَ الرَّجُلُ ـَ جَلَحاً: سر کے بال اڑ جانا۔
أَجْلَح إِجْلاحاً: گنجے سر والا ہونا۔
جَلَخَ: (ف) استرے وغیرہ کو پتھر یا چمڑے پر تیز کرنا۔
جَلْخ: استرے وغیرہ تیز کرنے کی پتھری، سان۔

جَلُدَ ـُ جَلَادَة و جُلُوْدَة: مضبوط و طاقتور ہونا۔
جَلَدَ ـِ جَلْداً: کوڑا مارنا۔
جَلِدَ ـَ جَلَداً و أجْلَدَ: سردی کی وجہ سے منجمد ہونا۔
جَلَّدَ تَجْلِيْداً: (۱) برودت کے ذریعہ جمانا (۲) جلد بنانا۔
جَلَّدَ الكِتَابَ تَجْلِيْداً: کتاب کی جلد بنانا۔
مُجَلِّدُ الكُتُبِ: بک بائنڈر، جلد ساز۔
تَجَلَّدَ: ہمت سے کام لینا، سختی برداشت کرنا، ہمت کرنا۔
جَلَدٌ: قوت، برداشت، تحمل، طاقت، ہمت، دلیری۔
جَلْدٌ: باہمت ج: اجلاد و جِلَادٌ۔
جِلْدٌ ج: جُلُوْد: چمڑا، کھال۔
جِلْدَة: چمڑے کا ٹکڑا، پٹی۔
جَلْدٌ و جَلِيْدٌ: باہمت، متحمل، طاقتور۔
جَلْدَة: کوڑا، کوڑے کی ایک ضرب۔
جَلَّاد: (۱) جلاد، پھانسی دینے والا (۲) تاجرِ چرم۔
جَلِيْد: برف، منجمد پانی۔
جَلَسَ ـِ جُلُوْساً: بیٹھنا۔
جَلَسَ عَلَى العَرْشِ: تخت نشین ہونا۔
أجْلَسَهُ عَلَى العَرْشِ إجْلَاساً: تخت پر بٹھانا۔
جَلْسَة: نشست (۲) نشست گاہ، میٹنگ۔
جَلْسَةٌ خَاصَّة: پرائیویٹ میٹنگ۔
الجَلْسَةُ الخِتَامِيَّةُ: اختتامی میٹنگ، اختتامی جلسہ۔

جَلْسَةٌ رَسْمِيَّة او قَضَائِيَّة: سیشن۔
جَلْسَةٌ عَاجِلَة: ہنگامی میٹنگ۔
جَلْسَةٌ عَلَنِيَّة: جلسہ عام، عمومی اجلاس۔
الجَلْسَةُ المَشْحُوْنَةُ ضِدَّ أحَدٍ: دھماکہ خیز اجلاس۔
جَلْسَةٌ مُغْلَقَة: بند میٹنگ۔
جَلْسَةُ المَحْكَمَة: اجلاسِ عدالت۔
جَلْسَةٌ مُؤَجَّلَة: ملتوی شدہ میٹنگ یا اجلاس۔
مَجْلِسٌ: نشست، نشست گاہ، سیٹ، عدالت، ٹریبونل، کچہری، اسمبلی، کمیٹی، کونسل، بورڈ، کمرہ، چیمبر، مجلس، انجمن، محفل خانہ ج: مَجَالِسُ۔
مَجْلِسُ الإدَارَة: مجلس انتظامیہ کورٹ بورڈ آف ڈائرکٹرس۔
مَجْلِسُ الأعْيَان: (انگلستان کا) دارالامرا، ہاؤس آف لارڈس۔
مَجْلِسٌ إقْلِيْمِيٌّ: صوبائی کونسل، صوبائی اسمبلی، علاقائی کونسل۔
مَجْلِسُ الأمَّة: قومی اسمبلی۔
مَجْلِسٌ بَلَدِيٌّ: میونسپل کمیٹی۔
مَجْلِسٌ تَشْرِيْعِيٌّ: قانون ساز اسمبلی، آئین ساز اسمبلی، مجلس مقننہ، لیجسلیٹو کونسل۔
مَجْلِسٌ تَنْفِيْذِيٌّ: ورکنگ کمیٹی، مجلس عاملہ، گورننگ باڈی، مجلسِ منتظمہ۔
المَجْلِسُ التَّنْفِيْذِيُّ لِلإتِّحَاد: وفاقی مجلسِ منتظمہ۔
مَجْلِسُ الثَّوْرَة: انقلابی کونسل۔
مَجْلِسُ الحُقُوْق: سِول کورٹ۔

مَجْلِسُ الخِزَانَة: ٹریزری بورڈ۔
مَجْلِسُ الدَّائِنِين: قرض خواہوں کا بورڈ۔
مَجْلِسُ الدِّفَاعِ العَرَبِيّ: عرب دفاعی کونسل۔
مَجْلِسُ الدَّوْلَة: کونسل آف اسٹیٹ، ریاستی کونسل۔
المَجْلِسُ الدُّوَلِيُّ الإِسْتِشَارِيُّ: بین الاقوامی شورائی کونسل۔
مَجْلِسُ الرِّئَاسَة: صدارتی کونسل۔
مَجْلِسُ السُّلْطَان: دیوانِ سلطانی۔
مَجْلِسُ السِّيَادَة: فرماں روا مجلس۔
مَجْلِسُ الشَّعْب: عوامی اسمبلی، قومی اسمبلی۔
مَجْلِسٌ شَعْبِيٌّ: قومی کونسل، عوامی کونسل۔
مَجْلِسُ شُورىٰ: مشاورتی مجلس۔
مَجْلِسٌ إِسْتِشَارِيٌّ: مجلسِ مشورہ، مجلسِ شوریٰ۔
المَجْلِسُ الإِسْتِشَارِيُّ لِلْحَاكِم: کیبنٹ CABINET۔
المَجْلِسُ الإِسْتِشَارِيُّ الإِسْلَامِيُّ لِعُمُومِ الهِنْد: آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت۔
مَجْلِسٌ أَعْلىٰ: اپر ہاؤس۔
المَجْلِسُ الأَعْلىٰ لِلبَرْلَمَان: اپر ہاؤس، راجیہ سبھا۔
المَجْلِسُ الأَعْلىٰ لِلقُوَّات: فوجوں کی سپریم کونسل۔

مَجْلِسُ الأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کی اسمبلی۔
مَجْلِسُ الأَمْن: سیکورٹی کونسل، سلامتی کونسل۔
مَجْلِسُ الأَمْنِ القَوْمِيّ: نیشنل امن کونسل۔
مَجْلِسُ الإِنْتَاج: پیداواری بورڈ۔
مَجْلِسٌ بَلَدِيّ: میونسپل کمیٹی، میونسپلٹی، کارپوریشن۔
مَجْلِسٌ تَأْدِيبِيٌّ: تادیبی مجلس۔
المَجْلِسُ التَّأْسِيسِيُّ: تاسیسی کمیٹی۔
مَجْلِسُ التَّحْقِيق: بورڈ آف انکوائری، تحقیقاتی بورڈ۔
مَجْلِسُ التَّحْقِيقِ العَسْكَرِيّ: کورٹ آف انکوائری۔
مَجْلِسُ تَسْوِيَةِ مُنَازَعَات: تصفیۂ نزاعات بورڈ۔
مَجْلِسُ تَسْوِيق: مارکیٹ بورڈ۔
المَجْلِسُ التَّعْلِيمِيُّ و الدِّينِيُّ: دینی تعلیمی بورڈ۔
مَجْلِسُ التَّنْسِيق: تنظیمی کونسل۔
مَجْلِسُ الشُّئُونِ الصِّحِّيَّة: بورڈ آف ہیلتھ۔
مَجْلِسُ الشُّيُوخ: امریکی سینٹ، راجیہ سبھا، ایوان بالا۔
مَجْلِسٌ عَسْكَرِيٌّ: فوجی عدالت، کورٹ مارشل۔
مَجْلِسُ العُمُوم: (برطانوی) دارالعوام، (برطانوی) پارلیمنٹ۔

مَجلِسُ الفَاتِحَةِ عَلَى رُوحِ اَحَد: مجلسِ فاتحہ خوانی۔

مَجلِسُ قِيَادَةِ الثَّورَة: انقلابی رہنما کونسل۔

مَجلِسُ اللُّورْدَات: (برطانوی) دارالامرا۔

مَجلِسُ مُحَكِّمِين: مجلس فیصلہ کنندگان، عدالتی کونسل۔

مَجلِسٌ مَحَلِّيٌّ: علاقائی کونسل۔

مَجلِسُ المُدِيرِيَّة: ڈسٹرکٹ بورڈ۔

مَجلِسُ مُرَاقَبَة: نگراں بورڈ۔

مَجلِسُ المُمتَحِنِينَ: بورڈ آف ایگزامنرس، مجلس ممتحنین۔

مَجلِسُ المُوَظَّفِينَ: اسٹاف کونسل۔

مَجلِسُ النُّوَّاب: پارلیمنٹ، مجلس نمائندگان۔

مَجلِسٌ نِيَابِيٌّ: پارلیمنٹ۔

مَجلِسُ الوِرَاثَة: قائم مقام کونسل۔

المَجلِسُ الوِزَارِيُّ: کیبنٹ، وزارت۔

مَجلِسُ وِصَايَة: حفاظتی کونسل۔

مَجَالِسُ إِدَارِيَّة: انتظامی مجالس یا بورڈس۔

مَجَالِسُ التَّوفِيق: مصالحتی کمیٹیاں۔

تَجَلَّطَ الدَّمُ: خون بستہ ہونا۔

جُلطَة: بستہ خون۔

جَلَعَ ـَ جُلُوعاً: بیہودہ و بے ادب ہونا۔

جُلفٌ: (جُحفَة) گولف، ایک قسم کا کھیل (مع)۔

جَلَّلَ تَجلِيلاً: (١) تعظیم کرنا (٢) بڑا بنا دینا (٣) ڈھانکنا۔

جَلَّلَ عن: منزہ قرار دینا۔

جَلَّ ـِ جَلَالَةً: عظیم المرتبہ ہونا، بڑا ہونا۔

جَلَالَة: عظمت۔

صَاحِبُ الجَلَالَة: ہز مجسٹی، بادشاہ کا اعزازی لقب۔

مَجَلَّة ج: مَجَلَّات: میگزین، ماہنامہ، رسالہ۔

مَجَلَّةٌ أُسبُوعِيَّة: ہفتہ وار رسالہ۔

مَجَلَّةٌ شَهرِيَّة: ماہنامہ۔

مَجَلَّةٌ نِصفُ شَهرِيَّة: پندرہ روزہ پرچہ۔

جَلَمَ: (ض) اون کترنا، کاٹنا۔

جَلَم. اون کاٹنے کی قینچی۔

جَلمَد، جُلمُود: چٹان۔

جُلنَار. (مع) گلِ انار۔

جَلَا ـُ جَلوًا: (١) پالش کرنا (٢) واضح کرنا۔

جَلَاهُ عن: نکالنا، بے دخل کرنا، روانہ کرنا، جلاوطن کرنا، دور کرنا۔

تَجلِيَة: اُجاگر کرنا۔

الاِجلَاء: دیس نکالا، انخلا کرنا۔

إِنجِلَاء: (١) روشن و واضح ہونا، چمکنا، (٢) انخلاء (٣) زائل ہونا۔

إِنجِلَاء عن: نتیجہ ہونا، نتیجہ برآمد ہونا۔

إِستِجلَاء: تحقیق کرنا، تفتیش کرنا۔

جَلَاء: (١) وضاحت، انکشاف (٢) انخلا، روانگی (٣) پالش۔

جَلَاءُ القُوَّات عن المِنطَقَة: علاقہ سے

فوجوں کو ہٹانا۔
جَالِيَة: کالونی، کسی ملک میں رہائش پذیر غیر ملکی جماعت ج: جَالِيَات۔
جَالِيَةٌ أَجْنَبِيَّةٌ: غیر ملکی برادری، غیر ملکی طبقہ۔
جَلُوكُوز: (معرب) گلوکوز۔

ج .... م

جُمْجُمَة ج: جَمَاجِم: کھوپڑی۔
جَمَحَ الحِصَانُ ـَ جُمُوحاً و جِمَاحاً و جَمَاحاً: گھوڑے کا شرارت کرنا، ہٹ کرنا، بدکنا، سرکشی کرنا۔
جَمَحَ الرَّجُلُ: سرکش ہونا، خودسر ہونا، بے لگام ہونا۔
جِمَاح: سرکشی، خودسری، خواہش نفس۔
كَبَحَ جِمَاحَه: خواہش نفس پر قابو پانا، سرکشی کو ختم کرنا، ہٹ دور کرنا۔
جُمَّاح: پرواز گیند۔
جَامِحٌ و جَمُوحٌ: سرکش، بے مہار، بے لگام، ہٹی، من چلا۔
جَمَّدَ تَجْمِيداً: جمانا، گاڑھا کرنا، خشک کرنا۔
تَجْمِيد: پابند کرنا، روکنا، منجمد کرنا۔
تَجْمِيدُ الأُجُور: اجرتوں کو منجمد کرنا، تنخواہیں روکنا۔
تَجْمِيدُ الأَرْصِدَة: سرمایہ منجمد کرنا۔
تَجْمِيدُ الاِسْتِيرَاد: درآمد روکنا۔
تَجْمِيدُ الأَسْعَار: نرخوں میں ٹھہراؤ پیدا کرنا۔
تَجْمِيدُ أَسْعَارِ النِّفْط: پیٹرول کی قیمتوں میں ٹھہراؤ پیدا کرنا۔
تَجْمِيدُ العَلاقَات: تعلقات کو منجمد کرنا، ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ العَلاقَاتِ الدِّبْلُومَاسِيَّة: سفارتی تعلقات ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ القُرُوض للبُنُوك: قرضوں کی ادائیگی روکنا۔
تَجْمِيدُ القَضِيَّة: مسئلہ کو سردخانے میں ڈالنا۔
تَجْمِيدُ المُشْكِلاَت: مشکلات ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ المَوْقِف: کردار کو روکنا۔
تَجْمِيدُ النَّشَاط: سرگرمی روکنا، بند کر دینا۔
تَجَمُّدُ العَلاَقَات: تعلقات میں جمود پیدا ہونا۔
مُتَجَمِّد: منجمد۔
المُجَمِّد: فریزر (FREEZER)۔
جَمَدَ ـُ جُمُوداً و جَمْداً: جم جانا، خشک ہونا۔
جَمَدَتْ يَدُهُ: بخیل ہونا۔
جَمْد: برف، مصنوعی یا آسمانی برف۔
جَمَاد: بے جان، بے حس چیز۔
جَامِد: سخت (نرم کی ضد) منجمد (رقیق کی ضد) ٹھوس، بے حس وحرکت۔
جُمُود: بے حسی، کاہلی، تعطل۔
جَمْر و: جَمْرَةٌ: دہکتی ہوئی آگ، انگارہ۔
جَمَّرَ ـُ جَمْراً: آگ جلانا۔
مِجْمَرَة ج: مَجَامِر و مَجَامِير: انگیٹھی، آتش دان۔

مِجْمَرَةُ الْبَخُوْر: عوددان، بخوردان۔

جُمْرُک ج: جَمَارِک: (مع) چنگی خانہ، کسٹم ہاؤس (۲) کسٹم۔

جَمَارِکُ علی الصَّادِرَات وَ الْوَارِدَات: درآمدات و برآمدات پر کسٹم۔

جُمْرُکِیّ: کسٹم سے متعلق۔

جُمْرُکِیَّة: کسٹم ہاؤس۔

رُسُوْمٌ جُمْرُکِیَّة: کسٹم ڈیوٹی، چنگی محصول۔

(جمس) جَامُوْس ج: جَوَامِیْس: بھینس۔

جَمَشَ رَأسَهٗ ـُ جَمْشًا: سر مونڈنا۔

جَمَّشَهٗ تَجْمِیْشًا: گدگدی کرنا، گدگدانا۔

جَمِیْش: بال صفا، بال اڑانے کی دوا۔

جَمَعَ ـَ جَمْعًا: سمیٹنا، اکٹھا کرنا، ملانا، ایک کرنا، عام کرنا۔

جَمَعَ الْأَرْقَامَ: حساب جوڑنا، حساب لگانا۔

___ الْکِتَابَ: تالیف کرنا۔

___ الْجَمْعِیَّةَ: میٹنگ بلانا۔

___ الْحُرُوْفَ: کمپوز کرنا۔

جَمْع: کمپوزنگ، ٹوٹل۔

جَمْعُ الْإِحْصَاءَات: اعداد و شمار جمع کرنا۔

جَمْعُ بَیَانَات: معلومات یا تفصیلات جمع کرنا۔

جَمْعُ ثَرْوَة: دولت کا انبار لگانا۔

جَمْعٌ حَاشِدٌ: جم غفیر۔

جَمَعَ الْحَقَائِبَ لِلْمُغَادَرَة: رخت سفر باندھنا۔

جَمْعُ الْخُیُوْط: تار ملانا۔

جَمْعُ الشَّمْل: شیرازہ بندی۔

جَمْعُ الْقُوَّات: فوجوں کا اجتماع، فوجوں کو اکٹھا کرنا۔

جَمْعُ الْمَجْلِس: کونسل کا اجلاس بلانا۔

جَمْعُ الْوَثَائِق: دستاویزات فراہم کرنا۔

أَجْمَعُوْا عَلَی ..... إِجْمَاعًا: متفقہ فیصلہ کرنا۔

إِجْمَاعُ الْآرَاء: اتفاق رائے۔

بِالْإِجْمَاع: بالاتفاق۔

بِإِجْمَاعِ الْأَصْوَات: باتفاقِ آراء۔

إِجْتَمَعَ إِلَی فُلَان: ملاقات کرنا، ملنا۔

إِجْتَمَعَ بِهٖ: ملاقات کرنا، ملنا۔

إِجْتَمَعَ مَعَ فُلَان: ملاقات کرنا، ملنا۔

إِسْتِجْمَاعُ الْقُوَّة: طاقت یکجا کرنا۔

جَمْعِیَّة: ایسوسی ایشن، کمیٹی، تنظیم، انجمن، کونسل، کونشن، کارپوریشن، محفل خانہ، سوسائٹی، اسمبلی ج: جَمْعِیَّات۔

جَمْعِیَّةُ الْبِنَاءِ التَّعَاوُنِیَّة: بلڈنگ کوآپریٹو سوسائٹی۔

جَمْعِیَّةٌ تَأسِیْسِیَّة: کانسٹی ٹیوشن اسمبلی مجلس وضع قوانین، وہ جماعت یا حکومت جسے آئین ملکی میں رد و بدل کا اختیار ہو۔

جَمْعِیَّةُ تِجَارَةِ الْجُمْلَة: ہول سیل سوسائٹی۔

جَمْعِیَّةٌ تَسْوِیْقِیَّة: مارکٹنگ ایسوسی ایشن۔

جَمْعِیَّةٌ تَشْرِیْعِیَّة: اسمبلی، قانون ساز اسمبلی۔

جَمْعِیَّةُ التَّعَاوُنِ الزِّرَاعِیَّة: زرعی کوآپریٹو سوسائٹی۔

الْجَمْعِیَّةُ التَّعَاوُنِیَّة: انجمن امداد باہمی کوآپریٹو سوسائٹی۔

الْجَمْعِیَّةُ النِّسَائِیَّةُ الْخَیْرِیَّة: خواتین کی فلاحی انجمن۔

جَمْعِيَّةٌ تَعَاوُنِيَّةٌ إسْتِهْلَاكِيَّةٌ: امداد باہمی انجمن صارفین۔
جَمْعِيَّةٌ خَيْرِيَّةٌ: ویلفیئر سوسائٹی، فلاحی انجمن۔
جَمْعِيَّةُ الرَّخَاء: ویلفیئر سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ رَفَاهِيَّةٌ: ویلفیئر سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ لِلْبِنَاء: بلڈنگ سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةُ الْمُحَامِين: انجمن وکلاء۔
جَمْعِيَّةٌ مَدَنِيَّةٌ: سول سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ عَامَّةٌ: جنرل اسمبلی۔
جَمْعِيَّةٌ عُمُومِيَّةٌ: جنرل اسمبلی۔
جَمْعِيَّةٌ وَطَنِيَّةٌ: قومی اسمبلی نیشنل اسمبلی۔
جَمْعِيَّاتُ التَّسْلِيف التَّعَاوُنِيَّة: قرضہ کوآپریٹو سوسائٹی۔
جَمْعِيَّاتُ الإنْتَاج التَّعَاوُنِيَّةُ: کوآپریٹو پیداواری سوسائٹی۔
جَمَاعَةٌ: گروپ۔
جَمَاعَةٌ فِدَائِيَّةٌ: جانباز جماعت، رضا کارانہ جماعت۔
جَمَاعَةُ الْمُحَامِين: بار ایٹ لا، انجمن وکلاء۔
جَمَاعِيٌّ: مشترک، اجتماعی، جماعتی۔
جَمَاعَةُ الْكَهْرَبَاء: خزانہ بجلی جس میں برقی قوت جمع کی جائے۔
جُمُوعَات: گروپ۔
الْجُمُوعَاتُ الْفِدَائِيَّةُ: جانباز گروپ۔
التَّجَمُّع: اتحاد، اجتماعیت، آبادی۔
تَجَمُّعُ الْقُوَّات: فوجوں کا اجتماع۔
التَّجَمُّعُ لِعَمَلٍ: ریلی کرنا۔
التَّجَمُّعُ الْوَطَنِيُّ: قومی اتحاد۔
تَجَمُّعَات: اجتماعات۔
التَّجَمُّعَاتُ الْبَشَرِيَّةُ: انسانی آبادیاں۔
تَجَمُّعَاتٌ جَمَاهِيرِيَّةٌ: عوامی اجتماعات۔
التَّجَمُّعَاتُ السُّكَّانِيَّةُ: شہری آبادیاں۔
التَّجَمُّعَاتُ الْعُمَّالِيَّةُ: مزدوروں کی آبادیاں۔
التَّجَمُّعَاتُ الْمَدَنِيَّة: شہری ٹھکانے، آبادیاں۔
الْمُتَجَمِّعُ مِنَ الإجَازَات: جمع شدہ رخصتیں۔
تَجْمِيع: فٹنگ، جڑائی۔
جَامِع ج: جَوَامِع: (۱) بڑی مسجد (۲) وصول کنندہ (۳) وسیع، محیط۔
جَامِعُ الْكِتَاب: مرتب، مؤلف۔
جَامِعُ الْحُرُوف: کمپوزیٹر۔
الْجَامِعُ: کلکٹر۔
جَامِعَة ج: جَامِعَات: (۱) یونیورسٹی (۲) لیگ، متحدہ جماعت۔
جَامِعَةُ الأُمَم: انجمن اقوام مختلف۔
جَامِعَةُ دُوَلٍ: کامن ویلتھ۔
الْجَامِعَةُ الْعَرَبِيَّةُ: عرب لیگ۔
جَامِعِيّ: یونیورسٹی کا، یونیورسٹی پیمانہ کا۔
إجْتِمَاع ج: إجْتِمَاعَات: ملاقات، اجلاس، میٹنگ، جلسہ، کونشن۔
إجْتِمَاعٌ إسْتِثْنَائِيٌّ: خصوصی اجلاس، ہنگامی اجلاس۔
إجْتِمَاعُ الأنْهُر: سنگم، دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔
إجْتِمَاعُ الْجَمْعِيَّة: اسمبلی کا اجلاس۔

إِجْتِمَاعٌ حَاشِدٌ: زبردست اجتماع۔
إِجْتِمَاعٌ سِرِّيٌ: خفیہ اجلاس۔
إِجْتِمَاعُ الطُّرُقِ: چوراہا، دوراستوں کے ایک دوسرے کو قطع کرنے کی جگہ۔
إِجْتِمَاعٌ مُغْلَقٌ: بند اجلاس۔
إِجْتِمَاعٌ مُوَسَّعٌ: بڑا اجتماع۔
عِلْمُ الإِجْتِمَاعِ: عمرانیات، علم معاشرت۔
إِجْتِمَاعِياً: اجتماعی طور پر۔
إِجْتِمَاعِيٌّ: معاشرتی، عمرانی، سوشل، اجتماعی، سماجی۔
الشُّؤُوْنُ الإِجْتِمَاعِيَّةُ: معاشرتی معاملات۔
المُسَاوَاةُ الإِجْتِمَاعِيَّةُ: معاشرتی برابری، سماجی مساوات۔
النِّظَامُ الإِجْتِمَاعِيُّ: معاشرتی نظام، اصول معاشرت۔
الهَيْئَةُ الإِجْتِمَاعِيَّةُ: انسانی سوسائٹی۔
مُجْتَمَعٌ ج: مُجْتَمَعَاتٌ: سوسائٹی، سماج، معاشرہ، میٹنگ، جلسہ گاہ، [illegible]۔
مُجْتَمَعٌ إِشْتِرَاكِيٌّ: سوشلسٹ سوسائٹی۔
اَلْمُجْتَمَعُ الدُّوَلِيُّ: بین الاقوامی معاشرہ، برادری۔
مُجْتَمَعٌ دِيْمُقْرَاطِيٌّ: ڈیموکریٹک سوسائٹی۔
مُجْتَمَعُ الرَّخَاءِ: خوشحال معاشرہ۔
المُجْتَمَعُ العَالَمِيُّ: عالمی برادری۔
مُجْتَمَعٌ مُنْحَلٌّ: گراہوا معاشرہ، زوال پذیر معاشرہ، زوال یافتہ معاشرہ۔
مُجْتَمَعٌ يَنْعَمُ بِرَخَاءٍ او بِرَفَاهِيَةٍ: خوشحال معاشرہ۔
مَجْمَعٌ ج: مَجْمَعَاتٌ: کنونشن، مجلس۔
مَجْمَعٌ ج: مَجَامِعُ: اکیڈمی، کونسل، انسٹی ٹیوٹ، تحقیقی ادارہ۔
مَجْمَعٌ عِلْمِيٌّ: اکیڈمی، لٹریری ادارہ۔
مَجْمَعُ البُحُوْثِ الإِسْلَامِيَّةِ: مجلس تحقیقات اسلام۔
مَجْمَعُ اللُّغَةِ العَرَبِيَّةِ: عربی زبان کی اکیڈمی۔
مَجْمَعِيٌّ: اکیڈمی کا یا اس سے متعلق۔
مُجَمِّعٌ: داعی، جلسہ بلانے والا، کنوینر۔
مُجَمِّعُ الحُرُوْفِ: کمپوزیٹر۔
مَجْمُوْعٌ: ٹوٹل، میزان، کل، حاصل۔
مَجْمُوْعُ خَرَائِطَ جُغْرَافِيَّةٍ: اٹلس۔
مَجْمُوْعٌ فَرْعِيٌّ: ذیلی میزان، سب (SUB) ٹوٹل۔
المَجْمُوْعُ الكُلِّيُّ: میزان کل، کل میزان۔
مَجْمُوْعَةٌ: ٹیم، بلاک، پینل، گروپ، سیٹ (SET)۔
مَجْمُوْعَةُ أَوْرَاقٍ: فائل۔
مَجْمُوْعَةُ الحُرُوْفِ (في الآلة الكاتبة): کی بورڈ۔
مَجْمُوْعَةُ الدُّوَلِ غَيْرِ المُنْحَازَةِ: غیر جانبدارانہ ممالک کا گروپ۔
مَجْمُوْعَةٌ صَغِيْرَةٌ: پیکٹ۔
مَجْمُوْعَةٌ كَامِلَةٌ: فل سیٹ، مکمل

سیٹ۔
مَجْمُوعَةُ مَنَازِل: کمپاؤنڈ۔
مَجْمُوعَةٌ مِنَ الرَّسَائِل: پیکٹ۔
جَمْكِيَّة: (مع) تنخواہیں، الاؤنس۔
جُمْلَة: پیراگراف، ٹوٹل، کل، تھوک، سب رقم، مقدار۔
جُمْلَةٌ تَامَّة: پیریڈ، فقرہ یا مکمل بات۔
جُمْلَةٌ: سب کا سب۔
بِجُمْلَتِهِ: سب کا سب، کل۔
بِالْجُمْلَة: خلاصہ یہ کہ (۲) تھوک، ہول سیل (۳) ایک دفعہ، اکٹھا۔
تَاجِرُ الْجُمْلَة: تھوک فروش، ہول سیلر۔
جَمَالٌ: حسن۔
جَمَّال: شتربان، اونٹ والا۔
جَمِيل: حسین (۲) حسن سلوک (۳) احسان (۴) عمدہ، خوب۔
مَعْرِفَةُ الْجَمِيل: احسان شناسی۔
نُكْرَانُ الْجَمِيل: احسان فراموش۔
نَاكِرُ الْجَمِيل: احسان فراموشی۔
إِجْمَال: خلاصہ، کل، اجمال۔
إِجْمَالاً: مختصر طور پر، خلاصہ کے طور پر۔
إِجْمَالِيُّ النَّاتِج: کل پیداوار۔
بِوَجْهِ الإِجْمَال: عمومی طور پر۔
مُجْمَل: خلاصہ، مختصر۔
مُجْمَلُ الْخَسَارَة: کل نقصان، نقصان کا ٹوٹل۔
مُجْمَلاً: اجمالی طور سے۔
مُجَامَلَة: مزاج داری، رکھ رکھاؤ، تواضع، انکساری، خوش خلقی۔
الْمُجَامَلَةُ بَيْنَ الشُّعُوب: قوموں کا باہمی رکھ رکھاؤ۔
مُجَامَلَةٌ دِبْلُومَاسِيَّة: سفارتی رکھ رکھاؤ، سفارتی رعایت۔
جَمَلَكَة: (مع) لاکر، سنہری روغن جو چپڑا لاکھ حل کر کے تیار کیا اور پیتل وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔
جَمَلُون، جَمَل: (معرب) (۱) دورخی ڈھلوان چھت کا بالائی تکونا حصہ، (۲) ڈھلوان دیوار جس کا بالائی حصہ تکونا ہو (۳) کھڑکی یا دروازے کا چھجا۔
جُمَان و: جُمَانَة: (۱) موتی (۲) دونوں کی کیل۔
جَمْهَرَة: جمع کرنا۔
تَجَمْهُر: جمع ہونا۔
جُمْهُور ج: جَمَاهِير: پبلک، عوام، ہجوم، مجمع۔
جُمْهُورُ النَّاخِبِين: انتخاب کرنے والوں یا رائے دہندوں کی جماعت۔
الْجُمْهُورِيَّةُ الْبَرْلَمَانِيَّة: پارلیمنٹری جمہوریت۔
الْجَمَاهِير: عوام۔
الْجَمَاهِيرُ الْعُمَّالِيَّة: مزدور عوام۔
الْجَمَاهِيرُ الْغَاضِبَة: مشتعل ہجوم، مشتعل عوام۔
جُمْهُورِيَّة: ری پبلک۔
الْجُمْهُورِيَّةُ الرِّئَاسِيَّة: صدارتی جمہوریت۔

ج .... ن

جَنَبَ ـُ جَنْباً و جَنَّبَ: بچانا، علیحدہ رکھنا۔
اِجْتِنَاب: دور رہنا، بچنا۔

تَجَانُب: پہلو تہی کرنا، گریز کرنا۔
تَجَنُّب: ایک طرف ہونا، پہلو تہی کرنا۔
تَجَنُّبُ الْبِلَادِ دَمَاراً: ملک کا بربادی سے بچنا۔
تَجَنُّبُ الصِّدَامِ مَعَ أَحَدٍ: ٹکراؤ سے بچنا، اِصطدام سے بچنا۔
تَجَنُّبُ الْمَخَاطِرِ: خطرات سے بچنا۔
تَجَنُّبُ الْمَشَاكِلِ: مشکلات سے بچنا۔
تَجَنُّباً لِخَوْضِ الْمَعَارِكِ: لڑائیوں سے بچنے کے لئے۔
جُنَبَة: دوسروں سے بچنے والا، بہت پرہیز واحتیاط کرنے والا۔
جُنَاب، ذَاتُ الْجَنْبِ: ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں پانی پڑ جاتا ہے، ذات الجنب۔
جَنْبٌ ج: أَجْنَاب و جُنُوب: پہلو، جانب، جہت، کنارہ، آغوش۔
جَنْباً لِجَنْبٍ: پہلو بہ پہلو۔
عَلَى جَنْبٍ: ایک طرف، علیحدہ۔
جَنُوب: ساؤتھ، جنوب۔
جَنُوبُ أَفْرِيقِيَا: جنوبی افریقہ۔
جَنُوبُ شَرْقِ آسِيَا: جنوب مشرقی ایشیا۔
جَنُوباً: جانبِ جنوب۔
جَنُوبِيّ: جنوب کا، جنوبی۔
جَانِبٌ ج: جَوَانِبُ: پہلو، جسم کا داہنا یا بایاں حصہ، عمارت کا حصہ، رخ، طرف، کنارہ، مقدار، حیثیت، سائڈ۔
جَانِبٌ عَظِيمٌ: بڑی حیثیت، زبردست قدر ومنزلت۔

الْجَوَانِبُ النَّظَرِيَّةُ: نظریاتی پہلو۔
جَانَبَ الشَّيْءَ مُجَانَبَةً: گریز کرنا، پہلو تہی کرنا۔
الْجَانِبُ الْمُحَارِبُ: متحارب فریق۔
فِي هٰذَا الْجَانِبِ: ادھر
فِي ذٰلِكَ الْجَانِبِ: اُدھر، اُس پہلو پر۔
بِجَانِبِ شَيْءٍ: ساتھ ساتھ۔
رَقِيقُ الْجَانِبِ: نرم مزاج، رحم دل۔
عَظِيمُ الْجَانِبِ: بلند حیثیت، بلند مرتبہ۔
مُتَعَدِّدُ الْجَوَانِبِ: متعدد گوشوں والا۔
جَانِبِيّ: یک طرفی، بغلی، پہلودار، سائڈ کا۔
جَنَاب: تعظیمی لقب جو ضمیر کی طرف مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے۔
جَنَابُكُمْ: آنجناب، آپ، بڑوں سے خطاب کے لئے۔
جَنَابِيَة: کھاڑی جو راستہ کے دائیں بائیں ہوتی ہے۔
أَجْنَبِيّ ج: أَجَانِب: پردیسی، غیر ملکی، فارن کا، نامانوس۔
اِجْتِنَاب، تَجَنُّب، مُجَانَبَة: کنارہ کشی، پہلو تہی، گریز، احتراز (۲) دور رہنا، گریز کرنا۔
مُجَانِب: کنارہ کش، علیحدہ۔
مُجَنِّبَةُ الْجَيْشِ: فوج کا دایاں یا بایاں بازو۔
مُجَنِّبَتَا الْجَيْشِ: فوج کے دو بازو۔
جُنْبَاز: ورزشِ بدن کا ماہر، جمناسٹک کا ماہر (فارسی "جانباز" کا معرب)۔

جَنَحَ الطَّائِرَ ـ جَنْحاً: بازو کو زخمی کرنا۔
جَنَحَ الیہ ـ جُنُوحاً و أَجْنَحَ: مائل ہونا۔
جَنَحَتِ السَّفِینَۃُ: کشتی کا زمین سے لگ جانا۔
جُنُوحُ السَّفِینَۃِ: کشتی کا ڈانواڈول ہونا۔
جَنَّحَ الشيئَ تَجْنِیحاً: بازو لگانا۔
جَنَّحَ الرجُلَ: الزام لگانا، گناہ کی طرف نسبت کرنا۔
جَنَاحٌ: کسی بڑی عمارت کا حصہ، بازو، وارڈ، حصہ ج: أَجْنِحَۃ۔
جَنَاحُ الشَّبَاب: یوتھ ونگ، نوجوان طبقہ۔
جَنَاحٌ و جِنْحٌ: حفاظت، حمایت، پناہ۔
جِنْحٌ: جانب، طرف، کنارہ، حصہ۔
جِنْحٌ مِنَ اللَّیْل: رات کا ایک حصہ۔
تَحْتَ جِنْحِ الظَّلام: سخت اندھیرے میں۔
مُفَصَّلَۃٌ بِجَنَاحٍ: لمبا قبضہ جو کواڑ میں لگایا جاتا ہے۔
جُنَاحٌ: جرم، گناہ۔
جُنْحَۃٌ: مجرمانہ فعل، خفیف جرم۔
جَانِحٌ: پہلو، جانب، طرف، سائڈ۔
جَانِحٌ و جَانِحَۃٌ: پسلی ج: جَوَانِح۔
مُجَنَّحٌ: بازو دار۔
جَنَّدَ تَجْنِیداً: فوج بھرتی کرنا، فوج جمع کرنا۔
تَجَنَّدَ: بھرتی ہونا، سپاہی بننا۔
جُنْدٌ و جُنْدِيٌّ: فوجی سپاہی، فوج۔
جُنْدِيٌّ مُرْتَزِق: کرایہ کا سپاہی۔
جُنُود: افواج و: جُنْد۔
جُنُودُ الاحْتِلَال: قابض فوج۔

الجُنُودُ الأشَاوِسُ: خوددار سپاہی، بہادر سپاہی۔
الجُنُودُ المُسَلَّحَۃ: مسلح افواج۔
جُنُودُ المظَلَّات: چھاتہ بردار فوج۔
تَجْنِید: تیار کرنا، یکجا کرنا، سمیٹنا، جنگ کے لئے تیار کرنا، بھرتی کرنا۔
تَجْنِیدٌ إِجْبَارِيٌّ: لازمی بھرتی۔
تَجْنِیدٌ إِلزَامِيٌّ: لازمی بھرتی۔
تَجْنِیدُ العُمَّال و الصُّنَّاع: کارکنوں اور صنعت کاروں کو تیار کرنا، بھرتی کرنا۔
تَجْنِیدُ الکَفَاءَات: صلاحیتوں سے کام لینا۔
جَنَّزَ المَیِّتَ تَجْنِیزاً: مردہ پر نماز پڑھنا، مردہ کو تابوت میں رکھنا۔
جِنَازٌ: نماز جنازہ یا جنازہ کا جلوس۔
جَنَازَۃ: جنازہ، نعش۔
جَنَازَۃٌ هِنْدُوکِیَّۃ: ارتھی۔
جَنَّسَہ تَجْنِیساً: (۱) حقوق قومیت عطا کرنا، (۲) ملکی بنانا۔
جَانَسَہ مُجَانَسَۃً: ہم جنس ہونا، ہم قوم ہونا، ہم نشین ہونا، مشابہ ہونا۔
جِنْسٌ ج: أَجْنَاس: نوع، قسم، قوم۔
جِنْسِیَّۃ: قومیت، نیشنلٹی، حقوق ملکی۔
جِنَاس: لفظی مشابہت، صنعتِ لفظی کی ایک قسم۔
تَجَنَّسَ بِجِنْسِیَّۃٍ: قومیت اختیار کرنا۔
تَجَانُس: مشابہت، ہم قومیت، ہم جنس ہونا۔
مُتَجَانِس: ہم شکل، ایک نوع کا۔

جُنْقَاص، جُنْقَیْص: (معرب) کرچ۔
جَنَّنَ و أَجَنَّ إِجْنَاناً: دیوانہ بنانا، برہم کرنا، برہمی پیدا کرنا۔
جَنَّ ـــ جَنّاً و جُنُوناً و أَجَنَّ: چھپانا۔
جَنَّ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
جُنَّ ـــ جُنُوناً و تَجَنَّنَ: پاگل ہونا، دیوانہ بننا، آپے سے باہر ہونا۔
اِسْتَجَنَّ: پاگل سمجھنا، پوشیدہ کرنا۔
جُنَانٌ و جُنَانَةٌ و جُنَّةٌ ج: جُنَنٌ: ڈھال، زرہ۔
جَنَان ج: أَجْنَان: دل۔
جِنَّةٌ: مصدر بمعنی: دیوانگی، پاگل پن، آسیب کا اثر (بہ جِنَّةٌ) اسے جنون ہے یا اس پر آسیب کا اثر ہے۔
جُنُون: بے وقوفی، دیوانگی، جوش۔
جُنُونٌ فی أَمْرٍ وَاحِدٍ: کسی ایک کام کی لگن، دھن۔
جُنُونِیّ: دیوانہ وار۔
جُنَیْنَة ج: جُنَیْنَات: باغیچہ۔
جُنَیْنَةُ الحَیَوَانَات: چڑیا گھر۔
جَنَی ـــ جَنْیاً: پھل توڑنا، حاصل کرنا، خوشہ چینی کرنا، نتیجہ پانا۔
جَنَی ـــ جِنَایَةً: ارتکابِ جرم کرنا۔
تَجَنَّی علیه: اس پر الزام لگایا، اُسے مجرم گردانا۔
جِنَایَةٌ ج: جِنَایَاتٌ: ارتکابِ جرم، قصور، خطا، گناہ، بدعنوانی، مجرم، کرائم۔
جِنَایَةٌ عَظِیْمَةٌ: سنگین جرم۔
الجِنَایَةُ علی أَحَدٍ: کسی کو نقصان پہونچانا۔
جِنَایَةٌ کُبْرٰی: بھاری جرم۔
القَانُونُ الجِنَائِیّ: قانونِ تعزیرات، قانونِ سزا۔
جَانٍ ج: جُنَاة: مجرم، گنہگار، حاصل کنندہ۔
مَجْنِیٌّ عَلَیْه: مظلوم، نقصان رسیدہ، گرفتارِ مصیبت۔
جُنَیْه ج: جُنَیْهَات: (مع) گنی مساوی ۲۱ شلنگ، تقریباً بیس روپے، اشرفی، پونڈ، ڈالر۔
جُنَیْهٌ أَمْرِیکِیّ: ڈالر مساوی تقریباً ۱۲ روپے۔
جُنَیْهٌ إِسْتَرْلِینِیّ: اسٹرلنگ پونڈ۔
جُنَیْهٌ إِنْجِلِیزِیّ: انگلش پونڈ، مساوی تقریباً ۱۸ روپے۔
جُنَیْهٌ مِصْرِیّ: مصری پونڈ، مساوی تقریباً دس روپے۔

ج .... ہ

جَهَدَه ـــ جَهْداً و أَجْهَدَ: لاغر و کمزور بنا دینا، تھکا دینا۔
جَهَدَ فی الأمرِ ـــ جُهْداً و اجْتَهَدَ: کوشش کرنا، محنت کرنا، طاقت لگانا۔
مُجْهَد: تھکا ہوا۔
إِجْهَادٌ بَدَنِیّ: جسمانی مشقت۔
إِجْهَادٌ نَفْسِیّ: ذہنی تکلیف۔
جَهْدٌ و جُهْدٌ: محنت، مشقت، کوشش۔
ج: جُهُود۔
الجُهْدُ الذِّهْنِیّ: دماغی کوشش۔
الجُهْدُ المُکَثَّف: زبردست و انتھک کوشش۔
الجُهْدُ المُنَسَّق: منظم جدوجہد۔

الجُهُودُ الخَيرة: مبارک کوششیں۔
جُهُودٌ غَيرُ عادِيَة: غیر معمولی کوششیں۔
جُهُودٌ فَعّالَة: زبردست کوششیں۔
جُهُودٌ جبّارَة: غیر معمولی کوششیں۔
الجُهُودُ اليائِسَة: ناکام کوششیں، مایوسانہ کوششیں۔
مَجهُودٌ ج: مَجهُودات: طاقت، محنت، قوت، کوشش۔
مَجهُودٌ خارِقٌ: غیر معمولی کوشش۔
مَجهُودٌ فَردِيّ: شخصی کوشش۔
جُهدَ طاقَتِهِ: بقدر طاقت، بقدر امکان، مقدور بھر۔
جُهدٌ جَهِيدٌ و جاهِدٌ: زبردست کوشش، انتھک کوشش۔
جِهادٌ: لڑائی، جدوجہد۔
جِهادِيّ: جنگی، فوجی: جهادية: (وا) فوجی ملازمت ملٹری سروس
مُجاهِدٌ: فوجی سپاہی۔
مُجتَهِد: محنتی، جفاکش۔
جَهَرَ الأمرَ و به ـَ جَهرًا: ظاہر کرنا، اعلان کرنا۔
جَهَرَ الصَّوتَ و به: آواز بلند کرنا۔
مُجاهَرَة: اظہار۔
جاهَرَ بِالحَقِّ مُجاهَرَةً: اعلان حق کرنا۔
جَهُرَ الصَّوتُ ـُ جُهُورَةً و جَهارَةً: آواز بلند ہونا۔
جَهرِيّ: (۱) عام (۲) کھلا ہوا، ظاہر۔
جَهرِيًّا: اعلانیہ علی الاعلان۔
جَهُورِيّ: بلند آواز شخص۔
جَوهَر: (۱) قائم بالذات ہستی (۲) ماہیت (۳) ست، روح (۴) جزء ترکیبی (۵) اصول، بنیاد، مبدأ۔
جَوهَرُ أو لُبُّ المَسألَة: مسئلہ کا لب لباب، مسئلہ کا خلاصہ، نچوڑ۔
الجَوهَرُ الفَرد: ایٹم، ذرہ، جزء لا یتجزی، غیر منقسم چیز، وجود کی اکائی، اکائی۔
جَوهَرَة: قیمتی پتھر، ہیرا، نگ۔
جَوهَرِيّ: (۱) اصلی، بنیادی (۲) ضروری (۳) زیورات بیچنے والا، جیولر، زیورات کا تاجر۔
جَواهِر و: جَوهَر: زیورات۔
جَواهِرجِيّ: جوہری، زیورات فروخت کرنے والا، جیولر۔
مُجَوهَرات و: مُجَوهَرَة: زیورات۔
أجهَر: دن کا اندھا، جسے دن میں نظر نہ آئے۔
تَجَوهَر: تحلیل ہو جانا، ریزہ ریزہ ہو جانا، جوہر بن جانا۔
مِجهَرٌ، مِجهارٌ: بلند آواز، آواز رساں، بھونپو۔
مِجهارٌ ج: مَجاهِير: لاؤڈ اسپیکر، میکروفون، بھونپو (۲) بلند آواز آدمی۔
مِجهارٌ كَهرَبِيّ: میکروفون۔
مِجهَرٌ ج: مَجاهِرات: میکرسکوپ، خوردبین۔
مِجهَرٌ كَهرَبِيّ: الیکٹرک خوردبین جس

میں چھوٹی سے چھوٹی چیز بجلی کے کرنٹ کے ذریعہ ایک لاکھ گنا سے زیادہ نظر آتی ہے۔

اَلتَّشْرِيحُ الْمُجْهِرِيّ: خوردبینی تجزیہ۔

جَهَزَ ـ جَهْزاً و أَجْهَزَ علي الجَرِيح: مار ڈالنا۔

تَجْهِيز: تیار کرنا، زادِ راہ دینا، سامان سے لیس کرنا، ساز و سامان کرنا، سامان تیار کرنا، فٹنگ۔

تَجْهِيزُ الجَيْش بِمُخْتَلِفِ الاَسْلِحَة: فوج کو مختلف قسم کے ہتھیاروں سے لیس کرنا۔

تَجْهِيزُ الدِّفَاعِ عَن: دفاع کی تیاری کرنا۔

تَجْهِيزُ الرَّدِّ عَلی ......: جواب تیار کرنا۔

تَجْهِيزُ السِّلَاحِ إِلَی: ہتھیار سپلائی کرنا۔

تَجْهِيزٌ لِلانْتِخَابَات: الیکشن کی تیاری کرنا۔

اَلتَّجْهِيزُ النِّهَائِيّ: فنشنگ، تکمیل کار۔

تَجْهِيزَاتٌ ضَخْمَة: زبردست ساز و سامان، تیاریاں۔

تَجْهِيزَاتُ الهُجُوم: حملہ کی تیاریاں۔

تَجَهَّزَ: تیار ہونا۔

جِهَاز ج. أَجْهِزَة: سامانِ سفر (۲) جہیز جو دلہن کو دیا جاتا ہے (۳) مشین، نظام، سسٹم، نظام ترکیبی، ترکیب۔

أَجْهِزَةُ الاِعْلَام: پروپیگنڈہ مشینری، ذرائع ابلاغ۔

أَجْهِزَةُ الاَمْن: امن مشینری۔

الاَجْهِزَةُ التَّنْفِيذِيَّة: انتظامی ادارے۔

الاَجْهِزَةُ الرَّسْمِيَّة: سرکاری ادارے۔

أَجْهِزَةُ المُخَابَرَات: ذرائع سراغ رسانی، خفیہ معلومات کے ادارے۔

الجِهَازُ الاِدَارِيّ: انتظامی مشینری، انتظامی عمل۔

جِهَازُ إِرْسَال: ٹرانسمیٹر۔

الجِهَازُ الاِئْتِمَانِيّ: کریڈٹ سسٹم۔

جِهَازُ التَّدْرِيب: مشقی مشین، آلۂ مشق۔

جِهَازُ التَّدْفِئَة: ہیٹنگ آپریٹس، گرم کرنے کا آلہ۔

جِهَازُ التَّدْفِئَةِ الكَهْرَبَائِيَّة: ہیٹر، برقی ہیٹنگ مشین۔

جِهَازُ تَسْجِيلِ الصَّوْتِ عَلَى شَرِيط: ٹیپ ریکارڈر۔

جِهَازُ تَعْشِيقِ التُرُوس: موٹر وغیرہ کے انجن کا گیر (GEAR)۔

جِهَازُ التِّلْفُون: ٹیلیفون سیٹ۔

جِهَازٌ جَدِيد: نئی مشین، نیا سسٹم۔

الجِهَازُ الدَّاخِلِيّ: اندرونی مشین، اندرونی ڈھانچہ۔

جِهَازٌ صِحِّيّ: نظام تندرستی۔

جِهَازُ ضَغْطِ الدَّم: بلڈ پریشر دیکھنے کا آلہ۔

جِهَازُ العَدّ: کاؤنٹر۔

جِهَازُ قِيَاس: میٹر۔

جِهَازٌ لِلتَّدَاوِي: آلۂ علاج، مشین۔

جِهَازٌ لِلطَّبْخ: کوکر۔

جِهَازٌ مَرْئِيّ: ٹیلیویژن سیٹ۔
جِهَازُ الْمَعْلُومَات: معلوماتی ذرائع۔
جِهَازُ الْهَضْم: نظامِ ہضم۔
جَاهِزٌ و مُجَهَّز: تیار، آراستہ، لیس، ریڈی میڈ۔
مَلَابِسُ جَاهِزَة: تیار شدہ، (سلے ہوئے) کپڑے۔
تَجْهِيزِيّ: تیاری والا، اعدادی۔
مَدْرَسَةٌ تَجْهِيزِيَّة: تیاری کا اسکول، وہ اسکول جو لڑکوں کو کسی بڑے اسکول کے لئے تیار کرے۔
جَهَشَ ـَـ جَهْشاً و جَهَشَاناً و جُهُوشاً و أَجْهَشَ بِالْبُكَاء: رونے کے قریب ہونا، رونے کے لئے تیار ہوجانا، رونے کے آثار نمایاں ہونا۔
جَهْضٌ و جَهِيض: نامکمل بچہ، اسقاط شدہ۔
جَهَضَتِ الْمَرْأَةُ ـَـ جَهْضاً و أَجْهَضَتْ: عورت کا حمل ساقط ہوجانا۔
إِجْهَاض: ناکام بنانا، بے اثر بنانا۔
مُجْهِض: مسقطِ حمل، موجب اسقاطِ حمل، حمل گرانے والا۔
جَهِلَ ـَـ جَهَالَةً: ناواقف ہونا۔
جَاهِل: اُجڈ۔
مَجْهَل ج: مَجَاهِل: نامعلوم مقام، گمنام جگہ۔
مَجْهُول: نامعلوم۔
مَجْهُولٌ لَيْسَ بِهِ تَوْقِيعٌ: گمنام۔
جَهُمَ ـُـ جَهَامَةً و جُهُومَةً: منھ چڑھنا، ناگواری سے شکن پڑ جانا، ترش رو ہونا، ناک بھوں چڑھانا۔
جَهَامَة، و جُهُومَة: ترش روئی، بدمزاجی۔
جَهْمٌ و مُتَجَهِّم: تُرش رو، بدمزاج۔
جَهَنَّمِيّ: (۱) مہلک (۲) شیطانی، دھماکہ دار۔

ج .... و

جُوَانْتِيّ: (دا) دستانہ۔
ــــ جِلْد: چمڑے کا دستانہ۔
ــــ صُوف: اونی دستانہ۔
جَوْب: تحقیق و تفتیش، کھوج، تلاش۔
جَابَ الْبِلَادَ ـُـ جَوْباً: سیر و سیاحت کرنا۔
جَوَّاب: سیاح، گشت لگانے والا۔
جَوَابٌ ج: أَجْوِبَة: جواب۔
جَوَاب: (دا) (۱) خط (۲) پیغام۔
جَوَابٌ مُرَاوِغ: چکر میں ڈالنے والا جواب۔
جَابَ الشَّيْءَ ـُـ جَوْباً: قطع کرنا، کاٹنا۔
جَاوَبَ و أَجَابَ عَلَى و عَنْ: جواب دینا۔
إِسْتَجَاب: لبیک کہا، قبول کیا۔
إِسْتَجْوَبَهُ: جواب طلب کیا (عدالت میں ملزم یا گواہ کا بیان لیا، پارلیمینٹ میں کسی وزیر سے جواب طلب کیا)۔
الإِسْتِجْوَاب: جواب طلبی، اکزامینیشن: جواب طلب کرنا۔
إِنْجِيَاب: پھٹنا، ختم ہونا، بادل پھٹنا۔
إِجَابَةٌ ج: إِجَابَات: جواب، جواب دہی۔
إِجَابَة و اسْتِجَابَة: منظوری، قبولیت، آمادگی، پذیرائی۔
الإِسْتِجَابَةُ لِلأَمْر: تعمیل حکم کرنا۔

اِسْتِجَابَةً لِشَيءٍ: ماننا، تسلیم کرنا، منظور کرنا، لبیک کہنا۔

اِسْتِجَابَةً لِكَذا: اس کے نتیجے میں، اسے لبیک کہتے ہوئے، کسی چیز کے تحت۔

الاِجَابَةُ عَلَى و عَنْ: جواب دینا۔

إِجَابَةً عَلَى شَيْءٍ او إِلَى شَيْءٍ: کسی چیز کے جواب میں۔

إِجَابَةً لِطَلَبِكُمْ: آپ کی فرمائش کے جواب میں، آپ کی درخواست قبول کرتے ہوئے۔

تَجَاوُبُ الصَّدىٰ فِي الفَضَاءِ: آواز گونجنا۔

تَجَاوُبُ الصَّوْتِ فِي الفَضَاءِ: آواز گونجنا۔

التَّجَاوُبُ الكَامِلُ مَعَ شَيْءٍ: مکمل ہم آہنگی۔

التجاوبُ لِشَيْءٍ: مقبولیت، منظوری، آمادگی۔

التَّجَاوُبُ لِلنِّدَاءِ: اپیل ماننا، منظور کرنا۔

التَّجَاوُبُ مَعَ فُلَانٍ: ہم آہنگ ہونا۔

جَوْبَة ج: جُوَبٌ: گڑھا، دو مکانوں کے بیچ کا فاصلہ۔

مِجْوَب ج: مَجَاوِب: (خَرَّامَة): سوراخ کرنے یا چھیدنے کا آلہ، پیچ، برما۔

جُوت: پٹ سن، سن جس کی رسیاں، بوریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں (قِنَّبٌ هِنْدِيٌّ)۔

جَاحَ (ن) و اِجْتَاحَ: ہلاک کرنا، بیخ کنی کرنا، اصل مٹا دینا، استیصال کرنا، صفایا کرنا، تباہی مچانا، لپیٹ میں لانا۔

اِجْتَاحَتِ البِلَادَ مَوْجَةٌ مِنْ كَذا: ملک میں کسی چیز کی لہر آنا، لہر کا لپیٹ میں لینا۔

جَائِحَة ج: جَوَائِح: حادثہ، مصیبت، آفت، ہلاکت۔

جُوخ ج: أَجْوَاخ: سیاہ رنگ کی نفیس بانات۔

جَوْدَة (ن) عمدہ ہونا، بہتر ہونا، عمدگی، اچھائی۔

جَوْدَة قِيَاسِيَّة: اسٹینڈرڈ کوالٹی۔

جَادَ بِالشَّيْءِ ــُـ جُوْداً: سخاوت کرنا۔

جَادَ عَلَيْهِ: کرم کرنا، مہربانی کرنا۔

جَادَ بِنَفْسِهِ: جان دینا، جان کی بازی لگانا۔

جَادَتِ العَيْنُ: آنسوؤں کی بارش ہونا، آنسو جاری ہونا۔

جَادَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا، خوب پانی برسنا۔

اِجَادَة: عمدہ اور بہتر بنانا۔

جُوْد: احسان، سخاوت۔

جَوْدٌ: موسلا دھار بارش۔

جُوْدَة: (۱) عمدگی، خوبی (۲) صلاحیت۔

جَوَاد: ج: جِيَاد: گھوڑا۔

جَوَاد و جُوَاد و جَيِّد: سخی، فراخ دل۔

الجِيَادُ الأَصِيلَةُ: اصیل گھوڑے۔

جَيِّدٌ: عمدہ، بہتر، افضل، خوشگوار۔

جَيِّداً: اچھی طرح، بہتر طور پر۔

تَجْوِيد: بہتر بنانا۔

(جور) جَارَ عَلَيْهِ ــُـ جَوْراً: ظلم کرنا، ستانا، ناحق پریشان کرنا۔

جَارَ عَنْ: ہٹنا، کنارہ کش ہونا۔

جَارَ عَلَى حَقٍّ: حق تلفی کرنا۔

جَاوَرَہ مُجَاوَرَۃً: قریب ہونا، پڑوسی ہونا، لگ بھگ ہونا، مشابہ ہونا۔
جَاوَرَ رَبَّہ: اپنے خدا سے جاملا، وفات پاگیا۔
أَجَارَہُ إِجَارَۃً: مدد کرنا، نجات دلانا، پناہ دینا۔
إِسْتَجَارَ رَبَّہُ: مدد چاہی، پناہ چاہی۔
اِسْتَجَارَ مِنْہ: کسی کے خلاف فریاد کرنا، کسی سے بچنے کے لئے پناہ چاہنا۔
جِوَار: پڑوس، قُرب (۲) مدد۔
جَائِر: (۱) ظالم (۲) بے اصول، من مانی کرنے والا (۳) قانون شکن، غیر منصفانہ۔
مُجَاوِر: چپکا ہوا، لگا ہوا، پڑوسی، قریب، متصل، یونیورسٹی کا طالب علم۔
مُجِیر: (۱) مُحافظ (۲) مددگار (۳) نجات دہندہ۔
جَوْرَبٌ ج: جَوَارِب: موزہ، پاتابہ۔
جَوْرَبٌ قَصِیر: ہاف موزہ، جراب۔
حَمَّالَۃُ الْجَوْرَب: موزہ بند، جراب کا تسمہ۔

(جوز) جَازَ الْمَکَانَ و بہ ـُ جَوْزاً و اجْتَازَ: گزرنا، پاس کرنا، عبور کرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الامْتِحَانَ: امتحان پاس کیا۔
جَازَ و اجْتَازَ الطَّرِیْقَ: کراس کرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الدَّوْرَ: دور سے گزرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الشِّدَّۃَ: سختی و مصیبت سے گزرنا۔
اِسْتَجَازَہُ: اجازت طلب کرنا (۲) رخصت چاہنا، سند مانگنا (۳) جائز سمجھنا۔
جَاوَزَ و تَجَاوَزَ عَنْ: درگزر کرنا (۲) ترک کرنا۔
جَوَّزَ تَجْوِیْزاً: اجازت دینا (۲) مُباح کرنا، جائز قرار دینا۔
جَوْزٌ: اخروٹ و: جَوْزَۃ۔
جَوْزُ الْقَزِّ: ابریشم کا کویا، کرم خانہ۔
جَوْزُ الشَّيْءِ: کسی چیز کا اہم حصہ، درمیانی حصہ۔
جَوْزَۃُ التَّدْخِیْن: حُقّہ، تمبا کو پائپ۔
جَوْزِيٌّ: اخروٹ نما، اخروٹ کے رنگ کا۔
جَوَاز ج: أَجْوِزَۃ و جَوَازَات: (۱) اجازت، جواز (۲) پروانگی، اجازت نامہ (۳) پرمٹ، لائسنس۔
جَوَازُ السَّفَرِ: پاسپورٹ، پروانہ، راہداری، سفر کا پاس۔
جَوَازُ سَفَرٍ دِبْلُومَاسِيّ: ڈپلومیٹک پاسپورٹ۔
جَوَازُ مُرُوْر: پاس۔
جَوَازَات: پاسپورٹ و: جَوَاز۔
إِجَازَۃ: پرمٹ، لائسنس، پاس، ڈگری، رخصت، پرمیشن، سند ج: إِجَازَات۔
إِجَازَۃٌ دِرَاسِیَّۃٌ: تعلیمی چھٹی۔
إِجَازَۃٌ رَسْمِیَّۃ: سرکاری چھٹی (۲) لائسنس۔
إِجَازَۃٌ عِلْمِیَّۃ: سند، ڈپلوما، اسکول، سارٹیفکٹ۔
إِجَازَۃُ غِیَاب: رخصت، چھٹی، کسی کام سے غیر حاضر رہنے کی اجازت، رخصتِ اتفاقی۔
إِجَازَۃٌ مَرَضِیَّۃ: رخصتِ بیماری۔
إِجَازَۃُ مُرُوْرٍ: پاسپورٹ۔

غَائِبٌ بِالإِجَازَة: رخصت پر۔
جَاز ج: جَازَات: (مع) گیس، مٹی کا تیل، گیس کا تیل۔
لَمْبَةُ جَاز: گیس کی لالٹین۔
جَائِز: (۱) مباح، اجازت شدہ (۲) پار کنندہ (۳) قابل برداشت۔
جَائِزَة: پرائز، انعام ج: جَوَائِز۔
جَائِزَةُ نُوبِل: نوبل پرائز۔
الجَوَائِز: انعامات و: جَائِزَة۔
الجَوَائِزُ الرَّمْزِيَّة: علامتی انعامات۔
تَجَاوُزُ و مُجَاوَزَةُ الحُدُود: بے جا عمل، قانونی خلاف ورزی۔
تَجَاوُزُ التَّعْلِيمَات: ہدایات یا احکامات سے تجاوز کرنا۔
تَجَاوُزُ الحُدُود: بے جا عمل، قانونی خلاف ورزی۔
تَجَاوُزُ حُدُودِ السُّلْطَة: اختیارات سے تجاوز کرنا۔
تَجَاوُزُ الطَّرِيق: راستہ پار کرنا۔
تَجَاوُزُ العَثَرَات: رکاوٹوں پر قابو پانا۔
مَجَاز: گزرگاہ۔
مُجَاز: فاضل، فارغ التحصیل، سند یافتہ، ڈگری والا۔
مُجَازٌ فِي الأَدَب: فاضلِ ادب (مثلاً)۔
مُجَاوَزَةُ التَّقْدِير: تخمینہ سے بڑھنا۔
جَوْس: (ن) کھوج لگانا، چھان مارنا۔
جَاعَ ـُ جَوْعًا و جَوْعَةً و مَجَاعَةً: بھوک لگنا، بھوکا ہونا، بھوکوں مرنا، فاقہ مست ہونا، فاقے گزرنا۔

تَجْوِيع و إِجَاعَة: بھوکا رکھنا، فاقوں میں مبتلا کرنا۔
مَجَاعَة: فاقہ، بھوک، قحط۔
جُوع: بھوک، فاقہ۔
___ قَاتِل: جان لیوا بھوک۔
___ كَلْبِيٌّ: جُوع البقر، ایک بیماری۔
___ و مَجَاعَة: قحط۔
جَوْعَان و جَائِع: بھوکا، فاقہ مست، (ضد شَبْعَان) ج: جِيَاعٌ و جُوَّعٌ۔
جَوِفَ ـَ جَوَفًا و تَجَوَّفَ: کھوکھلا ہونا۔
تَجْوِيف: کھوکھلا کرنا، خول دار بنانا، جوف دار بنانا۔
تَجْوِيف ج: تَجَاوِيف: گڑھا، سوراخ، زمین دوز گڑھا۔
مُسْتَحْضَرَات: سامان، تیار کردہ اشیا۔
تَحَضُّر: تیاری (۲) تمدن۔
حَضَرٌ و حَضَارَة: تمدن، شہریت، تہذیب ج: حَضَارَات۔
حَضَارَةٌ تَسْمُو بِالْإِنْسَان: انسان کو بلند مقام عطا کرنے والی تہذیب۔
حَضَارَةٌ مُنْحَلَّة: زوال پذیر تہذیب۔
حَضَارِی، حَضَرِیٌّ: تمدنی، شہری، تہذیبی۔
حَضْرَة: مسٹر، جناب۔
حَضْرَةُ السَّیِّدَة: معزز خاتون۔
حَضَرَات: معززین۔
حَضَرَاتُ السَّادَة: معززین کرام، معزز حضرات۔
حُضُور و حَضْرَة: موجودگی، وجود، حاضری۔
فِی حَضْرَة، بِحُضُور: سامنے، موجودگی میں۔
حَضْرَتُكُم: (تعظیمی لقب) آپ، جناب۔
حُضُور: حاضری، شرکت جلسہ وغیرہ۔
___ الذِّهْن: حاضری دماغی۔

___ البَدِيهَة: حاضر جوابی۔
حَاضِرُ البَدِيهَة: حاضر دماغی۔
حَاضِرٌ: موجود، تیار، جی، لیس۔
___ الذِّهن أو الفِكر: حاضر دماغ۔
فِي الوَقْتِ الحَاضِر: آج کل، فی زمانہ۔
حَاضِرَة ج: حَوَاضِر: پایۂ تخت، مرکز حکومت۔
تَحْضِير: تیار کرنا، مہیا کرنا۔
تَحْضِيرِي: تیاری والا، تمہیدی۔
مُحْضِرُ المَحْكَمَة: حاضر عدالت کرنے والا، سمن لانے والا، اہل کار عدالت۔
مَحْضَر: ریکارڈ، رپورٹ، روئداد، میمورنڈم، رجسٹر کارروائی ج: مَحَاضِر۔
مَحْضَرُ وَقَائِع الجَلْسَة: میٹنگ کی روئداد، کارروائی جلسہ۔
مَحْضِرٌ: دربار، موجودگی۔
مَحْضُور و مُحْتَضَر: (مَكَانٌ مَسْكُونٌ بِالجِنّ) آسیب زدہ جگہ جہاں جنات رہتے ہوں۔
مُحَاضِر: لیکچرر، اسپیکر۔
مُحَاضَرَة ج: مُحَاضَرَات: لیکچر، تقریر، خطبہ، مقالہ۔
مُحْتَضِر: لب دم۔
حَضَّه ـُـ حَضًّا: اکسانا، ابھارنا۔
حَضِيض: پستی، (ضد أَوْج) کھڈ، غار، پہاڑ کی زیریں زمین ج: حُضُض۔
بَلَغَ الحَضِيضَ: پستی کو پہنچنا۔
حَضَنَ ـُـ حَضْنًا و حِضَانَة: سینے سے لگانا، گود لینا۔
احْتَضَنَ بِشَيْءٍ: اپنانا (۲) ہم آغوش ہونا، گود میں لینا، آغوش میں لینا۔
حَضَنَ ـُـ حَضَانَة: پرورش کرنا۔
___ الطَّيْرُ بَيْضَه: پرندہ کا انڈے کو سینا، انڈے پر بیٹھنا۔
تَحَضَّن: آغوش میں لینا۔
حَضْن: پرورش، گود کھلائی۔
حِضْن ج: أَحْضَان: گود، آغوش۔
حِضَانَة: پرورش، دایہ گری، نرسنگ، اپنائیت۔
حَاضِنَة: دایہ، بچوں کی پرورش کرنے والی، نرس ج: حَوَاضِن۔

ح .... ط

حَطَبَ ـِـ حَطْبًا و احْتَطَب: لکڑیاں چننا۔
حَطَب ج: أَحْطَاب: جلانے کی لکڑی۔
حَطَّاب: لکڑہارا۔
حَطَّ ـُـ حَطًّا و احْتَطَّ: اترنا، نیچے رکھنا۔
___ الطَّائِرُ: پرندہ کا اترنا۔
___ السِّعْرُ: بھاؤ گرنا، کم ہونا۔
حَطَّتِ الطَّائِرَةُ: ہوائی جہاز کا گرنا۔
حَطَّ الرِّحَالَ: پڑاؤ ڈالنا، قیام کرنا۔
حَطَّ مِنْ قَدْرِه أَوْ شَرَفِه ـُـ حَطًّا: کسی کا وقار گرانا، حیثیت کم کرنا۔
___ مِن قِيمَتِه: حیثیت کم کرنا۔
انْحَطَّتْ صِحَّتُه: صحت خراب ہوگئی، گرگئی۔
حَطّ: کمی، گھٹاؤ۔
حِطَّة: اہانت، بے عزتی۔
أَحَطُّ: کم درجہ کا، کم حیثیت۔

انْحِطَاط: گراوٹ، زوال، کمزوری، پسماندگی، تنزل، کمی۔
مَحَطٌّ: جگہ، جائے نزول، قیام گاہ۔
مَحَطُّ الأنْظَار: مرکز توجہ۔
مَحَطَّة ج: مَحَطَّات: اسٹیشن، ڈپو، اسٹیج۔
مَحَطَّةُ الإذَاعَة: ریڈیو اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ الإذَاعَةِ اللاَّسِلْكِيَّة: براڈ کاسٹنگ اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ الأَرْصَاد: مرکز موسمیات، موسمیاتی اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ إطْلَاقِ مَرْكَبَاتِ الفَضَاء: خلائی اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ بِنْزِين: سروس اسٹیشن، پٹرول پمپ۔
مَحَطَّةُ التَّجْرِبَة: تجربہ گاہ۔
مَحَطَّةُ التَّصْدِير: ڈسپیچنگ اسٹیشن، مرکز روانگی مال۔
مَحَطَّةُ تَعْبِئَة: پیکنگ اسٹیشن، پیکنگ ہاؤس۔
مَحَطَّةُ تَوْلِيد: پلانٹ پاور۔
مَحَطَّةُ تَوْلِيدِ القُوَى الكَهْرَبَائِيَّة: بجلی پاور اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ سِكَّةِ الحَدِيد: ریلوے اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ طَيَرَان: ایرپورٹ، ہوائی اڈہ۔
مَحَطَّةٌ لِلطَّاقَة: توانائی اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ المِيَاه: واٹر ورکس۔
مَحَطَّةٌ نَوَوِيَّة: ایٹمی پاور ہاؤس۔

مُنْحَطٌّ: پست، کم درجہ، نچلا۔
حَطَمَ ـــِ حَطْمًا و حَطَّمَ: توڑنا، چورہ چورہ کرنا، ریزہ ریزہ کرنا۔
حَطَّمَ الرَّقْمَ القِيَاسِيَّ: ریکارڈ توڑنا۔
تَحَطَّمَ و انْحَطَمَ: ریزہ ریزہ ہوجانا، چورہ چورہ ہوجانا، ٹوٹ جانا۔
تَحَطُّمُ الأَرْقَامِ العَالَمِيَّة: بین الاقوامی ریکارڈ ٹوٹ جانا۔
تَحَطُّمُ طَائِرَة: ہوائی جہاز کی بربادی۔
تَحْطِيمُ الجُهُود: کوششوں کو پامال کرنا۔
تَحْطِيمُ الذَّرَّة: ایٹم پھاڑنا۔
تَحْطِيمُ الرُّوحِ المَعْنَوِيَّة: حوصلہ پست کرنا، مورل گرانا۔
تَحْطِيمُ القَلْب: دل شکنی۔
حُطَام، حِطْمَة: ٹوٹن، ملبہ، چورا۔
مُحَطِّمُ الأَعْصَاب: اعصاب شکن، بدن توڑ۔

ح............ظ

حَظَرَ عليه الشيءَ ـــُ حَظْرًا و حِظَارًا: ممنوع کرنا، ممانعت کرنا۔
حَظَرَهُ ـــِ حَظْرًا: روکنا۔
ـــ المَوَاشِي: مویشی کو باڑہ میں رکھنا۔
حَظْرٌ: ممانعت، رکاوٹ۔
حَظْر: پابندی۔
حَظْرُ التَّجَارِبِ النَّوَوِيَّة: نیوکلیر تجربات پر پابندی۔
حَظْرُ التَّجَوُّل: کرفیو۔
حَظْرُ التَّصْدِير: ایکسپورٹ کی ممانعت۔
حَظْرُ حِيَازَةِ الأَسْلِحَة: ہتھیاروں پر پابندی۔

حَظْرُ العُبُودِيَّة: خاتمۂ غلامی۔
حَظْرٌ على الأسْلِحَة: ہتھیاروں پر پابندی۔
الحَظْرُ عَلَى تَصْدِيرِ النِّفط: پٹرول باہر بھیجنے پر پابندی۔
حَظْرُ النَّشَاطَاتِ السِّيَاسِيَّة: سیاسی سرگرمیوں پر پابندی۔
حِظَار: رکاوٹ، آڑ، لکڑی کا پردہ یا دیوار جو کمروں میں کھڑی کی جاتی ہے۔
حِظَارٌ و حَظِيرة ج: حَظَائِر: چہار دیواری۔
حَظِيرة ج: حَظَائِر: احاطہ، باڑا۔
___ البَهَائِم: مویشی باڑا۔
___ القُدْس: جنت۔
___ النُّفُوذ: دائرۂ اثر و رسوخ۔
مَحْظُور: ناجائز، ممنوع، خلاف قانون، ممنوعہ، پابندی لگا ہوا۔
حَظَّ ـــَـ حَظًّا: نصیبہ ور ہونا، صاحب قسمت ہونا، خوش نصیب ہونا۔
الحَظُّ حَلِيفُه: کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔
حَظٌّ ج: حُظُوظ: (۱) نصیب، قسمت (۲) حصہ (۳) خوش نصیبی، نیک بختی (۴) فراخیٔ مال (۵) خوشی۔
لِحُسْنِ الحَظِّ: خوش قسمتی سے۔
لِسُوءِ الحَظِّ: بد نصیبی سے، بدقسمتی سے۔
سَيِّئُ الحَظِّ: بدنصیب۔
حَظِيظ مَحْظُوظ: بہرہ ور، خوش۔
حَظِيَ ـــَـ بالشَّيء حَظْوَةً: پانا، حاصل کرنا، حصہ پانا۔
حَظِيَ بالحُضُورِ أو بالمُثُول: شرف باریابی حاصل کرنا۔
حَظِيَ بالحُضُورِ أو بالمُثُول: شرف باریابی حاصل کرنا۔
حَظِيَ بتَأيِيدٍ قَوِيٍّ ـــَـ حَظْوَةً: زبردست حمایت حاصل ہونا۔
حَظِيَتْ مُبَادَرَةُ السَّلَامِ بتَأيِيدٍ قَوِيٍّ فِي صُفُوفِ الجَمَاهِير: امن و امان کے سلسلے میں پیش قدمی کو عوام میں زبردست تائید حاصل ہوئی۔
حُظْوَة: پوزیشن، رتبہ، مقام، کریڈٹ۔
نَالَ حُظْوَةً عِنْدَه: اس کے نزدیک عزت و مرتبہ حاصل کیا۔

ح.............ف

حَفَدَ ـــِـ حَفْدًا و حُفُودًا و حَفَدَانًا: دوڑنا، لپکنا، جلدی کرنا، خدمت کرنا۔
حَفِيد ج: حُفَدَاء: پوتا، نواسا۔
حَفِيدَة: پوتی، نواسی۔
حَفَرَ ـــِـ حَفْرًا و احْتَفَرَ: زمین میں گڑھا ڈالنا، کھودنا۔
___ الكِتَابَة: عبارت یا حروف کندہ کرنا، نقش کرنا۔
___ البِئْرَ: کنواں کھودنا۔
___ ثُقْبًا: سوراخ کرنا (سخت چیز میں)۔
___ حُفْرَةً: گڑھا کھودنا، کسی کو نقصان پہنچانے کی تدبیر کرنا۔
حَفْرُ المَنَاجِم: کان کنی۔
الحَفْرِيَّات: کھدائی، کھدائی کا کام۔
الحَفْرُ عَلَى الزُّجَاج: شیشہ پر کھدائی کا کام۔

حُفْرَة ج: حُفَر: گڑھا۔
حَفَّار: کھدائی کرنے والا، نقاش، کھدائی مشین۔
___ القُبُور: گورکن۔
حَافِرٌ ج: حَوَافِر: کھر۔
حَفَزَ ــ حَفْزًا: نیزہ مارنا، دھکا دینا۔
تَحَفَّزَ و احْتَفَزَ لِلْعَمَل: تیار ہونا، آمادہ ہونا، داؤ لگانا
حَافِزٌ: محرک، جمع حَوَافِز۔
حَوَافِزُ: محرکات، اسباب و: حَافِزٌ۔
حَوَافِزُ سِيَاسِيَّة: سیاسی محرکات۔
حَفِظَ ــ حِفْظًا: حفاظت کرنا، محفوظ کرنا۔
حَفِظَ فی البَال: ذہن میں رکھنا۔
___ المَأْكُولَاتِ (وغَيْرَهَا) فِي عُلَبٍ: کھانے کی اشیاء کو ڈبوں میں محفوظ کرنا۔
___ و حَافَظَ عَلى ...... مُحَافَظَةً: خیال کرنا، حفاظت کرنا، توجہ دینا۔
___ و احْتَفَظَ بِهِ: محفوظ رکھنا، حفاظت کرنا، برقرار رکھنا۔
الحِفْظ بِالطَّرِيْقَةِ الأَبْجَدِيَّة: ابجد کے حساب سے فائل بنانا۔
الحِفْظُ فِي مِلَفٍّ او إِضْبَارَةٍ: فائل کرنا۔
حِفْظُ الأَوْرَاق: فائلنگ۔
حِفْظُ الأَوْرَاق فِي إِضْبَارَةٍ: فائلنگ، فائل کرنا، فائل میں کاغذات لگانا۔
حِفْظُ الأَوْرَاقِ فِي مِلَفٍّ: فائلنگ، فائل کرنا۔
احْتَفَظَ الشيءَ و بهِ لِنَفْسِهِ: کسی چیز کو اپنے لئے خاص کر لینا۔
احْتَفَظَ بالرأی: رائے محفوظ رکھنا۔
احتفظ في الكلام: گفتگو میں محتاط رہنا۔
أَحْفَظَ الرَّجُلَ: ناراض کرنا، غصہ دلانا۔
تَحَفَّظَ: بچنا، احتراز کرنا، احتیاط برتنا، پیش بندی، رائے محفوظ رکھنا۔
___ بالشيء: اہتمام کرنا، دیکھ بھال کرنا۔
التَحَفُّظُ التَام: مکمل احتیاط۔
تَحَفُّظَات: ریزرویشن۔
الحِفَاظُ عَلى الثَّوْرَة: انقلاب کی حفاظت۔
حَافَظَ على الشيء مُحَافَظَةً: احتیاط کرنا، پابندی کرنا۔
حَافِظُ الوَدِيْعَة: محافظ امانت۔
حَافِظَةُ إِيْدَاع: ڈپازٹ سلپ، بینک میں رقم جمع کرنے کا فارم۔
حَافِظَةُ تَصْدِيرٍ: ڈیج نوٹ، رقم نکالنے کا فارم۔
حَافِظَةٌ لِلأَوْرَاق: فولڈر۔
مُتَحَفِّظ: محتاط۔
حَفِيْظَة: بغض، کینہ۔
حَفِيْظَةُ النُّفُوس: پیدائش سارٹیفکٹ۔
مُحَافِظ: گورنر، میئر، روایت پسند، کنزرویٹو، قدامت پسند، کلکٹر، صوبہ دار، نگراں۔
مُحَافِظٌ عَلى المَوَاعِيْد: اوقات کا پابند، پابند اوقات۔
مُحَافِظٌ على التَّقَالِيْدِ القَدِيْمَة: قدیم

رسم ورواج کا پابند۔
مُحَافِظُ القِطَارِ: ریلوے گارڈ۔
مُحَافِظُ المَدِينَةِ: ڈپٹی کمشنر، حاکم شہر۔
مُحَافَظَة: صوبہ، ضلع، گورنریٹ (۲) قدامت پسندی، روایت پسندی۔
المُحَافَظَةُ على الإِتِّزَان: بیلنس قائم رکھنا۔
المحافظة على الانسجام: بیلنس قائم رکھنا۔
المُحَافَظَةُ على كَرَامَةِ البِلَادِ: ملک کے وقار کو قائم رکھنا۔
المُحَافَظَةُ على النِّظَام: ڈسپلن برقرار رکھنا۔
مُحَافِظُون: کنزرویٹو۔
المُحْتَفِظ بالبِضَاعَة بِالمَخْزَن: اسٹاکسٹ۔
مَحْفَظَة: کیس، غلاف، بستہ، تھیلا، پاکٹ۔
ـــ الجَيْب: چمڑے کا بٹوا، پاکٹ بیگ۔
ـــ أَوْرَاق: پورٹ فولیو، کاغذات رکھنے کا چمڑے کا تھیلا۔
حَفَّ ـُ حَفًّا: گھیرنا، احاطہ کرنا۔
حَفَّ الشَّجَرُ أو الثَّوْبُ: درخت یا کپڑے کی آواز ہونا، سرسراہٹ ہونا۔
حَفَّ ـــ حَفًّا: چھیلنا، چھلکا اتارنا، بال چونٹنا، کترنا۔
حَفِيف: سرسراہٹ، درخت کے پتوں کی آواز۔
حَافَة: (حوف) کنارہ۔
مَحْفُوف: گھرا ہوا۔

مِحَفَّة: اسٹریچر، ڈولی، پالکی۔
مَحْفُوفٌ بِالخَطَر: ڈینجر، خطرناک۔
حَفَلَ القَوْمُ ـــ حَفْلاً و حُفُولاً و احْتَفَل: جمع ہونا، کسی خاص مقصد سے جمع ہونا۔
ـــ و احْتَفَلَ به: اہتمام کرنا، دن وغیرہ منانا۔
الاحْتِفَالُ بِآخِذٍ: خیر مقدم کرنا، خوش آمدید کہنا۔
الاحْتِفَالُ بِالأَمْرِ: توجہ دینا، اہتمام کرنا۔
الاحْتِفَالُ بِالذِّكْرَى: یاد منانا۔
الاحْتِفَالُ بِعِيدٍ: جشن منانا، تقریب منانا۔
حَفْلٌ: مجمع، جلسہ، تقریب، محفل۔
حَفْلُ تَخْرِيجٍ: جلسہ تقسیم اسناد۔
حَفْلُ التَّوْقِيعِ على: دستخطی تقریب۔
حَفْلٌ خِتَامِيٌّ: آخری مجلس۔
حَفْلُ عَشَاءٍ: ڈنر پارٹی۔
بِحَفْلِهِمْ و حَفِيلَتِهِمْ: سب کے سب۔
حَفْلَة: جلسہ، پارٹی، اجتماع، تقریب ج: حَفَلَات۔
حَفْلَةٌ انْتِخَابِيَّةٌ: انتخابی جلسہ۔
حَفْلَةٌ أُولَى مِنَ الفِيلْم: پہلا شو۔
حَفْلَةُ التَّأْبِين: تعزیتی جلسہ۔
حَفْلَةُ تَخْرِيجِ دُفْعَة: کھیپ کی تیاری تقریب۔
حَفْلَةُ الذِّكْرَى السَّنَوِيَّة: سالانہ یادگاری تقریب۔
حَفْلَةُ الدَّفْن: اجتماع تدفین۔
حَفْلَةُ الشَّاي: ٹی پارٹی، دعوتِ چائے۔
حَفْلَةُ العُرْس: تقریب شادی۔

احْتِفَال: (مَوْكِبٌ): جلوس، اجتماع، اجلاس (۲) جشن، کنونشن (۳) کسی خاص مقصد سے جمع ہونا۔
حَافِل: بھرپور، بھرا ہوا۔
مَحْفِل، مُحْتَفَل: محفل، اجتماع، مجلس
ج: مَحَافِل۔
مَحَافِلُ دُوَلِيَّة: بین الاقوامی مجالس۔
حَافِلات: بسیں و: حَافِلَة۔
حُفْنَة ج: حُفَن: دو ہاتھ بھر، مشت بھر۔
حَفِيَ ـَ حَفًا و حِفَايَةً و حِفَاوَةً و احْتَفَى بـه: عزت کرنا، بےحد اعزاز و اکرام کرنا (۲) چلتے چلتے پیر دکھ جانا، گھس جانا، برہنہ پا ہونا۔
ـــ القَلَمُ: قلم کا لکھتے لکھتے گھس جانا۔
حَفَاوَة و احْتِفَاءٌ به: خیر مقدم، اعزاز و اکرام، آؤ بھگت، استقبال۔
حَافٍ ج: حُفَاة: برہنہ پا۔

ح............ق

حَق: (دیکھئے "حقق")۔
حَقِبَ ـَ حَقَبًا: بارش نہ ہونا، قحط پڑنا۔
حُقُبٌ ج: أَحْقَابٌ و حِقَابٌ: اسّی سال کا عرصہ، زمانہ دراز۔
حَقَبٌ، حِقَابٌ: پیٹی۔
حِقْبَة: عرصہ، رات، وقت۔
حَقِيبَة ج: حَقَائِبُ: بیگ، ٹرنک، سوٹ کیس۔
حَقِيبَةُ يَدٍ: ہینڈ بیگ۔
الحَقِيبَةُ الدِّبْلُومَاسِيَّة: سفارتی بیگ، سفارتی اٹیچی۔

حَقَائِبُ سَفَرٍ: لگیج، سامانِ سفر۔
حَقَدَ ـِ حِقْدًا و حَقْدًا و تَحَقَّدَ علي: کینہ رکھنا، حسد کرنا، بغض رکھنا۔
إِحْقَاد: کینہ ور بنانا، بغض پیدا کرنا۔
حِقْدٌ: کینہ، بغض۔
حَاقِدٌ و حَقُودٌ: کینہ ور۔
حَقَرَ ـِ حَقْرًا و احْتَقَرَ و اسْتَحْقَرَ: حقیر سمجھنا، ذلیل سمجھنا۔
احْتِقَارُ البَرْلَمَان: پارلیمینٹ کی توہین۔
حَقُرَ ـُ حَقَارَة: ذلیل ہونا۔
تَحْقِير: بےعزت کرنا، ذلیل کرنا، مذمت کرنا۔
اِنسلٹ، اِنسلٹ کرنا۔
حَقِيرٌ: ذلیل، بےقیمت، بےحیثیت، معمولی (۲) کمینہ، کم درجہ۔
مُحْتَقَر: لائق تحقیر۔
حَقَّ الأَمْرُ ـُ حَقًّا: ثابت کرنا، حقیقت سے واقف ہونا۔
حَقَّ الأَمْرُ ـِ حَقًّا: ثابت ہونا۔
حَقَّ عليه كذا: واجب ہونا، لازم ہونا۔
حَقَّ الأَمرَ ـُ حَقًّا: یقین کرنا، حق پانا۔
حَقُّ إِعَادَةِ الطَّبْعِ: کاپی رائٹ۔
حَقُّ الاعْتِرَاض: ویٹو پاور، حق اعتراض۔
حَقُّ الحَجْزِ و الإِيقَاف: روکنے یا حوالات بھیجنے کا حق۔
حَقُّ التَّصْوِيتِ: ووٹنگ پاور، ووٹ دینے کا حق۔
حَقُّ تَقْرِيرِ المَصِيرِ: قسمت کا فیصلہ کرنے کا

حق، حق خود ارادیت۔

حَقُّ النَّقْض: حقِ تنسیخ، ویٹو۔

حَقُّ الوَكَالَة: حقِ وکالت۔

حُقُوقُ الإِمْتِيَاز: حقوقِ رعایت۔

حُقُوقُ التَّالِيف: کاپی رائٹ۔

حُقُوقُ الطَّبْعِ والنَّشْرِ مَحْفُوظَة: کسی کے لئے حقوق طبع واشاعت محفوظ ہونا۔

الحُقُوقُ المَدَنِيَّة: شہری حقوق۔

حُقُوقٌ مَشْرُوعَة: جائز حقوق، قانونی حقوق۔

الحُقُوقُ الوَطَنِيَّة: شہری حقوق۔

تَحَقَّقَ: ثابت ہونا، پایۂ ثبوت کو پہنچنا، یقین حاصل ہونا۔

تَحَقُّقُ الأُمْنِيَة: آرزو برآنا، ارمان نکلنا۔

تَحَقُّقُ الرَّغْبَة: آرزو برآنا۔

تَحَقُّقُ التَّطَوُّر: ترقی ہونا۔

تَحَقُّقُ الأَمَل: ارمان نکلنا۔

تَحَقُّقُ الأَمْنِ فِي مَكَان: امن قائم ہونا۔

حَقَّقَ: ثابت کرنا، جانچ کرنا۔

___ الأَمْرَ أَو الدَّعْوَى: کسی معاملہ کی چھان بین کرنا، تحقیق وتفتیش کرنا۔

___ الأَمَلَ: امید برلانا۔

___ القَوْلَ بِالفِعْل: قول کو عملی جامہ پہنانا۔

___ تَقَدُّمًا فِي كَذَا: آگے بڑھنا، پیشرفت کرنا۔

___ فَوْزًا: کامیابی حاصل کرنا۔

___ نَجَاحًا: کامیابی حاصل کرنا۔

___ نَجَاحًا مَطْلُوبًا: متوقع کامیابی حاصل کرنا۔

___ هَدَفًا رَئِيسِيًّا: بنیادی مقصد حاصل کرنا۔

اِسْتَحَقَّ: واجب کیا، لازم کیا۔

___ له كذا: استحقاق ہوجانا۔

___ الدَّيْنُ: قرض کی مدت پوری ہو جانا۔

يَسْتَحِقُّ الدَّفْعَ: واجب الاداء۔

يَسْتَحِقُّ الذِّكْر: قابل ذکر۔

يَسْتَحِقُّ الاهْتِمَامَ: قابل توجہ۔

أَحَقِّيَّة: استحقاق، لیاقت۔

حُقٌّ، حُقَّة: برتن، ظرف۔

حُقُّ الإِبْرَةِ أو المَلَّاحِين: قطب نما، سمت نما۔

حَقٌّ: ٹھیک، صحیح، سچ (۲) حق، کلیم، اختیار۔

الحَقُّ عليك: حق تمہارے خلاف ہے، تم حق پر نہیں ہو۔

الحَقُّ مَعَك: تم حق پر ہو۔

حَقٌّ و حَقِيقَة: صداقت، سچائی، حقیقت، واقعیت، صحت۔

عَلَى حَقٍّ: حق بجانب۔

عَن حَقٍّ: حق بجانب ہوکر۔

حَقِيقَةً: واقعۃً، یقیناً۔

حَقِيقَةُ الأَوْضَاع: حقیقت حال۔

حَقِيقَةٌ نَاصِعَة: روشن حقیقت۔

حَقًّا، بِالحَقّ: سچ، واقعی طور پر۔

حَقَّانِيّ: برحق، منصفانہ۔

حَقِيقٌ: لائق۔

اِسْتِحْقَاق: صلاحیت، اہلیت۔

الاسْتِحْقَاقَات: مطالبات۔

تَحقِیق: چھان بین، تحقیق وتفتیش، دریافت۔
تَحقِیقُ صِحَّةٍ عِلمِیَّة: علمی جانچ کرنا۔
تَحقِیقُ الصُّورَة المُثلیٰ: مثالی تصویر سامنے لانا۔
تَحقِیقُ الطُّمُوح: توقع پوری کرنا۔
تَحقِیقُ العَدَالَة: مساوات پیدا کرنا۔
التَّحقِیقُ فِی کَذا: کسی معاملہ کی تحقیق۔
تَحقِیقٌ قَضَائِیّ: عدالتی تحقیق۔
تَحقِیقُ المُصَالَحَةِ بَینَ شَخصَینِ: مصالحت کرانا۔
تَحقِیقُ المَطَامِح: ارادوں کی تکمیل۔
التَّحقِیقُ مَعَ فُلَانٍ: کسی سے تحقیق وتفتیش کرنا۔
تَحقِیقُ المُعَاهَدَة: معاہدہ کی عملی تطبیق۔
تَحقِیقُ مُفَاوَضَاتِ السَّلَام: امن بات چیت کرانا۔
تَحقِیقُ المَکَاسِب: مفادات حاصل کرنا۔
تَحقِیقُ المُهِمَّات: مہم سر کرنا ذمہ داریاں پوری کرنا۔
تَحقِیقُ النُّبُوءَة: پیشین گوئی پوری کرنا۔
تَحقِیقُ النَّصر: فتح حاصل کرنا، کامیابی حاصل کرنا۔
تَحقِیق: تفتیش کرنا (۲) بروے کار لانا۔
التَّحقِیق: حساب وغیرہ چیک کرنا، تفتیش حال کرنا، کتاب وغیرہ ایڈیٹ کرنا (۲) انکوائری۔
تَحقِیقُ الاتِّحَاد: اتحاد پیدا کرنا۔
تَحقِیقُ أرباح: منافع حاصل کرنا۔
تَحقِیقُ الأمَانِیّ: ارمان نکالنا۔
تَحقِیقُ الأُمنِیَة: امید پوری کرنا۔
تَحقِیقُ الانتِصَارِ علی کذا: کامیابی حاصل کرنا، فتح کرنا۔
تَحقِیقُ الإنجَازَات: کامیابیاں حاصل کرنا۔
تَحقِیقُ تَقَدُّم: پیش رفت حاصل کرنا، ترقی کرنا۔
تَحقِیقُ حَلٍّ سِیَاسِیّ: سیاسی حل کرنا۔
تَحقِیقُ حَیَاةٍ کَرِیمَةٍ: باعزت زندگی حاصل کرنا۔
تَحقِیقُ الخُطوَة: اقدام کرنا۔
تَحقِیقُ رِبح: نفع حاصل کرنا۔
تَحقِیقُ السَّلَام: امن قائم کرنا۔
مُحَقَّق: ثابت شدہ۔
مُحَقِّق: تحقیقات کنندہ، اگزامینر، افسر تحقیق۔
المُحَقِّقُون: تحقیق کنندگان، محققین۔
مَحقُوق: لائق، وہ شخص جس پر دوسرے کا حق واجب الادا ہو۔
مُتَحَقِّق: یقینی، متیقن۔
مُستَحِقّ: باصلاحیت، حق دار۔
حَقلٌ ج: حُقُول: فیلڈ، کھیت، میدان، کالم۔
حَقلُ التَّعلِیم: علمی میدان۔

ــــ مِنْ صَحِيْفَةٍ: کالم اخبار کا۔
مُحَاقَلَةٌ: کھڑی کھیتی خریدنا۔
حَقَنَ ــِـ حَقْنًا: روکنا (۲) پچکاری دینا، پچکاری سے دوا داخل کرنا۔
ــــ دَمَــهٗ: زندگی کی حفاظت کرنا، خونریزی سے بچانا۔
اِحْتَقَنَ الرَّجُلُ وَ حُقِنَ: پچکاری لگنا۔
ــــ الدَّمُ: خون منجمد ہو جانا۔
حَقْنُ الدِّمَاءِ: جانوں کی حفاظت، حفاظتِ جان۔
حُقْنَةٌ: پچکاری، انجکشن۔
حُقْنَةٌ دَوَائِيَّةٌ: انجکشن۔
حَقَنَهٗ بِالدَّوَاءِ ــُـ حَقْنًا: انجکشن لگانا۔
حُقْنَةُ التَّخْدِيْرِ: سن کرنے والا انجکشن۔
مِحْقَنَةٌ: سرنج، پچکاری، انجکشن سرنج۔
اِحْتِقَانٌ: انجکشن لینا (۲) رکاوٹ، جماؤ، حبس۔
حُقْنَةٌ وَرِيْدِيَّةٌ: انٹرا وینس انجکشن۔
مُحْتَقِنٌ: مجتمع، منجمد۔
حَقَا ــُـ حَقْوًا: کوکھ پر مارنا۔
حَقْوٌ ج: حِقَاءٌ: کوکھ۔

ح .... ک

حَكَرَ ــِـ حَكْرًا وَ احْتَكَرَ الشَّيْءَ: روکنا، بلا شرکت غیرے اپنے لئے خاص کرنا۔
حَكَرَ وَاحْتَكَرَ السِّلْعَةَ: سامان کو بوقتِ گرانی فروخت کرنے کے لئے روک رکھنا۔
حَكَرَ وَاحْتَكَرَ السُّوقَ: بازار سے اشیاء کو بوقتِ گرانی فروخت کرنے کے لئے غائب کرنا۔

اِحْتِكَارٌ: ذخیرہ اندوزی، اجارہ داری (۲) روکنا، اپنے لئے خاص کرنا۔
حُكْرٌ، حَكَرٌ، مُحْتَكَرٌ: جمع کیا ہوا سامان۔
مُحْتَكِرٌ: اسٹاکسٹ۔
حَكَكٌ: چاک، کھریا۔
حَكَّ ــُـ حَكًّا: کھرچنا، رگڑنا، گھسنا، سونے وغیرہ کو گھس کر کھرا کھوٹا دیکھنا۔
ــــ جِلْدَهٗ: کھجانا۔
اِحْتَكَّ بِالحَائِطِ: دیوار وغیرہ سے ٹکرا جانا۔
اِحْتِكَاكٌ: تصادم۔
الاِحْتِكَاكُ بِالْمُتَظَاهِرِيْنَ: مظاہرین سے ٹکراؤ۔
ــــ بِالنَّاسِ: الجھنا، متصادم ہونا۔
أَحَكَّ وَاسْتَحَكَّ الجِلْدُ: جلد میں خارش ہونا، کھجلی اٹھنا۔
تَحَكَّكَ بِهٖ: ٹکر لینا، مقابلہ کرنا۔
حَكٌّ: رگڑ، گھسائی۔
حِكَّةٌ: کھجلی، خارش۔
حَكَّاكُ الأَحْجَارِ الكَرِيْمَةِ: جواہرات کو تراشنے والا، نگینہ ساز۔
مِحَكٌّ ج: مِحَكَّاتٌ: (۱) کسوٹی، تیزاب (۲) کھریا۔
حَكَمَ البِلَادَ أَوِ النَّاسَ ــُـ حُكْمًا: حکومت کرنا، حکم چلانا، اقتدار رکھنا (۲) حکم کرنا، فیصلہ کرنا۔
حَكَمَ عَلَى: کسی کے خلاف فیصلہ کرنا۔
حَكَمَ عَلَيْهِ بِالإِعْدَامِ: سزائے موت دینا، پھانسی کا حکم سنانا۔

حَكَمَ عليه بالبراءة حُكْمًا: بری قرار دینا۔
حَكَمَ له: کسی کے مفاد میں فیصلہ کرنا۔
حَكَمَ بالتَّعْوِيضِ: ہرجانہ دیے جانے کا فیصلہ کرنا۔
حَكَّمَه تَحْكِيمًا في أمرٍ: حکم بنانا (۲) حاکم بنانا (۳) ثالث بنانا۔
تَحْكِيم: فیصلہ، پنچایتی فیصلہ، ثالثی فیصلہ۔
حَاكَمَه مُحَاكَمَةً: مقدمہ لڑنا، دائر کرنا۔
حَاكَمَ أمَامَ مَجْلِسٍ عَسْكَرِيّ: فوجی عدالت میں مقدمہ دائر کرنا۔
أحْكَمَ السَّيْطَرَةَ على: قبضہ مضبوط کرنا، اچھی طرح کنٹرول کرنا۔
أحْكَمَ الشيءَ: مضبوط کرنا، کام کو ٹھیک طور پر انجام دینا۔
إحْكَام: مضبوطی، پختگی، استحکام (۲) فٹنگ (۳) ٹائٹ کرنا۔
استِحْكَامَات: استحکامات۔
تَحَكَّمَ و احْتَكَمَ في الأمْرِ: من مانی کرنا، خودمختار بن کر کام کرنا۔
احْتَكَمَ إلى أحَدٍ: کسی کے پاس مقدمہ لے جانا۔
حُكْم: (۱) حکومت واقتدار (۲) فیصلہ، عدالتی فیصلہ، حکم ج: أحْكَام۔
حُكْم: اتھارٹی، حکومت، فیصلہ۔
حُكْم اسْتِبْدَادِيّ: ظالمانہ حکومت، استبدادی حکومت، مستبدانہ حکومت، جابرانہ حکومت۔
حُكْمُ الأغْلَبِيَّة: اکثریت کی حکومت۔
حُكْمٌ بالإبْعَادِ عَنِ البَلَدِ: جلاوطنی کا فیصلہ۔
حُكْمٌ قَائِمٌ: موجودہ حکومت۔
حُكْمٌ قَضَائِيّ: رولنگ، عدالتی فیصلہ۔
حُكْمٌ مَحَلِّيّ: مقامی حکومت۔
الحُكْمُ المُطْلَق: ڈکٹیٹرانہ حکومت، مطلق العنان حکومت، خودمختار حکومت۔
حُكْمٌ مَوْقُوفُ التَّنْفِيذِ: فیصلہ جس کی تنفیذ روک دی گئی ہو، مشروط فیصلہ جو فی الحال نافذ نہ ہو۔
حُكْمٌ جِنَائِيّ: حکم سزا، عدالتی فیصلہ۔
حُكْمُ الإرْهَاب: وحشت پسندانہ حکومت۔
حُكْمٌ عُرْفِيٌّ أو عَسْكَرِيّ: مارشل لا۔
حُكْمٌ ثُنَائِيّ أو مُشْتَرَك: دو ملکوں کی مشترک حکومت واقتدار۔
حُكْمُ الحَكَمِ أو لَجْنَةِ التَّحْكِيمِ: ثالثی فیصلہ، پنچایتی فیصلہ۔
حُكْمُ الشَّخْصِ الَّذِي يَقُومُ بالتَّحْكِيمِ: ثالث یا پنچ کا فیصلہ۔
حُكْمٌ عَسْكَرِيّ: مارشل لا، فوجی حکومت۔
حُكْمٌ على مَصَايِرِ النَّاسِ: لوگوں کی قسمتوں کا فیصلہ کرنا۔
الحُكْمُ النِّهَائِيّ: آخری فیصلہ۔
الحُكْمُ بالإعْدَامِ: سزائے موت۔
الحُكْمُ بإشْهَارِ إفْلاسٍ: مفلسی کے اعلان کا فیصلہ۔
الحُكْمُ بالبَرَاءَة: بری ہونے کا فیصلہ۔
الحُكْمُ بالسَّجْنِ مَدَى الحَيَاةِ عَلَى

فُلان: کسی کو عمر قید کی سزا دینا۔
الحُكْمُ بِطَبِيعَةِ الحَال: صورتحال کے مطابق فیصلہ۔
الحُكْمُ بالقَسْوةِ والإِرْهَاب: ظلم و بربریت کا فیصلہ۔
الحُكْمُ بِوَحْيٍ مِنَ الضَّمِير: ضمیر کی آواز پر فیصلہ کرنا۔
الحُكْمُ التَّمْثِيلِيّ: نمائندہ حکومت۔
حُكْمٌ دُسْتُورِيّ: آئینی حکومت۔
الحُكْمُ الدِّيمُقْرَاطِيّ: جمہوری حکومت۔
الحُكْمُ الذَّاتِيّ: حکومتِ خود اختیاری، خودمختار حکومت، خودمختاری۔
حُكْمٌ يَشْتَمِلُ التَّنْفِيذ: واجب التنفیذ فیصلہ۔
بِحُكْمِ كَذَا: بسبب، بربنا تحت۔
بِحُكْمِ المَنْصِب: ازروے عہدہ۔
حَكَمٌ: ثالث، پنچ۔
حِكْمَدَار: (دا) حاکم شہر۔
___ البُولِيس: (دا) کوتوال۔
حِكْمَدَارِيَّة: (دا) کوتوال۔
حِكْمَة: دانشمندانہ بات، فلسفہ، دانائی، اصابتِ رائے، طب، پالیسی۔
حِكْمَة عَمَلِيَّة: پالیسی، حکمت عملی، طریقہ کار۔
بِحِكْمَة: دانشمندی، ہوشیاری سے۔
حُكُومَة: نظم ونسق، فرمانروائی، حکومت، اقتدار، گورنمنٹ، اسٹیٹ، ایڈمنسٹریشن۔
حُكُومَةٌ جُمْهُورِيَّة: ری پبلک، عوامی حکومت۔
حُكُومَةٌ مَلَكِيَّة: شہنشاہی حکومت۔
حُكُومَةٌ نِيَابِيَّة: پارلمنٹری یا نمائندہ حکومت۔
حُكُومَةُ الفَرْد: شخصی حکومت۔
حُكُومَةٌ إِتِّحَادِيَّة: وفاقی حکومت، فیڈرل گورنمنٹ۔
حُكُومَةٌ انْتِقَالِيَّة: غیر مستقل حکومت، نگران حکومت۔
حُكُومَةٌ ائتلافِيَّة: وفاقی حکومت، اتحادی حکومت۔
حُكُومَة ثَوْرِيَّة: انقلابی حکومت۔
حُكُومَة دُسْتُورِيَّة: قانونی حکومت۔
حُكُومَة رَاسِخَة: مضبوط حکومت۔
حُكُومَة شَرْعِيَّة: قانونی حکومت۔
حكومة صوريه: (العوبة فی ایدی الغیر) کٹھ پتلی حکومت
حُكُومَةُ العُمَّال: مزدوروں کی حکومت، مزدوروں کی سرکار، لیبر حکومت۔
حُكُومَةٌ عَمِيلَة: ایجنٹ حکومت۔
حُكُومَةٌ فِي المَنْفَى: جلاوطن حکومت۔
حُكُومَةٌ قَوْمِيَّة: قومی حکومت۔
الحُكُومَةُ المَحَلِّيَّة: لوکل گورنمنٹ۔
الحُكُومَةُ المَرْكَزِيَّة: سنٹرل گورنمنٹ، مرکزی حکومت۔
حُكُومَةٌ مَدَنِيَّة: سول حکومت۔
حُكُومَةٌ مَلَكِيَّة دُسْتُورِيَّة: دستوری شاہی حکومت۔
حُكُومَةٌ مِنَ اليَسَار: بائیں بازو کی حکومت۔
حُكُومَةٌ مِنَ اليَمِين: دائیں بازو کی حکومت۔

حُكُومَة مُوَقَّتَة: وقتی حکومت۔
حُكُومَة وَاقِعِيَّة: حقیقی گورنمنٹ۔
الحُكُومَاتُ المَعْنِيَّة: متعلقہ حکومتیں۔
حُكُومِيٌّ: (۱)سرکاری (۲)شاہی (۳) ریاستی،انتظامی۔
حَكِيمٌ ج: حُكَمَاء: (۱)دانشمند (۲)فلسفی (۳)طبیب (۴)دانشمندانہ۔
حَاكِمٌ ج: حُكَّام: (۱)فرماں روا،حکمراں، آفیسر (۲)گورنر (۳)جج۔
حَاكِمٌ بِأَمْرِه: (مُطْلَقُ السُّلْطَة) ڈکٹیٹر، مطلق العنان فرماں روا۔
حَاكِمٌ بِالوِرَاثَة: فرماں رواں سلاطین کے سلسلہ کارکن،موروثی حکمراں۔
حَاكِمٌ عَامّ: گورنر جنرل۔
حَاكِمٌ عَسْكَرِيّ: فوجی گورنر۔
حَاكِمٌ مُطْلَق: مطلق العنان حاکم،آزاد حکمراں،خودمختار حکمراں۔
حَاكِمٌ مُطْلَقُ السُّلْطَان: مطلق العنان فرماں روا۔
حَاكِمٌ وَطَنِيّ: قومی فرماں روا۔
إِحْكَام، اسْتِحْكَام: مضبوطی،پختگی۔
بِإِحْكَام: ٹھیک ٹھیک،مضبوطی سے۔
تَحَكُّم: خودسری،استبداد،ڈکٹیٹرشپ، اقتدار،تحکم۔
التَّحَكُّمُ فِي الأَعْصَاب: اعصاب پر کنٹرول۔
تَحَكُّمٌ فِي الأَمْر: من مانی کرنا، خودمختار بن کر کام کرنا۔
التَّحَكُّمُ فِي السُّيُول: سیلاب پر قابو پانا۔
التَّحَكُّمُ فِي شَيْءٍ: کسی چیز پر کنٹرول کرنا۔
التَّحَكُّمُ فِي النَّفْس: خود پر کنٹرول کرنا۔
تَحَكُّمِيّ: جابرانہ۔
المُتَحَكِّمُ فِي مَصِيرِ النَّاس: لوگوں کی قسمتوں کا مالک بننے والا۔
مُحْكَم: مضبوط،پختہ،درست،ٹائٹ، سخت،اٹل۔
مُحْكَمُ الإِغْلَاق: ٹائٹ۔
مُحْكَمُ السِّدَاد: مضبوط بند کیا ہوا،پختہ بند کیا ہوا۔
مُحْكَمًا: اچھی طرح۔
مَحْكَمَة ج: مَحَاكِم: عدالت، کچہری،کورٹ، ٹریبونل۔
مَحْكَمَة وَطَنِيَّة: قومی عدالت،ملکی عدالت۔
مَحْكَمَة مُخْتَلِطَة: ملکیوں اور غیر ملکیوں کی مشترک عدالت،مخلوط عدالت۔
مَحْكَمَة مَدَنِيَّة: سول کورٹ۔
مَحْكَمَةُ الجِنَايَات: عدالتِ فوجداری جس میں جرائم کبیرہ کے مقدمات پیش ہوتے ہیں۔
مَحْكَمَة جُزْئِيَّة: سمری کورٹ،ماتحت عدالت، عدالتِ خفیفہ جس میں معمولی مقدمات پیش ہوتے ہیں۔
مَحْكَمَة جِنَائِيَّة: عدالت فوجداری جس میں جرائم کے مقدمات پیش ہوتے ہیں۔

مَحْكَمَةُ الجِنَايَاتِ العُلْيَا: اعلیٰ فوجداری عدالت۔

مَحْكَمَةُ العَدْلِ الدُّوَلِيَّة: بین الاقوامی عدالت۔

مَحْكَمَةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی عدالت (کورٹ مارشل)۔

مَحْكَمَةٌ عَلَنِيَّة: کھلی عدالت۔

المَحْكَمَةُ العُلْيَا: سپریم کورٹ۔

مَحْكَمَةُ الاِسْتِئْنَاف: عدالتِ بالا، اپیل کورٹ، کورٹ آف اپیل، ہائی کورٹ۔

مَحْكَمَةُ الاِسْتِئْنَافِ العُلْيَا: سپریم کورٹ، ہائی کورٹ آف اپیل۔

مَحْكَمَةُ التَّحْكِيم: خودمختار عدالت، ثالثی فیصلہ کی عدالت۔

مَحْكَمَةُ الثَّوْرَة: انقلابی عدالت۔

مَحْكَمَةُ الجَزَاء او الحُقُوق: عدالتِ دیوانی جس میں مال وغیرہ کے مقدمات پیش ہوتے ہیں۔

مَحْكَمَةُ النَّقْضِ والإِبْرَام: عدالتِ مرافعہ، عدالت عالیہ۔

مَحْكَمَةٌ ابتدائِيَّة: ابتدائی عدالت۔

مُحَاكَمَة: (۱) مقدمہ (۲) سماعتِ مقدمہ، مقدمہ چلانا۔

مُحَاكَمَةٌ سِرِّيَّة: خفیہ مقدمہ۔

مُحَاكَمَةٌ قَانُونِيَّة: قانونی چارہ جوئی۔

مُحَاكَمَاتٌ عَاجِلَة: فوری مقدمات۔

مَحَاكِمُ الأَحْوَالِ الشَّخْصِيَّة: پرسنل لاء کورٹ۔

المُحْتَكِمُ إِلَى: اپیل کنندہ۔

حَكَى ــِ حِكَايَةً: نقل کرنا، بیان کرنا، ترجمانی کرنا۔

___ عليه: شکایت کرنا، چغلی کرنا۔

___ و حَاكَاهُ مُحَاكَاةً: مشابہ ہونا، تقلید کرنا، نقل اتارنا، نقش قدم پر چلنا۔

حِكَايَة ج: حِكَايَات: کہانی، قصہ، روایت، اسٹوری۔

حَاكٍ: (۱) ناقل (۲) فوٹوگراف، گرامفون۔

مُحَاكَاة: نقل، نقل اتارنا، کاپی کرنا۔

ح.........ل

حَلّ: (در حلل)۔

حَلَبَ ــُ حَلَبًا و احْتَلَبَ و اسْتَحْلَبَ حيوانًا: دوہنا، دودھ نکالنا۔

اِسْتَحْلَبَ الشيءَ: فائدہ اٹھانا۔

تَحَلَّبَ: بہنا، ٹپکنا۔

حَلَبَ اللُّعَابُ في الفَم: منھ میں پانی آنا۔

حَلَبُ: ملک شام کا مشہور شہر۔

حَلْبَةٌ: ایک دفعہ دوہنا (۲) ریس کورس، گھوڑ دوڑ کا میدان۔

حَلَّاب۔ م: حَلَّابَة: گوالا، گوالن، دودھ دوہنے والا، والی۔

حِلَابَة و مَحْلَب (لِبَانَة، مَلْبَنَة): ملک ڈیری، دودھ کا کارخانہ، جہاں دودھ اور اس سے متعلقہ اشیاء تیار ہو کر فروخت ہوتی ہیں۔

حَلِيب و حَلَب: دودھ۔

حَلِيبُ اللَّوْز: شیرہ بادام۔

مُسْتَحْلَب: (۱) دودھ (۲) شیرہ۔

حَلَجَ ـُـ حَلْجًا: روئی پننا، دھنکنا۔
حَلْج: پنائی، دھنائی۔
حَلَّاجُ القُطْن: روئی دھننے والا۔
مَحْلَجُ القُطْن: روئی دھننے کا کارخانہ (دَارُ الحِلاجَة)۔
مِحْلَج، مِحْلَجَة: روئی دھننے کا تانت یا مشین۔
مَحْلَجَة: روئی کی دھنائی کا کارخانہ۔
حِلَاجَة: روئی دھننے کا کام یا پیشہ۔
حَلَزُونَة: پیچ دار بیل۔
حَلَزُونِي: پیچ دار۔
سُلَّمٌ حَلَزُونِي: پیچ دار زینہ۔
حَلِسَ بِالمَكَانِ ـَـ حَلَسًا: مقیم ہونا، قیام کرنا۔
حِلْسٌ ج: أَحْلَاس: ٹاٹ وغیرہ جو فرش کے نیچے بچھایا جاتا ہے۔
أَحْلَسُ: سرخ و سیاہی مائل، گنجے سر کا۔
حَلَفَ بِهِ ـِـ حَلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَة: قسم کھانا، حلف اٹھانا۔
حَلَفَ كِذْبًا: جھوٹی قسم کھانا۔
حَلَّفَه و اسْتَحْلَفَه: قسم دلانا، حلف اٹھوانا۔
تَحْلِيف: حلف برداری۔
حَالَفَه مُحَالَفَةً: عہد کرنا، معاہدہ کرنا، مدد کرنا۔
حَالَفَهُ التَّوْفِيقُ مُحَالَفَة: توفیق شاملِ حال ہونا، کامیابی کا قدم چومنا۔
مُحَالَفَة: پیکٹ، عہد و پیمان۔
تَحَالُف: پیکٹ، اتحاد، باہمی معاہدہ، گٹھ جوڑ، متحدہ محاذ۔
التَّحَالُفُ مَعَ: کسی کے ساتھ پیکٹ، گٹھ جوڑ۔
التَّحَالُفُ مِنْ أَجْلِ التَّقَدُّم: معاہدہ برائے ترقی۔
تَحَالُفُ وِلَايَات: کنفیڈریشن۔
حَلْفٌ ج: أَحْلَاف: قسم، عہد، معاہدہ۔
حِلْفٌ (۱) و حَلِيف و مُحَالِف: معاہد، اتحادی، دوست، ساتھی ج: أَحْلَاف و حُلَفَاء۔
حِلْف: (۲) کنفیڈریشن، معاہدہ، پیکٹ ج: أَحْلَاف۔
حِلْفٌ عَسْكَرِيّ: فوجی معاہدہ، گٹھ جوڑ۔
الحِلْفُ الأَطْلَسِي: اٹلانٹک پیکٹ۔
حِلْفٌ ثُلَاثِيّ: سہ فریقی معاہدہ۔
حِلْفٌ دِفَاعِيّ: دفاعی معاہدہ، دفاعی اتحاد۔
حِلْفُ شَمَالِ الأَطْلَنْطِي: شمالی اٹلانٹک معاہدہ۔
الحِلْفُ المُقَدَّس: مذہبی معاہدہ۔
حَلَفَ اليَمِينَ كَوَزِيرٍ ـِـ حَلْفًا: بحیثیت وزیر حلف اٹھانا۔
مُحَلِّف: حلف اٹھوانے والا۔
هَيْئَةُ المُحَلَّفِين: جیوری، ججوں کی جماعت۔
لَجْنَةُ المُحَلَّفِين: جیوری، ججوں کی جماعت۔
هَيْئَةُ المُحَلَّفِينَ الاتِّهَامِيَّة: اہم اور بڑی جماعت ججوں کی، غیر معمولی جیوری۔
هَيْئَةُ المُحَلَّفِينَ القَاصِيَة: معمولی جیوری۔
أَعْضَاءُ لَجْنَةِ التَّحْلِيف: ممبران

جیوری۔

حَلَقَ ۔ حَلْقًا و تَحْلاقًا، و حِلاقًا و حِلاقَةً: مونڈنا، بال اتارنا، شیو بنانا۔

حَلَّقَ الشَّيْءَ: حلقہ دار بنانا۔

حَلَّقَ عَلَيهِ: گھیرا ڈالنا، احاطہ کرنا۔

حَلَّقَ تَحْلِيقًا: منڈلانا، چکر لگانا۔

حَلْقَةٌ: سرکل ج: حَلَقَاتٌ۔

حَلْقَةُ بَحْثٍ: سیمینار۔

حِلاقَةٌ: بال بنانے کا پیشہ۔

حَلَّاقَةٌ: سیفٹی ریزرو۔

تَحْلِيقٌ: اڑان، پرواز۔

تَحْلِيقُ الطَّائِرَةِ: جہاز کا منڈلانا۔

تَحْلِيقُ الطَّائِرَةِ فِي سَمَاءِ المَطَارِ: ہوائی اڈہ پر جہاز کا منڈلانا۔

تَحْلِيقَاتٌ: اڑانیں، پروازیں۔

حَلْقُ الشَّعْرِ: حجامت، شیونگ۔

حَلَقَةٌ ج: حَلَقَاتٌ: (۱) گھیرا (۲) چھلا (۳) دائرہ (۴) لوگوں کی جماعت (۵) زنجیر کا کڑا۔

حَلْقَةُ القُطْنِ: روئی کی منڈی۔

حَلْقِيٌّ: گول، دائرہ نما، حلقہ نما۔

حَلَّاقٌ: حجام، نائی۔

المِحْلاقُ: بال کاٹنے کی مشین۔

حِلاقَةٌ: پیشہ حجامت۔

فُرْشَةُ الحِلاقَةِ: شیونگ برش۔

حَلِيقٌ، مَحْلُوقُ اللِّحْيَةِ: داڑھی منڈا۔

حَالِقٌ (مِنَ الجِبَالِ): بلند، بلند جگہ ج: حَلَقَةٌ۔

مِحْلَقَةٌ ج: مَحَالِقُ: سیفٹی ریزر (۲) بال اتارنے کی مشین۔

حُلْقُومٌ ج: حَلاقِيمُ: حلق، گلا۔

حَلِكَ ۔ حُلُوكًا و حُلُوكَةً، و حَلَكًا و احْلَوْلَكَ: بے حد سیاہ ہونا، رات کا تاریک ہونا، گھٹاٹوپ اندھیرا چھانا۔

حَلَكٌ و حُلْكَةٌ: رات کی سیاہی، تاریک۔

حَلِكٌ، حَالِكُ السَّوَادِ: سیاہ ترین۔

حَلِكٌ، حَالِكُ الظَّلامِ: تاریک ترین۔

حَلَّلَ الأَمْرَ تَحْلِيلاً: (۱) جائز قرار دینا، حلال کرنا (۲) تجزیہ کرنا یعنی کسی چیز کے اصل اجزاء معلوم کرنا۔

حَلَّلَ البَوْلَ: پیشاب کا ٹیسٹ کرنا۔

حَلَّلَ مِنْ ذَنْبٍ: بری کرنا۔

حَلَّلَ اليَمِينَ: قسم کا کفارہ دینا۔

حَلَّلَ الذَّرَّةَ: آئیٹم کا تجزیہ کرنا۔

حَلَّلَ الوَرَمَ: ورم کو زائل کرنا۔

المُحَلِّلُ: تجزیہ کنندہ۔

المُحَلِّلُ السِّيَاسِيُّ: سیاسی مبصر۔

حَلَّ العُقْدَةَ ۔ حَلًّا: گرہ کھولنا۔

حَلَّ المُعَقَّدَ: الجھی ہوئی چیز کو سلجھانا۔

حَلَّ: (۱) چھوڑنا (۲) اترنا، مقیم ہونا (۳) رہا کرنا (۴) ختم کرنا (۵) اجزاء کھولنا (۶) پگھلانا (۷) برخواست کرنا، تحلیل کرنا۔

حَلَّ المَسْأَلَةَ أَوِ اللُّغْزَ: کسی مسئلہ یا معمہ کا حل نکالنا، حل کرنا۔

حَلَّ الرَّمْزَ: اشارہ کو سمجھ لینا۔

حَلَّ الشَّرِكَةَ أَوِ المَجْلِسَ: کمپنی یا مجلس کو ختم کرنا، توڑنا۔

حَلَّ الوِزَارَةَ: وزارت توڑنا۔

حَلَّ بالمَكَان: مقیم ہونا۔
حَلَّ مَحَلَّه: قائم مقام ہونا۔
حَلَّ به الأمْرُ: مصیبت نازل ہونا۔
حَلَّ الدَّيْنُ: قرض کی ادائگی کا وقت آجانا، مدت پوری ہونا۔
حَلَّ اللَّوْنُ: رنگ اڑجانا۔
حَلَّ الشِّتَاءُ أو الصَّيْفُ: سردی یا گرمی کا موسم آجانا۔
حَلَّهُ من كذا: رہا کرنا۔
حَلَّهُ من ذَنْبٍ: بری کرنا۔
حَلٌّ من خَطِيْئَةٍ: معافی، براءت۔
حَلُّ الأزْمَةِ بالوَسَائِلِ الدِّبْلُومَاسِيَّة: ڈپلومیٹک ذرائع سے مسئلہ کا حل نکالنا۔
حَلٌّ بَدِيْلٌ: متبادل حل۔
حَلُّ البَرْلَمَان: پارلیمینٹ توڑدینا۔
حَلٌّ جِذْرِيّ: بنیادی حل۔
حَلُّ الجَمْعِيَّةِ التَشْرِيْعِيَّة: قانون ساز اسمبلی کو برخاست کرنا۔
حَلٌّ سِلْمِيّ: پرامن حل۔
حَلُّ شَرِكَةٍ: کمپنی توڑنا۔
حَلُّ العُقْدَةِ المُسْتَعْصِيَة: انتہائی پیچیدہ مسئلہ کا حل۔
حَلَّ عليه ضَيْفًا ـُ حُلُولاً: مہمان بننا۔
حَلٌّ لِلْقَضِيَّة: مسئلہ کا حل۔
حَلُّ مَجْلِسِ النُّوَّاب: پارلیمینٹ توڑدینا۔
حَلُّ [illegible]ع: اختلاف ختم کرنا۔
حَلَّ النِفْطُ مَحَلَّ السِّلاح: پٹرول نے ہتھیاروں کی جگہ لے لی۔
حَلٌّ وَسَطٌ: درمیانی حل۔

حَلَّ ـِ حَلالاً: حلال ہونا، جائز ہونا۔
اِحْتَلَّ بالمَكَان: جگہ لینا، قبضہ لینا۔
اِحْتِلال: قبضہ۔
أحَلَّهُ إحْلالاً: اتارنا، مقیم کرنا (۲) حلال وجائز کرنا۔
أحَلَّ السَّلامَ: امن قائم کرنا۔
إحْلالُ شَخْصٍ مَحَلَّ آخَر: کسی کو دوسرے کے قائم مقام بنانا۔
إنْحِلاَل: (۱) کھل جانا، اجزاء الگ الگ ہونا (۲) ڈھیلا ہونا (۳) جوڑ یا گرہ کھل جانا (۴) ختم ہونا (۵) پگھلنا۔
إنحِلال: (۱) ڈھیلا پن، سستی، کمزوری، بگاڑ، دھیما پن، خرابی، زوال، گراوٹ، انتشار۔
انْحِلالُ الحِزْب: پارٹی کا ختم ہوجانا۔
تَحْلِيْلِيّ: تجزیاتی۔
مُنْحَلّ: روبہ زوال، روبہ انحطاط، ختم شدہ۔
تَحَلُّل: انتشار، کمزوری۔
تَحَلَّلَ مِنَ اليَمِيْن: قسم سے بری ہونا، پوری کردینا۔
تَحَلُّلُ السَّفَرِ بِأحَد: سفر در پیش ہونا۔
تَحَلُّلُ السُّلْطَة: کنٹرول کا کمزور ہونا۔
التَحَلُّلُ مِنَ العَوَاطِف: جذبات سے الگ ہونا۔
اسْتِحْلال: حلال وجائز سمجھنا۔
حَلٌّ ج: حُلُول: (۱) تدبیر (۲) تجزیہ (۳) رہائی (۴) خاتمہ (۵) براءت۔
حِلٌّ و حِلَّة: جواز۔
حَلَّة: ڈھکن وار دیگچی۔

حُلُول: قیام، قائم مقامی، امتزاج۔
حُلُولٌ بَدِیلَة: متبادل حل و: حَلّ۔
حُلُولٌ نَاجِحَة: کامیاب حل۔
حُلَّة: سوٹ، کپڑوں کا جوڑ ج: حُلَل۔
حَلِیلٌ: خاوند ج: أَحِلَّاء۔
حَلِیلَةٌ ج: حَلَائِل: بیوی۔
إِحْلِیلٌ: پیشاب کی نالی ج: أَحَالِیلُ۔
مَحَلٌّ ج: مَحَالّ: جگہ، مرکز، مقام، اسٹور ج: مَحَلَّات۔
مَحَلُّ الْأَزْیَاء: فیشن ہاؤس۔
مَحَلُّ الإِقَامَةِ: رہائش گاہ، قیام گاہ، جائے بود و باش، مستقل سکونت کی جگہ، جائے قیام۔
مَحَلُّ بَیْعِ الْعُطُور: پرفیومری، عطر فروش کی دکان۔
مَحَلٌّ تِجَارِیّ: دوکان، منڈی، تجارتی مرکز ج: مَحَلَّات۔
مَحَلُّ حِلَاقَة: ہیرکٹنگ، سیلون۔
مَحَلُّ غَسِیلِ الْمَلَابِس: لانڈری۔
مَحَلُّ نَوْم: برتھ، خواب گاہ۔
مَحَلِّیٌّ: مقامی، علاقائی، لوکل۔
فی مَحَلِّه: ٹھیک، مناسب، برمحل۔
مَحَلِّیَّة: مقامیت۔
مَحَلَّة ج: مَحَلَّات: پارک، قیام گاہ، رہائش گاہ، محلہ، شہر کا ایک حصہ۔
مَحْلُول: پگھلا ہوا، کھلا ہوا، ڈھیلا، سلوشن۔
مَحْلُولُ الظَّهْر: ہیجڑا، نامرد۔
حَلَمَ بِکَذا ـُ حُلْمًا و حُلُمًا: خواب دیکھنا۔

حَلَمَ و احْتَلَمَ: بالغ ہونا۔
حَلُمَ ـُ حِلْمًا: بردبار ہونا، متحمل مزاج ہونا، سلیم الطبع ہونا، دور اندیش ہونا۔
حُلْمٌ ج أَحْلَام: (۱) خواب (۲) بلوغ۔
أَحْلَامٌ خِیَالِیَّة: خیالی پلاؤ۔
عَالَمُ الأَحْلَام: خوابوں کی دنیا۔
حُلْمِیٌّ: خواب سے متعلق۔
حِلْمٌ: صبر وتحمل، دوراندیشی۔
حَلَمَة ج: حَلَم: (۱) سرِ پستان، تھن کی نوک (۲) چیچڑی۔
حَلَمَةُ الأُذُن: کان کی لو۔
حَلِیمٌ: متحمل، صابر، دوراندیش ج: حُلَمَاء۔
حَلَا وحَلَاـُ و حَلِیَ ـَ حَلَاوَةً: (۱) شیریں ہونا (۲) مزیدار ہونا۔
حَلِیَ فِی الْعَیْن: آنکھ کو بھانا، خوشنما معلوم ہونا۔
حَلَّی تَحْلِیَةً: (۱) شیریں بنانا (۲) مزیدار بنانا (۳) خوبصورت بنانا (۴) مزین کرنا (۵) زیور پہنانا۔
اسْتَحْلَاء: میٹھا پانا، میٹھا سمجھنا، پسند کرنا، لطف اندوز ہونا۔
حُلْوٌ: مزیدار، شیریں، خوبصورت (ضد مُرّ و مَالِح و حَامِض)۔
حُلْوُ الشَّمَائِل: شیریں اخلاق۔
حَلْوَاء، حَلْوی، حَلَاوَة: مٹھائی ج: حَلَاوَی (وا) حُلْوِیَّات۔
حُلْوِیَّات: (وا) مٹھائیاں۔
حُلْوَان: نذرانہ، بخشش، کاہن کی اجرت۔
حَلْوَانِیّ و حَلْوَائِیّ: حلوائی، مٹھائی ساز،

مٹھائی فروش، بیکری والا۔
حَلّٰی ۔ حَلْیًا و حَلّٰی تَحْلِیَةً: مزین کرنا، آراستہ کرنا، زیور پہنانا، میٹھا کرنا۔
حَلِیَتِ الْمَرْأَۃُ ۔ حَلْیًا: زیور پہنانا، آراستہ ہونا۔
حَلْیٌ، حِلْیَة ج: حُلِیٌّ: زیور، آرائشی سامان۔

ح .... م

حَمَأَ الْبِئْرَ والتُّرْعَةَ ۔ حَمْأً: کنویں یا نہر کو صاف کرنا۔
حَمِئَ عَلَیْه ۔ حَمَأً: ناراض ہونا۔
۔۔ الْمَاءُ: کیچڑ دار ہونا، کیچڑ ہونا۔
حَمْأَۃٌ: کیچڑ، خراب مٹی۔
حَـمَـا (حـمـو) حـمـام (حـمـم) حَـمَـاہ (در حـمـو): ۔
حَمْحَمَ الْحِصَانُ: ہنہنانا، بولنا۔
حَمِدَ ۔ حَمْدًا: تعریف کرنا، سراہنا، شکر کرنا۔
حَـمِـیْـدٌ، مَـحْـمُـوْدٌ: لائقِ تعریف، قابلِ تعریف۔
حَمِیْدُ السُّمْعَة: نیک شہرت آدمی، نیک نام۔
حَـامِـدٌ و حَـمُـوْدٌ: شاکر، شکرگزار، تعریف کنندہ۔
حَمَّرَ تَحْمِیْرًا: سرخ بنانا، لال رنگنا، سرخ کرنا (د) بھوننا، تلنا۔
إِحْمَارَ التَّنُّوْرُ: تنور گرم کرنا۔
احْمِرَارٌ: سرخ ہونا، شرمندگی کی وجہ سے سرخ ہونا۔
حُـمْـرَۃٌ: سرخی، چہرے اور ہونٹوں پر لگانے کی سرخی۔
حِمَارٌ ج: حَمِیْرٌ: گدھا۔
حِمَارُ الْوَحْشِ: جنگلی گدھا۔
حِمَارَۃٌ: گدھی۔
حَمَّارٌ: گدھے والا۔
أَحْمَرُ: لال، سرخ۔
أَحْمَرُ الشِّفَاہ: لپ سٹک۔
أَحْمَرُ قَانٍ: تیز سرخ۔
أَحْمَرُ وَرْدِیّ: گلابی، سرخ گلابی۔
أَحْمَرُ قَرَنْفُلِیّ: پیازی رنگ۔
مُحَمَّرٌ: (د) تلا ہوا، بھنا ہوا۔
حَمَزَ اللِّسَانَ ۔ حَمْزًا: چرچرانا۔
حَمُزَ ۔ حَمَازَۃً: چرچرا ہونا۔
حَامِزٌ: چٹپٹا، چرچرا۔
حَمَّسَ تَحْمِیْسًا: برانگیختہ کرنا، اکسانا۔
حَمَّسَ الْحَبَّ: دانے بھوننا۔
حَـمِـسَ ۔ حَمَسًا: برانگیختہ ہونا، مشتعل ہونا، جوش میں آنا، بھننا۔
حَـمُـسَ ۔ حَمَاسَةً: جوشیلا ہونا، دلیر ہونا، پھرتیلا ہونا۔
تَحَمُّسٌ: پرجوش ہونا۔
التَّـحَـمُّـسُ لِلْفِكْرَة: نظریہ کا پرجوش حامی ہونا۔
حَـمِـسٌ، أَحْمَـسُ: غیور، غیرتمند، جوشیلا، پھرتیلا۔
حَمَاسٌ، حَمَاسَةٌ: جوش، غیرت، دلیری۔
حَمَاسِیٌّ، مُتَحَمِّسٌ: جوشیلا، مشتعل مزاج۔
مُـحَـمِّـسٌ: اشتعال انگیز، جوش دلانے والا۔
حَمَشَ ۔ حَمْشًا: جوش دلانا، ناراض کرنا۔
حَمَّصَ تَحْمِیْصًا: بھوننا، سینکنا۔

حَمَّصَ الخُبْزَ وغیرہ: ٹوسٹ یا روٹی سینکنا۔
حِمَّصٌ و: حِمَّصَةٌ: چنا۔
مُحَمَّصٌ: بھنا ہوا، سینکا ہوا۔
حَمَضَ ـُ حَمْضًا و حَمِضَ ـَ حَمَضًا و
حَمُضَ ـُ حُمُوضَةً: کھٹا ہونا، ترش
ہونا۔
حَمَّضَ تَحْمِيضًا: ترش بنانا، کھٹا کرنا۔
حَامِضٌ: ترش، کھٹا، کھٹی چیز۔
حَامِضُ الكِبْرِيتِ: سلفر ایسڈ۔
حُمُوضَة: ترشی، کھٹائی۔
حُمَيْض: ہلکا سا ترش، پھیکا۔
حَمُقَ ـُ حُمْقًا و حَمَاقَةً، و حَمَقًا:
بیوقوف ہونا۔
حَمَّقَه: بیوقوف بنانا، بیوقوف ٹھہرانا۔
حُمْقٌ و حَمَاقَةٌ: بیوقوفی۔
حَمَلَ ـِ حَمْلًا و حُمْلَانًا: اٹھانا، سہارا دینا،
بوجھ لادنا۔
حَمَلَه على الأمْرِ: اکسانا، آمادہ کرنا۔
حَمَلَ عليه: حملہ کرنا، ہلہ بولنا۔
حَمَلَ عَلىٰ عَاتِقِه: بوجھ ڈالنا، ذمہ داری عائد
کرنا، ذمہ داری لینا۔
حَمَلَ الشَّجَرُ: درخت کا پھل دار ہونا۔
حَمَلَتِ الأنْثیٰ: عورت یا مادہ کا حاملہ ہونا۔
حَمَّلَ تَحْمِيلًا: لادنا، بوجھ ڈالنا۔
احْتَمَلَ و تَحَمَّلَ: برداشت کرنا، وقت
اٹھانا، صبر کرنا، مشقت اٹھانا۔
تَحَمُّلُ الالْتِزَام: پابندی قبول کرنا،
ذمہ داری قبول کرنا۔
تَحَمُّلُ المَسْئُولِيَّات لكذا: ذمہ داریاں
سنبھالنا۔
تَحَمُّلُ المَصَارِيف: خرچ اٹھانا۔
تَحَمُّلُ النَّتَائِج: نتائج کا ذمہ دار ہونا۔
تَحَمُّلُ النَّفَقَات: اخراجات برداشت
کرنا۔
تَحْمِيلُ الأمَانَة: ذمہ داری ڈالنا۔
احْتِمَال: چانس، ممکنہ صورت، امکان
ج: احْتِمَالات۔
تَحَامَلَ على: ظلم کرنا، زیادتی کرنا۔
التَحَامُلُ على أحَدٍ: سہارا لینا۔
التَحَامُل عَلَى النَّفْس: خود کو سنبھالنا،
اپنے اوپر ظلم کرنا۔
يُحْتَمَلُ، مُحْتَمَل: (۱) قابلِ برداشت
(۲) ممکن، امکان ہے، غیر یقینی، متوقع۔
لا يُحْتَمَل: نا قابلِ برداشت۔
حَمْلٌ ج: أحْمَال: (۱) بوجھ، بار (۲) پھل۔
حَمْلُ الأخْبَارِ لِفُلان: کسی کو خبریں پہنچانا۔
حَمْلُ الرِّسَالَةِ الى فُلان: کسی کو پیغام
پہنچانا۔
حَمْلُ السِّلاح: ہتھیار اٹھانا، لیکر چلنا۔
حَمَّلَهُ مَسْئُولِيَّة كذا تَحْمِيلًا: ذمہ داری
ڈالنا۔
حَمْلَةٌ: مہم ج: حَمَلات۔
الحَمْلَةُ الإذَاعِيَّة: نشریاتی مہم۔
حَمْلَةُ الإعْدَامَات: پھانسیوں کی مہم۔
حَمْلَةُ اعْتِقَالات: نظر بندی مہم، گرفتاری مہم۔
حَمْلَةُ إعْلامِيَّة: پروپیگنڈہ، نشریاتی مہم۔
حَمْلَةٌ إعْلانِيَّة: اشتہاری مہم۔
حَمْلَةٌ انْتِخَابِيَّة: انتخابی مہم۔

حَمْلَةٌ دِبْلُو مَاسِيَّة: ڈپلومیٹک مہم۔
حَمْلَةٌ دِعَائِيَّة: پروپیگنڈہ مہم۔
حَمْلَةُ سَلَامٍ: امن مہم۔
حَمْلَةٌ سِيَاسِيَّةٌ: سیاسی مہم۔
حَمْلَةٌ ضِدَّ أَحَدٍ: کسی کے خلاف مہم۔
حَمْلَةٌ عَسْكَرِيَّةٌ: فوجی حملہ، فوجی مہم۔
حَمْلَةٌ مُنَاهِضَةٌ: کسی کے خلاف مہم۔
حَمْلَةٌ نَفْسِيَّةٌ: نفسیاتی مہم، حملہ۔
حَمَلَاتٌ أَجْنَبِيَّةٌ: بیرونی حملے۔
الحَمَلَاتُ الحُرَّةُ: آزادانہ مہمیں، آزادانہ حملے۔
حَمَلَاتٌ صَحَفِيَّةٌ: صحافتی حملے۔
حُمُولَةٌ: سامان جہاز وغیرہ پر لدا ہوا۔
الحُمُولَةُ المُسَجَّلَةُ: رجسٹرڈ لوڈ، رجسٹرڈ کیا ہوا سامان۔
حِمْلٌ: بوجھ، لدان، لدا ہوا سامان، لوڈ، وزن (۲) پھل ج: أَحْمَالٌ۔
حَمَّالٌ: قلی ج: حَمَّالُونَ، حَمَّالِينَ۔
حِمَالَةٌ و حَمَّالَةُ القَنْطَرَةِ: پل کے ستون۔
حَمِيلٌ: پیٹ کا بچہ۔
حَامِلٌ: اٹھانے والے، صاحب، حاملہ۔
حَامِلُ بُولِيسَةٍ: پالیسی ہولڈر، صاحب معاہدہ (بیمہ)۔
حَامِلُ الحَرْفِ: (ٹائپ رائٹر میں) ٹائپ بار۔
حَامِلُ الحَقِيبَةِ الدِّبْلُومَاسِيَّةِ: سفارتی نامہ بر، سفارتی ہرکارہ۔
حَامِلُ الرَّسَائِلِ: نامہ بر، بردار۔
حَامِلُ السَّنَدِ: باؤنڈ ہولڈر، مالی استحقاق کی سند رکھنے والا۔
حَامِلُ الشَّرِيطِ (فِي الآلَةِ الكَاتِبَةِ): ربن کیریر۔
حَامِلُ شَهَادَةٍ جَامِعِيَّةٍ: گریجویٹ، اعلیٰ تعلیم یافتہ۔
حَامِلُ شِيكٍ: چیک بردار، ہولڈر۔
حَامِلُ طَائِرَاتٍ: طیارہ بردار جہاز۔
حَامِلُ العَلَمِ: پرچم بردار، بینر بردار۔
حَامِلُ المُرَاسَلَاتِ: نامہ بر، نامہ بردار۔
حَامِلَةُ صَوَارِيخَ: راکٹ بردار جہاز۔
مَحْمِلٌ ج: مَحَامِلُ: ڈولی، پالکی۔
مُحَمَّلٌ: بھاری، بوجھل، لدا ہوا۔
مَحْمُولٌ: بلند (۲) قابل برداشت۔
—— المَرْكَبِ: گاڑی کا لوڈ، سواری کا وزن۔
مُحْتَمَلٌ: اغلب۔
مِنَ المُحْتَمَلِ كَذَا: اغلب ہے کہ......
حَمْلَقَ فِيهِ حَمْلَقَةً: آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا، تیز نظروں سے دیکھنا۔
حَمَّمَ تَحْمِيمًا: غسل دینا، دھونا۔
حَمَّ ـُ حَمًّا و أَحَمَّ: گرم کرنا۔
حُمَّ الرَّجُلُ حُمَّى: بخار میں مبتلا ہونا۔
حُمَّ القَضَاءُ: قضا آنا۔
حُمَّ الأَمْرُ: کسی کام کا فیصلہ کیا، طے کیا گیا۔
حَمَّ ـَ حَمَمًا: کالا ہونا۔
اسْتَحَمَّ و تَحَمَّمَ: غسل کرنا۔
حُمَمٌ: کوئلہ، لاوا جو آتش فشاں پہاڑ سے نکلتا

ہے۔
حَمَامٌ و: حَمَامَةٌ: کبوتر۔
الحَمَامُ الزَّاجِل أو الرَّسَائِلِيُّ: نامہ بر کبوتر۔
حَمَّامٌ ج: حَمَّامَات: (۱) غسل خانہ (۲) غسل کی ٹب (۳) غسل۔
حِمَامٌ حِمَة، حِمَّة: موت۔
حُمَةٌ: ڈنک، کانٹا۔
حَمَّةٌ: گرم پانی کا فوارہ۔
حُمَّةٌ: سیاہی۔
حُمَّى ج: حُمَّيَات: بخار۔
حَمِيمٌ: رشتہ دار، دوست ج: أَحِمَّاء۔
أَحَمُّ: سیاہ۔
مِحَمٌّ: کولڈرن۔
مَحْمُوم: گرم، بخار میں مبتلا۔
حَمُوٌ، حَمٌ، حَمَا: خسر (شوہر یا بیوی کا باپ)۔
حَمْوٌ و حُمُوٌّ: گرمی، سخت گرمی۔
حَمَاةٌ: خوشدامن، ساس (شوہر یا بیوی کی ماں)۔
حَمَى ــِ حَمْيًا و حِمَايَةً: (۱) حفاظت کرنا (۲) بیمار کو پرہیز کرانا (۳) چھپانا۔
حَمِيَ ــَ حُمُيًّا: گرم ہونا۔
غَضَبُهٗ: غصہ بڑھنا۔
حَمَّى تَحْمِيَةً و أَحْمَى: گرم کرنا، مشتعل کرنا، جوش دلانا۔
حَامَاهُ عن مُحَامَاةً: مدافعت کرنا، دفاع کرنا، حمایت کرنا، وکالت کرنا۔
اِحْتَمَى عَنْ: بچنا، محفوظ رہنا، پرہیز کرنا۔
تَحَامَى الشَّيْئَ و الأَمْرَ: دور رہنا، بچنا، کنارہ کش ہونا۔
حِمًى: حفاظت، حفاظت گاہ۔
حُمَيًّا: گرمی، تیزی، طمازت، تپش، حدت، ہیٹ۔
حَمِيَّة: غیرت، جوش، ہیجان، اشتعال۔
حِمْيَة: پرہیز، احتراز۔
طَعَامُ الحِمْيَة: پرہیزی کھانا۔
حِمَايَة: حفاظت، نگرانی، حراست، پشت پناہی۔
حِمَايَةُ الأَرْوَاح: جانوں کی حفاظت۔
حِمَايَةُ المَصَالِح: مفادات کی حفاظت۔
حِمَايَةٌ دُوَلِيَة: بین الاقوامی نگرانی۔
حَام: محافظ، پہرہ دار (۲) گرم (۳) تیز بمعنی قوی تِبغ حَام: تیز تمباکو۔
حَامِي الطَّبْع: مشتعل مزاج۔
حَامِي الوَطِيس: سخت، شدت کا، گرما گرم، انتہائی گرم۔
حَامِيَة ج: حَوَامٍ: حفاظتی دستہ، محافظوں کی جماعت، قلعہ کے پہرہ دار، قلعہ یا شہر کی محافظ فوج۔
مُحَام: طرفدار، حمایتی۔
شَرْعِيّ: قانون داں، وکیل، بیرسٹر۔
مُحَامَاة: (۱) طرفداری (۲) دفاع (۳) وکالت، بیرسٹری، قانون دانی۔
المُحَامِي: وکیل، ایڈووکیٹ، بیرسٹر۔
المُحَامِي العَام: ایڈوکیٹ جنرل۔
المُحَامِي فِي المَحَاكِم العُلْيَا: بیرسٹر۔
المُحَامِي عَنْ فُلَان: فلاں کا وکیل۔

اَلْمُحَامِي الْمُنْتَدَب: وکیلِ مختار۔
اَلْمَحْمِيُّ عنه: حمایت یافتہ۔
اَلْمَحْمِيُّ: بیڑ، محفوظ۔
مَحْمِيَّةٌ: علاقہ محروسہ ج: مَحْمِيَّات۔

ح..........ن

حَنَّ: (در حنن)۔
حَنَّأَ تَحْنِئَةً: مہندی لگانا، مہندی سے رنگنا۔
حِنَّاءٌ: مہندی۔
حَانُوت ج: حَوَانِيتُ: اسٹال، شاپ، دوکان۔
حَانُوتِيٌّ: دوکاندار، دوکان کا۔
حَنِثَ فِي يَمِينِه ـَ حِنْثًا: قسم توڑنا۔
حَنْجَرَة، حُنْجُور ج: حَنَاجِر: نرخرہ۔
حَنَذَ ـِ حَنْذًا: بھوننا۔
حَنَّطَ تَحْنِيطًا: لاش کو مصالحہ لگا کر محفوظ رکھنا۔
حِنْطَة: گیہوں۔
حِنْطِيُّ اللَّوْن: گندمی رنگ کا۔
حَنِفَ ـَ حَنَفًا و حَنُفَ ـُ حَنَافَةً: ٹیڑھا ہونا، مائل ہونا، مڑے ہوئے پاؤں والا ہونا۔
حَنِيف: مستقیم، سیدھا، غلط راہ سے ہٹ کر سیدھی راہ پر آنے والا۔
حَنَفِيَّة: (صُنْبُور) ٹینٹو۔
حَنَفِيَّةُ حَرِيقٍ: فائر پلگ۔
أَحْنَفُ: ٹیڑھے پاؤں والا۔
حَنِقَ عَلَيْهِ ـَ حَنَقًا: ناراض ہونا، برہم ہونا، دانت پیسنا۔
أَحْنَقَه: غصہ دلانا، برہم کرنا۔
حَنَقٌ: غیظ و غضب، ناراضگی۔

حَنِق و حَانِق: غضبناک۔
حَنَكَ ـُ حَنْكًا و حَنَكًا و أَحْنَكَ و
حَنَّكَهُ الدَّهْرُ: زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا۔
إِحْنَاك: تجربہ کار بنانا۔
حَنَك: تالو، تھوڑی، منہ و: حَنَكَة۔
حُنْك، حُنْكَة: سمجھ بوجھ، سوجھ بوجھ۔
مُحَنَّك: تجربہ کار، آزمودہ کار، سمجھا ہوا، ہوشیار۔
حَنَّ ـِ حَنِينًا إِلَى: مشتاق ہونا۔
___ عليه: مہربان ہونا، شفقت کرنا۔
حَنَانٌ: مامتا، محبت، شفقت، مہربانی۔
حَنُون: غمگین، انتہائی مشفق۔
حَنِينٌ إِلَى: اشتیاق۔
حُنُوٌّ: میلان، جھکاؤ۔
حَنَا ـُ حَنْوًا و حَنَى ـِ حِنَايَةً: موڑنا، جھکانا۔
___ رَأْسَه خَجَلًا: شرمندگی سے سر نیچا کر لینا۔
___ و أَحْنَى عليه: جھکنا، مائل ہونا، متوجہ ہونا۔
اِنْحَنَى: جھکنا، ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔
___ اِحْتِرَامًا: تعظیماً جھکنا۔
___ خُضُوعًا: انکساراً جھکنا۔
حَنِيَّة و حَنْيَة ج: حَنَايَا: محراب۔
حَانَة ج: حَانَات: شراب خانہ، شراب کی دوکان۔
مُنْحَنٍ: ٹیڑھا، مڑا ہوا، جھکا ہوا۔

ح..........و

حُوبٌ: گناہ، وبال۔

حُوتٌ ج: حِیتَان: مچھلی۔
(حـوج) حَاجَةٌ ج: حَاجَات: (۱) حاجت، ضرورت (۲) ضرورت کی چیز (۳) غربت (۴) غرض۔
قَضٰی حَاجَتَه: (۱) ضرورت کو پورا کرنا (۲) پاخانہ کرنا۔
اِحْتِیَاجَات: ضرورت، ضرورت کی چیزیں۔
حَاجِیَّات: لوازم، ضروریات۔
أَحْوَجَ وَ احْتَاجَ إلٰی: محتاج ہونا (۲) ضرورتمند ہونا، ضرورت پیش آنا۔
أَحْوَجَه إحْوَاجًا: محتاج بنانا۔
مُحْتَاجٌ: ضرورتمند، مفلس، فقیر، غریب۔
حَـوْذٌ (ن): (۱) ہکانا، گاڑی چلانا (۲) گاڑی بانی۔
حُوذِیٌّ: گاڑی بان، ڈرائیور۔
حَاذَه و أَحْوَذَهُ: تیز چلانا، ہکانا۔
اِسْتَحْوَذَ علی: غالب ہونا، دل ودماغ پر قبضہ جمانا، چھاجانا۔
حَـوَّرَ تَـحْـوِیـرًا: ہموار کرنا، بیلن سے بیلنا، کپڑے کو سفید کرنا۔
حَارَ ـُ حَوْرًا و حُؤُرًا: کپڑے کو سفید کرنا (۲) حیران ہونا۔
حَارَ ـَ حَیْرَةً و حَیَرَانًا: حیران وپریشان ہونا۔
حَـوِرَ الـعَیْنُ ـــ حَوَرًا: آنکھ کی سفیدی اور سیاہی بہت زیادہ سفید وسیاہ ہونا۔
حَـاوَرَه مُحَاوَرَةً: بحث کرنا، بات چیت کرنا، گفتگو کرنا۔
أَحَارَ جَوَابًا: جواب دینا۔

حُوْرٌ: جنت کی عورتیں و: حَوْرَاء۔
حُورِیَّة: پری۔
ـــ الماءِ: سمندری پری، جل پری۔
حِـــوَارٌ: بحث ومباحثہ، ردّ وقدح، بات چیت گفتگو، انٹرویو۔
الحِوَارُ العَرَبِیُّ الأُورُبِیّ: عرب یورپ گفت وشنید۔
حِوَارٌ سَاخِنٌ: سخت کلامی، بات چیت کی گرما گرمی۔
حِوَارُ السَّلَامِ: امن بات چیت۔
حِوَارٌ صَحَفِیٌّ: پریس انٹرویو۔
حِوَارٌ فِکْرِیٌّ: فکری مباحثہ۔
حِوَارٌ هَادِئٌ: سنجیدہ گفتگو۔
حِوَارٌ وُدِّیٌّ: دوستانہ بات چیت۔
حَـارَةٌ ج: حَـارَات: (۱) محلہ (۲) گلی (۳) مکان، رہائش گاہ۔
ـــ البُـخَـار: اسٹیم چھوڑنے کی نالی، اسٹیم پورٹ۔
مِحْوَرٌ: مرکز، بنیاد، موضوع، محاذ، مرکزی نقطہ، درمیانی حصہ، مدار، بنیادی نقطہ، موضوع، محور، وہ (فرضی) خط جس پر کوئی جسم گردش کرتا ہو ج: مَحَاوِرُ۔
مِحْوَرُ الخَبَّاز: بیلن۔
مِـحْوَرُ الـعَجَلَة: دُھرا، لوہے کی لاٹ جس پر دونوں پہیے گھومتے ہیں (ایکسل)۔
مِـحْوَرُ الـمُـحَـادَثَـات: بات چیت کا موضوع۔
مِـحْوَرُ القِتَال: لڑائی کے مقامات، جنگی

محاذ۔
مَحَاوِزُ و: مِحْوَز: چوکی، لڑائی کا محاذ۔
مَحَارَةٌ: سیپ۔
مَحَارَةُ الْبَنَّاءِ: کرنی، معمار کا اوزار۔
حَوْزٌ و حَوْزَةٌ و حِيَازَةٌ: قبضہ، حصول، ملکیت۔
فِي حَوْزَةٍ و حِيَازَةٍ: قبضہ میں، تحویل میں۔
حَيِّزٌ: وہ جگہ جسے جسم گھیرے ہوئے ہوتا ہے، دائرہ۔
فِي حَيِّزِ الإِمْكَانِ: دائرۂ امکان میں۔
حَازَ ـــ حَوْزًا و احْتَازَ: قبضہ کرنا، پانا، لینا۔
اِنْحَازَ: دور ہونا، الگ ہونا۔
ـــ و تَحَيَّزَ اليه و له: مائل ہونا، طرفدار ہونا، جانب دار ہونا۔
ـــ اليه: مدغم ہوا، شامل ہوا۔
حَائِزٌ: قابض، پانے والا۔
حَائِزٌ على الشَّهَادَةِ: سندیافتہ، ڈگری یافتہ۔
اِنْحِيَازٌ و تَحَيُّزٌ: طرفداری، جانبداری، وابستگی۔
مُتَحَيِّزٌ: جانب دار، طرفدار۔
حَوَّشَ تَحْوِيْشًا: جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔
حَوْشٌ ج: أَحْوَاشٌ: جانوروں کا باڑا۔
ـــ الدَّارِ: گھر کا صحن، چوک، احاطہ۔
حَوْصٌ و حِيَاصَةٌ (ن) (خِيَاطَةٌ مُتَبَاعِدَةٌ): ٹیکند سے ڈالنا، لمبے لمبے ٹانکے عارضی طور پر ڈالنا، سلگنے بھرنا۔
حَاوَصَهُ مُحَاوَصَةً: کن انکھیوں سے دیکھنا۔
حِيَاصَةٌ: بریچنگ، وہ تسمہ جو گھوڑے کے سرین کے گرد گاڑی روکنے کے لئے باندھا جاتا ہے۔
حَوْصَلَةٌ ج: حَوَاصِلُ: پوٹا (پرندہ کا) مثانہ۔
حَوَّضَ الأَرْضَ تَحْوِيْضًا: زمین کی کیاریاں بنانا۔
حَوْضٌ ج: أَحْوَاضٌ: تالاب، پانی کی ٹنکی۔
حَوْضُ التَّنْشِيْفِ: منہ دھونے کا طشت جو دیوار کے ساتھ لگا رہتا ہے۔
حَوْضُ السُّفُنِ: گودی جس میں جہاز کھڑے ہوتے ہیں۔
حَوْضٌ: بیسن (ہاتھ دھونے کا)BASIN ٹینک۔
حَوْضُ بِنَاءِ السُّفُنِ: جہازوں کا یارڈ۔
حَوَّطَ تَحْوِيْطًا: احاطہ کرنا، چہار دیواری کرنا۔
حَاطَهُ ـــ حَوْطًا و حَيْطَةً، و حِيْطَةً، و حِيَاطَةً، و تَحَوَّطَ: نگرانی کرنا، حفاظت کرنا۔
حَاطَ و أَحَاطَ به: گھیرنا، گھیرا ڈالنا۔
احاط بالشئ عِلْمًا: باخبر ہونا۔
أَحَاطَهُ أَحَدٌ بِشَيْءٍ: علم میں لانا۔
اِحْتَاطَ لِلأَمْرِ: محتاط ہونا، احتیاط برتنا، مصلحت اندیشی سے کام لینا۔
ـــ على الشيءِ: نگہداشت کرنا۔
اِحْتِيَاطِيٌّ: محفوظ ذخیرہ، ریزرو اسٹاک، ریزرو، ریزرو فنڈ (۲) مصلحت اندیشانہ۔
اِحْتِيَاطِيُّ البَنْكِ: بینک کا محفوظ سرمایہ۔
اِحْتِيَاطِيٌّ خَاصٌّ: اسپیشل فنڈ۔
اِحْتِيَاطِيٌّ عَامٌّ: جنرل فنڈ۔

اِحْتِيَاطِيٌّ لِفَائِدَةِ الْمُوَظَّفِين: پراویڈنٹ فنڈ۔
حَائِط ج: حِيطَان: دیوار۔
مِصْبَاحُ الْحَائِط: دیواری لیمپ، وال لیمپ۔
لِلْحِيطَان آذَانٌ: دیوار گوش دارد۔
حَجْزٌ احْتِيَاطِيٌّ: ضبطی مال وغیرہ جو برائے احتیاط وتحفظ ہو۔
مَالٌ احْتِيَاطِيٌّ: ریزرو سرمایہ، ریزرو فنڈ۔
مُحِيطٌ: دائرہ کی حد، وہ خط جو دائرہ کو محیط ہو، دائرہ، ماحول، گرد وپیش کے حالات (۲) سمندر ج: مُحِيطَات۔
مُحِيطُ الجِسْم: سطح۔
الْمُحِيطُ الْهَادِي: بحر الکاہل۔
الْمُحِيطُ الْهِنْدِيّ: بحر ہند۔
مُحِيطِيّ: سطحی۔
مُتَحَوِّط: محتاط، زیرک، چوکنا، مصلحت اندیش۔
حَوَّفَ تَحْوِيفًا: کنارہ پر لانا۔
حَافَةٌ و حَافَّةٌ ج: حَافَات و حَافَّات: کنارہ۔
حَافَّةُ الْمُلَاءَة: چادر کا کنارہ۔
حَوَّقَ عَلَيه تَحْوِيقًا: احاطہ کرنا۔
حَاكَ ـُـ حَوْكًا و حِيَاكَةً: کپڑا یا موزہ وغیرہ بننا۔
حِيَاكَةُ الْمُؤَامَرة ضدَّ أحَدٍ: کسی کے خلاف سازش کرنا۔
إبْرَةُ الْحِيَاكَة: بننے کی سلائی۔
حَائِكٌ ج: حَاكَةٌ: بننے والا۔
حَوِلَ ـَـ حَوَلاً: بھینگا ہونا، آنکھ کا ترچھا ہونا۔
حَوَّلَ تَحْوِيلاً: (۱) منتقل کرنا (۲) گھمانا، پھرانا (۳) بدلنا، حالت بدلنا۔
حَوَّلَ عَنْ: ہٹانا۔
حَوَّلَ خَطَّ السَّيْر: لائن بدلنا، ریل گاڑی کی لائن بدلنا۔
حَوَّلَ نُقُودًا: ڈاک سے رقم بھیجنا۔
حَوَّلَ الْمَالَ عَلَى الْبَرِيد تَحْوِيلاً: منی آرڈر کرنا۔
تَحْوِيلٌ: تبادلہ سکہ وغیرہ۔
تَحْوِيلٌ مَالِيّ: (۱) چیک (۲) ڈرافٹ۔
جَدْوَلُ تَحْوِيلِ النُّقُودِ وَ الْأَوْزَان: تبدیلی سکہ واوزان کا چارٹ۔
تَحْوِيلٌ بَرِيدِيّ: میل ٹرانسفر۔
تَحْوِيلُ الْحُكْمِ إلَى نِظَامٍ رِئَاسِيّ: حکومت کو صدارتی نظام میں تبدیل کرنا۔
تَحْوِيلُ سُلْطَةٍ الى: اقتدار سپرد کرنا، اختیار منتقل کرنا۔
تَحْوِيلُ الشَّرِكَة: کمپنی ٹرانسفر۔
تَحْوِيلُ الْعُمْلَة: سکہ تبدیل کرنا۔
تَحْوِيلُ الْمَاءِ الْمَالِحِ إلَى عَذْبٍ: کھارے پانی کو میٹھا کرنا۔
تَحْوِيلُ مَبَالِغ: رقموں کا ٹرانسفر۔
تَحْوِيلٌ مَصْرِفِيّ: بینک ٹرانسفر، ٹرانسفر آرڈر۔
تَحْوِيلُ الْمِلْكِيَّةِ من شَخْصٍ إلَى آخر: ملکیت تبدیل کرنا۔
تَحْوِيلُ الْمِلْكِيَّةِ الى الدَّوْلَة: قومی

ملکیت میں لینا۔
تَحْوِیلٌ مِنْ حِسَابٍ لِحِسَابٍ: کریڈٹ ٹرانسفر، رقم کو ایک حساب سے دوسرے حساب میں منتقل کرنا۔
تَحْوِیلُ النُّقُودِ: تبدیلیٔ سکہ، روپے بدلوانا۔
تَحْوِیلٌ: ڈرافٹ (رقم کا) تبدیلی، منتقلی۔
تَحْوِیلُ الأَرْبَاحِ إِلَى رَأْسِ مَالٍ: نفع کو سرمایہ میں شامل کرنا۔
تَحْوِیلُ الانْتِبَاهِ عن كذا: توجہ ہٹانا۔
تَحْوِیلٌ بِالبَرِیدِ الجَوِّيّ: ایرمیل ٹرانسفر۔
تَحْوِیلٌ بَرْقِيّ: ٹیلی گراف ٹرانسفر، کیبل ٹرانسفر۔
تَحْوِیلَة: ریل کی پٹری بدلنے والی جالی۔
حَالَ بَیْنَهُمَا ــــُـ حَوْلاً و حُؤُولاً و حَیْلُولَةً: (۱) رکاوٹ بننا، رکاوٹ ڈالنا۔
حَالَ دُونَ إِرَادَتِه: ارادہ سے باز رکھنا، آڑے آنا۔
ــــ: (۲) گزر جانا (۳) بدل جانا۔
حَاوَلَه مُحَاوَلَةً: کوشش کرنا، کوشش کر کے دیکھنا (۲) دھوکہ سے لینے کی کوشش کرنا (۳) ورغلانا، پھسلانا۔
مُحَاوَلَة: آفر، پیش کش، کوشش، تجرباتی عمل، ٹرائی، تجربہ، پھسلاوا۔
مُحَاوَلَةُ الاغْتِیَالِ: قتل کی کوشش۔
مُحَاوَلَةُ الانْدِسَاسِ بَیْنَهُمْ: لوگوں کے اندر گھسنے کی کوشش کرنا۔
مُحَاوَلَةٌ جَادَّة: واقعی کوشش۔
مُحَاوَلَةٌ صَحَافِیَّة: صحافتی اقدام۔
مُحَاوَلَةٌ فَاشِلَة: ناکام کوشش۔
مُحَاوَلَةُ كَسْبِ شَعْبِیَّةٍ: عوامی مقبولیت حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔
مُحَاوَلَةٌ نَاجِحَة: کامیاب کوشش۔
مُحَاوَلَةٌ یَائِسَة: آخری طور پر ہاتھ پیر مارنا، ناکام کوشش۔
مُحَاوَلَاتُ التَّسْوِیَةِ: تصفیہ کی کوشش۔
مُحَاوَلَاتٌ حَثِیثَة: زبردست کوشش۔
أَحَالَ عَلَى إِحَالَةً: سپرد کرنا، محول کرنا، مرسل کرنا، منتقل کرنا (کاغذ وغیرہ)۔
إِحَالَةٌ إِلَى التَّقَاعُدِ: پنشن دینا، ریٹائر کرنا۔
إِحَالَةُ الدَّیْنِ عَلَى فُلَانٍ: اپنے قرض کو دوسرے کے ذمہ کرنا۔
إِحَالَةُ القَضِیَّةِ: کیس سپرد کرنا۔
إِحَالَةُ المَسْأَلَةِ على فلان: کسی معاملہ کو دوسرے کے حوالہ کرنا۔
إِحَالَةٌ على المَعَاشِ: پنشن دینا۔
المُحَالُ إِلَیْهِ: جس شخص پر محول کیا جائے۔
مُحَالٌ عَلَى المَعَاشِ: پنشن یافتہ، ریٹائرڈ۔
تَحَوَّلَ: بدل جانا۔
تَحَوُّلٌ: تبدیلی، موڑ۔
التَّحَوُّلُ الجَذْرِيّ: بنیادی تبدیلی۔
تَحَوُّلَاتٌ: انقلابات، تبدیلیاں۔
احْتَالَ و تَحَیَّلَ: حیلہ کیا، چال چلی۔

اِحْتَالَ عَلَيْهِ: دھوکہ دیا۔
اِسْتَحَالَ الشَّيْءُ: بدل جانا، ناممکن ہونا۔
اِسْتَحَالَ الشَّيْءَ: تحول کرانا۔
وَالْحَالَةُ هٰذِهِ: دراں حالیکہ۔
بِحَالَتِهِ الرَّاهِنَةِ: بحالت موجودہ۔
أَحْوَالٌ دَامِيَةٌ: خونچکاں حالت۔
دَفْتَرُ الْأَحْوَالِ (فِي مَرْكَزِ الْبُولِيسِ): چارج شیٹ، فرد جرم۔
قَانُونُ الْأَحْوَالِ الشَّخْصِيَّةِ: شخصی قانون، پرسنل لا۔
حَالٌ: صورت، کیفیت، حالت۔
حَالاً، فِي الْحَالِ: ابھی، فوراً، جلدی، اسی وقت۔
حَالِيًّا: ابھی ابھی، حال ہی میں۔
حَالَمَا: جونہی، جب۔
حَالِيٌّ: موجودہ۔
شَهْرٌ حَالِيٌّ او سَنَةٌ حَالِيَّةٌ: موجودہ مہینہ، یا موجودہ سال۔
حَالَةٌ: پوزیشن، کیس، کنڈیشن، کیفیت۔
حَالَةُ التَّأَهُّبِ: تیاری کی حالت۔
الْحَالَةُ الطِّبَاعِيَّةُ: چھپائی کی کیفیت۔
حَالَةُ الطَّوَارِئِ: ہنگامی حالت، ایمرجنسی۔
الْحَالَةُ الْعَصَبِيَّةُ: جذباتی کیفیت۔
الْحَالَةُ مَا يُرَامُ: حسب معمول حال۔
الْحَالَةُ الْمُتَرَدِّيَةُ: گرتی ہوئی پوزیشن۔
حَالَةٌ مَيْئُوسٌ مِنْهَا: مایوس کن حالت۔
حَالَةُ النَّزْعِ: آخر دم۔
حَالَةٌ نَفْسِيَّةٌ: ذہنی کیفیت۔
حَالَةُ الْهُجُومِ: حملہ کی پوزیشن۔
حَالَةٌ هِسْتِيرِيَّةٌ: ہسٹیریائی کیفیت، مجنونانہ کیفیت۔
بِحَالَةٍ عَصَبِيَّةٍ: جذباتی طور پر۔
بِالْحَالَةِ الرَّاهِنَةِ: بحالت موجودہ۔
الْحَالَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ: سوشل کنڈیشن، معاشرتی حالت۔
حَالَةُ الاحْتِضَارِ: نزع کی حالت۔
فِي حَالَةٍ رَدِيئَةٍ: خراب حالت میں۔
فِي حَالَةِ الطَّوَارِئِ: ہنگامی حالت میں۔
حَالَاتِي: (دا) إِمَّعَةٌ: ابن الوقت۔
حَوَالَةٌ، تَحْوِيلٌ: آرڈر، حکم۔
حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ (بالبريد): منی آرڈر۔
حَوَالَةٌ بَرْقِيَّةٌ: ٹیلی گراف منی آرڈر۔
حَوَالَةٌ بَرِيدِيَّةٌ: منی آرڈر۔
حَوَالَةُ تَحْصِيلٍ: کلکشن منی آرڈر۔
حَوَالَةٌ مَصْرِفِيَّةٌ (مَسْحُوبَةٌ مِنْ بَنْكٍ عَلَى فَرْعِهِ او على بَنْكٍ آخَرَ): ڈرافٹ، بینک ڈرافٹ، بینک بلٹی۔
حَوَلُ الْعَيْنِ: بھینگا پن۔
حَوْلٌ: سال (۲) قدرت۔
حَوْلَ: قرب، آس پاس۔
حَوْلَ كَذَا: فلاں چیز کے سلسلے میں۔
حَوْلِيٌّ: یک سالہ۔
حِوَالٌ، حَائِلٌ: اوٹ، آڑ، لکڑی کی دیوار جو درمیان میں کھڑی کی جاتی ہے۔
حَوَالَيْ، حَوْلَ: تقریباً، برابر، آس پاس۔
حُئُولٌ، تَحَوُّلٌ: تغیر، خرابی۔

حِيلَة ج: حِيَل: تدبیر، ترکیب، چال، دھوکہ، بہانہ۔
حِيلَةٌ بَارِعَة: ماہرانہ چال، شاندار ترکیب۔
مَا بِاليَدِ حِيلَةٌ، مَا بِيَدِيْ حِيلَةٌ: میں کچھ نہیں کرسکتا، میرے پاس کوئی تدبیر کار نہیں۔
دِمَاغٌ ج: أَدْمِغَةٌ: نا قابلِ ابطال دلیل۔
دَمَکَ ـُ دَمْکاً: رسّی کو بٹ دینا۔(۲) پیسنا۔
دَمَلَ ـُ دَمْلاً و دَمَلاناً: زمین میں کھاد ڈالنا، زخم اچھا کرنا، زخم بھرنا۔
دَمِلَ ـَ دَمَلاً و اِدَّمَلَ و انْدَمَلَ: زخمی اچھا ہو جانا، بھر جانا۔
دُمَّلٌ: (خراج) پھوڑا۔
دُمَّلٌ صَغِيْرٌ: پھنسی۔
دَمَّمَ تَدْمِيماً: ملمع کرنا، پالش کرنا۔
دِمٌّ و دِمَامٌ: پالش، روغن۔
دَمَّ ـُ دَمَامَةً: (ک، س) بدصورت ہونا
دَمِيْمٌ: بدصورت (۲) حقیر و ذلیل۔
دَمَنَ ـُ دَمْناً: زمین میں کھاد ڈالنا۔
أَدْمَنَ الشَّيْءَ: کسی چیز کی پابندی کرنا، عادی ہونا۔
أَدْمَنَ علی كذا: متوجہ ہونا۔
أَدْمَنَ علی المُخَدِّرات: نشہ کی عادت بنانا۔
دِمْنٌ و دِمَانٌ: کھاد، غلاظت۔
دِمْنَةٌ ج: دِمَنٌ: کوڑا، غلاظت کی جگہ۔
إِدْمَانُ شَيْءٍ: کسی چیز کی پابندی۔
مُدْمِنُ كذا: پابند۔
مُدْمِنُ خَمْرٍ: شراب کا عادی۔
مُدْمِنُ تَدْخِيْنٍ: تمباکونوشی کا عادی۔
دَمِيَ ـَ دَمىً و دَمْياً و دُمِيّاً: خون آلود ہونا، خون ٹپکنا، زخم سے خون نکلنا۔
دَمَتْ جُرُوحُ الهَزِيمَةِ فِي القُلُوبِ: ہزیمت کا زخم تازہ رہنا۔
أَوْفَى و دَمَّى: خون آلود کرنا، خون بہانا۔
دَمٌ ج: دِمَاءٌ: خون، بلڈ۔
اِتِّصَالُ الدَّمِ: رشتہ خون، قرابت۔
دَمٍ، دَامٍ: خون چکاں، خون آلود۔
دَمَوِيٌّ: خون کا، خونی، خون سے متعلق
مَعْرَكَةٌ دَمَوِيَّةٌ: خونی واردات۔
دُمْيَةٌ ج: دُمىً: گڑیا، تصویر، بت

د .... ن

دَنَأَ ـَ و دَنُوَ ـُ دَنَاءَةً و دُنُوءَةً: کمینہ و ذلیل ہونا، تنگ ظرف ہونا، گھٹیا ہونا۔
دَنَاءَةٌ: کمینہ پن، تنگ ظرفی، گھٹیا پن۔
دَنِيءٌ ج: دُنَآءُ و أَدْنَاءُ: گھٹیا درجہ کا آدمی، کمینہ، ذلیل، تنگ ظرف، خسیس۔
دَنِيُّ النَّوْعِ: گھٹیا درجہ کی چیز۔
دَنْتِلاً: ڈوری، فیتہ، تسمہ، بند۔
دَنْج، دِنْجه: (معرب) ڈنگو بخار، بخار جس میں بدن کے جوڑوں میں سخت درد ہوتا ہے۔
دُنْجُلُ العَجَلَة: ایکسل، دُھرا، دھری۔
دُنْدُرْمَة: آئس کریم۔
دَنْدَنَة: گنگنانا، بھنبھنانا، آواز ہونا۔
دَنَّرَ النُّقُوْدَ: سکہ ڈھالنا، دینار بنانا۔
دِيْنَارٌ ج: دَنَانِيْر: (۱) ایک قدیم سکہ (سونے کا) (۲) رقم۔
دَنَّسَ تَدْنِيساً: (۱) میلا کرنا (۲) خراب کرنا (۳) عیب لگانا (۴) عزت کو بٹہ لگانا، عزت کو داغدار بنانا، بے حرمتی کرنا۔
دَنِسَ ـَ دَنَساً و دَنَاسَةً و تَدَنَّسَ: خراب

ومیلا ہونا۔
دَنَس ج اَدْنَاس: میل، گندگی۔
دَنِسٌ: میلا، عیب دار۔
تَدْنِيس: بے عزتی، بے حرمتی۔
جَرِيمَةُ تَدْنِيسِ الأشْيَاءِ المُقَدَّسَة: جرم بے حرمتی۔
دَنِفَ المَرِيضُ ـَـ دَنَفاً و أَدْنَفَ: بیمار کالب دم ہونا، بیماری سخت ہونا۔
دَنَّقَ الوَجْهُ تَدْنِيقاً: بیماری یا غم سے چہرہ اتر جانا۔
دَنَّقَ الرَّجُلُ: بخیل ہونا۔
دَانِق: ۱/٦ درہم۔
دِنَمُوْ: (مع) ڈینمو، بجلی پیدا کرنے والی موٹر۔
دَنٌّ ج: دِنَانٌ: مٹکا۔
دَنَا ـُـ دُنُوّاً، و دَنَاوَةً: قریب ہونا۔
دَنَا و أَدْنَى و اِدَّنَى لَه و مِنْه و إِلَيْه: قریب ہونا، نزدیک آنا۔
دَنِيَ ـَـ دَنَايَةً: کم درجہ ہونا، گھٹیا درجہ کا ہونا۔
دَنّي و أَدْنَى و دَانَى: قریب کرنا۔
تَدَنّي و تَدَانَى: بتدریج قریب آنا (۲) لٹکنا، جھکنا۔
دَنَاوَة و دَنَايَة و دَنَاءَة: گھٹیا پن۔
دَنِيّ، دَنِيئَة: گھٹیا۔
دَنِيّ، دَان: قریب۔
دُنْيَا: (۱) جہان، عالم انسانی (۲) اسم تفضیل مونث، ضد قصوی: قریب، کمینی، کم درجہ کی۔
اَدْنَى: قریب تر (۲) کم درجہ، لور، جونیر۔
اَدْنَى مَنْزِلَةً: جونیر۔
اَدْنَى نِسْبَة: کم از کم تناسب۔
الحَدُّ الأدْنَى: کم سے کم درجہ۔
اَدْنَاهُ: المَذْكُورُ اَدْنَاهُ: ذیل میں، مندرجہ ذیل۔

د............ھ

دَهْرٌ ج: دُهُوْر: زمانہ دراز۔
دَهْرُ الإنْسَان: مدت عمر
بَنَاتُ الدَّهْر: شدائد و مصائب زمانہ۔
تَصَارِيْفُ الدَّهْر: انقلابات زمانہ
دَهْرِيُّ المَذْهَب: طبیعی، دہریہ، خدا کا منکر، زمانہ کو ہر چیز کا موثر اور سبب ماننے والا۔
دَهْرِيّ: (۲) زمانہ کا، وقت کا، وقتی، زمانہ ساز، وقت شناس۔
دَهِشَ ـَـ دَهْشاً و دُهِشَ مِن: حیران ہونا، پریشان ہونا، ہوش اڑنا۔
اَدْهَشَهُ و دَهَّشَ: حیران کرنا، ہوش اڑانا، خوف زدہ کرنا۔
دَهْشَةٌ: حیرت، خوف، تعجب۔
مُدْهِشٌ: حیران کن، تعجب خیز، دہشت انگیز۔
دَهِشٌ و دَهْشَانُ و مَدْهُوشٌ: حیران و پریشان، حواس باختہ۔
دَهَقَ ـَـ دَهْقاً و دِهَاقاً: پانی بہانا، گلاس یا جام کو چھلکانا۔
دَهَقَ و اَدْهَقَ الكَأسَ: لبالب بھرنا، لبالب کرنا، لبریز کرنا۔
كَأسٌ دِهَاقٌ: چھلکتا ہوا جام۔
دَهَكَ ـَـ دَهْكاً: پینا، توڑنا۔

دِهْلِيز: ڈیوڑھی ج: دَهَالِيز:
دَهِمَ الأَمْرُ ـَ دَهْماً و دَهَمَهُ الأَمْرُ ـَ دَهْماً: اچانک کوئی مسئلہ درپیش ہونا۔
دَاهَمَه مُدَاهَمَةً: دھاوا بولنا۔
دَاهَمَتِ الشُّرْطَةُ المَبْنَى: پولیس کا بلڈنگ پر دھاوا بولنا، چھاپہ مارنا۔
مُدَاهَمَة: چھاپہ (۲) گھسنا، اچانک پہنچنا۔
دُهْمَة: سیاہی۔
اِدْهِيمَامٌ: سیاہ ہونا۔
دَهْمَاءُ: جماعت، بازاری لوگ۔
أَدْهَمُ: سیاہ فام۔
دَهَنَ ـُ دَهْناً: روغن کرنا، تیل ملنا، مالش کرنا، پینٹ کرنا۔
دَاهَنَه مُدَاهَنَةً: چکنا کرنا تیل ملنا (۲) چاپلوسی کرنا۔
دُهْن ج: أَدْهَانٌ: تیل، پالش، روغن، گریس، پینٹنگ۔
دُهُونٌ لِلْأَكْل: کھانے کے تیل۔
دَهِين: تیل لگائے ہوئے۔
دُهْنُ اللَّحْم: چربی۔
دُهْنِيٌّ: چکنا، تیل کا، چربی کا۔
دِهَان: روغن، تیل، وارنش، پینٹ، تیل یا کریم وغیرہ جو چہرہ یا بالوں کی خوبصورتی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
دَهَّان: (۱) روغن گر، رنگ ساز (۲) روغن کرنے والا، پینٹر۔
مُدْهِنٌ: روغن دار چربی دار۔
مُدَاهِن: چاپلوس۔
دَهْوَرَة: گرانا، گڑھے میں دھکیلنا۔
تَدَهْوُر: گڑھے میں گرنا (۲) انحطاط، کمی خرابی، زوال، بگاڑ، کمزوری، گراوٹ۔
تَدَهْوُرُ الأَزْمَة: بحران کا شدت اختیار کرنا۔
تَدَهْوُرُ الاقْتِصَاد: معاشی حالت خراب ہونا۔
تَدَهْوُرُ العَلَاقَات: تعلقات بگڑنا۔
تَدَهْوُرُ العَلَاقَاتِ الدِّبْلُومَاسِيَّة: سفارتی تعلقات خراب ہونا، ختم ہونا۔
تَدَهْوُرُ القِيمَة: قیمت گرنا۔
تَدَهْوُرُ المَوْقِف: صورت حال خراب ہونا، صورت حال ابتر ہونا۔
تَدَهْوُرُ الوَضْع: صورت حال بگڑنا، پوزیشن کمزور ہونا۔
دَهَاه ـَ دَهْياً و دَاهَاه: مصیبت میں ڈالنا۔
دَهَتِ الدَّاهِيَةُ: آفت و مصیبت نازل ہونا۔
دَهِيَ ـَ دَهَاءً: چالاکی سے کام لینا۔
دَهَاءٌ: ہوشیاری، چالاکی۔
دَهَاءٌ سِيَاسِيٌّ: سیاسی چالاکی، پالیسی
دَاهِيَة، ذُو دَهَاءٍ: چالاک، مکار، حیلہ ساز۔
دَاهِيَةٌ فِي الفَنِّ: ماہر فن۔

و..........و

دَوَبَ: (ن) کوشش کرنا۔
دَوَثَ: (ن) توڑنا۔
دَوَجَ: (ن) حرکت کرنا۔
دَوَخَ: (ن) پیٹ پھولنا، پھول کر لٹکنا۔
دَوْحَة: بڑا اور پھیلا ہوا درخت۔
دَوَّخَ البِلَادَ: شہروں میں گھومنا۔
دَوَّخَ الرَّجُلَ: زیر کرنا مغلوب کرنا۔
دَوَّخَ الرَّأْسَ: سر میں چکر پیدا کرنا، چکرانا۔
دَاخَ ـُ دَوْخاً: (۱) ذلیل ہونا (۲) زیر و

مغلوب ہونا (۳) سر میں چکر آنا (۴) بے ہوش ہونا۔
دَوْخَة: چکر، گھیر۔
دَائِخ: وہ شخص جس کے سر میں چکر آ رہا ہو۔
دَوَّدَ الشَّیئُ تَدْوِیْداً: کیڑے پڑنا، کیڑا پیدا ہونا، کیڑا لگنا۔
دُوْدَة ج: دُوْدٌ و دِیْدَانٌ: کیڑا۔
دُوْدَةُ القَزِّ: ریشم کا کیڑا۔
دُوْدِیٌّ: کیڑے دار، کیڑے نما، کیڑے کا
الزَّائِدَةُ الدُّوْدِیَّة: اپینڈیکس، زائدآنت۔
اِلْتِهَابُ الزَّائِدَةِ الدُّوْدِیَّةِ: زائدآنت میں درد وسوزش پیدا ہونا۔
دَوَاءٌ طَارِدٌ لِلدِّیْدَانِ: کیڑا مار دوا۔
مَدُوْدٌ، مُدَوَّدٌ: کرم خوردہ، کیڑا لگا۔
دَوَّرَ تَدْوِیْراً: گول بنانا۔
دَوَّرَ و أَدَارَ: گھمانا، گردش دینا۔
دَوَّرَ و أَدَارَ العَمَلَ: کام چلانا، انجام دینا، کام جاری رکھنا، انتظام کرنا۔
دَوَّرَ وأَدَارَ السَّاعَةَ: گھڑی میں چابی بھرنا۔
دَوَّرَ وأَدَارَ الآلَةَ: مشین چالو کرنا۔
دَوَّرَ و أَدَارَ الحَرَکَةَ: تحریک چلانا۔
دَارَ ــــ دَوْراً و دَوَرَاناً: گھومنا، چکر لگانا، محور پر گھومنا (۲) رخ پھرنا (۳) منتقل ہونا (۴) ادل بدل ہونا۔ (۵) گشت لگانا (۶) سرایت کرنا (۷) مکرر ہونا (۸) لوٹنا، رخ پھیرنا۔
دَارَ عَلَیْهِ الشَّیئُ: الٹنا، پلٹنا، لوٹ کر آنا۔
دَارَ الرَّأْسُ: سر میں چکر آنا۔
دَارَ مَعَ الزَّمَنِ: زمانہ کے ساتھ چلنا۔
دَارَ عَلَی القَوْمِ بِالشَّیْئِ: پیش کرنا، جام وغیرہ کا دور چلانا۔
دَاوَرَهُ مُدَاوَرَةً: کسی کے ساتھ گھومنا۔
اِسْتَدَارَ و تَدَوَّرَ: گھومنا، گول ہونا
اِسْتَدَارَ العَطْفَ عَلَی نَفْسِهِ: اپنے لیے ہمدردی حاصل کرنا۔
دَارٌ ج: دُوْرٌ و دِیَارٌ: گھر
دَارُ الآثَارِ: میوزیم۔
دَارُ التَّمْثِیْلِ: تھیٹر، تماشہ گاہ، سینما گھر۔
دَارُ السَّلَامِ: دارالامن۔
دَارُ الأَسْلِحَةِ: اسلحہ خانہ۔
دَارُ البَلَدِیَّة: ٹاؤن ہال۔
دَارُ السِّفَارَة: سفارت خانہ۔
دارُ السِّکِّ: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال۔
دَارُ الضَّرْبِ: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال
دَارُ ضَرْبِ النُّقُوْدِ: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال۔
دَارُ الضِّیَافَةِ: مہمان خانہ
دَارُ العُلَمَاءِ: اکیڈمی۔
دَارُ العَدْلِ: کورٹ ہاؤس، عدالت
دَارُ القَضَاءِ: کورٹ ہاؤس، عدالت، کچہری، ٹریبونل۔
دَارُ الکُتُبِ: لائبریری، کتب خانہ۔
دَارُ المَجْلِسِ: اسمبلی ہاؤس۔
دَارُ المَحْفُوظَاتِ الأَهْلِیَّة: قومی محافظ خانہ۔
دَارُ المَحْکَمَة: کچہری۔

دَارُ القُنْصُلِيَّة: کونسل خانہ۔
دَائِـرٌ: (۱) گردش کرنے والا (۲) دائرہ میں گھومنے والا (۳) متحرک (۴) گول (۵) رائج (۶) متداول (۷) لوٹ کر آنے والا (۸) چالو، مصروف کار۔
دَائِرَةٌ: حلقہ، علاقہ (۲) آفس، دفتر (۳) محکمہ، سرکل (۴) آسمانی یا جغرافیائی تقسیم کا علاقہ، زون ج: دَوائِرُ
دَائِرَةٌ اِنْتِخَابِيَّةٌ: الیکشن کا حلقہ، حلقہ انتخاب۔
دَائِرَةُ البُولِيس: کوتوالی، تھانہ۔
دَائِرَةٌ حُكُومِيَّةٌ: سرکاری دفتر۔
دَائِرَةُ الخِدْمَةِ الوَطَنِيَّة: محکمہ شہری خدمات۔
دَائِرَةُ الشُّرْطَة: پولیس آفس، کوتوالی۔
دَائِـرَةُ الطُّرُوْدِ البَرِيدِيَّة: محکمہ پارسل پوسٹ۔
دَائِرَةٌ مَالِيَّةٌ: محکمہ مالیات۔
دَائِـرَةُ مَعَـارِفٍ: انسائیکلوپیڈیا مختلف علمی معلومات کا ذخیرہ۔
دَائِرَةٌ (مِنْ مَدِيْنَةٍ): وارڈ (ward)
دَائِرَةُ النَّشَاط: دائرہ عمل۔
دَائِرَةٌ هَنْدَسِيَّةٌ: گول حلقہ، سرکل
دَوَائِرُ الاِنْتِخَاب: انتخابی حلقے۔
دَوَائِرُ الحُكُوْمَة: سرکاری حلقے۔
الدَّوَائِرُ دِيْنِيَّة: مذہبی حلقے۔
دَوَائِرُ رَسْمِيَّة: سرکاری حلقے۔
دَوَائِرُ سِيَاسِيَّة: سیاسی حلقے۔
الدَّوَائِرُ المَسْئُولَة: ذمہ دار حلقے۔
دَوَائِرُ المُعَارَضَة: اپوزیشن حلقے۔

دَائِرِيٌّ: دائرہ نما۔
دَوْرٌ ج: أَدْوَارٌ: (۱) نمبر (۲) باری (۳) فرصت، وقت (۴) بیماری کا حملہ یا مقررہ وقت (۵) آب پاشی کی باری (۶) درجہ، منزل (۷) حالت (۸) پارٹ، کردار، رول (۹) کاموں کا سلسلہ
دَوْرٌ مِنْ مَـنْـزِلٍ: عمارت کا ایک حصہ، ایک منزل، اسٹوری۔
الـدَّوْرُ الأَرْضِـيّ (مِنْ مَبْنَى): گراؤنڈ فلور، نچلی منزل۔
دَوْرٌ إِيْجَابِيّ: مثبت رول۔
الدَّوْرُ البُطُولِيّ: بہادرانہ کردار۔
دَوْرُ التَّجْرِبَة: تجرباتی دور۔
دَوْرٌ حَاسِمٌ: اہم پارٹ، زبردست پارٹ
الـدَّوْرُ الـطَّلِيْعِيّ: رہنمایانہ کردار، قائدانہ کردار۔
الدَّوْرُ العَلَوِيّ: بالائی منزل
اَدْوَرٌ قِيَادِيّ: قائدانہ رول۔
الدَّوْرُ المُتَعَاظِم: زبردست کردار، پارٹ۔
الدَّوْرُ النَّشِيط: موثر کردار۔
بِـالـدَّوْر: نمبر سے، باری سے، باری باری۔
دَوَرَانُ الأَيَّام: دن پھر جانا، انقلاب زمانہ۔
دَوَرَانُ الـحَدِيْثِ حَوْلَ المَسَائِل: مسائل کے بارہ میں بات چیت ہونا۔
دَوَرَانُ الأَحَـادِيْثِ الوُدِّيَّة: دوستانہ گفتگو ہونا۔
دَوَرَانُ الشَّيْءِ بِالمُخَيِّلَة: دماغ میں گھومنا۔
دَوَرَانُ الـمَعْرَكَةِ عَلَى مَقْرَبَةٍ مِنَ الطَّائِرَة:

ہوائی جہاز کے قریب لڑائی ہونا۔
دَوَرَانُ الـمُفاوَضَات حَوْلَ الإفْرَاج عَنْ فُلانٍ: کسی کی رہائی کے سلسلہ میں بات چیت ہونا۔
دَوْرَة: اجلاس، سیشن، سیزن، مقررہ وقتی کمیٹی کا اجلاس (۲) ایک چکر، ایک گشت، ایک پھیر گمانے وغیرہ کا۔
دَوْرَةُ الأمَمِ المُتَحِدَة: اقوام متحدہ کا اجلاس۔
دَوْرَةُ انعقاد الجلسات: میٹنگوں کا سیزن۔
دَوْرَةُ انْعِقادِ مَجْلِسِ النُّوَّاب: پارلیمنٹ سیزن۔
دَوْرَةُ البَرْلَمان: پارلیمنٹ کا اجلاس۔
دَوْرَةٌ تَدْرِيبِيَّة: تربیتی کورس۔
دَوْرَةٌ طَارِئَة: ہنگامی اجلاس۔
دَوْرَةٌ مِنَ الطَّلَبَةِ المُتَخَرِّجِين: کھیپ۔
دَوْرَةُ المِيَاه: لیٹرین، بیت الخلاء طہارت خانہ
دَوْرِيّ: گشتی دستہ، وقفہ متعینہ کا، وقفہ جاتی۔
دَوْرِيًّا: وقفہ والا، وقفہ کے ساتھ۔
دَوْرِيَّة: گشتی دستہ، گشتی پارٹی ج: دَوْرِيَّات:
رِيحٌ دَوْرِيَّة: مون سون۔
نَشْرَةٌ أو مَطْبُوعَةٌ دَوْرِيَّة: میعادی اشاعت، کتاب وغیرہ جو مقررہ وقت پر شائع ہو۔
دُوَارُ الرَّأْس: سر کا چکر، گھیر۔
دَوَّار: گشت لگانے والا، برابر حرکت میں رہنے والا، متحرک، چلتا پھرتا۔
بَائِعٌ دَوَّار: پھیری لگا کر بیچنے والا۔
دَوَّارَةُ الهَوَاء: ہوا کا رخ بتانے والا پنکھا۔
دَيْرٌ ج: أَدْيِرَة و أَدْيَار: عیسائی خانقاہ۔
دَيَّار: راہب۔

إدَارَة: گھمانا، پھرانا، چلانا (۲) گردش (۳) انتظام کرنا (۴) انتظام، نظم ونسق، مینجمنٹ (۵) سروس (۶) ڈیپارٹمنٹ (۷) حکومت، ایڈمنسٹریشن، انتظامیہ (۸) دفتر، محکمہ، ڈائرکشن۔
إدَارَةُ الآلَة: مشین چلانا۔
إدَارَةُ إبْرَة الرَّادِيُو لِلاسْتِمَاع إلى بَرْنَامِج: کوئی پروگرام سننے کے لیے سوئی گھمانا۔
إدَارَةُ أعْمَال: کاروبار چلانا، انتظام کرنا۔
إدَارَةُ تَخْدِيم: امپلائمنٹ آفس، کام دینے کا محکمہ۔
إدَارَةُ الحَرْب: جنگ لڑانا۔
إدَارَةُ الحَرَكَة: تحریک چلانا۔
إدَارَةُ الحُكْم: حکومت چلانا۔
إدَارَةُ شُئُونِ المَنْزِل: گھر کا کاروبار چلانا۔
إدَارَةُ العَمَل: کام چلانا، انجام دینا، کام جاری رکھنا، انتظام کرنا۔
إدَارَةُ قُرْصِ التِّلِيفُون: ڈائل کرنا۔
إدَارَةُ المَاكِينَات: مشینیں چلانا۔
إدَارَةُ المَعْرَكَة: جنگ کو چلانا، جنگ لڑانا۔
إدَارَةُ المُفَاوَضَات: بات چیت کرنا۔
إدَارَةُ المَكَاتِب: دفاتر کو چلانا۔
إدَارَةُ المُنَاقَشَة: مباحثہ کرنا، زیر بحث لانا۔
إدَارِيّ: انتظامی، انتظام سے متعلق، ڈپارٹمنٹل۔
الإدَارِيُّون: ملازمین۔
رَئِيسُ الإدَارَة: منتظم، افسر انتظامیہ
مَجْلِسُ الإدَارَة: مجلس انتظامیہ۔

انتظامی بورڈ۔
مَرْكَزُ الإدَارَة: ہیڈکوارٹر انتظامیہ، افسر انتظامیہ کا صدر مقام۔
إسْتِدَارَةٌ: گولائی۔
مَدَارٌ: محور، قطب۔
مَدَارُ الأَرْضِ: زمین کا مدار۔
مَدَارُ البَحْثِ: موضوع بحث، ٹاپک۔
مُدَارَاة: آؤ بھگت، خاطر تواضع
مُدَارَاةُ المَوْقِف: اپنی بات سمجھانا۔
مَدَارٌ و مُسْتَدَارٌ: فلک۔
مَدَارُ الحَدِيثِ: موضوع گفتگو، نقطہ کلام۔
عَلَى مَدَارِ السَّنَة: تمام سال، سال بھر۔
مُدَاوِرٌ: زمانہ ساز، وقت شناس، زمانہ کے ساتھ چلنے والا۔
مُدِيرٌ: منیجر، ڈائریکٹر، ایڈمنسٹریٹر۔
مُدِيرُ الإحْصَاء: افسر اعداد و شمار۔
مُدِيرُ إدَارَةِ المَرَاسِيم: صدر محکمہ استقبالیہ، چیف آف پروٹوکول۔
مُدِيرُ الإعْلانَات: منیجر اشتہارات
مُدِيرُ الأَمْنِ: سپرنٹنڈنٹ پولیس
مُدِيرُ البُرُوتُوكُول: صدر محکمہ استقبالیہ، چیف آف پروٹوکول۔
مُدِيرُ التَّحْرِير: اڈیٹر۔
مُدِيرُ التَّصْدِير: ایکسپورٹ منیجر
مُدِيرُ الجَمَاعَة: ناظم۔
مُدِيرُ الحَرَكَة: ٹریفک افسر۔
مُدِيرُ الضَّرَائِب: ٹیکس ڈائریکٹر
المُدِيرُ العَامّ: ڈائریکٹر جنرل، جنرل منیجر۔
مُدِيرٌ عَامُّ الحِسَابَات: اکاؤنٹنٹ جنرل۔
المُدِيرُ العَامُّ لِقُوَى الأَمْنِ: حفاظتی پولیس کا جنرل انسپکٹر، آئی جی۔
مُدِيرُ عَمَلٍ: منیجر، منتظم، ڈائریکٹر۔
مُدِيرُ العَمَلِيَّات الحَرْبِيَّة: جنگی کارروائی کا انچارج۔
مُدِيرُ الفُرُوع: برانچ منیجر۔
مُدِيرٌ لإِحْدَى الإدَارَاتِ الحُكُومِيَّة: کمشنر۔
مُدِيرُ المَبَاحِثِ الجِنَائِيَّة: افسر فوجداری تحقیقات۔
مُدِيرُ المَبِيعَات: سیلز منیجر۔
مُدِيرُ المَحَطَّة: اسٹیشن ماسٹر۔
مُدِيرُ المَحَلّ: اسٹور منیجر۔
مُدِيرُ المَدْرَسَة: پرنسپل، ہیڈ ماسٹر، ناظم، مہتمم۔
مُدِيرُ المَرَاسِيم: پروٹوکول افسر۔
مُدِيرٌ مُسَاعِد: اسسٹنٹ منیجر۔
مُدِيرُ المُسْتَخْدِمِين: اسٹاف منیجر۔
مُدِيرُ مَعْهَدِ الدِّفَاعِ المَدَنِيّ: سول ڈیفنس ادارہ کا منیجر۔
مُدِيرُ مَكْتَبِ البَرِيد: پوسٹ ماسٹر۔
مُدِيرُ مُؤَسَّسَةٍ تِجَارِيَّة: تجارتی ادارہ کا منیجر۔
مُدِيرُ مُؤَسَّسَةٍ صِنَاعِيَّة: آپریٹر، صنعتی ادارہ کا منیجر۔
مُدِيرُو الأَقْسَام: نظماء شعبہ جات۔

مُدِيرِيَة: (۱) ضلع (۲) مصری صوبہ
دَوْسٌ: (ن) پیر رکھنا، پیروں سے روندنا، غلہ گاہنا، مسلنا۔
دُوسِيه، دُوسِيه: فائل۔
دَوَّاسَة ج: دَوَّاسات: بائیسکل یا کسی انجن مشین وغیرہ کا پیڈل۔
مِدْوَسٌ ج: مَدَاوِس: پیڈل
دَاسَ الْقِطَارُ أَوِ الْعَرَبَةُ فُلَاناً: ریل یا گاڑی نے فلاں کو کچل دیا، یا فلاں کے اوپر سے اتر گئی، فلاں شخص ریل یا گاڑی کے نیچے آ گیا۔
مَدُوسٌ، مُدَاسٌ: قدموں سے روندا ہوا، مسلا ہوا۔
دُوسِنْطَارِيَا، دُوسِنْتَارِيَا: (معرب) ڈی سنٹری، شدید پیچش۔
دَوْف: (ن) دوا وغیرہ کو پانی میں ملانا (۲) انڈے پھینٹنا۔
دَوْق: (ن) کھانا، چکھنا۔
دَوْک: (ن) لوگوں کا مضطرب ہونا۔
دَوْكَة: بے چینی، اضطراب ہنگامہ، شور وغل۔
دُوكَار: تم تم۔
دَوْلَة: (۱) زمانہ کا دور (۲) انقلاب (۳) گردشِ زمانہ۔
دَوْلَة (۲) ج: دُوَل: حکومت، ریاست، بادشاہت، مملکت، ملک، کنٹری، اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ اِتِّحَادِيَّة: وفاقی ریاست۔
دَوْلَةٌ اِسْتِبْدَادِيَة: جابر حکومت۔
دَوْلَةٌ اسْتِعْمَارِية: سامراجی حکومت۔
الدَّوْلَةُ الْبُولِيسِيَّة: پولیس اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ دَاعِيَة: میزبان ملک۔
دَوْلَةٌ دِيمُقْرَاطِيَّة: ڈیموکریٹک ملک، جمہوری ملک۔
دَوْلَةُ الرَّخَاءِ وَ الرِّعَايَةِ الْاجْتِمَاعِيَّة: سوشل ویلفیئر اسٹیٹ، عام رفاہی ریاست
دَوْلَةٌ رَفَاهِيَة: ویلفیر اسٹیٹ، فلاحی ریاست۔
دَوْلَةٌ عَازِلَة (دَوْلَةٌ حَاجِزَة: بفر اسٹیٹ۔دو حکومتوں کے درمیان فاصل حکومت
دَوْلَةٌ عِمْلَاقَة: دیوقامت سلطنت، دیو قامت ریاست۔
دَوْلَةٌ عَمِيلَة: آلہ کار حکومت۔
دَوْلَةٌ مُتَخَلِّفَة: پسماندہ ملک
دَوْلَةٌ مُعَادِيَة: دشمن ملک، دشمن اسٹیٹ، دشمن سلطنت۔
الدَّوْلَةُ الْمُعْتَدِيَة: حملہ آور ملک، حملہ آور اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ مُتَقَدِّمَة: ترقی یافتہ ملک۔
دَوْلَةٌ نَامِيَة: ترقی پذیر ملک۔
صَاحِبُ الدَّوْلَة: وزیر اعظم کا لقب۔
الدُّوَلُ الْأَعْضَاءُ: ممبر ممالک۔
دُوَلُ الْخَلِيجِ الْعَرَبِيّ: خلیج عرب کے ممالک۔
الدُّوَلُ الشَّقِيقَة: پڑوسی ممالک۔
الدُّوَلُ الصَّدِيقَة: دوست ممالک۔
الدُّوَلُ الصِّنَاعِيَة: صنعتی ممالک۔
دُوَلُ عَدَمِ الانْحِيَاز: غیر جانبدار ممالک۔
الدُّوَلُ الْعُظْمٰى: بڑے ممالک، بڑی طاقتیں، بڑی حکومتیں۔
الدُّوَلُ الْغَيْرُ الْمُنْحَازَة: غیر جانبدار ممالک۔

الدُّوَلُ الفَقِيْرَة: غریب ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَأَخِرة: پسماندہ ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَحَارِبَة: برسرپیکار ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَحَالِفَة: حلیف ممالک، متحدہ حکومتیں۔
الدُّوَلُ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ۔
الدُّوَلُ المُتَضَرِّرَةُ اقْتِصَادِيًا: اقتصادی طور پر نقصان رسیدہ ممالک۔
الدُّوَلُ المُحَايِدَة: غیر جانبدار ممالک۔
الدُّوَلُ المِحْوَر: بنیادی حکومتیں، بنیادی اہمیت کے ممالک۔
دُوَلُ المُشَارِكَة: حصہ دار حکومتیں۔
دُوَلُ مُصَدِّرَة: برآمد کرنے والے ممالک۔
الدُّوَلُ المُصَنِّعَة: صنعتی ممالک۔
الدُّوَلُ المُنْتِجَة: پیداوار والے ممالک۔
الدُّوَلُ المُنْحَازَة: جانبدار ممالک۔
دُوَلُ المُوَاجَهَة: براہ راست مقابل ممالک۔
دُوَلِيٌّ: بین الاقوامی، انٹرنیشنل، عالمی۔
دُوَلِيّ: قومی، ملکی، ریاستی۔
دُوَلِيًا: بین الاقوامی سطح پر۔
دُوَيْلَة ج: دُوَيْلات: چھوٹی سی ریاست، حکومت۔
دَوَالَيْكَ: یکے بعد دیگرے، نمبروار۔
وهٰكَذَا دَوَالَيْكَ: (إلى آخِرِه): (اسی طرح اور)
دَالَ ـُ دَوْلَةً و دَوْلاً: زمانہ بدلنا، ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا۔
دَالَتْ عَلَيْهِ الدَّوْلَة: اس پر مصیبت آئی، اس کے خلاف تبدیلی آئی۔
دَالَتْ لَهُ الدَّوْلَة: اس کے حق میں تبدیلی آئی۔
دَوَّلَهُ مُدَاوَلَةً و أَدَالَهُ: مروج بنانا، دائر سائر کرنا۔
تَدَاوُل: باہم لین دین کرنا (۲) باہم مشورہ کرنا (۳) باہم بات چیت کرنا (۴) تبادلہ خیال کرنا (۵) رواج، سرکلیشن، اٹھاؤ، چلن، گفتگو، بات چیت۔
تَدَاوُلُ رِسَالَة: ایک دوسرے کو پیغام دینا۔
تَدَاوُلُ العُمْلَة: سکہ چلنا، سکہ کا چلن
تَدَاوُلُ النَّاسِ الشَّيْءَ: زیر بحث لانا، استعمال میں لانا۔
تَدَاوَلَتْهُ الأَلْسُنُ: کسی بات کا چرچا ہونا۔
تَدَاوَلَتْهُ الأَيْدِي: کسی چیز کا کام میں آنا، کسی چیز کا استعمال میں آنا۔
تَدْوِيْل: رواج دینا، عام کرنا۔
تَدْوِيْل: (۲) بین الاقوامی بنانا یا قرار دینا
مُدَاوَلَة ج: مُدَاوَلات: مخصوص بات چیت، بحث، ڈبیٹ، گفتگو، بات چیت۔
مُتَدَاوَل: رائج، مستعمل، مسلسل، مروجہ، دست گرداں، دائر سائر، رائج الوقت۔
دُوْلاب: (۱) مشین (۲) آلہ (۳) پہیہ (۴) الماری ج: دَوَالِيْب
دُوْلابُ الحِفْظ: فائلنگ الماری۔
دُوْلار: ڈالر۔
الدُّوْلارَاتُ النِّفْطِيَّة: پٹروڈالر۔
دَوَّمَ الطَّائِرُ: فضا میں پرندہ کا چکر لگانا۔
دَامَ ـُ دَوْمًا و دَوَامًا: گھومنا، چکر

لگانا (۲) ہمیشہ رہنا، برقرار رہنا۔
دَاوَمَ عَلیٰ مُدَاوَمَةً: پابندی کرنا، کوئی فعل مسلسل کرنا، ہمیشہ کرنا۔
أَدَامَ إدَامَةً: دوام عطا کرنا۔
اِسْتَدَامَ: برقرار رہنا، مسلسل رہنا،
دَوْمٌ، دَوَامٌ: ہمیشگی، تسلسل، بقاء، ابدیت، لافانیت۔
دَوْماً، عَلَی الدَّوَامِ: ہمیشہ۔
دُوَّامَةٌ: لٹو، پھرکی (۲) چکر، سلسلہ۔
دُوَامٌ: سر کا چکر۔
دُوَامٌ رَسْمِيٌّ: سرکاری اوقات کار۔
دِوَامٌ، اسْتِدَامَةٌ: بقاء۔
دَائِمٌ: دائمی، مستقل، پرمانینٹ، برقرار، لازوال (ضدِ مُوَقَّت)
دَائِماً، دَوَاماً: ہمیشہ، آئے دن،
مَادَامَ: جب تک۔
مُدَامٌ وَمُدَامَةٌ: شراب۔
مُدَاوَمَةٌ: پابندی۔
دُومِين: سرکاری مقبوضات۔
دَوَّنَ تَدْوِيناً: لکھنا، مدون کرنا، قلمبند کرنا، نوٹ کرنا۔
دَوَّنَ التَّارِيخَ: تاریخ مرتب کرنا۔
تَدْوِينٌ: اندراج، رجسٹریشن، نوٹ کرنا، ریکارڈ کرنا۔
تَدْوِينُ الشَّئِ فِي اليَوْمِيَّاتِ: ڈائری میں نوٹ کرنا، لکھنا۔
تَدْوِينُ القَوَانِينِ: قانون سازی
دُونَ: کم، کم درجہ (۲) سامنے (۳) درے۔
دُونَ أَنْ، مِنْ دُونِ أَنْ: بغیر، اس کے بغیر، بغیر اس کے کہ۔
دُونَ إخْطَارٍ: بلا اطلاع۔
دُونَ إرْتِبَاطٍ: بے جوڑ، بے ربط۔
دُونَ تَحَفُّظٍ: بلا احتیاط۔
دُونَ سَابِقِ عِلْمٍ عَنْ: پہلے سے کسی اطلاع کے بغیر۔
دُونَ مُنَازِعٍ: بلا اختلاف۔
بِدُونِ: بے، بلا، بغیر۔
بِدُونِ أَسَاسٍ: بے بنیاد۔
بِدُونِ سَفْكِ دِمَاءٍ: بلا خونریزی۔
بِدُونِ ضَرِيبَةٍ: بلا ٹیکس۔
بِدُونِ فَوَائِدَ: بلا سود۔
بِدُونِ قَيْدٍ أوشَرْطٍ: بلا قید وشرط۔
بِدُونِ مَصْرُوفَاتٍ: بلا خرچ۔
بِدُونِ مُقَابِلٍ: مفت۔
بِدُونِ مُقَدِّمَاتٍ: بلا تمہید۔
دُونْكَ: لے۔
الدِّيوَانُ: دیوان، کمپارٹمنٹ، دفتر، امور انتظامیہ کا مرکز (۲) عدالت، کچہری
دِيوَانُ المُحَاسَبَةِ: محکمہ حسابات
الدِّيوَانُ المَلَكِيُّ: شاہی کیبنٹ، شاہی دفتر، شاہی سکریٹریٹ۔
دِيوَانُ شِعْرٍ: کتاب اشعار ج: دَوَاوِينُ
دِيوَانُ فِي قِطَارٍ حَدِيدِيٍّ: ریلوے کمپارٹمنٹ۔
دَوَّى و دَوِيَ ــ دَوِيّاً: گرج ہونا، گونج دار آواز ہونا۔
دَوِيَ ــ دَوًى: بیمار ہونا۔
دَاوَى المَرِيضَ مُدَاوَاةً: علاج کرنا، دوا دارو

کرنا، دوا دینا۔
دَوَاءٌ ج: أَدْوِيَة: علاج، دوا، میڈیسن۔
دَوَاءٌ مُقَوٍّ: ٹانک۔
الأَدْوِيَة المُخَدِّرَة: نشہ آور دوائیں۔
دَوِيّ: تہلکہ، گونج (۲) گونج دار۔
دَوِيُّ المِدْفَع: توپ کی گرج۔
دَوَاة ج: دُوِيّ: دوات۔

د............ی

دَيْدَبَان: سنتری، پہریدار۔
دِيزِل: ڈیزل۔
دَيْزَلَة (تَزْوِيد بِدِيزِل): ڈیزل ڈالنا۔
دِيسِيجْرَام: (مع) ڈیسی گرام۔
دِيسِيمِتْر: (مع) ڈیسی میٹر۔
دِيسَمْبَر: (مع) ماہ دسمبر۔
دِيكْرِيتُو: (مع) فرمان عالی، فرمان حکومت، حکم، فیصلہ۔
دِيكٌ ج: دُيُوك: مرغا۔
دِيمُقْرَاطِيّ: جمہوری، عوامی، ڈیموکریٹک (مع)
دِيمُقْرَاطِيَّة: جمہوریت، ڈیموکریسی، عوامیت (مع)۔
دِيمُوطِيقِيّ: جمہوری۔
دَيْنٌ ج: دُيُون: قرض (۲) حق (۳) عہد۔
دَيْنٌ هَالِكٌ: ناقابل وصول قرض۔
الدَّيْنُ الأَهْلِيّ: قومی قرضہ۔
دَيْنٌ مُؤَجَّلُ الدَّفْع: میعادی قرضہ۔
دُيُونٌ خَارِجِيَّة: بیرونی قرضے۔
دُيُونٌ دَاخِلِيَّة: گھریلو قرضے۔
دُيُونٌ سَائِرَة: چالو قرضے، مختصر المیعاد قرضے۔
دُيُونٌ عَادِيَّة: عمومی قرضے، معمولی قرضے۔
دُيُونٌ عَامَّة: عوامی قرضے۔
دُيُونٌ مُجَمَّدَة: منجمد قرضے۔
دُيُونٌ مَضْمُونَة: ضمانت پر دیے ہوئے قرضے۔
دُيُونٌ مُمْتَازَة: خصوصی قرضے۔
الدُّيُونُ المَمْنُوحَة: دیے ہوئے قرضے۔
بِالدَّيْن: علی الحساب۔
مَدْيُون: قرض دار
مَدِين: احسان مند۔
قَضَى دَيْنَه: قرض ادا کیا (۲) مر گیا۔
دِينٌ ج: أَدْيَان: (۱) مذہب (۲) عقیدہ (۳) پرہیزگاری (۴) عبادت (۵) جزاء، بدلہ۔
دَيِّن: دیندار، مذہبی، عبادت گزار۔
دَانَه ــ دَيْنًا: (۱) قرض دینا (۲) محکوم بنانا، ذلیل بنانا۔
دَانَ له ــ دَيْنًا: کسی کے سامنے اظہار عجز کرنا، فرمانبرداری ہونا۔
دَانَ لَه بِكَذَا ــ دَيْنًا: ممنون ہونا۔
دَانَ بِدِينٍ ــ دِينًا و دِيَانَة: مذہب اختیار کرنا۔
تَدَيَّنَ بِكَذَا: مذہب اختیار کرنا۔
تَدَيَّنَ وَاسْتَدَانَ: قرض لینا، لون لینا۔
إِدَانَة: قرض لینا، قرض دینا، مذمت کرنا، ذلیل کرنا، مجرم قرار دینا، الزام لگانا۔
دَائِن: قرض دار، قرض خواہ
دِيَانَة: مذہب ج: دِيَانَات
دِينَامِيت: (معرب) ڈائنامیٹ، ایک پھٹنے والا مادہ۔

دِينَمُو : (معرب) ڈائنمو، برقی رو پیدا کرنے والی مشین ۔

ذ

ذ............ا

ذَا، هٰذَا: یہ اسم اشارہ واحد مذکر قریب کے لیے ج: اُولَاءِ، هٰؤُلَاءِ

ذَاکَ، ذٰلِکَ: وہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید کے لیے ج: اُولٰئِکَ

اِذْذَاکَ: تب، اس وقت۔

مَاذَا: کیا؟

لِمَاذَا: کیوں، کس لیے؟

ذَأَبَ ـَ ذَأْبًا و ذَأَبَ: خوف دلانا۔

ذِئْبٌ ج: ذِئَابٌ و أَذْؤُبٌ، و ذُؤْبَانٌ: بھیڑیا۔

ذِئْبَة: بھیڑیے کی مادہ۔

ذُؤَابَة ج: ذَوَائِبُ: گیسو، بالوں کی لٹ۔

ذ............ب

ذَبَّ عَنْهُ ـُ ذَبًّا: دفاع کرنا، بچاؤ کرنا، نقصان رفع کرنا۔

ذُبَابَةٌ ج: ذِبَابٌ: مکھی۔

مِـذَبَّةٌ: (۱) مکھیاں اڑانے کا پنکھا (۲) ذریعہ دفع مضرت۔

ذَبَحَ ـَ ذَبْحًا: ذبح کرنا، کاٹنا، قربانی کرنا، مار ڈالنا۔

ذَبَّاح: قصاب۔

ذَبِیْحٌ، ذَبِیْحَة ج: ذَبَائِح: قربانی، قربانی کا جانور، ذبح شدہ جانور۔

مَذْبَحَة: فساد، قتل و غارت گری، خونریزی، ذبح خانہ، خون خرابہ ج: مذابح ذَبْذَبَة: ہلانا (۲) ہلنا (۳) تردد میں پڑنا۔

تَذَبْذَب: ہلنا (۲) تردد میں پڑنا۔

ذَبْذَبَة: (۲): تردد۔

ذَبْذَبَةُ السُّوْق: بازار کا اتار چڑھاؤ۔

مُذَبْذَبٌ: متردد، ڈانواڈول۔

ذَبَلَ ـُ ذُبُولاً و ذَبْلاً: مرجھانا، پژمردہ ہونا۔

ذُبُول: افسردگی۔

ذُبَالَةُ الْمِصْبَاح: چراغ کی بتی ج: ذُبَال

ذَابِلٌ: پژمردہ، افسردہ، مضمحل۔

ذَابِلُ الْوَجْه: افسردہ۔

عَیْنٌ ذَابِلَة: چشم نیم باز، مخمور نگاہ۔

ذ............خ

ذَخَرَ ـَ ذَخْرًا و ذُخْرًا: ذخیرہ کرنا، جمع کرنا، اسٹاک کرنا، کسی چیز کو وقت ضرورت کے لیے محفوظ رکھنا۔

ذَخِیْرَة ج ذَخَائِر: جمع کردہ مال، سامان، اسٹاک گولہ بارود، اموینشن (۲) فنڈ،

اسٹور (۳) سرمایہ۔
ذَخِیْرَةٌ حَرْبِیَّة: جنگی سازوسامان۔
ذَخَائِرُ حَرْبِیَّة: میگزین، اسلحہ خانے
ذَخِیْرَةٌ مُقَدَّسَة: پاک سرمایہ۔
ذَاخِر: اشا کسٹ۔
اِذِّخَار، اِدِّخَار: چھپا کر رکھنا، جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، (۲) روپیہ بچانا، سیونگ، بچت، بچت کرنا۔
اِدِّخَارٌ اِجْبَارِیّ: جبری بچت۔

ذ .... ر

ذَرَبَ ـُ ذَرْباً: تلوار تیز کرنا۔
ذَرِبَ ـَ ذَرَباً: پیٹ یا معدہ خراب ہونا (۲) تیز زبان ہونا۔
ذَرَبُ الْبَطْنِ: اسہال، دستوں کی بیماری۔
ذَرِبٌ: بیمار، دستوں کا مریض۔
رَجُلٌ ذَرِبٌ: بدزبان آدمی، تیز زبان۔
ذَرَّ ـُ ذَرّاً: بکھیرنا، پھیلانا، چھڑکنا۔
ذَرٌّ، ذَرَّة: چھوٹی چیونٹی۔
ذَرَّة ج: ذَرَّات: (مِقْدَارٌ بَالِغُ الصِّغَر): آٹم، مادہ کا وہ سب سے چھوٹا جز جس کی مزید تقسیم نہ ہو سکے، جوہر فرد (۲) خاک کا ذرہ، ریزہ۔
ذَرَّةٌ كَهْرَبِيَّة: برق پارہ۔
مِثْقَالُ ذَرَّةٍ: ذرہ برابر۔
ذَرِّیّ: اٹمی، جوہری، جزلا تجزی کا، ایٹمک، نیوکلیائی۔
النَّظَرِيَّةُ الذَّرِّيَّة: نظریہ جوہر، یہ نظریہ کہ عناصر ایسے غیر تقسیم پذیر اجزاء مادہ پر مشتمل ہیں جو اپنا مخصوص وزن اضافی رکھتے ہیں اور مختلف اشیاء کے جوہر جب ترکیب پاتے ہیں تو ایک خاص تناسب کے ساتھ ملتے ہیں اور ان کا یہ تناسب وہی ہوتا ہے جس میں عناصر اور مرکبات کیمیائی ترکیب پاتے ہیں (انگلش اسٹینڈرڈ ڈکشنری)۔
قُنْبُلَةٌ ذَرِّيَّة: آٹم بم۔
ذَرُوْر: پاؤڈر، سفوف، برادہ، مٹی۔
ذَرُوْرُ الْأَسْنَان: ٹوتھ پاؤڈر۔
ذَرُوْرٌ مَعْدِنِيّ: ابرق (ایک قسم کی چمکیلی دھات)
ذَرُوْرِيّ: پاؤڈر جیسا ملائم۔
ذُرِّيَّة ج: ذُرِّيَّات: نسل۔
ذَرَعَ إِلَيْهِ وَعِنْدَهُ ـَ ذَرْعاً: سفارش کرنا۔
تَذَرَّعَ بِالْحَزْمِ: احتیاط سے کام لینا۔
تَذَرَّعَ بِذَرِيْعَةٍ: وسیلہ بنانا، ذریعہ بنانا، واسطہ بنانا۔
تَذَرَّعَ بِكَذَا: آڑ لینا۔
ضَاقَ ذَرْعاً بِالْأَمْرِ: تنگ ہوگیا، پریشان ہوگیا۔
ذِرَاعٌ ج: أَذْرُعٌ: بازو، ہاتھ، کہنی سے بیچ کی انگلی تک (۲) طاقت۔
ذِرَاع: (۲) قدیم طولی پیمانہ ۱۸ سے ۲۲ انچ تک کا، ارعد، نیم گز۔
ذِرَاعُ التُّرُوْسِ أَوِ الْمُسَنَّنَات: گیر لیور
ذَرِيْع: (۱) سفارش کرنے والا (۲) تیز رفتار۔
قَتْلٌ ذَرِيْعٌ: بدترین قتل۔
فَشَلٌ ذَرِيْعٌ: بدترین ناکامی۔
ذَرِيْعَة ج: ذَرَائِع: وسیلہ۔

ذَرَفَ الدَّمْعُ ـِ ذَرْفاً و ذُرُوفاً و ذَرَفَاناً: آنسو بہنا۔
ذَرَفَتِ العَيْنُ دَمْعَهَا: آنکھ نے آنسو بہایا، آنکھ سے آنسو ٹپکا۔
ذَرَقَ ـُ ذَرْقاً: بیٹ کرنا۔
ذَرْقٌ: پرندوں کی بیٹ۔
ذَرَّى تَذْرِيَةً و ذَرَى الحِنْطَةَ ـِ ذَرْياً و ذَرَا ـُ ذَرْواً و أَذْرَى: غلہ ہوا میں اڑانا۔
ذَرَّتِ الرِّيحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
ذَرَّى فُلاناً: تعریف کرنا۔
أَذْرَى إِذْرَاءً: گرانا، پھینکنا۔
أَذْرَتِ العَيْنُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
تَذَرَّى الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
تَذَرَّى بِكَذا: آڑ لینا۔
اِسْتَذْرَى بِهِ: پناہ لینا۔
ذُرَةٌ: مکئی۔
ذُرْوَةٌ ج: ذُرًى: بلندی، چوٹی، منتہا، بلندترین مقام (۲) زمین کا سورج سے بعیدترین فاصلہ۔
ذَرًى: حفاظت۔
مِذْرًى، مِذْرَاةٌ ج: مَذَارٍ: سہ شاخہ یا دو شاخہ لکڑی جس سے غلہ ہوا میں اڑاتے ہیں یا کرید تے ہیں۔

ذ .... ع

ذَعَرَ ـَ ذَعْراً و أَذْعَرَ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔
ذَعِرَ ـَ ذَعْراً و ذُعِرَ: ڈرنا، سہمنا۔
اِنْذِعَار: ڈرنا، سہمنا۔
ذُعْرٌ، ذَعْرٌ: خوف، سراسیمگی، دہشت۔
ذُعَرَةٌ: ایک پرندہ جو ہر وقت دُم ہلاتا ہے۔
ذَعَفَ ـَ ذَعْفاً: کھانے میں زہر ملانا۔
ذَعِفَ ـَ ذَعَفَاناً: مرنا۔
ذُعَاف: سمِ قاتل، زہر ہلاہل۔
مَوْتٌ ذُعَاف: فوری موت، جلد آنے والی موت۔
ذَعَقَ ـَ ذَعْقاً: چیخنا، زور سے پکارنا (۲) گھبرا دینا۔
ذَعِنَ لَهُ ـَ ذَعَناً و أَذْعَنَ لَهُ: معترف ہونا، مطیع و فرمانبردار ہونا، اظہار عجز و انکساری کرنا، تسلیم کرنا۔
إِذْعَان: انقیاد و تذلل، اطاعت۔
مُذْعِنٌ: مطیع، فرمانبردار، معترف۔
مِذْعَان: بڑا اطاعت گزار، جلد بات مان لینے والا۔

ذ .... ف

ذَفَرٌ: بدبو۔
ذَفِرَ ـَ ذَفَراً: بدبودار ہونا، بو آنا۔

ذ .... ق

ذَقَنٌ ج: أَذْقَان: ٹھوڑی، مجازاً: ڈاڑھی۔

ذ .... ک

ذَكَرَ ـُ ذِكْراً و ذُكْراً، و ذِكْرَى، و تَذْكَاراً: ذکر کرنا، بات بتانا، نام لینا۔ واقعہ بیان کرنا، دل اور زبان سے یاد کرنا۔
ذَكَّرَ و تَذَكَّرَ و اسْتَذْكَرَ: یاد کرنا، محفوظ کرنا، سمجھنا، غور کرنا۔
تَذَكَّرَ الشَّيْءَ: بھولنے کے بعد یاد کرنا، یاد آنا، ذہن میں آنا۔
تَذْكِير: یاد دلانا، نصیحت کرنا۔
ذَاكَرَهُ مُذَاكَرَةً: گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔

ذَاكَرَ دَرْسَه: یاد کرنا، مطالعہ کرنا۔
ذَكَرٌ ج: ذُكُور: نر۔
اِمْرَأَةٌ ذَكِرَةٌ: مردنما عورت۔
ذِكْرٌ، ذِكْرَةٌ: شہرت، تذکرہ، یاد۔
ذِكْرٌ و ذِكْرىٰ: یاد، یادگار۔
إِحْيَاءُ الذِّكْرِ: یاد تازہ کرنا۔
سَالِفُ الذِّكْرِ: مذکورہ بالا۔
ذِكْرىٰ: یادگار ج: ذِكْرَيَات
ذِكْرىٰ خَالِدَة: لافانی یادگار۔
يُذْكَرُ: قابل ذکر۔
مَذْكُورٌ أَعْلَاهُ: مذکورہ بالا۔
اَلْمَذْكُورُ عَالِيْهِ: مذکورہ بالا۔
ذَاكِرَة: حافظہ، ذہن، دماغ۔
تَذْكَار، تَذْكِرَه: یادگار ٹرافی۔
تَذْكَاراً لِكَذَا: فلاں چیز کی یاد میں۔
تَذْكَارِيّ: میموریل، یادگاری۔
تَذْكِرَة: یادگار، ٹکٹ، کارڈ، پاس ج: تَذَاكِرُ
تَذْكِرَةُ إِيَاب: ریٹرن (واپسی) ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ بَرِيْد: پوسٹ کارڈ۔
تَذْكِرَةُ سَفَر: ٹکٹ (یکطرفہ)۔
تَذْكِرَةُ ذَهَاب و إِيَاب: ٹکٹ آمدورفت۔
تَذْكِرَةُ يَانَصِيْب: لاٹری ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ مُرُوْر: (۱) پاسپورٹ (۲) پاس۔
تَذْكِرَةٌ طِبِّيَّة: ڈاکٹری یا معالجاتی نسخہ۔
تَذْكِرَةُ حَجْز: ریزرویشن ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ دُخُوْل: داخلہ ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ سِكَّةِ حَدِيْد: ریلوے ٹکٹ۔
تَذْكِرَةٌ مَجَّانِيَّة: پاس۔

تَذْكِرَةٌ مَفْتُوحَة: اوپن ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ نِصْفِ أُجْرَة: آدھی قیمت کا ٹکٹ۔
تَذْكِرَةٌ هُوِيَّة: شناختی کارڈ، ایڈنٹی کارڈ۔
تَذْكِرِيّ: ٹکٹ کلرک، ٹکٹ بابو۔
تَذْكَرْجِيّ: (عَامِلُ صَرْفِ التَّذَاكِرِ) بکنگ کلرک، ٹکٹ بابو۔
مَكَانُ صَرْفِ التَّذَاكِرِ: بکنگ آفس، ٹکٹ گھر۔
مُذَكِّر: یاد دلانے والا، ناصح۔
مُذَكِّرَة ج: مُذَكِّرَات: میمورنڈم، کسی معاملہ کی یادداشت، گشتی، نوٹ۔
مُذَكِّرَة: (مُفَكِّرَة): نوٹ بک۔
مُذَكِّرَةٌ تَتَضَمَّنُ اللَّوْمَ: مذمتی میمورنڈم۔
مُذَكِّرَةٌ شَدِيْدَةُ اللَّهْجَة: سخت لب و لہجہ کا نوٹس۔
ذَكَّىٰ تَذْكِيَةً: قربانی دینا، ذبح کرنا (۲) پاک وصاف کرنا۔
ذَكَّىٰ و أَذْكَىٰ: آگ روشن کرنا۔
ذَكَتِ النَّارُ ـُ ذُكُوّاً و ذَكاً، و ذَكَاءً و اسْتَذْكَتْ: آگ تیز ہونا، روشن ہونا، بھڑکنا۔
إِذْكَاءُ الْحَرَكَة: تحریک تیز کرنا۔
ذَكَاءٌ: ہوشیاری، ذہانت۔
ذَكِيٌّ: ہوشیار، ذہین، زود فہم ج: أَذْكِيَاءُ
ذَكِيُّ الرَّائِحَة: خوشبودار۔
ذَكِيُّ الطَّعْم: ذائقہ دار۔
ذُكَاءُ: آفتاب۔
اِبْنُ ذُكَاءَ: صبح۔

ذ............ل

ذَلَّ ۔ ذُلًّا، و ذِلَّةً، و مَذَلَّةً: ذلیل وحقیر ہونا۔
إِذْلَالٌ، تَذْلِيلٌ: ذلیل کرنا۔
تَذْلِيلٌ: (۲) قابو پانا، غالب آنا، مشکلات پر قابو پانا، تابع بنانا، آسان بنانا، گھوڑے کو سدھانا۔
تَذْلِيلُ الصِّعَاب: دشواریوں کو ختم کرنا۔
تَذْلِيلُ العَقَبَات: دشواریوں پر قابو پانا۔
ذُلٌّ: بے عزتی، ذلت وخواری۔
ذَلِيلٌ ج: أَذِلَّاءُ: حقیر۔
تَذَلُّلٌ: عاجزی اختیار کرنا، ذلیل بننا۔
إِذْلَالٌ و اسْتِذْلَالٌ: زیر کرنا، قابو میں کرنا۔
ذَلَقَ السِّكِّينَ ـُ ذَلْقاً و ذَلَاقَةً: تیز کرنا۔
ذَلِقَ اللِّسَانُ ـَ ذَلَقاً: زبان تیز ہونا، تیز زبان ہونا (۲) فصیح ہونا۔
ذَلَاقَةُ اللِّسَانِ: زور زبان، فصاحت، چرب زبانی۔
ذَوْلَقُ اللِّسَانِ: زبان کا کنارہ۔
ذٰلِكَ: وہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید کے لیے
مَعَ ذٰلِكَ: باوجود۔

ذ .... م

ذَمّ: (در: ذمم)
ذَمَرَ الأَسَدُ ـُ ذَمْراً: شیر کا چنگھاڑنا
تَذَمَّرَ: تنگ دل ہونا، دل برداشتہ ہونا۔
تَذَمُّر: غصہ، ناگواری۔
التَّذَمُّرُ السِّيَاسِيّ: سیاسی بے چینی
تَذَمُّرُ الشَّعْب: عوامی بے چینی۔
ذِمَار: شرف، اعزاز (۲) ناموس، عزت، حرم۔
ذَمَّمَ تَذْمِيماً: حد سے زیادہ مذمت کرنا۔

ذَمَّهُ ـُ ذَمّاً و مَذَمَّةً: برا کہنا، تنقید کرنا۔
ذَمّ: برائی، تنقید۔
ذِمَّة: (۱) ضمانت (۲) عہد (۳) حفاظت، امن (۴) قرض (۵) ضمیر ج: ذِمَمٌ۔
أَهْلُ الذِّمَّةِ: (۱) معاہدین (۲) دارالاسلام میں جزیہ دے کر رہنے والے کفار۔
عَلٰى ذِمَّةِ التَّحْقِيقِ: تحقیق کے لیے۔
فِي ذِمَّتِهٖ: اس پر واجب ہے۔
ذِمِّيٌّ: معاہد، جزیہ دے کر دارالاسلام میں رہنے والا کافر۔
ذَمِيمٌ، مَذْمُوم: برا، قابل مذمت۔

ذ .... ن

ذَنْبٌ ج: ذُنُوب: گناہ، غلطی، جرم۔
ذَنَبٌ ج: أَذْنَاب: دُم (۲) تابع۔
ذَنْبِيّ: گناہ کا، گناہ سے متعلق۔
ذَنَّبَ تَذْنِيباً: دُم لگانا، دمدار بنانا (۲) سزا دینا۔
إِذْنَاب: جرم کرنا، گناہ کرنا، غلطی کرنا۔
اسْتِذْنَاب: گنہگار سمجھنا۔
مُذْنِبٌ: گنہگار، مجرم، غلط کار۔
مُذَنَّبٌ: دم دار، دم دار ستارہ۔

ذ .... ہ

ذَهَبَ ـَ ذَهَاباً: جانا۔
ذَهَبَ بِهٖ: لے جانا۔
ذَهَبَ إِلٰى كَذَا: خیال ہونا، مناسب سمجھنا (۲) اختیار کرنا۔
ذَهَبَ ضَحِيَّةَ كَذَا: شکار ہونا، نذر ہونا
ذَهَبَ أَدْرَاجَ الرِّيَاحِ: فنا ہونا، ہوا بُرد ہونا۔
ذَهَّبَ تَذْهِيباً: سونے کا ملمع کرنا، سونا بنانا۔

إِذْهَابٌ: لے جانا۔
تَمَذْهَبَ بِمَذْهَبِ كذا: کوئی طریقہ یا مسلک اختیار کرنا۔
ذَهَبٌ: سونا۔
ذَهَبٌ أَبْيَضُ: پلاٹینم، ایک قیمتی دھات۔
ذَهَبِيٌّ: سونے کا، گولڈن۔
ذَهَاب: روانگی، واپسی۔
ذَهَابُ الحَرَارَةِ: آنچ کم ہونا۔
ذَهَابُ الصُّرَاخِ أَدْرَاجَ الرِّيَاحِ: چیخ ہوا میں گم ہوگئی۔
ذَهَابُ المُحَاوَلَةِ فَاشِلَةً: ارادہ ناکام ہونا۔
الذَّهَابُ والإِيَابُ: آمدورفت۔
مَذْهَبٌ ج: مَذَاهِبُ: مسلک، اعتقاد، عقیدہ، مکتب فکر۔
المَذْهَبُ التَّقْلِيدِيُّ: تقلیدی مکتب فکر۔
مَذْهَبُ الجَبْرِ او الجَبْرِيَّةِ: عقیدہ جبر، جبریت۔
مَذْهَبُ الحُكْمِ المُطْلَقِ: استبدادی حکومت کا عقیدہ، مطلق العنان حکومت کا نظریہ۔
مَذْهَبُ الفَوْضَوِيَّةِ: لاقانونیت کا نظام۔
مَذْهَبِيٌّ: فرقہ وارانہ۔
مُذَهَّبٌ: سونے کا ملمع کیا ہوا۔
ذَهَلَ عَنِ الأَمْرِ ـَ ذَهْلاً و ذُهُولاً: غافل ہونا، بھول جانا، ذہن سے نکلنا۔
ذَهِلَ ـَ ذُهُولاً: ہوش اڑنا، عقل زائل ہونا، ہکا بکا رہ جانا۔
مُذْهِل: حیرت انگیز۔

ذُهُول: غفلت۔
ذَاهِلٌ، مُنْذَهِلٌ: غافل، ششدر، حواس باختہ۔
ذِهْنٌ ج: أَذْهَانٌ: عقل، ذہن۔
ذِهْنِيٌّ: آئیڈیل۔

ذ.........و

ذُوْ: والا، صاحب ج: ذَوُوْ۔
ذُو اتِّجَاهٍ رَأْسْمَالِيٍّ: سرمایہ دارانہ ذہنیت کا۔
ذُو اسْتِقْلاَلٍ ذَاتِيٍّ: خودمختار۔
ذُو سُلْطَةٍ: بااختیار۔
ذُو عَاهَةٍ: آفت رسیدہ۔
ذُو مَعْنىً: بامقصد۔
ذَوُو دَخْلٍ مَحْدُوْدٍ: محدود آمدنی والے۔
ذَوُو الرَّجُلِ: رشتہ دار، متعلقین۔
ذَات: (مونث ذُوْ) والی (۲) جان، نفس
ذَاتَ مَرَّةٍ: ایک دفعہ، کسی دفعہ۔
ذَاتَ يَوْمٍ: ایک دن، کسی دن۔
ذَاتُ الكَثَافَةِ السُّكَّانِيَّةِ: گھنی آبادی والی۔
احْتِرَامُ الذَّاتِ: عزت نفس۔
الاعْتِمَادُ عَلَى الذَّاتِ: خوداعتمادی۔
الإِعْجَابُ بِالذَّاتِ: خود پسندی۔
الثِّقَةُ بِالذَّاتِ: خوداعتمادی۔
إِنْكَارُ الذَّاتِ: نفس کشی، خودفراموشی، تواضع۔
مَدْحُ الذَّاتِ: خودستائی۔
ذَاتِيٌّ: شخصی، پرسنل۔
ذَاتِيَّةٌ: شخصیت، اپنی ذات، ذات کا مسئلہ۔

ذَاتِيَّةُ الشَّيْءِ: حقیقت۔
ذَاتِيًّا: ذاتی طور پر، شخصی طور پر۔
ذَوَاتُ الْبَلَد: سربرآوردہ، معززین شہر
ذَوَاتُ الْأَرْبَع: چوپائے۔
أَوْلَادُ الذَّوَات: صاحبزادگان، بڑوں کی اولاد۔
ذَوَّبَ تَذْوِيبًا و أَذَابَ: گلانا، پگھلانا
تَذْوِيبُ الْفَوَارِق: امتیازات ختم کرنا۔
إِذَابَةُ الذَّاتِ فِي كَذَا: کسی میں خودکو ضم کر دینا۔
ذَابَ ـُ ذَوْبًا و ذَوَبَانًا: گلنا، پگھلنا۔
ذَابَ أَسًى أَوْهَمًّا: غم یا رنج میں گھلنا۔
ذَابَ خَجَلًا: شرمندگی سے پانی پانی ہونا۔
ذَابَتْ مُنَظَّمَةٌ دَاخِلَ مُنَظَّمَةٍ: تنظیم کا تنظیم میں گم ہو جانا۔
ذَائِبٌ: گلا ہوا، پگھلا ہوا۔
مُذِيبٌ: پگھلانے والا، حل کنندہ۔
ذَوْبُ سِلْكِ الصِّمَامَةِ الْكَهْرَبَائِيَّةِ: فیوز اڑنا۔
ذَوَّدَ: (ن) دفاع کرنا، ہٹانا، بچانا۔
ذَوْقٌ: (ن) چکھنا، ذائقہ معلوم کرنا۔
إِذَاقَةٌ: چکھانا۔
تَذَوَّقَ: ذائقہ لینا، مزہ لینا، تھوڑا تھوڑا چکھنا۔
تَذَوُّق: ٹیسٹ، ذائقہ چکھنا۔
مَذَاق: ٹیسٹ، ذائقہ۔
مَذَاقٌ سَلِيسٌ: صاف ذائقہ۔
ذَوْق و ذَوَاق: (۱) مذاق، خواہش (۲) لیاقت (۳) اصابت رائے، سلیقہ، ٹیسٹ۔

الذَّوْقُ الاجْتِمَاعِيّ: معاشرتی سلیقہ۔
قِلَّةُ ذَوْقٍ: بدذوقی۔
قَلِيلُ الذَّوْق: بدذوق۔
ذَوَى ـِ ذَيًّا وذُوِيًّا و ذَوِيَ ـَ ذَوِيًّا: مرجھانا، کملانا۔
ذَاوٍ: مرجھایا ہوا، پژمردہ۔
ذَاعَ الْخَبَرُ ـِ ذُيُوعًا: پھیلنا، عام ہونا، شائع ہونا، نشر ہونا۔
ذَاعَتْ شَائِعَةٌ ـ حَوْلَ وعَنْ كَذَا: افواہ پھیلنا۔
إِذَاعَة: شائع کرنا، نشر کرنا، بیان، انکشاف کرنا، اناؤنس کرنا، اطلاع، اشتہار۔
إِذَاعَةُ بَيَان: بیان جاری کرنا۔
إِذَاعَةُ السِّرّ: راز کھولنا، راز فاش کرنا۔
إِذَاعَةُ عُمُومِ الْهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔
إِذَاعَةٌ بِاللَّاسِلْكِيّ: براڈ کاسٹ کرنا۔
ذَائِع: عام، شائع۔
ذَائِعُ الصِّيت: شہرت یافتہ۔
مَحَطَّةُ الإِذَاعَةِ اللَّاسِلْكِيَّة: ریڈیو اسٹیشن، نشر گاہ۔
إِذَاعَات: (۱) ریڈیو نشریات (۲) افواہیں، مشہور کردہ خبریں۔
مُذِيع: ناشر، اناؤنسر، پروگرام چلانے والا، اعلان کنندہ۔
مِذْيَاع: (۱) بھونپو، میکروفون (۲) راز افشاء کرنے والا، بھانڈا پھوڑ آدمی۔
مِذْيَاع كَهْرَبِيّ: (۱) میکروفون (۲) ریڈیو۔

مُذَاعٌ بِالتِّلِفِزْیُوْن: ٹیلیویژن پر نشر شدہ۔
مُذَاعٌ بالرَّادِیُو: ریڈیو سے نشر شدہ۔

ذ.........ی

ذَیَّـلَ الکِتَابَ، تَذْیِیلاً: کتاب پر حاشیہ لکھنا، نوٹ لکھنا، ضمیمہ لگانا، اضافہ کرنا، فٹ نوٹ لکھنا۔
ذَیْـلٌ ج: أَذْیَـالٌ: (۱) دُم (۲) کنارہ (۳) آخری حصہ، اضافہ، حاشیہ (۴) تابع۔
ذَیْلُ الثَّوبِ: دامن۔
ذَیْلُ الصَّفْحَۃ: صفحہ کا نچلا حصہ۔
ذَیْلٌ و تَذْیِیل: ضمیمہ۔
حَامِلُ الذَّیْل: دامن بردار۔
طَاهِرُ الذَّیْل: پاکدامن۔
قَصِـیْرُ ذَیْلٍ: کوتاہ دامنی، یہ ایسے وقت استعمال کیا جاتا ہے جبکہ کوئی کام مکمل نہ ہو۔
مَقْطُوْعُ الذَّیْلِ: دُم بریدہ۔
ذَایِلٌ، مُذَیَّل: دُم دار۔

ر

ر............أ

رَأَبَ الصَّدْعَ ـــ رَأْبًا: پھٹن کو جوڑنا، رخنہ بند کرنا، مرمت کرنا۔

رَأْرَأَةً: پتلی پھرا کر دیکھنا۔

رَادِيكَالِيّ: (معرب) راڈیکل، انتہا پسند۔

رَادِيُو: (مع) ریڈیو، وائرلیس سیٹ۔

رَادِيُو كُلِّ الْهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔

رَادِيُو عُمُوْمِ الْهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔

رَادِيُو غْرَاف: (معرب) ریڈیو گراف۔

رَادِيُو فُون: (معرب) ریڈیو فون۔

رَادِيُوم: (مع) ریڈیم، ایک چمکیلا مادہ۔

رَأَسَ ـــ رِئَاسَةً وَرِيَاسَةً وَ تَرَأَّسَ وَارْتَأَسَ: بڑا بننا، راہنما بننا، سربراہ بننا۔

رَأَسَ الْعَمَلَ: نگرانی کرنا، انتظام کرنا۔

رَأَسَ الْجَمْعِيَّةَ أَوِ الْاِجْتِمَاعَ: جماعت یا جلسہ کی صدارت کرنا۔

رَؤُسَ ـــُـ رِئَاسَةً: صدر ہونا، لیڈر ہونا، سربراہ ہونا، افسر ہونا۔

تَرْئِيس: صدر بنانا، افسر بنانا۔

تَرْئِيسُ الْقَلَمِ: (د) قلم کی نوک بنانا۔

تَرْئِيسُ الْكِتَابِ أَوِ الْمَقَالَةِ: کتاب یا مضمون پر عنوان لگانا۔

رَأْس ج: رُؤُوْس: (۱) سر (۲) چوٹی (۳) اول، ہیڈ، سربراہ (۴) عقل (۵) بالائی حصہ (۶) اصل۔

رَأْسُ مَال: سرمایہ، فنڈ، کیپٹل، اصل رقم ج: رُؤُوْسُ أَمْوَالٍ

رَأْسُ الْمَالِ الْاِبْتِدَائِيُّ: ابتدائی سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْاِجْتِمَاعِيُّ: سوشل سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْاِحْتِيَاطِيُّ: ریزرو سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الثَّابِت: فکسڈ سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْحَقِيقِيُّ: واقعی سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ السَّنَدَات: کاغذی سرمایہ، کاغذات کے بموجب سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْعَاطِلُ: بیکار سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْعَامِلُ: دست گرداں سرمایہ، چلتا سرمایہ، مصروف سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْمُتَدَاوَل: کرنٹ سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْمَحْبُوْس: منجمد سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْمُسَجَّل: رجسٹرڈ سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْمُقْتَرَض: قرض سرمایہ۔

رَأْسُ الْمَالِ الْمُكْتَتَب: مشترکہ سرمایہ، چندہ

کا سرمایہ۔
رَأسُ المَالِ الوَطَنِيّ: قومی سرمایہ۔
الرَّأسِمَالِيّ: سرمایہ دار، سرمایہ دارانہ۔
الرَّأسِمَالِيَّة: سرمایہ داری۔
الرَّأسِمَالِيَّةُ الاِحْتِكَارِيَّة: اجارہ دارانہ سرمایہ داری۔
الرَّأسِمَالِيَّةُ التِّجَارِيَّة: تجارتی سرمایہ داری۔
الرَّأسِمَالِيَّةُ الشَّعْبِيَّة: عوامی سرمایہ داری۔
الرَّأسِمَالِيَّةُ المَحَلِّيَّة: لوکل سرمایہ داری۔
الرأسِمَالِيَّةُ الوَطَنِيَّة: نیشنل سرمایہ داری۔
رَأسُ العَمُود: کالم کا بالائی حصہ۔
رَأسُ القَوْم: لیڈر، سردار۔
رَأسٌ بِرَأسٍ: برابر، مساوی۔
رَأساً: براہِ راست، ڈائریکٹ۔
رَأساً علی عَقِبٍ: الٹا، اوندھا۔
علی رَأسِ الحُكُومة: سربراہ حکومت
رَأسِيّ: عمودی شکل کا۔
رَئِيسٌ ج: رُؤَسَاء: صدر، لیڈر، افسر، سربراہ، چیف، نگراں، ہیڈ، پرنسپل، چیئرمین۔
__ إدَارَة أو مَكْتَب: کسی محکمہ یا دفتر کا افسر، ذمہ دار، افسرِ انتظامیہ۔
__ أركَانِ الجَيْش: کمانڈر انچیف۔
__ الأركَانِ العَامَّة: چیف آف اسٹاف
الرئيسُ الأعْلىٰ لِلجَامِعَات: یونیورسٹیوں کا سربراہِ عام۔
رَئِيسُ البَلَدِيَّة: میونسپل چیئرمین، میئر۔
__ لِهَيئَةٍ تَشْرِيعِيَّة: اسپیکر۔
__ بِالنِّيَابَة: قائم مقام صدر۔
__ بِالوِكَالَة: قائم مقام صدر۔

__ التَّحْرِير: چیف ایڈیٹر، مدیرِ اعلیٰ
__ جَامِعَة: چانسلر۔
__ الجَلْسَة (فِي مَجْلِسِ النُّوَّاب): اسپیکر۔
__ جَلْسَةٍ أو اجْتِمَاعٍ أو مَجْلِسٍ: صدرِ جلسہ، چیئرمین۔
__ الحِسَابَات: چیف اکاؤنٹنٹ
__ الدَّائِرَة: افسر۔
الرَّئِيسُ العَامّ: جنرل افسر۔
رَئِيسُ فِرْقَة: کپتان۔
__ عِصَابَة: گروہ کا سردار۔
__ عُمَّال: اوورسیر، فورمین۔
__ اللَّجْنَة: کمیٹی کا چیئرمین۔
__ لِلوِزَارَة بِالنِّيَابَة: قائم مقام وزیرِ اعظم۔
__ لَيْسَ لَه حَقّ: صدر بلا اختیار۔
__ مُبَاشِر: ڈائریکٹ آفیسر۔
__ مَجْلِسِ الإدَارَة: چیئرمین آف بورڈ
__ مَجْلِسِ الدَّوْلَة: چیئرمین قومی اسمبلی۔
__ مَجْلِسِ المَدِينَة: میئر۔
__ مَجْلِسِ النُّوَاب: اسپیکر پارلیمنٹ۔
__ المَحْكَمَة: جج، حاکمِ عدالت۔
__ المَحْكَمَةِ العُلْيَا: چیف جسٹس
__ مَدْرَسَة: مہتمم۔
مُشَارِكٌ: مشترک صدر۔
المَكْتَب: چیف کلرک، ہیڈ کلرک۔
__ مُؤَقَّتٌ: عارضی صدر۔
__ مَعْهَدٍ عِلْمِيّ أو دِينِيّ: کسی علمی یا دینی ادارہ کا اعلیٰ ذمہ دار، یونیورسٹی کے کسی شعبہ کا صدر، ڈین۔

الوُزَرَاء: وزیراعظم۔
رَئِیسُ وَفْدٍ: وفد کا صدر، سربراہ وفد
— الهَیْئَةِ المَرْکَزِیَّةِ لِلتَّخطِیطِ: مرکزی پلاننگ بورڈ کا چیئرمین۔
رَئِیسَة: (مونث رئیس)
رَئِیسِیٌّ: اول، بنیادی، اہم، صدر، بڑا، چیف، ماسٹر، مین۔
رِئَاسَة: صدارت، سربراہی، لیڈری، افسری، سرداری، چیئرمین شپ۔
الرِّئَاسَةُ بِالاِشتِرَاک: مشترکہ صدارت
رِئَاسَةُ التَّحرِیرِ: ادارتِ اعلیٰ، مدیر اعلیٰ کا عہدہ۔
رِئَاسِیّ: صدارتی۔
مَرْؤُوس: ماتحت (ضد رئیس)
رَأَفَ — رَأْفَةً و رَؤُوفٌ وَرَآفَةً و رَئِفَ — رَأْفاً و تَرَأَّفَ بِه: مہربانی کرنا، شفقت کرنا، مہربان ہونا۔
رَأْفَة: مہربانی، رحم، شفقت۔
رَؤُوف: بے حد مہربان، مشفق۔
رَأَى — رُؤْيَة: دیکھنا، ادراک کرنا، خیال کرنا، مناسب سمجھنا۔
تَرَاءَى لَهُ: سامنے آنا، نظر آنا (۲) اظہار کرنا، کسی چیز کا مظاہرہ کرنا۔
رَاءَاهُ مُرَاءَاةً و رِءَاءً ورِیَاءً: ریاکاری کرنا (۲) مشورہ کرنا۔
إِرَاءَة: دکھانا۔
اِرتَأَى الأَمرَ: غور کرنا، مناسب سمجھنا۔
یَاتُرَى، هَلْ تُرَى: تعجب ہے، حیرت ہے، دیکھئے صاحب، دیکھئے کیا ہوتا ہے۔
(حیرت اور تعجب کے وقت بولا جاتا ہے)۔
رَأْیٌ ج: آرَاءٌ: رائے، خیال، فکر، نظریہ، تجویز، مشورہ، نصیحت۔
رَأْیُ الأَغلَبِیَّةِ: اکثریت کی رائے۔
الرَّأْیُ العَالَمِیّ: رائے عامہ، بین الاقوامی رائے۔
الرَّأْیُ المُبَلْبَل: تذبذب رائے۔
الرَّأْیُ العَامّ: رائے عامہ، عام رجحان
مِنْ رَأْیِهِ اَنْ: اس کا خیال ہے کہ۔
رُؤْیَا: خواب ج: رُؤًى
رُؤْیَة: دید۔
رُؤْیَة القَاصِی: ٹیلی ویژن، لاسلکی کے ذریعے آنکھوں سے اوجھل چیزوں کو دیکھنا، غائب بینی، مشاہدہ غائب۔
رِئَاءٌ وَرِیَاءٌ: تصنع، نفاق، دکھاوا۔
رِئَة ج رِئَات، ورِئُون: پھیپھڑا۔
مُرَاءٍ: ریاکار، منافق۔
مِرْآةٌ ج: مَرَایَا و مَرَاءٍ: آئینہ۔
مِرْآةٌ مُعَدِنِیَّة: ایک آلہ جراحی (۲) دوربین جو سرجری میں استعمال کی جاتی ہے۔
مَرْآی: منظر۔
مَرْئِیّ: دکھائی دینے والا۔
رَایَةٌ: جھنڈا، پرچم، نشان، علم، فلیگ، بینر ج: رَایَات
الرَّایَةُ البَیْضَاءُ: صلح کا جھنڈا۔
رَایَةُ الثَّوْرَةِ: نشانِ انقلاب۔
الرَّایَةُ الحَمْرَاءُ: سرخ جھنڈا۔

ر ………… ب

رَبَأَ — رَبْأً عَلَیْه: نگرانی کرنا۔

رَبَأ بِنَفْسِهِ عَنْ عَمَلِ كَذا: اس نے فلاں فعل سے اپنے کو باز رکھا۔

رَبَّ و رَبَّبَ ـُ رَبًّا و تَرَبَّبَ الوَلَدَ: پرورش کرنا، پالنا۔

رَبٌّ: پروردگار، پرورش کنندہ، مالک، سردار، صاحب ج: أَرْباب و رُبُوب م: رَبَّة ج: رَبّاتٌ

رَبُّ البَيْتِ: صاحب خانہ، مالک مکان۔

رَبُّ العَمَلِ: مالک کاروبار۔

رُبٌّ: مُرَبًّا

رُبَّ، رُبَّما: شاید بعض اوقات، بسا اوقات، ممکن ہے۔

رَباب: ایک قسم کا باجہ۔

رِبابة، رُبُوَّة، رُبُوبِيَّة: پرورش۔

رُبّانٌ: جہاز کا کپتان، کشتی بان، ملاح ج: رَبابِنُ

رُبّانُ الاختبار: ٹیسٹ پائلٹ۔

رُبّانُ الطائرة: پائلٹ۔

رابٌّ: سوتیلا باپ۔

رابَّة: سوتیلی ماں۔

رَبِيبٌ: (۱) سوتیلا لڑکا (۲) سوتیلا باپ ج: أَرِبَّة

رَبِيبَة: (۱) سوتیلی لڑکی (۲) سوتیلی ماں ج: رَبائِبُ

رَبِيبَةُ الاستعمار: سامراجیت کا پروردہ۔

رَبَتَ الصَّبِيَّ ـُ رَبْتًا و رَبَّتَ: بچہ کو تھپکی دینا۔

رَبِحَ ـَ رِبْحًا و رَبَحًا و رَباحًا: تجارت میں نفع اٹھانا۔

تَرْبِيح: نفع پہنچانا، نفع بخش بنانا۔

رِبْح ج: أَرْباح: فائدہ، بیاج، پرافٹ۔

رِبْحٌ صافٍ: خالص منافع جو انتظامی اخراجات کے بعد حاصل ہو۔

رِبْحٌ صُورِيّ: ظاہری نفع۔

الرِّبْحُ والخَسارَةُ: نفع و نقصان۔

أَرْباحٌ قِياسِيَّة: مقررہ منافع۔

رِبْحُ المالِ: کسی رقم کا مقررہ منافع۔

رِبْحٌ بَسِيطٌ: سود مفرد۔

رِبْحٌ مُرَكَّبٌ: سود مرکب۔

رابِحٌ، مُرْبِحٌ: فائدہ اٹھانے والا، نفع حاصل کرنے والا (۲) نفع بخش۔

رَبَدَ ـُ رَبْدًا و رُبُودًا بالمَكان: اقامت گزیں ہونا، قیام کرنا۔

رَبَدَهُ ـُ رَبْدًا: منع کرنا، روکنا، روکے رکھنا۔

أَرْبَدُ: بھورا، خاکستری رنگ کا، مٹیالا

رَبَصَ ـُ رَبْصًا و تَرَبَّصَ بأحدٍ: کسی کے لیے خیر یا شر کا منتظر رہنا، گھات میں لگنا۔

التَّرَبُّصُ بأحدٍ: کسی کی فکر میں رہنا، تاک میں لگنا۔

ربض ـِ ربضًا و رُبُوضًا: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔

رَبَضٌ، مَرْبِضٌ: بکریوں کا باڑہ ج: أَرْباضٌ و مَرابِضُ۔

رَبَضُ المَدِينَة: شہر کی ملحقہ عمارتیں۔

رَبَطَ ـِ رَبْطًا: باندھنا، ملانا، جوڑنا۔

رَبَطَ الألغامَ في شيءٍ: آتش گیر مادہ کسی چیز میں رکھنا۔

الرَّبْطُ بأحدٍ: جوڑ، تعلق۔

رَبَطَ بَيْنَ الشَّعْبَيْنِ: دو ملکوں کے عوام کو جوڑنا۔

رَبَطَ على قَلْبِهِ: مضبوط کرنا، صبر عطا کرنا۔

رَبَطَ الجُرحَ: زخم کو پٹی باندھنا۔
رَبَطَ اللِّسَانَ: زبان بند کرنا، گونگا کرنا۔
رَابَطَ الجَیْشُ مُرَابَطَةً: لشکر کا مقیم ہونا، پڑاؤ ڈالنا۔
رَابِطُ الجَأْشِ: بہادر، نڈر
اِرْتِبَاطٌ بِشَیْءٍ: بندھنا، ملنا جڑنا، منسلک ہونا۔ (۲) وابستگی، کنکشن، تعلق، جوڑ، ربط۔
الاِرْتِبَاطُ عَاطِفِیًّا: جذباتی لگاؤ۔
رَبْطٌ: جوڑ، بندش، (ضد، حَلّ)
رَبْطُ الطَّائِرَاتِ فِی اَعْمِدَةِ حَظِیْرَةٍ: ہوائی جہازوں کو شیڈ کے ستونوں سے باندھنا۔
رَبْطُ العَلَاقَةِ مَعَ الشَّعْبِ: عوام سے تعلق قائم کرنا۔
رِبَاط: رسی، پٹی، ڈوری، جوتے کا تسمہ ج: رُبُط
رِبَاطُ الجَوَارِبِ: گیٹس۔
رِبَاطُ الرَّقَبَةِ: ٹائی ج: رُبُط
رِبَاطُ العُنُقِ: ٹائی ج: رُبُط
رَبْطَة: پیکٹ، گٹھڑی، بستہ ج: رَبْطَاتٌ:
رَبْطَةُ السَّاقِ: گیٹس، موزہ بند۔
رَبْطَةُ العُنُقِ: نکٹائی۔
رَابِط: قیام پذیر، بندھا ہوا۔
رَابِطُ الجَأْشِ: متحمل مزاج، حواس درست رکھنے والا، مستقل مزاج۔
رَابِطَة: تعلق، کنکشن، ایسوسی ایشن، رابطہ ج: رَوَابِط
رَابِطَةُ شُعُوبٍ: کامن ویلتھ۔
رَابِطَةُ المُوَظَّفِیْنَ: اسٹاف ایسوسی ایشن۔
رَوَابِطُ: تال میل، تعلقات و: رَابِطَة
الرَّوَابِطُ الاِقْتِصَادِیَّةُ: اقتصادی روابط۔
مَرْبَط ج: مَرَابِط: اصطبل، گھوڑوں اور چوپاؤں کو باندھنے کی جگہ
مَرْبُوط: مرتبط، بندھا ہوا، وابستہ
مُرْتَبِطٌ بِمَوْعِدٍ اَوْ عَهْدٍ: کسی پروگرام یا عہد کا پابند۔
رَبَعَ ـَ رَبْعًا: توقف کرنا، انتظار کرنا
تَرْبِیْع: چار گنا کرنا۔
تَرَبَّعَ وَاسْتَرْبَعَ فِی الجُلُوْسِ: چار زانو بیٹھنا۔
رُبْع: چوتھائی حصہ ج: اَرْبَاع.
رَبْع: (۱) مکان (۲) حویلی جس میں بہت سے چھوٹے مکانات ہوں (۳) کوارٹر، جگہ، مقام، اقامت گاہ ج: رُبُوْع۔
رَبِیْع: موسم بہار ج: اَرْبِعَة۔
رَبِیْعُ الحَیَاةِ: زندگی کی بہار۔
رُبَاعِیّ: چہار اجزائی۔
رُبَاعِیُّ الاَحْرُفِ: چار حرفی۔
رُبَاعِیُّ الاَضْلَاعِ: چہار پہلو والا۔
رُبَاعِیُّ الاَرْجُلِ: چار پیروں والا۔
رَابِع: چوتھا م: رَابِعَة۔
رَابِعَ عَشَرَ: چودہواں۔
اَرْبَعَة، اَرْبَعٌ: چار (۴)
اَرْبَعَةُ اَضْعَافٍ: چار گنا۔
اَرْبَعَةُ مَفَارِقَ: چوراہا۔
اَرْبِعَاء، یَوْمُ الاَرْبِعَاءِ: بدھ کا دن، چہار شنبہ۔
تَرْبِیْعَة ج: تَرْبِیْعَات، مُرَبَّع ج: مُرَبَّعَات: خانہ۔
مَرْبَعُ الصَّیْدِ: مَرَابِع: شکارگاہ۔

مُرَبَّعٌ: چہار گناہ، چوکانہ، چہار پہلو۔
رِبْقَة: پھندا، طوق ج: رِبَق
رِبْقَةُ الاسْتِعْبَاد: طوقِ غلامی۔
رَبَکَ ـُ رَبْکاً: رکاوٹ ڈالنا، مشکل میں مبتلا کرنا، پریشان کرنا۔
رَبِکَ ـَ رَبْکاً و ارْتَبَکَ: مشکل میں پھنسنا، پریشان ہونا۔
أرْبَکَ: الجھانا۔
رَبْکٌ، ارْتِبَاک: پریشانی، الجھن۔
ارْتِبَاکُ المَوْقِف: صورتحال پیچیدہ ہونا۔
رَبِکٌ، مُرْتَبِکٌ: پریشان، مبتلائے مصیبت والجھن۔
مُرْبِکٌ: پریشان کن۔
مُرْتَبِک: پیچیدہ۔
رَبِلٌ: فربہ، چربی دار، گوشت سے بھرپور۔
رَبَالَةٌ: فربہی۔
رَبِیْل: موٹے جسم کا، موٹا۔
رَبْوَة ج: رُبیً: ٹیلہ، اونچی زمین (۲) دس لاکھ۔
رِبْوَة: دس ہزار۔
رِبَا، رِبَاءٌ: سود، بیاج، ناجائز سود، ناجائز نفع مال۔
رِبَوِیّ: سودی۔
مُرَابِی: سودی کاروبار کرنے والا۔
رَبَا ـُ رَبْواً و رُبُوّاً: بڑھنا، زیادہ ہونا، نشوونما پانا۔
رَبَّی الوَلَدَ تَرْبِیَةً: پرورش کرنا، پالنا، تعلیم و تربیت دینا، نگہداشت کرنا۔
رَبَّی الثَّمَرَ بالسُّکَّر: پھلوں کا مربا بنانا۔
رَابَاهُ مُرَابَاةً: سودی معاملہ کرنا، سود پر روپیہ دینا۔
إرْبَاء: بڑھانا، اضافہ کرنا۔
تَرَبَّی: بڑھنا، نشوونما پانا، پرورش پانا، مہذب ہونا، تعلیم پانا۔
تَرْبَوِیّ: تربیتی۔

ر............ت

رَتَّبَ تَرْتِیباً: مرتب کرنا، سلیقے سے لگانا، رکھنا (۲) تدبیر کرنا، تیار کرنا، انتظام کرنا۔
رَتَّبَ تَرْتِیباً أبْجَدِیّاً: حروفِ تہجی پر ترتیب دینا۔
تَرَتَّبَ: سلیقے سے لگنا، مرتب ہونا۔
تَرَتَّبَ عَلَیٰ: نتیجہ برآمد ہونا۔
تَرَتَّبَ النَّتِیْجَةِ عَلَیٰ شَیْءٍ: کسی چیز کا نتیجہ نکلنا۔
رُتْبَةٌ ج: رُتَبٌ: درجہ، حیثیت، ڈگری، عہدہ، منصب، گریڈ۔
رَتِیْب: روٹین، ترتیب وار۔
رَتِیْبِی: روٹینی۔
مَرْتَبَة ج: مَرَاتِب: (بمعنی: رُتْبَة)
مَرَاتِبُ الخِدْمَةِ المَدَنِیَّة: سول سروس کے گریڈ، درجات۔
رَاتِبٌ ج: رَوَاتِب: مالی یافت، تنخواہ، وظیفہ۔
رَاتِبٌ جُزْئِیٌّ: جزوی تنخواہ۔
رَاتِبٌ زَهِیْد: معمولی تنخواہ۔
رَاتِبٌ شَهْرِیّ: مشاہرہ۔
رَاتِبٌ مُؤَجَّل: معین المیعاد وظیفہ۔

رَاتِبٌ دَائِمٌ، ثَابِت: مستقل تنخواہ۔
رَاتِبٌ و رَتِيب: منظم، مرتب۔
رَوَاتِبُ مُنْتَظِمَة: باضابطہ وظائف۔
مُرَتَّب: گریڈیافتہ۔
مُرَتَّب: گریڈ، وظیفہ، تنخواہ۔
مُرَتَّبٌ تَرْتِيباً هِجَائِيّاً: الف با کے حساب سے مرتب۔
مُرَتَّبُ التَّقَاعُد: ریٹائرمنٹ پنشن۔
مُرَتَّبٌ سَنَوِيّ مَدَى الحَيَاة: تاعمر سالانہ وظیفہ۔
مُرَتَّبٌ كَامِل: پوری تنخواہ۔
مُرَتَّبٌ لِمَدَى الحَيَاة: وظیفہ تاحیات، تاحیات وظیفہ۔
المَرْتَبَةُ الثَّانِيَة: سیکنڈ کلاس۔
مَرْتَبَةُ سَفِير: اعلیٰ درجہ، اعلیٰ گریڈ۔
مُرَتَّبَاتٌ إِضَافِيَّة: الاؤنس۔
تَرْتِيب: نظام، تدبیر، تیاری، ترتیب، انتظام، پوزیشن، ارینجمنٹ، سلیقہ۔
تَرْتِيبُ اجْتِمَاعِ أَحَدٍ مَعَ أَحَدٍ: ملاقات کا انتظام کرنا۔
تَرْتِيبُ اجْتِمَاعَات: جلسوں کا انتظام کرنا۔
تَرْتِيبُ رَوَاتِب شَهْرِيَّة: تنخواہیں مقرر کرنا۔
تَرْتِيبُ فُرْصَةٍ لِكَذَا: کسی چیز کا موقع نکالنا۔
تَرْتِيبُ الفِئَات: اقسام متعین کرنا کیٹگری متعین کرنا۔
تَرْتِيبُ مَقَاعِدَ (فِي مَبْنَى): سیٹنگ، نشستوں کی ترتیب قائم کرنا۔
تَرْتِيبُ الوَظَائِف: درجہ بندی، گریڈ بندی۔
تَرْتِيبَات: انتظامات، تیاریاں، پروگرام۔
تَرْتِيبَاتٌ خَاصَّةٌ بِالمِيزَانِيَة: بجٹ تیاری۔
تَرْتِيبَاتٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی انتظامات۔
رَتَجَ ـُ رَتْجاً: بند کرنا، دروازہ بند کرنا۔
رِتَاجٌ ج: أَرْتِجَة: پھاٹک، بڑا دروازہ جس کے اندر کھڑکی ہوتی ہے۔
رَتَعَ ـَ رَتْعاً: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَتَعَ المَاشِيَةَ: مویشی کو چرانا۔
مَرْتَعٌ ج: مَرَاتِع: چراگاہ، سرسبز و شاداب چراگاہ۔
رَتَقَ ـِ رَتْقاً: کپڑے کو جوڑنا، پیوند لگانا، ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑنا، جوڑ سے جوڑ ملانا (ضد فَتَق)
رَتَكَ ـُ رَتْكاً: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا، ڈگی لگانا۔
رَتَّلَ الكَلَامَ تَرْتِيلاً: بہتر ترتیب دینا، کلام کو بہتر اور عمدہ طریقہ سے ادا کرنا، خوش الحانی سے پڑھنا، ترنم سے کلام کرنا، پڑھنا۔
تَرْتِيلَة: ترنم، گنگناہٹ۔
رَتِلَ ـَ رَتَلاً: مرتب و منظم ہونا۔
رَتَمَ ـِ رَتْماً بِكَلِمَةٍ: بولنا، منہ سے بات نکالنا۔
رَتِينَة: (۱) لالٹین (۲) گیس کی لالٹین۔

ر............ث

رثَّ ـُ رَثَاثَةً و رُثُوثَةً: پرانا و بوسیدہ ہونا،

خستہ ہونا،شکستہ حال ہونا۔

رَثَاثَة: پراگندگی،شکستہ حالی،بوسیدگی

رَثّ: خستہ حال،بوسیدہ،پرانا۔

رَثَى المَيِّتَ ـــ رَثْياً ورِثَاءً و مَرْثِيَةً: مردہ کے محاسن بیان کرکے رونا۔

رَثَى له: اظہارِ غم کرنا،رحم کرنا۔

يُرْثَى لَهُ: قابلِ رحم۔

رَثْيٌ ورِثَاء: نوحہ،مردہ پر اظہارِ غم۔

رَثْيَة: جوڑوں کا درد۔

ر.........ج

إرْجَاء: ملتوی کرنا،موخر کرنا،ٹال مٹول، التواء۔

إرْجَاءُ الاجْتِمَاع: جلسہ ملتوی کرنا۔

إرْجَاءٌ إلى أجَلٍ غَيْرِ مُسَمّىً: مدت غیر معینہ کے لیے ملتوی کرنا۔

إرْجَاءُ جَلْسَةٍ: میٹنگ ملتوی کرنا۔

رَجَّ ـــ رَجّاً ورَجَّةً: ہلانا،حرکت دینا۔

رُجَّ وَارْتَجَّ: ہلنا،سمندر کا متلاطم ہونا۔

ـــ الصَّوْتُ: آواز کا کانپنا۔

رَجٌّ وارْتِجَاج: حرکت،جنبش،کپکپی،لرزہ، اضطراب۔

ارْتِجَاجُ الأوْصَالِ (مِنَ البَرْدِ): سردی سے تھرتھرانا۔

مُرْتَجٌّ: متحرک،لرزاں۔

صَوْتٌ مُرْتَجّ: کپکپاتی آواز۔

رَجَحَ ـــ رُجُوحاً و رُجْحَاناً: غالب ہونا۔

رَجَحَ الشَّيْءَ بِيَدِه: تولنا،وزن کرنا۔

رَجَحَتْ كِفَّةُ المِيزَانِ لَهُ: فلاں کے حق میں ترازو کا پلڑا بھاری ہوگیا۔

رَجَّحَ و أرْجَحَ: غالب کرنا،راجح کرنا۔

رَجَّحَ علي.....: فوقیت دینا۔

رُجْحَان، أرْجَحِيَّة: فضیلت،فوقیت،غلبہ۔

أرْجُوحَة ج: أرَاجِيح: (۱) جھولا (۲) جھولنے یا پھسلنے کا تختہ۔

أرْجُوحَةُ الطِّفْلِ: بچہ کا جھولا۔

رَاجِح: غالب،محتمل

رُجْز: گندگی،عذاب،بتوں کی پرستش

رَجَز: اوزانِ شعر میں سے ایک وزن۔

أرْجُوزَة: بحرِ رجز پر قصیدہ۔

رَجَس، رِجْس: (۱) گندگی،نجاست (۲) برا عمل،گناہ۔

رَجِس: گندا۔

رَجَعَ ـــ رُجُوعاً: لوٹنا۔

رَجَعَ إلى الأمْرِ: کسی معاملہ پر توجہ دینا، دوبارہ شروع کرنا،دوبارہ اختیار کرنا۔

رَجَعَ إليه في الأمْرِ: کسی معاملہ میں کسی سے مشورہ لینا،رجوع کرنا۔

رَجَعَ عَنْ كذا: باز آنا،ترک کرنا۔

رَجَعَ في كَلامِه: کلام کے سابقہ حصہ کو دوبارہ زیرِ بحث لانا۔

رَجَعَ عليه: مطالبہ کرنا۔

رَجَعَهُ عَنِ الشَّيْءِ و عَنْهُ رَجْعاً و رُجْعَاناً: لوٹانا،پھیرنا۔

الرُّجُوعُ في القَرَارِ: قرارداد واپس لینا۔

رَجَّعَ و أرْجَعَ: لوٹانا،واپس کرنا۔

كَرَجْعِ البَصَرِ: چشم زدن میں،پلک جھپکتے۔

رَاجَعَ: جانچنا،کسی مضمون وغیرہ کو اصل

سے ملا کر دیکھنا، معائنہ کرنا۔
رَاجَعَ الطَّبِيْبَ وغَيْرَہ فی أمْرٍ: مشورہ لینا۔
رَاجَعَ الحِسَابَاتِ: حسابات کی جانچ کرنا۔
تَرَاجَعَ: لوٹنا، پیچھے ہٹنا (ضد تَقَدَّم)
التَّرَاجُعُ عَنِ الرَّأیِ: رائے بدلنا۔
التَّرَاجُعُ فی شَيْءٍ: رد کرنا۔
التَّرَاجُعُ فِي القَرَارِ: فیصلہ واپس لینا، فیصلے سے ہٹنا۔
اسْتِرْجَاع: واپس لینا، گاڑی کو پیچھے ہٹانا، گم شدہ کو حاصل کرنا، بازیابی کا مطالبہ کرنا، (۲) واگذاری۔
اسْتِرْجَاعُ الأمْرِ: منسوخ کرنا۔
اسْتِرْجَاعُ العَافِيَة: صحت حاصل کرنا۔
ارْتِجَاعِيّ: بیک ورڈ، پس ماندہ۔
رَجْعٌ، رُجُوْع: واپسی۔
رَجْعُ البَصَرِ: لحہ، جھپک۔
رَجْعَة: واپسی، قدامت۔
رَجْعِيُّوْن: قدامت پسند۔
مَرْجِع ج: مَرَاجِع: جائے واپسی (۲) ماخذ، کتاب مراجعت، حوالہ (۳) پناہ گاہ، ملجاد ماویٰ۔
مُرَاجِع: جانچ کنندہ، مراجعت کنندہ۔
مُرَاجِعُ الحِسَاب: آڈیٹر حسابات
مُرَاجَعَة: جائزہ، تکرار، نظر ثانی، مشورہ، چیکنگ، چیک کرنا، جانچ
المُرَاجَعَةُ الجُزْئِيَّة: جزوی جانچ۔
مُرَاجَعَةُ الجَوَازَات: پاسپورٹ چیک کرنا۔
مُرَاجَعَةُ الحِسَابَات: حسابات کی جانچ، چیکنگ۔
شُعْبَة ج: شُعَبٌ : شاخ (۲) انتظامی شعبہ، برانچ۔
شَعْبِيَّة: عوامی مقبولیت، عوامیت۔
الشُّعُوبُ الْحُرة: آزاد قومیں۔
الشُّعُوبُ غَيْرُ الْمُلْتَزِمَة: غیر پابند قومیں۔
الشُّعُوبُ غَيْرُ الْمُنْحَازَة: غیر جانبدار قومیں، ناوابستہ قومیں۔
الشُّعُوبُ الْمُحَارِبَة: برسرپیکار قومیں۔
الشُّعُوبُ الْمُحِبَّة لِلسَّلَام: امن پسند اقوام۔
الشُّعُوبُ الْمُنْحَازَة: جانب دار قومیں۔
شَعْبَذَة: شعبدہ دکھانا، ہاتھ کی صفائی دکھانا (۲) ہاتھ کی صفائی۔
شَعِثَ ـــــ شَعَثاً: پراگندہ ہونا، غبار آلود ہونا (۲) منتشر ہونا۔
شَعَّثَ تَشْعِيثاً: منتشر کرنا، تفریق ڈالنا۔
شَعِثٌ، أَشْعَثُ : پراگندہ، گرد آلود، بدحال، بکھرا ہوا۔

شَعْوَذَة : شعبدہ بازی، ہاتھ کی صفائی، مداری کا تماشہ۔
مُشَعْوِذ: ہاتھ کی صفائی یا کرتب دکھانے والا، مداری، جادوگر۔
شَعَرَ ـــُ شِعْراً: شعر کہنا۔
شَعَرَ لَهُ: شعر سنانا، کسی کے لیے شعر کہنا۔
أَشْعَرَهُ الأَمْرَ وبه: بتانا، خبر دینا، محسوس کرانا، احساس دلانا، اطلاع دینا، نوٹس دینا۔
اسْتَشْعَرَهُ: محسوس کرنا، سمجھنا۔
شَعْرٌ و شَعْرَةٌ: بال۔
شَعْرٌ عَارِيَة: مصنوعی بال۔
شَعْرِيٌّ: بالوں کا، بالوں جیسا۔
شِعَارٌ: علامت، نشان امتیاز، نشان خاص (۲) بیج (۳) موٹو، جھنڈا (۴) بھیس ج: أَشْعِرَة و شِعَارَات
شِعَارٌ تِجَارِيٌّ: ٹریڈ مارک۔
شِعَارٌ مُضَادٌّ لِلْحُكُومَة: حکومت مخالف پروپیگنڈا۔
شِعَارَات: نعرے، علامات، امتیازی نشانات
شِعَارَاتٌ مُزَيَّفَة: کھوکھلے نعرے۔
شِعَارَاتٌ مُنَاوِئَة: مخالف نعرے۔
شُعُور :(۱) احساس (۲) علم (۳) اثر پذیری (۴) جذبہ۔
شُعُورٌ دَاخِلِيٌّ: وجدان۔
شُعُورٌ شَنِيعٌ: براجذبہ۔
شُعُورٌ نَبِيلٌ: بلند جذبہ۔
الشُّعُورُ بِالْحِرْمَان: احساس ناکامی، احساس محرومیت۔

الشُّعُورُ بالرَّاحَة: آرام پانا۔
الشُّعُورُ بِالاِسْتِعْلَاء: احساس برتری۔
الشُّعُورُ المُعَادِي: مخالف جذبہ۔
عَدِيمُ الشُّعُور: بےحس، بےعلم۔
فَاقِدُ الشُّعُور: بےحس۔
شَعِير و شَعِيرَةٌ: جو، بارلی Barley۔
شَعِيرَةٌ ج: شَعَائِرُ: مذہبی علامت، نشان خاص، علامت۔
شَاعِرٌ مَطْبُوع: فطری شاعر، طبع زاد شاعر۔
الشُّعَرَاءُ المَاجِنُون: رومانی شعراء۔
إِشْعَار: نوٹس، اطلاع، نوٹ، وارننگ۔
إِشْعَارُ دَائِن: کریڈٹ، میمورنڈم، قرض خواہ کا نوٹس۔
إِشْعَارُ دُوْد: اطلاع آمد۔
مَشْعَرٌ ج: مَشَاعِرُ: حس، احساس (۲) ذوق۔
مَشَاعِرُ: جذبات، احساسات۔
مَشَاعِرُ السُّرُوْر: جذبات مسرت۔
مَشَاعِرُ الشَّعْبِ الفَيَّاضَة: عوام کے زبردست جذبات۔
مَشَاعِرُ مَكْتُومَة: دبے ہوئے جذبات
مَشَاعِرُ الوُدّ: جذبات محبت۔
المَشَاعِرُ الوَطَنِيَّة: قومی جذبات۔
شَعَّ ــ شَعًّا و شَعَاعاً: پانی کا پھیلنا، منتشر ہونا۔
شَعَّ شَعِيعاً: جلدی کرنا، تیز کرنا۔
أَشَعَّ اِشْعَاعاً: پھیلانا، بکھیرنا۔
أَشَعَّ الكَوْكَبُ: ستارہ کا چمکنا۔

أَشَعَّتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا شعاع ریز ہونا۔
شُعٌّ، شُعَاع ج: اَشِعَّة: کرن، چمک۔
شَعِفَ بِحُبِّهِ ـ شَعَفاً: گرفتار محبت ہونا۔
شَعَلَ ــ شَعْلاً و اَشْعَلَ و شَعَّلَ: آگ جلانا، بھڑکانا، بھگانا، سگریٹ سلگانا، دیا سلائی جلانا۔
أَشْعَلَ نَارَ الحَمَاسه: جوش دلانا۔
اشْتَعَلَ: آگ جلنا، سلگنا، بھڑکنا۔
اشْتَعَلَ غَضَباً: غصہ سے بھڑکنا۔
اشْتَعَلَ رَأْسُهُ شَيْباً: سر کے بال سفید ہونا۔
شُعْلَة: آگ کی لپیٹ، لو ج: شُعَل
مِشْعَلٌ كَهْرَبَائِي (بَطَّارِيَّة صَغِيرَة): ٹارچ۔
مَشَاعِلِيّ: مشعل بردار۔
شَعَانِين: نصاریٰ کی ایک عید جو اتوار کے روز منائی جاتی ہے۔
شَعْوَاء: منتشر۔
حَرْبٌ شَعْوَاءُ: عمومی جنگ، زبردست جنگ۔

ش .... غ

شَغَبَ ــ شَغْباً: فساد برپا کرنا، شرارت کرنا، (کسی کے خلاف) ہنگامہ کرنا۔
شَاغَبَ مُشَاغَبَةً: کسی کے ساتھ شرارت کرنا، غنڈہ گردی کرنا۔
شَغَبٌ: فساد، بدامنی، شرارت، ہلڑ بازی، ہنگامہ، شوروشر، فتنہ گری، غنڈہ گردی۔
شَغَّابٌ و مُشَاغِبٌ مناوی: غنڈہ،

آفت کا پرکالا۔
مُشَاغَبَة: غنڈہ گردی، مفسدہ پردازی، ہنگامہ آرائی۔
شَغَرَ ـــُـ شُغُوراً: (۱) جگہ خالی ہونا، خالی ہونا (۲) لوگوں کا منتشر ہونا۔
شَاغِرٌ: خالی۔
شَاغُورٌ: آبشار۔
شَغَفَهُ ـــَـ شَغَفاً: فریفتہ بنانا۔
شُغِفَ وَ انْشَغَفَ بِهِ: گرفتار محبت ہونا، فریفتہ ہونا۔
شَغَفٌ بِشَيْئٍ: دلچسپی، لگاؤ۔
شَغَفٌ و شَغَافُ القَلْبِ: دل کا غلاف
مَشْغُوفٌ بِهِ: فریفتہ۔
شَغَلَ ـــَـ شُغْلاً و شَغَلَ: کام دینا، کام میں لگانا، مصروف بنانا۔
شَغَلَ المَنْصِبَ: عہدے پر رہنا، فائز رہنا۔
شَغَلَ الوَظِيفَةَ: آسامی پر کرنا، منصب کو پر کرنا۔
شَغَلَ و اَشْغَلَ المَكَانَ أوِ الوَقْتَ: جگہ یا وقت کو گھیرنا۔
شَغَلَ و شَاغَلَ: بے توجہ بنا دینا۔
شَغَّلَ تَشْغِيلاً: کام لینا، مشین چالو کرنا، اسٹارٹ کرنا۔
شَغَّلَ المُحَرِّكَ: موٹر چلانا۔
شَغَّلَ المَالَ: کسی کام میں سرمایہ لگانا۔
اشْتَغَلَ و تَشَاغَلَ بِهِ: مشغول ہونا۔
اشْتَغَلَ قَلْبُهُ: پریشان ہونا۔
اشْتَغَلَ بِعَمَلٍ: کام میں لگنا، مصروف ہونا۔
اشْتَغَلَتِ الآلَةُ: مشین کا چالو ہونا۔
اشْتَغَلَ أوْقَاتاً إضَافِيَّةً: اوور ٹائم کرنا۔
شُغْلٌ ج: أشْغَالٌ: مشغلہ، کام، روک، مصروفیت، حالت، پیشہ۔
شُغْلُ الإبْرَةِ: ایمبرائڈری، پھول نکالنے کا کام، کشیدہ کاری۔
شُغْلُ البَالِ: دل کو مشغول کرنا۔
الشُغْلُ الشَّاغِلُ: اہم مشغلہ۔
شُغْلٌ شَاقٌّ: محنت کا کام۔
شُغْلُ يَدٍ: دست کاری، ہاتھ کا بنا ہوا۔
شَغْلَة: کام، مشغلہ۔
الشَّغِيلُ: ورکر۔
شَغَّالٌ: مزدور، کارکن، قلی، کاریگر، بزی، مشغول، بے حد مصروف۔
مَشْغُولٌ: انگیج، بزی، مصروف۔
مَشْغَلٌ: ورکشاپ (۲) محتاج خانہ

ش .... ف

الشَّفْرَةُ: خفیہ تحریر، خفیہ تحریر لکھنے کا قاعدہ (۲) بلیڈ ج شَفْرَةُ الحِلاقَة بلیڈ ج شَفْرٌ و شِفَار
شَفَعَ ـــَـ شَفْعاً و شَفَاعَةً و تَشَفَّعَ لَهُ أو فِيهِ إلَى فُلانٍ: سفارش کرنا۔
شَفَعَ الشَّيْئَ: ایک چیز کو دوسری سے ملانا۔
شَفْعٌ: جوڑ، دو کا مجموعہ۔
شَفْعِيٌّ: (خلاف وِتْرِيّ) جفت عدد۔
شَفَاعَة: سفارش۔
شَفَاعِيٌّ: سفارشی، سفارشانہ۔
شَفِيعٌ: وکیل، سفارشی ج: شُفَعَاءُ شُفَف
تَشْفِيفاً ـ شَفّاً: پتلا کرنا (۲) نڈھال بنا

دینا، کمزور بنانا۔
شَفَّ ۔ شُفُوفاً: پتلا اور باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے، صاف اور شفاف ہونا۔
اِشْتَفَّ الإناءَ: برتن کا پورا پانی پینا۔
اِسْتَشَفَّ الشئَ: کسی چیز کا عیب جاننے کے لیے دیکھنا۔
شَفَّاف: باریک، پتلا، صاف شفاف۔
وَرَقٌ شَفَّاف: باریک کاغذ، ٹریسنگ پیپر۔
شَفِقَ ۔ شَفَقاً و اَشْفَق عَلَيْهِ: مہربانی کرنا، شفقت کرنا، ہمدردی کرنا، خیر خواہی کرنا، کسی کی طرف سے فکرمند ہونا۔
شَفِقَ مِنَ الأمْرِ: ڈرنا۔
شَفَنَ إليه ۔ شُفُوناً: کن انکھیوں سے دیکھنا۔
شَفَهَ ۔ شَفْهاً: ہونٹ پر مارنا۔
شَفَة ج: شِفَاهٌ: ہونٹ۔
شَفَةٌ و شَفاً: کنارہ۔
شَفَهِيٌّ و شَفَوِيّ: زبانی۔
اِمْتِحَانٌ شَفَوِيّ: تقریری امتحان۔
شَفَهِيّاً، شَفَوِيّاً: زبانی طور پر۔
شَافَهَهُ مُشَافَهَةً: منہ در منہ بات کرنا، بالمشافہ گفتگو کرنا۔
شَفاً: کنارہ ج: اَشْفَاء
شَفَاهُ من المَرَضِ ۔ شِفَاءً: تندرستی عطا کرنا، اچھا کرنا۔
شَفَى الجُرْحَ: زخم بھرنا۔
اَشْفَى عَلَى كَذَا: سامنے آنا، قریب ہونا، متوجہ ہونا۔

اِشْتَفَى: مراد پانا۔
تَشَفَّى و اسْتَشْفَى به: شفا پانا۔
تَشَفَّى من: انتقام لینا۔
شِفَاءُ الجُرْحِ: اِندمالِ زخم، زخم بھرنا۔
شِفَاءٌ مِنَ المَرَضِ: آرام ہونا، اچھا ہونا، افاقہ ہونا۔
شَافٍ: اطمینان بخش، (۲) شفا دینے والا۔
مُسْتَشْفَى: ہسپتال، ہاسپٹل ۔ ج: مُسْتَشْفَيَات
مُسْتَشْفَى أمْرَاضٍ عَقْلِيَّةٍ: دماغی امراض کا ہسپتال۔
مُسْتَشْفَى المَجَاذِيبِ: پاگل خانہ، دیوانوں کا ہسپتال۔

ش .... ق

شَقِرَ ۔ شَقَراً: سرخ و زردی مائل ہونا، بھورے رنگ کا ہونا۔
شَقْشَقَة: اونٹ کا بولنا۔
شَقْشَقَةُ لِسَانٍ: فصاحت زبان۔
شَقْشَقَةُ جَمَلٍ: اونٹ کے منہ سے نکلے ہوئے جھاگ ج: شَقَاشِق
هَدَرَتْ شِقْشِقَتُهُ ۔ هَدْراً: فصیح اللسان کی آواز گونجنا۔
شَقَفٌ، شَقَافَةٌ: ٹھیکرا، پکی مٹی کا ٹکڑا۔
شَقَقَ و شَقَّ ۔ شَقّاً: پھاڑنا، چیرنا، چاک کرنا۔
شَقَّ بالمِنْشَارِ: آرہ چلانا۔
شَقَّ تُرْعَةً: نہر کھودنا۔
شَقَّ الطَّرِيقَ إلَى: راستہ بنانا، سڑک نکالنا۔
شَقَّ الأرْضَ: ہل چلانا۔

شَقَّ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔
شَقَّ عَلَيْهِ الأَمْرُ: کسی کام کو دشوار سمجھنا۔
شَقَّ الزَّرْعُ: کھیتی اگ آنا۔
شَقَّتِ السِّنُّ: دانت نکل آنا۔
شَقَّ عَصَا الطَّاعَةِ: نافرمانی کرنا۔
___ عَصَا القَوْمِ: پھوٹ ڈالنا۔
___ عَصَا الشِّقَاقِ: اختلاف ختم کرانا۔
___ النَّهَارُ و انْشَقَّ: دن نکل آنا۔
شَاقَّهُ مُشَاقَّةً: مخالفت ودشمنی کرنا۔
اِنْشِقَاقٌ: پھٹنا، کریک ہونا۔
اِنْشِقَاقٌ عَنْ: نکلنا، نمودار ہونا۔
الاِنْشِقَاقُ الدَّاخِلِيّ: اندرونی خلفشار، پھوٹ۔
اِشْتِقَاق: ایک چیز کو دوسری میں سے نکالنا۔
تَشَقُّق: تیڑ آ جانا، پھٹ جانا۔
شَقٌّ ج: شُقُوق: پھٹن، درز، شگاف
شَقُّ القَلَمِ: قلم کا شگاف۔
شِقُّ الشَّيْءِ آدھا حصہ۔
شِقٌّ (۲): جسمانی محنت، مشقت، (۲) جنس۔
شِقُّ الرَّجُلِ: شبیہ، ہم شکل۔
شِقَّة، مَشَقَّة: دشواری، دقت۔
شِقَّة: (۱) دشوار سفر (۲) منزل، فلیٹ (۳) گوشہ زمین، قطعہ زمین ج: شُقَق
شِقَّة (۲): مسافت، دشوار راستہ، سفر دراز۔
شُقَّةٌ حِيَادٍ: غیر جانبدار علاقہ (دو ملکوں کے درمیان)۔
شُقَّةٌ سَكَنِيَّةٌ: رہائشی فلیٹ۔
شُقَّةٌ مَفْرُوشَةٌ: فرنیچر لگا ہوا فلیٹ۔
شَقَّة: مکان کا ایک حصہ، فلیٹ۔
شِقَاق: اختلاف، جھگڑا (ضد اِتِّحَاد)
أَلْقَى الشِّقَاقَ بَيْنَهُمْ: لڑائی کرانا۔
شَقِيقٌ ج: أَشِقَّاءُ: سگا بھائی۔
شَقِيقُ الشَّيْءِ: آدھا حصہ
شَقِيقَة ج: شَقِيقَات: حقیقی بہن۔
شَقِيقَة (۲): آدھے سر کا درد۔
شَقِيقَة: پڑوسی (حکومت)
شَاقّ: دشوار، مشکل، تکلیف دہ، سخت، کٹھن
مُشْتَقَّاتُ البِتْرُولِ: پٹرول کی مختلف مصنوعات۔
مُشْتَقَّاتٌ نِفْطِيَّةٌ: پٹرول سے بنی ہوئی چیزیں۔
شَقِيَ ـــَ شَقَاءً و شَقَاوَةً: (ضد سَعُدَ): بدبخت ہونا، نامراد ہونا، بدحال ہونا۔
شَقِيٌّ ج: أَشْقِيَاءُ: بدبخت، بدحال، نامراد، مجرم۔
شَقَاءٌ و شَقَاوَةٌ: بدبختی، نامرادی، زبوں حالی، جرم۔

ش .... ک

شَكَّ ـُ شَكًّا: شک کرنا، چوکا مارنا، نیزہ مارنا۔
شَكَّكَ تَشْكِيكًا: شک میں ڈالنا۔
شَكَّكَ فِي القُوَّاتِ: فوجوں میں بے اعتمادی پیدا کرنا۔
شَاكّ: شک میں مبتلا۔
شَاكُّ السِّلَاحِ: ہتھیاروں سے لیس، ہتھیار بند، آمادہ جنگ۔
مُتَشَكِّك: شکی مزاج۔
شَكَرَهُ وله على كذا ـُ شُكْرًا: شکر ادا

کرنا، احسان کا اعتراف کرنا۔
تَشَكَّرَ لَه: شکر گزار ہونا۔
شُكْراً لَكَ: آپ کا شکریہ۔
يَوْمُ الشُّكْر: ایک امریکن تہوار۔
شِكَارَة: (۱) نوٹس وغیرہ سینکنے کی جالی (۲) بیگ، تھیلا۔
شَكُسَ ـُ شَكَاسَةً: بخیل ہونا۔
شَاكَسَه مُشَاكَسَةً: مخالفت کرنا، لڑنا، دشمنی کرنا۔
تَشَاكَس: باہم لڑنا۔
شَكِسٌ: بداخلاق، بخیل۔
شَكَاسَة: بدخلقی، تیز مزاجی۔
شَكَلَ الأمْرُ ـُ شُكُولاً و شَكِلَ و أشْكَلَ: پیچیدہ ہونا، مشکل وغیر واضح ہونا۔
شَكَلَ و أشْكَلَ: (۱) مقید کرنا (۲) کتاب پر اعراب لگانا (۳) مشکل بنا دینا۔
شَكَّلَ تَشْكِيلاً: (۱) مصور کرنا (۲) صورت بنانا، شکل دینا، نوعیت دینا (۳) ترتیب قائم کرنا، مرتب کرنا (۴) بنانا، پیدا کرنا۔
شَكَّلَ حُكُومَةً جَدِيدَةً: نئی حکومت بنانا۔
شَكَّلَ اللَّجْنَةَ: کمیٹی بنانا، تشکیل دینا۔
شَكَّلَ لُحْمَةً: تانا تیار کرنا۔
شَكَّلَ الوِزَارَةَ: وزارت بنانا، ترتیب دینا۔
شَكَّلَ الشَّيْئُ خَطَراً: خطرہ بننا، خطرہ پیدا کرنا۔
شَاكَلَه مُشَاكَلَةً: ہم شکل ہونا۔
شَكْلٌ: تصویر، شکل (۲) نقشہ (۳) ہیئت، اسٹائل (۴) کیفیت (۵) فیشن (۶) اعراب۔
شَكْلٌ و شَاكِلَة: نوعیت، طرز، صورت۔
شَكْلاً: ظاہر میں، بظاہر، صورت میں۔
بِشَكْلٍ مُبَاشِرٍ: براہ راست۔
بِشَكْلٍ مُقْنِعٍ: اطمینان بخش طور پر۔
عَلَى شَكْلِ دَفَعَاتٍ: قسطوں کی صورت میں۔
شَاكِلَة: (۲) کوکھ، پہلو، ج: شَوَاكِل
عَلَى شَاكِلَتِه: اسی جیسا، اسی کے طرز پر۔
شِكْلٌ: (دلال) ناز نخرا۔
شَكْلِيَّات: دکھاوے کی چیزیں۔
شِكَال: قید، بیڑی جو جانور کے پاؤں میں ڈالی جائے۔
شُكُولاتَه: چاکلیٹ۔
تَشْكِيلٌ: ترتیب، انتظام۔
تَشْكِيلٌ بَحْرِيّ: بحری دستہ۔
تَشْكِيلُ تَهْدِيدٍ لِلسِّلْم: امن کے لیے چیلنج کرنا۔
تَشْكِيلُ عَقَبَة: رکاوٹ کھڑی کرنا۔
تَشْكِيلُ وَحْدَةٍ وَطَنِيَّة: قومی اتحاد قائم کرنا۔
تَشْكِيلُ الخَطَر: خطرہ پیدا کرنا۔
تَشْكِيلُ خَلِيَّة: جتھا بنانا۔
تَشْكِيلُ عُدْوَان: دشمنی پیدا کرنا۔
تَشْكِيلُ كَتَائِبَ فِدَائِيَّة: جانباز فوج تیار کرنا۔
تَشْكِيلُ لَجْنَةٍ لِتَحَرِّي الحَقَائِق: حقائق جاننے کے لیے کمیٹی بنانا۔
تَشْكِيلُ اللَّجْنَةِ لِلتَّحْقِيق: تحقیقاتی

کمیٹی بنانا۔
تَشْكِيْلُ مَحْكَمَةٍ: عدالت قائم کرنا۔
تَشْكِيْلُ الْمَصِيْرِ: قسمت کا فیصلہ کرنا۔
تَشْكِيْلٌ مِنَ الطَّائِرَاتِ: ہوائی جہازوں کی ٹکڑی۔
تَشْكِيْلُ الْوِزَارَةِ: وزارت بنانا، وزارت سازی۔
تَشْكِيْلُ وِزَارَةٍ اِنْتِقَالِيَّةٍ: عبوری وزارت بنانا۔
تَشْكِيْلُ وِزَارَةٍ اِئْتِلَافِيَّةٍ مِنْ جَمِيْعِ الْأَحْزَابِ: وفاقی وزارت بنانا۔
تَشْكِيْلُ الْوَفْدِ: وفد کی تشکیل۔
تَشْكِيْلَاتٌ: انتظامات، تیاریاں۔
تَشْكِيْلَاتٌ مُقَاتِلَةٌ: لڑاکا دستے۔
تَشْكِيْلَةٌ: مجموعہ، ٹکڑی، ماڈل، ڈیزائن، دستہ۔
تَشْكِيْلَةٌ عَسْكَرِيَّةٌ: فوجی دستہ۔
مُشْكِلَةٌ: پیچیدہ مسئلہ، الجھن، دشواری، پیچیدگی، مسئلہ، پرابلم ج: مُشْكِلَاتٌ و مَشَاكِلُ
الْمُشْكِلَةُ الْاِقْتِصَادِيَّةُ: اقتصادی مسئلہ۔
الْمُشْكِلَةُ الرَّاهِنَةُ: موجودہ پریشانی
مُشْكِلَةٌ عَسِيْرَةُ الْحَلِّ: ناقابل حل مسئلہ۔
مُشْكِلَةٌ عَوِيْصَةٌ تَسْتَعْصِيْ عَلَى الْحَلِّ: پیچیدہ مسئلہ، گتھی، عقدہ لاینحل۔
مُشْكِلَةُ الْمَسَاكِنِ: ہاؤسنگ پرابلم۔
مُشْكِلَةٌ نَفْسِيَّةٌ: ذہنی الجھن۔

مُشْكِلَاتُ السَّاعَةِ: وقت کے مسائل۔
مَشَاكِلُ الْعُمَّالِ: مزدوروں کے مسائل۔
الْمَشَاكِلُ الْمُتَشَعِّبَةُ: طرح طرح کی مشکلات۔
الْمَشَاكِلُ الْمُلِحَّةُ: زبردست، مسائل، حل طلب مسائل۔
مُشَكَّلٌ: باترتیب، بااعراب۔
مشکول: بااعراب۔
مُشَاكَلَةٌ: مشابہت، یکسانیت۔
شَكَمَ ـُ شَكْماً: (۱) رشوت دینا (۲) منہ بند کرنا، منہ کو لگام دینا۔
شَكِيْمَةٌ: خودداری، بڑائی۔
شَكِيْمَةُ اللِّجَامِ: لگام کالوہا۔
شَدِيْدُ الشَّكِيْمَةِ: انتہائی خوددار۔
شَكْوَةٌ و شَكْوَى (ج: شَكَاوَى) و شِكَايَةٌ و شَكِيَّةٌ: شکایت، کمپلینٹ۔
شَكْوَةٌ (۲): مشکیزہ، پانی کا ڈول ج: شِكًى
شَكَاهُ إِلَى فُلَانٍ بِكَذَا ـُ شِكَايَةً: شکایت کرنا۔
اشْتَكَى عَلَى فُلَانٍ: کسی کے خلاف شکایت کرنا۔
شَاكٍ: شکایت کرنے والا۔
شَاكِي السِّلَاحِ: ہتھیار بند۔
شَكَاةٌ: بیماری۔
مِشْكَاةٌ: دیواری انگیٹھی (۳) چراغ دان۔
مَشْكُوٌّ مِنْهُ: جس کی شکایت ہو۔
شَكُوْلَاتَةٌ: چاکلیٹ۔
ش ل ...... ل

شَلَّحَ تَشْلِیحاً: برہنہ کرنا، کپڑے اتارنا (۲) لوٹنا۔
مُشَلَّحٌ: لباس کا کمرہ، ڈریسنگ روم۔
شَلْشَلَةٌ: پانی ٹپکنا، ٹپکانا۔
شَلَقَ ـُ شَلْقاً: پھاڑنا، چیرنا، لمبائی میں پھاڑنا، چاک کرنا (۲) کوڑا مارنا۔
شَلَلٌ: فالج، بے حرکتی، تعطل، خرابی۔
شَلَلٌ مُفَاجِیٌٔ: ناگہانی خرابی۔
شَلَّلَ و شَلَّ ـُ شَلّاً: بڑے بڑے ٹانکے لگانا، کشادہ سلائی کرنا۔
شَلَّ العُضوُ ـَ شَلَلاً: مفلوج ہونا، بے کار و بے حرکت ہونا۔
شَلَّ ـُ شَلّاً: بے حرکت بنا دینا، معطل کرنا، منجمد کرنا۔
شَلَّ الارَادَةَ: قوت ارادہ ختم کرنا۔
شَلَّ الحَرَكَةَ: چہل پہل ختم کرنا، نقل و حرکت مفلوج کرنا۔
شَلَّ فَاعِلِيَّةَ اَحَدٍ: قوت عمل ختم کرنا۔
شَلَّ فَاعِلِيَّةَ الشَّيءِ: غیر موثر بنانا۔
شَلَّ القُوَّةَ: طاقت ختم کرنا۔
شَلَّ نَشَاطَ الحَيَاةِ: زندگی کی نقل و حرکت معطل کرنا۔
شَلَّةٌ: قصد۔
شَلَّالٌ ج: شَلَّالَاتٌ: آبشار۔
شَلَالَةٌ: بخیٔ عارضی سلائی، کشادہ سلائی۔
اَشَلُّ، مَشْلُولٌ: فالج زدہ، بیکار، معطل، بے حس۔
شِلِن: (مع) شلنگ (ایک انگریزی سکہ = ۱/۲۰ اسٹرلنگ پونڈ) ج: شِلِنَات

شِلْوٌ ج: اَشْلَاءٌ: عضو، حصہ، جسم۔
شَلَا ـُ شَلْواً: بلند کرنا۔

ش .... م

شَمِتَ ـَ شَمَاتاً و شَمَاتَةً: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔
شَمَاتَةٌ: دشمن کی خوشی۔
شَمَخَ ـَ شُمُوخاً: بلند ہونا۔
شَمَخَ بِاَنْفِهِ: ناک چڑھانا، بڑائی میں آنا۔
شَمَخَ الشَّیءُ اِلیٰ عَنَانِ السَّمَاءِ: آسمان سے باتیں کرنا۔
تَشَامَخَ: تکبر کرنا۔
شُمُوخٌ: بلندی۔
شَامِخٌ: بلند ج: شُمَّخٌ م: شَامِخَةٌ ج: شَوَامِخُ
شَامِخٌ و مُتَشَامِخٌ: مغرور، متکبر،
شَمَّاخٌ: مغرور، نک چڑھا۔
شَمَرَ ـُ شَمْراً: تیزی سے گزرنا، اکڑ کر چلنا، پیچھے ہٹانا، سکڑ جانا، سکیڑنا۔
شَمَّرَ و شَمْرَكَمَةً: آستین چڑھانا۔
شَمَّرَ عَنْ سَاقِهِ: پائچہ چڑھانا۔
شَمَّرَ عَنْ سَاعِدِهِ: تیار ہونا، آستین چڑھانا۔
شِمْرٌ و شِمْرِيٌّ: آزمودہ کار، چالاک۔
شَمَزَتْ نَفْسُهُ منه ـُ شَمْزاً و اشْمَأَزَّتْ: نفرت کرنا، متنفر ہونا، ناگواری کا اظہار کرنا۔
اِشْمِئْزَازٌ: نفرت، ناگواری۔
بِاشْمِئْزَازٍ: ناگواری سے۔
تَشَمَّزَ وَجْهُهُ: چہرہ پر شکن پڑ جانا۔

شَمَسَ ـُ شُمُوساً و شِمَاساً :بھٹ کرنا، انکار کرنا۔

شَمِسَ ـَ اليَوْمُ شَمَساً :دن کا روشن ہونا، آفتاب نکلا ہوا ہونا۔

شَمَّسَ تَشْمِيساً : دھوپ دینا، دھوپ میں رکھنا۔

تَشَمَّسَ :دھوپ لینا، دھوپ میں کھڑا ہونا، دھوپ میں ہونا۔

شَمْسٌ: آفتاب ج: شُمُوس

شَمْسٌ و شَمِسٌ: دھوپ نکلا ہوا دن۔

شَمْسِيٌّ: آفتابی۔

التَصْوِيرُ الشَّمْسِيّ: فوٹوگرافی۔

صُوْرَةٌ شَمْسِيَّةٌ: عکسی فوٹو۔

سَاعَةٌ شَمْسِيَّةٌ: دھوپ گھڑی۔

شَمَّاس: خادم کنیسہ ج: شَمَامِسَة شَامِس،

شَمُوس :ضدی، ہٹی، ایک جگہ جم کر کھڑا ہونے والا۔

مَشْمَسَة: وہ جگہ جہاں دھوپ آئے یا دھوپ حاصل کی جائے۔

شَمِطَ شَعْرُه ـَ شَمَطاً: سر کے بالوں کا سیاہ وسفیدی مائل ہونا۔

شَمَطَ ـُ شَمْطاً: خلط ملط کرنا، ملانا۔

شَمَّعَ تَشْمِيعاً: موم چڑھانا، کپڑے پر پالش کرنا۔

شَمْعٌ ج: شُمُوع: موم

شَمْعٌ أَحْمَرُ: لاکھ جس سے مہر لگائی جائے۔

شَمْعَةٌ: موم بتی۔

شَمَّاع: شمع فروش، شمع ساز۔

شَمَّاعَةُ المَلَابِس: کپڑے لٹکانے کا کھونٹا۔ الشیلف۔

مُشَمَّع: موم دار، موم کی پالش کیا ہوا۔

مُشَمَّعُ الفَرْش، قُمَاشٌ مُشَمَّعٌ: آئل کلاتھ، پالش کیا ہوا، چکنا کپڑا۔

مُشَمَّعٌ طِبِّيّ: کورٹ پلاسٹر۔

إِشْمَعَلَّ: جوش پر آنا، جنگ کا تیز ہونا۔

شَمِلَ ـَ شَمْلاً و شُمُولاً: عام ہونا، عادی ہونا۔

شَمِلَ و اشْتَمَلَ علي: مشتمل وحاوی ہونا۔

شَمْلٌ: اتحاد (۲) مجتمع چیز (۳) متفرق چیز، شیرازہ۔

جَمْعُ الشَّمْل: شیرازہ بندی، متحد کرنا۔

تَشَتُّتُ الشَّمْل: شیرازہ بکھرنا۔

تَشْتِيتُ الشَّمْل: شیرازہ بکھیرنا۔

شَمْلَة ج: شَمَلَات: چادر، عباء۔

شُمُول: عموم، جامعیت۔

شُمُولِيّ: ہمہ گیر۔

شَامِل: عام، جنرل، جامع، کامل، مکمل، ہمہ گیر، ہمہ جہتی، وسیع تر، وسیع پیمانہ پر۔

مَشْمُولٌ بِرِعَايَة: زیر سرپرستی۔

مُشْتَمَلَات: مندرجات۔

شِمِلَّة: تیز رفتار اونٹنی۔

شَمَّلَ الرَّجُلُ تَشْمِيلاً: جلدی کرنا۔

شَمْلَلَة: جلدی کرنا۔

شَمَّمَهُ تَشْمِيماً و أَشَمَّهُ: سونگھانا۔

شَمَّ ـُ شَمّاً و اشْتَمَّ: سونگھنا۔

شَمَّ ـُ شَمَماً: تکبر کرنا۔

تَشَمَّمَ الأَخْبَارَ: خبریں فراہم کرنا۔

شَمٌّ و شَامَّة: سونگھنے کی قوت۔

شَمِّيٌّ: سونگھنے کا۔
شَمَمٌ: غرور، تکبر، ابھار۔
شَمَّامٌ: خربوزہ۔
شَمَّامَةُ مِصْبَاحِ البِتْرُولِ: لیپ کا برنر، لالٹین کا کلا۔
شَمَّامَةُ مِصْبَاحِ الغَازِ: گیس منٹل، گیس کی جالی۔
اَشَمُّ ج: شُمٌّ: ناک چڑھا، خوددار۔
مَشْمُومٌ ج: مَشْمُومَاتٌ: خوشبو، مشک، سونگھنے کی چیزیں۔

ش .... ن

شَنَبٌ: دانتوں کی خوبصورتی، صفائی۔
شَنِجَ ـَ شَنَجاً و تَشَنَّجَ: اعضائے جسم کا سکڑ جانا، اینٹھنا۔
شَنَطَ ـُ شَنْطاً: باندھنا، گرہ دینا۔
شَنْطَةٌ: بیگ، تھیلا، بستر بند ج: شَنَطَات
شَنْطَةٌ جِلْدِيَّةٌ: اٹیچی۔
شَنْطَةُ سَفَرٍ: سوٹ کیس۔
شَنْطَةٌ لِلْاَوْرَاقِ: بریف کیس۔
شَنْطَةُ يَدٍ: ہینڈ بیگ۔
شُنَيْطَةٌ (اُنْشُوطَةٌ): گرہ۔
شَنُعَ ـُ شَنَاعَةً: (۱) انسان یا فعل کا برا ہونا (۲) بدصورت ہونا۔
شَنَّعَ عليه تَشْنِيعاً: مذمت کرنا، بدگوئی کرنا۔
شَنِيعٌ: برا، بدشکل، وحشت ناک، بھیانک۔
شُنْعَةٌ: برائی، بدشکلی۔
شَنَّفَ إِلَيْهِ تَشْنِيفاً: گوشہ چشم سے دیکھنا، اعتراض واستعجاب کی نظر سے دیکھنا۔
شَنَّفَ الجَارِيَةَ: بالیاں پہنانا۔
شَنْفٌ ج: اَشْنَافٌ و شُنُوفٌ: بالی، کان کا زیور۔
شَنَقَ ـُ شَنْقاً: پھانسی دینا، پھانسی پر چڑھانا۔
شَنَقٌ: رسی، پھندا جو گلے میں ڈالا جائے۔
مِشْنَقَةٌ: سولی یا پھانسی کی ٹکٹکی۔
مَشْنَقٌ، مَشْنَقَةٌ: پھانسی کی جگہ، تختہ دار۔
الشِّنِيلُ: شنل، ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
شَنَّ و أَشَنَّ الغَارَةَ على: یورش کرنا، ہلہ بولنا، ہر طرف سے حملہ کرنا۔
شَنُّ الحَرْبِ: لڑائی شروع کرنا، جنگ چھیڑنا۔
شَنُّ حَمْلَةٍ شَامِلَةٍ: زبردست مہم چلانا، ہمہ گیر مہم چلانا۔
شَنُّ حَمْلَةِ شَيْءٍ: مہم چلانا۔
شَنُّ غَارَاتٍ فِدَائِيَّةٍ على اَحَدٍ: گوریلا حملے کرنا۔
شَنُّ الهُجُومِ على: حملہ کرنا، یورش کرنا
شَنُّ هُجُومٍ كَبِيرٍ: بڑا حملہ کرنا۔

ش .... ہ

شَهَبٌ، شُهْبَةٌ: سفیدی آمیز سیاہی۔
شِهَابٌ ج: شُهُبٌ: ستارہ (۲) شہاب، نیزک (۳) آتشیں تیر۔
شَهِدَ المَجْلِسَ ـَ شُهُوداً: حاضر ہونا، شریک ہونا۔
شَهِدَتِ المَدِينَةُ كذا: فلاں بات شہر میں ہوئی یا پیش آئی۔
شَهِدَتِ المَمْلَكَةُ التَطَوُّرَاتِ: مملکت میں ترقیاں ہوئیں۔
شَهِدَتِ المَدِينَةُ مُؤْتَمَراً: شہر میں کانفرنس ہوئی۔
شَهِدَتِ العَالَمُ حَمْلَةً سِيَاسِيَّةً: پوری دنیا

میں سیاسی مہم چلی۔
شَهِدَ المَكَانُ كذا: کسی جگہ پر کوئی چیز وقوع پذیر ہونا۔
شَهِدَتِ الأرْضُ حَادِثَةً: زمین پر حادثہ پیش آنا۔
شَهِدَ له بكذا ـ شَهَادَةً: گواہی دینا، اقرار کرنا، گواہ ہونا۔
شَهِدَ بِشَهَادَةٍ خَطِيَّةٍ: سارٹیفکٹ دینا۔
شَهِدَ لِفُلانٍ: کسی کی موافقت میں گواہی دینا۔
شَهِدَ علي: کسی کے خلاف گواہی دینا۔
شَهِدَهُ ـ شُهُوداً و شَاهَدَهُ: واقف ہونا، دیکھنا۔
إسْتَشْهَدَ بِقَوْلٍ: دلیل کے طور پر بیان کرنا۔
أُشْهِدَ و اسْتُشْهِدَ: شہید ہونا۔
شَهْدٌ: شہد ج: شِهَاد
شَهَادَةٌ: اقرار، گواہی، تصدیق۔
شَهَادَةٌ: تصدیق نامہ، سارٹیفکیٹ، سند۔ڈپلوما، ریکارڈ، ثبوت ج: شَهَادَات
شَهَادَةٌ إبْتِدَائِيَّة: پرائمری سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ إخْلاءِ طَرَفٍ: ڈسچارج سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ إيْدَاعٍ: ڈپازٹ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ إيْدَاعٍ من البَنْكِ: بینک ڈپازٹ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ بِرَصِيْدِ الأسْهُمِ: بیلنس ٹکٹ۔
شَهَادَةُ تَسْجِيلٍ: رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ تَفْتِيشٍ: چیکنگ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ تَقْدِيرٍ: حسن کارکردگی کا سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ حُسْنِ السِّيْرَةِ و السُّلُوكِ: کیرکٹر سرٹیفکیٹ، اخلاقی سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ حُضُورٍ: حاضری سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ خُلُوِّ طَرَفٍ: ڈسچارج سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ سَوَابِقَ: ریکارڈ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ صِحِّيَّةٌ: ہیلتھ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ طِبِّيَّةٌ: میڈیکل سرٹیفکیٹ۔
شهادة عَالِيَةٌ: (اجازۃ، ڈپلوما، سند فراغت)
شَهَادَةٌ عِلْمِيَّةٌ: ڈگری۔
الشَّهَادَةُ علي صِحَّةِ شَيْءٍ: صحت کی تصدیق۔
الشَّهَادَةُ الفَخْرِيَّةُ: اعزازی ڈگری۔
شَهَادَةُ قَرْضٍ: لون سرٹیفکیٹ، قرض کا سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ كِتَابِيَّةٌ: تحریری سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ المُحَامَاةِ: وکالت کا سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ مَدْرَسِيَّةٌ: اسکول سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ مُرُورٍ: ٹریفک پاس۔
شَهَادَةُ مَقْدِرَةٍ فَنِّيَّةٍ: فنی صلاحیت کا سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ المَوْلِدِ أو المِيْلادِ: برتھ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ نَفْيٍ: انکاری گواہی۔
شَهَادَةُ الوَفَاةِ: ڈیتھ سرٹیفکیٹ۔
الشَّهَادَاتُ التَّقْدِيرِيَّةُ: اعزازی سندیں۔
شَهَادَاتٌ عَالِيَةٌ: اعلیٰ ڈگریاں۔
إشْهَادٌ: تصدیق۔
اسْتِشْهَادٌ: (۱) شہادت، راہ خدا میں موت (۲) استدلال (۳) گواہی دینا۔
شَاهِدٌ: (۱) گواہ (۲) دیکھنے والا ج: شُهُود و أشْهَاد (۳) دلیل ج: شَوَاهِد شَاهِدُ عَيْنٍ أو عِيَانٍ: عینی گواہ، چشم دید گواہ۔
شَاهِدَةٌ: کاغذ وغیرہ کی نقل، رسید کا ٹھنی۔

الشَّاهِدَة: زمین (۲) رجسٹر مراسلات جس میں ارسال کردہ خطوط کی نقول محفوظ رکھی جاتی ہیں۔
وَرَقُ الشَّاهِدَة: کاربن پیپر، نقل کرنے کا مخصوص کاغذ۔
شُهُودُ العِيَان: عینی شاہد، چشم دید گواہ
شُهُودُ الإِثْبَات: ثبوت کے گواہ۔
شَوَاهِدُ تَارِيخِيَّة: تاریخی حوالے، ثبوت۔
مَشْهَدٌ ج: مَشَاهِد: (۱) اجتماع (۲) جلوس (۳) منظر، سینری۔
مَشْهَدٌ جَمِيلٌ: شاندار سینری۔
مُشَاهَدَة: دیکھنا۔
مُشَاهَدٌ: آنکھوں دیکھا۔
مَشْهُود: لائق ذکر۔
المَشْهُودُ لَه: تصدیق شدہ۔
اليَوْمُ المَشْهُود: قیامت کا دن۔
شَهَرَهُ ـَ شَهْراً و شُهْرَةً: مشہور کرنا، ذکر کرنا، شائع کرنا۔
شَهَرَ الحَرْبَ: اعلان جنگ کرنا۔
شَهَرَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
شَهَرَ البُنْدُقِيَّةَ فِي وَجْهِ أَحَد: کسی پر بندوق تاننا، بندوق کا نشانہ بنانا۔
شَهَّرَ بِهِ تَشْهِيراً: ملامت کرنا، عیب بیان کرنا۔
شَاهَرَهُ مُشَاهَرَةً: ماہانہ اجرت پر رکھنا (۲) ماہانہ کرایہ پر لینا یا دینا۔
اشْتَهَار: مشہور ہونا، شائع ہونا۔
شَهْرُ العَسَل: شادی کا ابتدائی مہینہ، خوشگوار ایام، ہنی مون۔
الشَّهْرُ المُقْبِل: آئندہ ماہ۔
بِشَهْرٍ مُبْلِي: ایک مہینہ پہلے۔
شَهْرِيّ: ماہانہ۔
شَهْرِيّاً: ماہ بماہ۔
إِشْهَار: اعلان۔
إِشْهَارٌ بِالإِفْلَاس: دیوالیہ ہونے کا اعلان۔
شَهَقَ ـِ شَهِيقاً: گدھے کا بولنا۔
شَهَقَ الرَّجُلُ: گھٹا ہوا سانس لینا، ٹھنڈا سانس لینا (ضد زَفَرَ) (۲) چیخنا۔
شَهِيق: (۱) گدھے کی آواز (۲) رونے کی وجہ سے گھٹا ہوا سانس۔
شَهْقَة: چیخ۔
شَاهِق: بلند۔
عُلُوٌّ شَاهِق: زبردست بلندی۔
شَهَمَ ـَ شَهْماً: ڈانٹنا۔
شَهْمٌ: روشن ضمیر، شریف خوددار۔
شَهَامَة: (ک) نخوت، خودداری، شرافت، روشن ضمیری۔
شَهْوَة، شَهِيَّة: خواہش طعام، خواہش، رغبت، جذبہ ج: شَهَوَات.
شَهْوَةُ انْتِقَام: جذبہ انتقام۔
إِمَاتَةُ الشَّهَوَات: خواہشات کو کچلنا۔
شَهِيَ ـَ و شَهَا ـُ شَهْوَةً: خواہش کرنا، راغب ہونا۔
اشْتِهَاءُ: خواہش کرنا، دل چاہنا۔
شَهَّى تَشْهِيَةً: رغبت دلانا، مرغوب بنانا۔
لَا يُشْتَهَى: نامرغوب۔

شَهْوَان، شَهْوَانِيّ: خواہش پرست، لالچی، طماع۔
شَهِيّ، مُشْتَهًى، مَشْهِيّ: مرغوب، مقبول۔
أَشْهَى: مرغوب ترین۔
مُشَهٍّ: شہوت انگیز۔

ش .... و

شَابَ ـُ شَوْبًا: (۱) ملانا (۲) خراب کرنا۔
شَائِبَة ج: شَوَائِب: عیب، ملاوٹ، آمیزش، اثر، آفت۔
مَشُوب: ملاوٹ کا مخلوط، غیر خالص۔
مَشُوبٌ بالحَذَر: احتیاط آمیز۔
شَوَّحَ تَشْوِيحًا: انکار کرنا۔
شَوَّحَ اللَّحْمَ على النَّار: گوشت کو آگ پر بھوننا۔
شَوَّرَ و أَشَارَ إلى: اشارہ کرنا۔
شَوَّرَ و أَشَارَ: سگنل دینا، اشارہ دینا۔
شَوَّرَ وشَارَ الدَّابَّةَ ـُ شَوْرًا: جانور پر بطور تجربہ سواری کرنا۔
شَارَ العَسَلَ ـُ شَوْرًا: شہد نکالنا۔
أَشَارَ إلى: جتانا، رہنمائی کرنا۔
أَشَارَ إلى: حوالہ دینا۔
أَشَارَ عليه: مشورہ دینا، نصیحت کرنا۔
شَاوَرَ و تَشَاوَرَ و اسْتَشَارَ مَعَ: مشورہ کرنا۔
شَارَة ج: شَارَات: علامتِ عہدہ، نشانِ خاص، علامت۔
إِشَارَة: مشورہ، رہنمائی، تجویز (۲) سگنل، مارک۔
إِشَارَةٌ بَرْقِيَّة: ٹیلیگرام۔
رَهْنُ إِشَارَتِهِ: اشارہ کا پابند، تابع، فرمانبردار۔
إِشَارَةٌ بالأَنْوَار: سگنل لائٹ۔
إِشَارَةُ سِكَّةِ الحَدِيد: ریلوے سگنل۔
كُشْكُ الإشَارَات (في سِكَّةِ الحَدِيد): ریلوے سگنل بکس۔
أَشَرْجِيّ: (مُلَوِّح، عَامِلُ الإِشَارَات): سگنل مین (مع)۔
فِي إِشَارَةٍ إِلى كَذَا: کسی چیز کا حوالہ دیتے ہوئے۔
اسْتِشَارَة: مشورہ، مشورہ لینا، صلاح کاری۔
اسْتِشَارِيّ: مشیر، شورائی۔
مُسْتَشَار: مشیر، ایڈوائزر۔
المُسْتَشَارُ الصَّحَفِيّ: صحافتی مشیر، پریس اتاچی۔
مُسْتَشَارٌ فَنِّيّ: ٹیکنیکل ایڈوائزر، فنی مشیر۔
مُسْتَشَارٌ مَالِيّ: مالی مشیر۔
مُسْتَشَارٌ مَلَكِيّ: شاہی مشیر۔
مُشِير: رہنما، ناصح، رہبر، ایڈوائزر۔
المُشِير: فیلڈ مارشل، ایک بڑا فوجی عہدہ
المُشَارُ إِلَيْه: مذکورہ بالا۔
شَوَّشَ الأَمْرَ تَشْوِيشًا: الجھن پیدا کرنا، پریشانی میں مبتلا کرنا، خلل ڈالنا، گڑبڑی پیدا کرنا۔
تَشَوَّشَ: الجھن پیدا ہونا، خلل پڑنا۔
شَاش: باریک کپڑا۔
شَاشَة ج: شَاشَات: پردہ۔
الشَّاشَةُ البَيْضَاءُ: پردۂ سیمیں، وہ پردہ جس پر متحرک تصویریں دکھائی جاتی ہیں۔

شَاشَةُ التِلفَاز: ٹیلیویژن اسکرین۔
شَاشَةُ التِلفِزیُون: ٹیلیویژن اسکرین۔
شَاشَةُ الرَّادیُو: ریڈیو اسکرین۔
شَاشَةُ السِّینَمَا: فلم اسکرین۔
شَاوِیش: سارجنٹ، دس سپاہیوں کا افسر۔
مُشَوَّش: قابل تشویش، غیر منظم، خراب
مُشَوَّشُ الفِکر: پریشان خاطر۔
شَوَّطَ تَشوِیطاً: لمبا سفر کرنا۔
شَوطٌ ج: أَشوَاط: (۱) مسافت (۲) چکر، راؤنڈ (۳) حصہ، بازی (۴) مقصد، حاجت۔
شَوطٌ فِی الحَلبَةِ: دوڑ کے میدان کا ایک چکر۔
شَوَّفَ تَشوِیفاً: مزین کرنا (۲) دکھانا۔
شَافَ ـُـ شَوفاً: چمکانا، پالش کرنا، (۱) دیکھنا۔
تَشَوَّفَ إلی: تاک لگانا، نگاہیں لگائے رکھنا۔
شَوف: نگاہ (۲) دندانے دار سراون۔
شَائِفٌ: دیکھنے والا۔
شَوَّقَهُ و شَاقَهُ ـُـ إلی: شوق دلانا، مشتاق بنانا۔
اشتَاقَ الشَّیئَ وإلیه: مشتاق ہونا، دل چاہنا۔
إشتَاقَ إلی رُؤیَتِه: آنکھیں ترسنا۔
شَوق: اشتیاق، دلچسپی۔
شَائِق: دلچسپ۔
مُشتَاق: عاشق، محب۔
شَوَّکَ الشَّجرَ تشویکا: کانٹے دار ہونا۔
شَوَّکَ الحَائِطَ وغَیرَه: کانٹے لگانا (۲) کانٹوں والا بنانا۔
شَوک: ر تا و: شَوکَة
شَوکَة: (۱) ایک کانٹا (۲) ابھری ہوئی نوک (۳) طاقت (۴) رعب و دبدبہ (۵) آل پن۔
شَوکَةُ الأَکلِ: کھانے کا کانٹا۔
شَوکَةُ السَّمَکِ: مچھلی کا کانٹا۔
شَوکَةُ العَقرَبِ: بچھو۔
شَائِکٌ، شَوِکٌ: خاردار۔
سِلکٌ شَائِکٌ: خاردار تار۔
شَوکِیّ: کانٹوں دار۔
الحَبلُ الشَّوکِیّ: کانٹوں دار رسی۔
شَالَ ـُـ شَولاً و شَوَلَاناً: بلند ہونا، اوپر اٹھنا۔
إشَالَة: بلند کرنا، اٹھوانا۔
إشَالَةُ الجُثَّة: لاش اٹھانا۔
شَال: (کُوفِیَّة) رومال جو سر اور مونڈھوں پر ڈالا جائے، مفلر (۲) شال ج: شِیلَان
شَالِیَة: (دا) گلا۔
شِوَال: بیگ، تھیلا، بوری۔
مِشوَل: چھوٹی درانتی۔
شَوَّنَ الغِلَالَ: غلہ گودام میں بھرنا۔
شُونَة: غلہ کا گودام: ج شُوَن
شُونَة: اسٹور روم، اسٹور ہاؤس (۲) شیڈ، سایہ، سائبان۔
شَوَّهَ تَشوِیهاً: صورت بگاڑنا، مسخ کرنا، خراب کرنا۔
شَوِهَ ـَـ شَوَهاً و تَشَوَّهَ الوَجهُ: چہرہ کا

بگڑنا،صورت مسخ ہونا۔
تَشَوُّهُ الْمَعَالِمِ: خدوخال خراب ہونا۔
تَشْوِيْهُ الْحَقَائِقِ: حقائق کو مسخ کرنا۔
تَشْوِيْـهُ الْخُلُقِ: بدنام کرنا،شہرت کو بٹہ لگانا،شہرت کو بگاڑنا۔
تَشْوِيْهُ السُّمْعَةِ: بدنام کرنا،شہرت کو بٹہ لگانا،شہرت کو بگاڑنا۔
أَشْوَهُ، مُشَوَّهٌ: مسخ شدہ،بگڑا ہوا۔
شَاةٌ: بکری ج: شِيَاهٌ
شَوَى ـــ شَيًّا: بھوننا۔
شِوَاءٌ، شَوِيٌّ: بھنا ہوا گوشت،روسٹ،
شَوَّاءٌ: روسٹر۔
شَوَّايَةٌ، مِشْوَاةٌ: بھونے اور سینکنے کا آلہ،سلائس وغیرہ سینکنے کی جالی،کڑچھا،فرائی پن،روسٹر۔
شَوَاةٌ: سر کی کھال۔

ش............ی

شَيْءٌ: چیز (۲) کچھ ج: أَشْيَاءُ
شَيْئًا فَشَيْئًا: آہستہ آہستہ،بتدریج۔
شَاءَ ـــ شَيْئًا وَ مَشِيْئَةً: ارادہ کرنا۔
شَيَّبَ وَ أَشَابَ: بوڑھا کرنا،بال کا سفید کرنا۔
شَابَ ـــ شَيْبًا: بالوں کا سفید ہونا،بوڑھا ہونا۔
شَيِّبٌ مَشِيْبٌ: سفید (بالوں کی صفت) سفید بالوں والا (انسان کی صفت)
شَيْتٌ: چھینٹ،رنگین منقش کپڑا۔
شَاحَ ـــ شَيْحًا: کوشش کرنا۔
أَشَاحَ عَنْهُ: منہ پھیر لینا،اعراض کرنا۔
شَيَّخَ الرَّجُلُ وَ شَاخَ ـــ شَيْخُوْخَةً بوڑھا ہونا۔
شَيَّخَ الرَّجُلَ تَشْيِيْخًا: بوڑھا بنانا (۲) سردار اور بڑا بنانا۔
شَيْـــخٌ: (۱) بوڑھا،عمر رسیدہ (۲) سردار،امیر جماعت یا قبیلہ کا بڑا (۳) گاؤں کا چودھری۔
شَيْخُ النَّارِ: شیطان،سردار جہنم۔
شَيْخَةٌ: عمر رسیدہ عورت۔
شَيْخُوْخِيٌّ: بڑھاپے سے متعلق۔
إِرْتِعَاشٌ شَيْخُوْخِيٌّ: بڑھاپے کا رعشہ۔
مَشْيَخَةٌ: چھوٹی ریاست جس کا سربراہ شیخ کہلاتا ہے۔
مَشَائِخُ طُرُقٍ: صوفیاء کرام۔
شَيَّدَ تَشْيِيْدًا: تعمیر کرنا،مضبوط کرنا۔
شَادَ ـــ شَيْدًا: عمارت بنانا (۲) پختہ کرنا (۳) دیوار پر پلاسٹر کرنا (۴) ہلاک ہونا۔
أَشَادَ بِذِكْرِهِ: تعریف کرنا۔
أَشَادَ بِشَيْءٍ: سراہنا،خراج تحسین ادا کرنا،داد دینا۔
شِيْدٌ: پلاسٹر،چونا گچ وغیرہ۔
مُشَيَّدٌ: پختہ،مضبوط۔
شَيْرَجٌ: تلوں کا تیل۔
شِيْرَةُ الْحَلْوَى: (دا) مٹھائی کا شیرہ۔
شِيْشَةُ التَّدْخِيْنِ: حقہ۔
شَيَّطَ تَشْيِيْطًا وَ أَشَاطَ: جلانا،بھڑکانا۔
شَاطَ ـــ شَيْطًا وَ تَشَيَّطَ: جلنا،بھڑکنا،مشتعل ہونا۔
اِسْتَشَاطَ غَضَبًا: غصے سے آگ بگولا

ہونا، آپے سے باہر ہونا، اشتعال پیدا ہونا، بھڑکنا۔
شَیَّعَ تَشْیِیْعاً: رخصت کرنا، ساتھ چلنا، جنازہ کے ساتھ چلنا (۲) روانہ کرنا۔
شَاعَ الخَبَرُ ـ شُیُوعاً: پھیلنا۔
شَاعَ بِالخَبَرِ ـ شَیْعاً و اَشَاعَ: پھیلانا۔
اَشَاعَ الاِضْطِرَابَ: افراتفری پھیلانا۔
شَایَعَه مُشَایَعَةً: ساتھ ساتھ چلنا۔
تَشَیَّعَ لَهٗ: کسی کے گروہ میں شامل ہونا۔
شِیْعَةٌ ج: شِیَعٌ: فرقہ، گروہ، جماعت۔
شِیْعَةُ الرَّجُلِ: متعلقین، حمایتی، اعوان و انصار۔
شُیُوْع: اشاعت، رواج۔
عَلَى الشُّیُوْعِ، بِالشُّیُوْعِ: مشترک، مشترک طور پر۔
شُیُوعِیٌّ: کمیونسٹ۔
الشُّیُوعِیَّةُ: کمیونزم۔
شَائِع، مُشَاع: (۱) عام، جنرل (۲) مشترک (۳) مشہور، رائج۔
بِالمُشَاعِ: مشترکہ۔
شَائِعَةٌ ج: شَائِعَات: افواہ۔
الشَّائِعَاتُ المُنَظَّمَةُ: منصوبہ بند افواہیں۔
إِشَاعَة: افواہ، غلط خبر ج: إِشَاعَات
اِنْتِشَارُ الإِشَاعَةِ: افواہ پھیلنا۔
تَشَیُّع: فرقہ بندی، گروہ بندی۔
مُتَشَیِّع: فرقہ بند، گروہ بند۔

شِیْک: چیک (روپے کا) ج: شِیْکَات
شِیْکُ الإِذَاعَةِ: ریڈیو سے ملا ہوا چیک۔
شِیْکٌ بِلاَ رَصِیْد: بلا بینک بیلنس چیک۔
شِیْکٌ علی بَیَاض: سادہ چیک۔
شِیْکٌ علی مَصْرِف کذا: کسی بینک کے نام کا چیک۔
شِیْکٌ لِحَامِلِه: بیرر چیک۔
شِیْکٌ مَرْفُوض: ناقابل قبول چیک۔
شِیْکٌ مُزَوَّر: جعلی چیک۔
شِیْکٌ مُسَطَّر: کراس چیک۔
شِیْکٌ مُصَدَّقٌ علیه: مصدقہ چیک۔
شِیْکٌ مَصْرِفِیٌّ: بینک چیک۔
شِیْکٌ مَضَتْ مُدَّتُهُ: آؤٹ ڈیٹ چیک، اسٹال چیک۔
شِیْکَاتٌ دَاخِلِیَّة: ملکی چیک۔
شِیْکَاتٌ لِلدَّفْعِ: قابل ادائگی چیک۔
شِیْمَةٌ ج: شِیَمٌ: عادت۔
شَیَّمَ: (ض) روشنی کی طرف دیکھنا۔
شَیْن: عیب (ضد زَیْن) (۲) شرم، عار۔
شَانَه ـ شَیْناً: عیب لگانا، بدزیب کرنا۔
شَائِن: عیب دار، معیوب (۲) برا، قابل مذمت۔
شَای: چائے، چائے کی پتی۔
شَایٌ بَائِتٌ: رکھی ہوئی چائے۔
شَایٌ خَفِیْفٌ: ہلکی پتی کی چائے۔
شَایٌ قَوِیٌّ: تیز پتی کی چائے، اسٹرانگ ٹی۔
غُلاَیَةُ الشَّایِ: دم دی ہوئی چائے۔
إِبْرِیْقُ الشَّایِ: چائے دان۔
حَفْلَةُ الشَّایِ: ٹی پارٹی۔

ص

ص .... ا

صَالَةٌ، صَالُوْن : بڑا کمرہ، ہال، کمرہ استقبال، برآمدہ، دعوت ہال ج: صَالَات

صَالَةُ الانْتِظَار: ویٹنگ روم۔

صَالَةُ البَيْعِ بِالمَزَاد: نیلام گاہ، ہراج خانہ۔

صَالَةُ الرَّقْص: ڈانسنگ ہال، رقص گاہ

صَالَةُ العَرْض (فی المَتْجَر): شوروم۔

ص .... ب

صَبَأَ ـَـ وصَبُؤَ ـُـ صَبْأً و صُبُوءًا: ترک مذہب کرنا، ایک دین کو چھوڑ کر دوسرا اختیار کرنا۔

صَبَأَ السِّنُّ او النَّبَاتُ : دانت یا نبات کا اُگنا۔

صَبَبٌ: ڈھلان، اتار، ڈھال، نشیب۔

صَبَّ ـُـ صَبًّا: پانی ڈالنا، بہانا (۲) سانچے میں ڈھالنا۔

صَبَّ نِقْمَتَهُ علی فُلَان: کسی پر غصہ اتارنا۔

صَبَّ النَّهْرُ فی البَحْرِ ـِـ صَبِيبًا: نہر کا دریا میں گرنا۔

صَبَّ بِه ـَـ صَبَابَةً: عاشق ہونا۔

انْصَبَّ: بہنا، پانی گرنا۔

انْصَبَّ علی: نازل ہونا، لازم ہونا۔

تَصَبَّبَ العَرَقُ مِنْهُ: پسینہ ٹپکنا۔

صَبٌّ: عاشق، فریفتہ، ج: صَبُّون

صَبَابَة: فریفتگی، عشق۔

صَبِيبٌ، مَصْبُوبٌ: ڈالا ہوا، بہایا ہوا۔

صَبِيبٌ (۲): خون، پسینہ۔

مَصَبٌّ: نہر کے گرنے کی جگہ۔

صَبُحَ الوَجْهُ ـُـ صَبَاحَةً: چہرہ کا روشن وچمک دار ہونا۔

صَبَحَ الرَّجُلُ: صبح کو آنا۔

أَصْبَحَ الرَّجُلُ: صبح میں داخل ہونا۔

أَصْبَحَ الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔

أَصْبَحَ (۲): (بمعنی صَارَ): ہوگیا۔

أَصْبَحَ الشَّيْءُ فی صَالِحِ أَحَدٍ: مفاد میں ہونا۔

أَصْبَحَ المَوْقِفُ حَرِجًا: پوزیشن نازک ہونا۔

إصْطَبَحَ و اسْتَصْبَحَ: روشن ہونا۔

إصْطِبَاح: ناشتہ کرنا۔

عِمْ صَبَاحًا: صبح مبارک ہو۔

صُبْحَة: صبح کا کھانا۔

صَبُوحٌ صَبِيحٌ: روشن چہرہ، خوب رو۔
صَابِحٌ: تازہ، نیا۔
مِصْبَاحٌ ج: مَصَابِيحُ: لیمپ۔
الْمِصْبَاحُ ج: الأَمَامِيُّ: ہیڈ لائٹ۔
مِصْبَاحُ تَعْلِيقٍ: قندیل، آویزاں کیا جانے والا لیمپ۔
مِصْبَاحُ الحَائِطِ: وال لیمپ، دیواری لیمپ۔
مِصْبَاحُ غَازٍ (نُورُ الغَازِ): گیس لائٹ۔
مِصْبَاحٌ فِي مُقَدَّمِ القَاطِرَةِ أَوِ التِّرَامِ أَوِ السَّيَّارَةِ: ہیڈ لائٹ۔
مِصْبَاحٌ كَهْرَبِيٌّ: بجلی کا لیمپ، بلب۔
صَبَرَ على ـِ صَبْراً و اصْطَبَرَ و تَصَبَّرَ: صبر کرنا، برداشت کرنا۔
صَبَّرَهُ تَصْبِيراً: صبر دلانا، صبر کی تلقین کرنا۔
الصَّبْرُ: جفاکشی۔
الصَّبُورُ: انتہائی جفاکش۔
الصَّابِرُ: جفاکش، محنت کش۔
صَبَعَ عليه ـَ صَبْعاً: انگلی رکھنا، انگلی سے اشارہ کرنا۔
إِصْبَعٌ: انگلی ج: أَصَابِعُ
مُصَبَّعٌ و مُصَبَّعَةٌ (شِكَارَةٌ): گوشت سینکنے کی لوہے کی انگیٹھی۔
صَبَغَ ـُ صَبْغاً: رنگنا۔
صَبَغَ فِي المَاءِ: ڈبونا۔
صَبْغٌ: رنگائی۔
صِبْغٌ ج: أَصْبَاغٌ: رنگ۔
صِبْغٌ تَجْمِيلِيٌّ: پینٹ۔
الصَّبْغُ بِأَصْبَاغٍ عَقْلِيَّةٍ: عقلی رنگ میں رنگنا۔

صِبْغَةٌ: رنگ، طرز، شکل۔
الصِّبْغَةُ الطَّائِفِيَّةُ: فرقہ وارانہ رنگ۔
صَبَّاغٌ: رنگ ریز۔
صِبَاغَةٌ: رنگریزی، رنگائی کا پیشہ۔
مَصْبَغَةٌ: رنگائی کا کارخانہ۔
صَبَّنَ تَصْبِيناً: صابن سے دھونا۔
صَبَّانٌ: صابن ساز۔
صَابُونٌ: صابن۔
صَابُونَةٌ: صابن کی ٹکیہ۔
الصَّابُونِيُّ: صابن فروش، (۲) صابن ساز۔
مَصْبَنَةٌ: صابن کا کارخانہ۔
صَبَا (ن) مائل ہونا، مشتاق ہونا۔
صَبْوَةٌ، صَبَاءٌ: شباب، جوانی۔
صَبِيُّ الْمَكْتَبِ: آفس بوائے، طفل مکتب۔
صِبْيَانِيٌّ: بچگانہ۔
صِبًا: بچپن۔
صَبًا: مشرقی ہوا۔
صَبِيَ ـَ صَباً: بچہ بننا، بچوں جیسی حرکات کرنا۔
تَصَابَى و تَعَصَّبَى: کھیل کود میں لگنا۔

ص............ح

صَحِبَهُ ـَ صُحْبَةً و صَاحَبَهُ: ساتھ ہونا، ساتھ رہنا۔
صَحِبَ، صَاحَبَ مع: دوستی کرنا، ساتھی بنانا۔
تَصَاحَبَا: باہم دوست بننا۔
أَصْحَبَهُ الشَّيْءَ: کوئی چیز ساتھ کرنا۔
اصْطَحَبَ الرَّجُلَ: ساتھ ہونا۔
اسْتَصْحَبَهُ: ساتھ لینا، ساتھی بنانا۔
صُحْبَةٌ: ساتھی، دوستی۔
صُحْبَةٌ و صَاحِبٌ: ساتھی۔

صَاحِب: ساتھی، دوست (۲) مالک۔
صَاحِبُ البَلَد: حاکم شہر۔
صَاحِبُ الدَّيْن: قرض خواہ۔
صَاحِبُ العِزَّةِ أو السَّعَادَةِ أو المَعَالِي: تعظیمی لقب جو وزراء اور ان کے ہم منصبوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، آنریبل، عزت مآب۔
صَاحِبُ السُّمُوِّ المَلَكِيّ: شہزادوں اور والیانِ حکومت کا تعظیمی لقب۔
صَاحِبُ العَظَمَة و صَاحِبُ الجَلَالَة: بادشاہ کے لیے تعظیمی القاب۔
صَاحِبُ الامْتِيَاز: لائسنس بردار، صاحب رعایت، لائسنس والا۔
صَاحِبُ حِرْفَة: پیشہ ور۔
صَاحِبُ حِصَّة: حصہ دار، شریک۔
صَاحِبُ رَأْسِمَال: سرمایہ دار، مالک سرمایہ۔
صَاحِبُ الرُّخْصَة: لائسنس بردار۔
صَاحِبُ صَنْعَةٍ يَدَوِيَّة: دست کار۔
صَاحِبُ عَطَاءٍ (فِي المَزَاد): نیلامی کی قیمت دینے والا۔
صَاحِبُ العَمَل: مالک کاروبار، کارخانہ دار۔
صَاحِبُ الفَخَامَة: برتری اور فوقیت کا خطاب۔
صَاحِبُ المَبْدَأ: اصول پسند آدمی۔
صَاحِبُ مَحَلٍّ لِبَيْعِ الصُّحُفِ و المَجَلَّات: نیوز ایجنٹ۔
صَاحِبُ مَصْرِف: بینکر۔
صَاحِبُ مَصْنَع: کارخانہ دار۔
صَاحِبُ مَعَاش: پنشنر۔

أَصْحَابُ الشَّأْن: اصحاب معاملہ۔
أَصْحَابٌ شَرْعِيُّون: جائز ورثا۔
يَاصَاحِ يَاصَاحِب: اے میرے دوست
مَصْحُوب، مُصْطَحِب: ساتھ، ہمراہ۔
مَصْحُوباً بِكَذا: منسلک، ساتھ۔
مَصْحُوباً بِهُبُوبِ الرِّيَاحِ والأَمْطَار: باد و باراں کے ساتھ۔
صَحَّحَ تَصْحِيحاً: صحیح کرنا، غلطی کی اصلاح کرنا، تندرست بنانا، ایڈٹ کرنا۔
صَحَّ ـِ صِحَّةً و اسْتَصَحَّ: تندرست ہونا، درست ہونا، بے عیب ہونا۔
صَحَّ الجُرْحُ: زخم بھرنا۔
صِحَّة: (۱) تندرستی (۲) اصلاح (۳) دوستی (۴) حقیقت سچائی (۵) جواز
صِحِّيّ: صحت افزا (۲) صحت سے متعلق۔
تَصْحِيح: ترتیب، اصلاح، کریکشن۔
إِصْحَاح: کتاب کا ایک حصہ۔
مَصَحَّة، مَصَحّ: صحت افزا مقام۔
مُصَحِّحُ مُسَوَّدَاتِ الطَّبْع: پروف ریڈر۔
صَحِيح: او۔ کے، رائٹ، ٹھیک۔
صَحْرَاء ج: صَحَارَى: جنگل۔
صَحَّفَ الكَلِمَةَ تَصْحِيفاً: لفظ کو غلط پڑھنا، اس کی وضع سے ہٹانا۔
صَحَّفَ الخَبَرَ: خبر میں تحریف کرنا۔
صَحْفَة ج: صِحَاف: بڑی پلیٹ۔
صَحِيفَة ج: صُحُف: چہرہ، کاغذ۔
صَحِيفَةُ الوَجْه: چہرہ کی کھال۔
صَحِيفَةُ أَخْبَار: اخبار، پیپر۔

صَحِيْفَةٌ أُسْبُوعِيَّةٌ: ہفت روزہ۔
الصَّحِيْفَةُ غَيْرُ الْمُنَظَّمَةِ: بے ضابطہ اخبار۔
صَحِيْفَةٌ مَحَلِّيَّةٌ: لوکل اخبار۔
صَحِيْفَةٌ نِصْفُ شَهْرِيَّةٍ: پندرہ روزہ
صَحِيْفَةٌ يَوْمِيَّةٌ: روزنامہ۔
صَحَائِفُ لِلْمُرَاقَبَةِ: کنٹرول شیٹ۔
صُحُف و: صَحِيْفَةٌ: اخبارات، پریس۔
صَحَّاف: اخبار فروش، نیوز مین۔
صِحَافَةٌ: اخبار نویسی، جرنلزم۔
عَالَمُ الصِّحَافَةِ: دنیائے صحافت۔
صُحُفِيٌّ: اخبار نویس، جرنلسٹ۔
صَحَفِيٌّ: اخباری، صحافتی۔
مُصْحَفٌ: کتاب، لکھے ہوئے اوراق کا مجموعہ۔
الْمُصْحَفُ الشَّرِيْفُ: قرآن کریم۔
صَحْنُ الْأَكْلِ: پلیٹ، رکابی، طباق، ڈش ج: صُحُوْن
صَحْنُ الدَّارِ: آنگن، انگنائی۔
صَحْوٌ: ہوش، بیداری، افاقہ۔
صَحَا الْيَوْمُ ـُ صَحْواً: صاف وروشن ہونا۔
صَحْوٌ و صَاحٍ: بھلا، صاف (۲) بیدار، باہوش (ضد: سَكْرَان)
صَحَا ـُ وَصَحِيَ ـَ صَحْواً: بیدار ہونا، جاگنا، ہوش میں آنا۔
صَحَا مِنَ النَّوْمِ: آنکھ کھلنا۔
صَحَا عَلَى صَوْتِ انْفِجَارٍ: دھماکے کی آواز پر جاگ جانا۔
أَصْحَى و صَحَّى: ہوش میں لانا، بیدار کرنا۔

صَحْوَةٌ: بیداری۔
صَحْوَةُ الْعَالَمِ الْإِسْلَامِيِّ: عالم اسلام کی بیداری۔
صَحْوَةٌ فِكْرِيَّةٌ: فکری بیداری۔

ص .... خ

صَخِبَ ـَ صَخَباً: زور سے چیخنا۔
صَخَبٌ: چیخ وپکار، شوروغل۔
صَخِبٌ، صَخَّابٌ: بے حد چیخنے والا۔
صَاخِبٌ: ٹھاٹھیں مارتا ہوا، شوروغل والا۔
صَخْرٌ ج: صُخُوْر: چٹان۔
صَخْرٌ، صَخْرِيٌّ: سخت پتھریلی۔

ص .... د

صَدِئَ ـَ صَدَأً و صَدُؤَ ـُ صَدَاءَةً: زنگ آلود ہونا۔
صَدَأٌ: زنگ۔
صَدِئٌ، مُصْدَأٌ: زنگ آلود۔
مُصْدِئ: آکسیجن۔
صَدَحَ ـَ صَدْحاً: گانا، چہچہانا۔
صَدَّدَ تَصْدِيْداً و أَصَدَّ الْجُرْحُ: زخم میں پیپ پڑنا۔
صَدَّ ـُ صَدّاً: روکنا، منع کرنا، ہٹانا۔
صَدَّ الْهُجُوْمَ: حملہ کو روکنا۔
صَدَّ عَنْهُ: اعراض کرنا۔
صَدَدٌ: قصد، سامنے، سلسلہ۔
بِصَدَدِ كَذَا: بسلسلہ، درباره۔
بِهٰذَا الصَّدَدِ: اس سلسلے میں، اس بارے میں۔
صَدِيْدٌ: پیپ۔
صَدَرَ إِلَيْهِ ـُ صُدُوْراً: جانا، پیدا ہونا، پیش

ہونا۔
صَدِرَ: سینہ میں تکلیف ہونا۔
صَدَّرَ الکِتَابَ تَصْدِیراً: کتاب کا پیش لفظ لکھنا۔
صَدَّرَ التَّأْشِیرَةَ: ویزا جاری کرنا۔
صَدَّرَ و أَصْدَرَ إلی: روانہ کرنا۔
صَدَّرَ و أَصْدَرَ البَضَائِعَ إلی: بیرون ملک مال تجارت بھیجنا، ایکسپورٹ کرنا۔
أَصْدَرَ أَمْراً: حکم صادر کرنا۔
أَصْدَرَ حُکْماً: فیصلہ صادر کرنا۔
أَصْدَرَ الجَرِیدَةَ: اخبار نکالنا۔
أَصْدَرَ قَانُوناً: قانون جاری کرنا، قانون نافذ کرنا۔
أَصْدَرَ الکِتَابَ: کتاب شائع کرنا، کتاب کا اجرا کرنا۔
صَادَرَ المَالَ: مال سرکاری قبضہ میں لینا، چھاپہ مارنا۔
تَصَدَّرَ المَجْلِسَ: صدر بننا، صدر مقام میں بیٹھنا۔
تَصَدَّرَ الحَفْلَةَ: وسط محفل میں بیٹھنا۔
تَصَدَّرَ قَائِمَةَ شيءٍ: سرفہرست ہونا۔
صَدْرٌ ج: صُدُورٌ: صدر (۲) سینہ (۳) دل
صَدْرُ الشَّيءِ: سامنے کا حصہ، پہلا حصہ۔
الصَّدْرُ الأَوَّلُ: ابتدائی دور۔
بَنَاتُ الصَّدْرِ: ہموم وافکار۔
ذَاتُ الصَّدْرِ: دل کی باتیں، راز۔
رَحْبُ الصَّدْرِ: وسیع الظرف، فراخ دل۔
بِصَدْرٍ رَحِیبٍ: کشادہ دلی سے۔
مُنْقَبِضُ الصَّدْرِ: تنگ دل۔

صَدْرِيّ: سینہ کا۔
صُدْرَة، صُدَیْرِيّ: واسکٹ، صدری
صَدْرِیَّةُ و صُدَیْرِیَّةُ الثَّدْیَیْنِ: عورتوں کا سینہ بند۔
صَادِرٌ: جاری شدہ (۲) جانے والا (۳) باہر جانے والا مال ج: صَادِرَات
صَادِرٌ عَنْ: پیدا شدہ۔
الصَّادِرَات: برآمدات، برآمد شدہ مال۔
صُدُورُ الأوَامِرِ مِنْ فُلَانٍ إلی: احکام جاری ہونا۔
صُدُورُ تَعْلِیمَاتٍ: ہدایات جاری ہونا۔
صُدُورُ الصَّحِیفَةِ من، ب: اخبار نکلنا۔
إِصْدَارٌ: جاری کرنا، ایشو کرنا۔
إِصْدَارُ الأَمْرِ إِلَی فُلَانٍ بِشَيْءٍ: آرڈر دینا، حکم دینا۔
إِصْدَارُ الأَحْکَامِ عَلَی کَذَا: کسی سلسلے میں فیصلے صادر کرنا۔
إِصْدَارُ الأَمْرِ بِالقَبْضِ: گرفتاری کا وارنٹ جاری کرنا۔
إِصْدَارُ الأَمْرِ بِوَقْفِ تَنْفِیذ: اسٹے آرڈر دینا۔
إِصْدَارُ الأَوَامِرِ: احکام جاری کرنا۔
إِصْدَارُ أَوْرَاقِ النَّقْدِ: نوٹ جاری کرنا۔
إِصْدَارُ بَلَاغٍ رَسْمِيّ: سرکاری بیان جاری کرنا۔
إِصْدَارُ تَأْشِیرَةٍ: ویزا جاری کرنا۔
إِصْدَارُ التَّعْلِیمِ إِلَی المَنْدُوبِ: نمائندہ کو ہدایت دینا۔

إِصْدَارُ خِطَابِ إِعْتِمَادٍ: اتھارٹی لیٹر جاری کرنا۔
إِصْدَارُ الْقَرَارِ بِشَأْنِ كَذَا: تجویز پاس کرنا۔
إِصْدَارُ صَحِيْفَةٍ: اخبار نکالنا، اخبار کا اجراء۔
تَصْدِيْرٌ: برآمد کرنا، ایکسپورٹ، مال کی روانگی، (۳) اداریہ۔
تَصْدِيْرُ السِّلْعَةِ إِلَى الْخَارِجِ: ایکسپورٹ کرنا، بیرون ملک سامان روانہ کرنا۔
تَصْدِيْرُ الْكِتَابِ: کتاب کا پیش لفظ لکھنا۔
مُصَادَرَةٌ: چھاپہ مارنا، ضبط کرنا۔
مُصَادَرَةُ الأَمْوَالِ: جائیداد ضبط کرنا۔
الْمُصَادَرَةُ عَلَى الْمُمْتَلَكَاتِ: جائیداد ضبط کرنا۔
مُصَادَرَةُ الْكَسْبِ غَيْرِ الْمَشْرُوْعِ: ناجائز آمدنی کی ضبطی۔
الْمُصَدِّرُ (التَّاجِرُ الْمُصَدِّرُ): ایکسپورٹر۔
مَصْدَرٌ: سرچشمہ، ذریعہ، اصل ج: مَصَادِرُ
مَصْدَرُ الطَّاقَةِ: ذریعہ توانائی۔
مَصَادِرُ مَآخَذ، ذرائع، حلقے، وسائل۔
مَصَادِرُ الإِبْلاَغِ: ذرائع سراغرسانی۔ ذرائع اطلاع۔
الْمَصَادِرُ الأُمُّ: بنیادی مآخذ۔
مَصَادِرُ الإِيْرَادِ: ذرائع آمدنی۔
مَصَادِرُ بَيَانَاتٍ: ذرائع معلومات۔
مَصَادِرُ الدَّخْلِ: ذرائع آمدنی۔
مَصَادِرُ رَئِيْسِيَّةٌ: بنیادی وسائل۔
مَصَادِرُ الْمُخَابَرَاتِ: ذرائع سراغرسانی۔
مَصَادِرُ مُقَرَّبَةٌ مِنْ: قریبی حلقے۔
مَصَادِرُ الْمِيَاهِ: آبی وسائل۔
مَصَادِرُ وَثِيْقَةُ الصِّلَةِ بِفُلاَنٍ: کسی سے قریبی تعلق رکھنے والے حلقے۔
مَصَادِرُ وِزَارِيَّةٌ: وزارتی حلقے۔
مَصْدُوْرٌ: سل کا مریض۔
صَدَعَ ـَ صَدْعًا: پھاڑنا، چاک کرنا۔
صَدَعَ بِالْحَقِّ: اقرار واعلان حق کرنا،
صُدِعَ ـَ صُدَاعًا: دردسر میں مبتلا ہونا۔
صَدَّعَه تَصْدِيْعًا: دردسر میں مبتلا کرنا، پریشان کرنا۔
تَصْدِيْعُ الصِّرَاعِ: لڑائی بڑھانا، جھگڑا بڑھانا۔
تَصَدُّعٌ وانْصِدَاعٌ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا، پھٹنا، ٹوٹنا، شگاف پڑنا۔
تَصَدُّعُ النَّاسِ: مجمع منتشر ہونا۔
انْصِدَاعُ الشَّيْءِ: کریک کرنا، دراڑ پڑنا۔
صَدْعٌ: دراڑ، رخنہ، شگاف۔
صُدَاعٌ: دردسر۔
مَصْدُوْعٌ: پھٹا ہوا (۲) دردسر کا مریض۔
صُدْغٌ ج: أَصْدَاغٌ: کنپٹی۔
صَدَفَ عَنْ كَذَا ـِ صَدْفًا: روکنا، باز رکھنا، ہٹانا۔
صَدَفَ و تَصَدَّفَ عَنْ كَذَا: باز رہنا، ہٹنا۔
صَدَفَ و صَادَفَ: اچانک ہونا، اتفاقاً ہونا۔
صَدْفَةٌ و صَادَفَةٌ: اچانک ملنا۔

صَدَف: سیپی ج: أَصْداف
أَصْدَافٌ صَخْرِيَّةٌ: چٹانی خول۔
مُصَادَفَةٌ: ایکسیڈنٹ، اتفاق، چانس۔
مُصَادَفَةً: بائی چانس، اتفاقاً
مُصَادَفَات: ہنگامے، اتفاقات۔
بِالمُصَادَفَة: اتفاقاً
صُدْفَة: اتفاق۔
صُدْفَةً، بِالصُّدْفَةِ: اچانک، اتفاقاً، کبھی، بہت کم۔
صَدَقَ ـُ صِدْقاً: سچ کہنا، سچ بولنا۔
صَدَقَ قَوْلُهُ: ٹھیک ثابت ہونا۔
صَدَقَ فِي وَعْدِهِ: وعدہ پورا کرنا۔
صَدَقَهُ النُّصْحَ أو الحُبَّ: سچی ہمدردی یا سچی محبت کرنا۔
يَصْدُقُ عَلَيْهِ كذا: اس پر فلاں بات منطبق ہوتی ہے، چسپاں ہوتی ہے۔
صَدَّقَ الكَلامَ والرَّجُلَ: تصدیق کرنا۔
يُصَدَّقُ: قابل تصدیق۔
لا يُصَدَّقُ: ناقابل تصدیق۔
صَادَقَهُ: دوستی کرنا۔
صَادَقَ عَلى، مُصَادَقَةً: منظوری دینا، جائز قرار دینا۔
صَادَقَ المَجْلِسُ على قَرارٍ: مجلس کا تجویز کو منظور کرنا۔
أَصْدَقَ إِبْنَتَهُ: مہر دینا۔
تَصَدَّقَ بِشَيْءٍ: خیرات کرنا۔
التَّصْدِيقُ عَلى: منظوری دینا، تصدیق کرنا، توثیق کرنا، پاس کرنا، منظور کرنا۔
التَّصْدِيقُ عَلَى الاتِّفَاقِيَّة: معاہدہ کی توثیق کرنا۔
تَصْدِيقٌ على إِمْضَاءٍ أَوْتَوْقِيعٍ: دستخط کی تصدیق۔
تَصْدِيقُ التَّوْقِيعَاتِ عَلى الوَثَائِقِ: دستاویزی دستخطوں کی توثیق۔
الوَثَائِق: دستاویزی دستخطوں کی توثیق۔
التَّصْدِيقُ عَلى القَوَانِينِ: آئین منظور کرنا۔
التَّصْدِيقُ عَلى مُعَاهَدَةٍ: معاہدہ کو آخری شکل دینا، منظوری دینا۔
صِدْق: (۱) سچائی (۲) حقیقت (۳) اخلاص (۴) امانت۔
صِدْقاً: یقیناً، واقعہ۔
صِدَاق: مہر۔
صَدَاقَة: فرینڈشپ، میل جول، دوستی، محبت: دوستانہ تعلقات۔
صَدَاقَةٌ مُتَبَادِلَةٌ: باہمی دوستی۔
صَدِيق ج: أَصْدِقَاء: دوست، ہمنوا۔
صَادِق: سچا، مخلص، دیانت دار، حقیقی۔
صَادِقُ الإِيْمَانِ: پختہ ایمان رکھنے والا سچا مومن۔
مُصَادَقَة: دوستی۔
مُصَادَقَةٌ على كذا: موافقت، تائید، منظوری۔
مُصَدَّق: سارٹیفائڈ، تصدیق شدہ۔
مُصَدَّقٌ عَلَيْهِ مِنْ جِهَةٍ رَسْمِيَّةٍ: سرکاری تصدیق شدہ۔
صَدَمَ ـِ صَدْماً و صَادَمَ مُصَادَمَةً: ٹکرانا، ٹکر مارنا۔

اِصْطِدَام ،تَصَادُم :ٹکر ہونا،ٹکرانا،دو چیزوں یا خیالات کا ٹکرانا۔
صِدَام: ٹکراؤ،بھیڑ۔
صِدَامٌ بِالْاَیْدِیْ: ہاتھاپائی۔
صِدَامٌ دَامٍ: خون ریز تصادم۔
اَلصِّدَامُ الدَّوِیْ: خون ریز تصادم۔
صِدَامٌ مُبَاشِر: براہ راست ٹکراؤ۔
صِدَامٌ مُسَلَّح: مسلح ٹکراؤ۔
صِدَامٌ مَعَ الشُّرْطَة: پولیس کے ساتھ ٹکراؤ۔
صَدْمَة: ایک ٹکر،ایک جھٹکا۔
صَدْمَةٌ عَصَبِیَّة: اشتعال وغم کی کیفیت۔
صَدْمَةٌ عَنِیْفَة: زبردست ٹکر۔
صَدْمَةٌ کَهْرَبَائِیَّة: شاک،بجلی کا شاک۔
صَدِیَ ـَ صَدًی: سخت پیاسا ہونا۔
اَصْدَی الْجَبَلُ: پہاڑ سے آواز بازگشت ہونا،آواز گونجنا۔
تَصَدّٰی لَه :(۱) پیچھا کرنا،تعاقب کرنا (۲) درپے ہونا، پیچھے پڑنا (۳) نمٹنا (۴) انجام دینے کی کوشش کرنا۔
اَلتَّصَدِّیْ لِلْاَخْطَار: خطرات کا مقابلہ۔
اَلتَّصَدِّیْ لِلْقُوَّات: فوج کا پیچھا کرنا۔
اَلتَّصَدِّیْ لِلْمُشْکِلَة: پریشانی کا مقابلہ کرنا۔
صَدَی الصَّوْت: آواز بازگشت ج: اَصْدَاء
اَلصَّدَی الْوَاسِعُ: زبردست گونج۔
صَدًی وَاسِعُ الْاِنْتِشَار : زبردست صدائے بازگشت۔

ص .... ر

صَرُحَ ـُ صَرَاحَةً: صاف اور واضح ہونا۔
صَرَّحَ تَصْرِیْحاً: وضاحت کرنا،صاف لفظوں میں کہنا (۲) اجازت دینا۔
صَرَّحَ و صَارَحَ بکذا: ظاہر کرنا،واضح کرنا۔
صَرْح ج: صُرُوْح: محل،بلند عمارت۔
صَرْحٌ مُمَرَّد: بلند و بالا عمارت،فلک بوس محل۔
صَرَاحَة: صاف گوئی،وضاحت۔
تَصْرِیْح :اظہار،بیان،اخباری بیان، پریس بیان (۲) پرمٹ، لائسنس، اجازت (۳) اجازت نامہ، ڈکلریشن، گرین لائٹ، اعلان، اقرارنامہ،ج: تَصْرِیْحَات
تَصْرِیْحٌ بِاِنْزَالِ الْبِضَاعَة: زمین پر سامان اتارنے کی اجازت۔
تَصْرِیْحٌ بِالْفَوْر: اعلان بالفور۔
تَصْرِیْحُ الْجُمْرُک: کسٹم پاس، اجازت نامہ۔
تَصْرِیْحُ الدَّوَائِرِ السِّیَاسِیَّة: سیاسی حلقوں کا بیان۔
تَصْرِیْحٌ صَحَفِیْ: پریس بیان،اخباری بیان۔
تَصْرِیْحٌ قَصِیْر: مختصر بیان۔
تَصْرِیْحٌ مَغْشُوْش : جعلی اجازت نامہ۔
تَصْرِیْحٌ مِنْ جَانِبٍ وَاحِد: یک طرفہ بیان۔
تَصَارِیْح: بیانات و تَصْرِیْح
تَصَارِیْحُ لِلْاِسْتِیْرَاد: درآمدکی

الاسنس۔
الْمُصَرَّحُ لَهُ: پرمٹ لینے والا۔
صَرَخَ ـَ صُرَاخاً: چیخنا۔
صَرَخَ و اسْتَصْرَخَ: فریاد کرنا، پکارنا، آواز دینا۔
صَرْخَة: چیخ، ایک چیخ۔
صَرْخَةٌ فِي وَادٍ: صدا بصحرا۔
صُرَاخ، صَرِيخ: چیخ، چیخ و پکار۔
صَارُوخ: میزائل، راکٹ ج: صَوَارِيخ
صَارُوخُ أَرْضٍ جَوّ: زمین سے فضا میں مار کرنے والا راکٹ۔
صَارُوخُ جَوّ أَرْضٍ: فضا سے زمین پر مار کرنے والا راکٹ، میزائل۔
صَارُوخُ جَوّ جَوّ: فضا سے فضا میں مار کرنے والا راکٹ، میزائل۔
صَوَارِيخُ عَابِرَةُ الْقَارَّات: براعظم سے براعظم پر مار کرنے والے راکٹ، میزائل۔
صَارُوخَة: تارپیڈو۔
صَرّ: سخت سردی۔
صَرَّ وصَرَّ أُذُنَيْه ـُ صَرّاً: سننے کیلئے کان کھڑے کرنا۔
صَرَّ ـُ صَرّاً: باندھنا۔
صَرَّتِ الْأَسْنَانُ ـِ صَرّاً و صَرِيراً: دانتوں کا بجنا۔
أَصَرَّ عَلَى: برقرار رہنا، ضد کرنا، اصرار کرنا، اڑ جانا، اڑ بیٹھنا، عزم کرنا۔
صَرَّ و صَرِيرُ الْبَاب: دروازہ کھلنے یا بند ہونے کی آواز۔
صَرِيرُ الْأَسْنَان: دانت بجنے کی آواز۔

صُرَّة ج: صُرَر: تھیلی، گٹھڑی، بنڈل، بیگ۔
صُرَّةُ نُقُود: پیسوں کا بٹوا، منی بیگ۔
صَرَّارُ اللَّيْل: جھینگر۔
صِرَاط ج: صُرُط: راستہ۔
صَرَعَ ـَ صَرْعاً: پچھاڑنا، زمین پر گرانا۔
انْصَرَعَ: گرنا، پچھڑنا۔
صَارَعَه مُصَارَعَةً: گرانے کی کوشش کرنا (۲) کشتی لڑنا۔
تَصَارَعَ: باہمی کشمکش، کشتی لڑنا۔
تَصَارُعُ الْآرَاء وتَبَايُنُهَا: اختلاف رائے۔
تَصَارُعُ الْأَحْزَاب علي كذا: کسی شے پر پارٹیوں کی باہمی آویزش، لڑائی۔
صَرْع: مرگی۔
صُرَعَة: زبردست پہلوان۔
صِرَاع ج: صِرَاعَات: جھگڑا، رسہ کشی، کشمکش، تعارض، ٹکراؤ۔
صِرَاعٌ حَادّ: زبردست رسہ کشی۔
الصِّرَاعُ الْحِزْبِيّ: پارٹی جھگڑا، جماعتی کشمکش۔
صِرَاعٌ دَاخِلِيّ: اندرونی کشمکش۔
صِرَاعٌ سَافِر: کھلی لڑائی۔
صِرَاعٌ طَبَقِيّ: طبقاتی کشمکش۔
صِرَاعُ الطَّبَقَات: طبقاتی کشمکش۔
الصِّرَاعُ الْعَرَبِيُّ الْإِسْرَائِيلِي: عرب اسرائیل جھگڑا۔
صِرَاعٌ عُنْصُرِيّ: نسلی کشمکش۔
الصِّرَاعُ فِي أَوْجِه: کشمکش اپنے عروج پر ہے۔

صِرَاعُ المَصَالِح: مفادات کی کشمکش۔
صِرَاعٌ مَعَ فُلَانٍ: کسی کے ساتھ رسہ کشی۔
الصِّرَاعُ مِنْ أَجْلِ البَقَاءِ: زندہ رہنے کے لیے جدوجہد۔
صِرَاعٌ نَفْسِيٌّ: ذہنی کشمکش۔
صِرَاعٌ نَفْسِيٌّ عَنِيفٌ: زبردست ذہنی کشمکش۔
صِرَاعَة: کشتی کا پیشہ۔
صَرِيْع: گراہوا، پچھڑا ہوا۔
مَصْرَعٌ ج: مَصَارِيعُ: کواڑ، شٹر۔
مُصَارِع: پہلوان، کشتی لڑنے والا۔
مَصْرُوْع: مرگی کا مریض۔
صَرَفَ ـ صَرْفاً: (۱) بدلنا (۲) گردانا (۳) خرچ کرنا (۴) دور کرنا، ہٹانا (۵) تقسیم کرنا (۶) ختم کرنا۔
ـــ عَنْ: روکنا، باز رکھنا۔
ـــ النَّظَرَ عَنْ: توجہ ہٹانا۔
ـــ الوَقْتَ: وقت لگانا۔
صَرَفَهُ مِنَ الخِدْمَةِ: ڈسچارج کرنا، ڈیوٹی سے ہٹانا۔
صَرَّفَ و صَرَّفَ النُّقُوْدَ: چینج لینا، ریزگاری لینا۔
صَرَّفَ و صَرَّفَ الفِعْلَ: گردانا، مختلف شکلیں بنانا۔
صَرَّفَهُ فِي الأَمْرِ: مختار بنانا، اختیار دینا۔
صَرَّفَ (۲): فروخت کرنا۔
ـــ المَاءَ: پانی تقسیم کرنا۔
ـــ التَّذَاكِرَ: ٹکٹ بانٹنا۔
ـــ العُمْلَةَ: سکہ چلانا۔
ـــ الدُّمَّلَ أو الوَرَمَ: زائل کرنا۔

تَصَرَّفَ فِي: کارروائی کرنا، طرز عمل اختیار کرنا، اختیار سے کام لینا۔
تَصَرَّفَ معه كذا: سلوک کرنا۔
اِنْصَرَفَ: جانا، واپس جانا۔
اِنْصَرَفَ عَنْ: ہٹنا، دور ہونا۔
اِنْصَرَفَ عَنِ المَبَادِئِ: اصول سے ہٹنا۔
صَرْفُ الشِّيْكِ: چیک کیش کرنا۔
صَرْفُ مَعَاشٍ أَحَدٍ: پنشن جاری کرنا۔
صَرْفُ مَعَاشٍ اِسْتِثْنَائِيٍّ لِأَحَدٍ: کسی کو خصوصی پنشن دینا۔
صَرْفُ النُّقُوْدِ: تبادلہ رقم، ایک سکہ دے کر دوسرا لینا، بڑے سکہ کے بدلہ چھوٹے لینا۔
صَرْفٌ ج: صُرُوْفٌ: گردش زمانہ، انقلاب۔
صِرْفٌ: خالص، صاف بغیر ملاوٹ کا۔
صِرَافَة: تبدیلی سکہ کا کام، بینک میں رقم کے لین دین کا کام۔
صَارِفُ النُّقُوْدِ: خازن، کیشیر۔
صَارِفُ التَّذَاكِرِ: بکنگ کلرک، ٹکٹ بابو۔
صَرَّاف: کیشیر، تحویلدار روپیہ تبدیل کرنے والا، سکہ بدلنے والا، کرنسی بدلنے والا، رقم کا لین دین کرنے والا۔
صَرَّافُ النُّقُوْدِ: رقم یا سکہ تبدیل کرنے والا۔
صَرَّافٌ فِي بَنْكٍ: بینک کیشیر۔
صَيْرَفِيّ: رقم کا لین دین کرنے والا، روپیہ تبدیل کرنے والا، منی چینجر۔
صَرِيْفُ الأَسْنَانِ: دانتوں کے بجنے کی آواز۔
تَصَرُّف: عمل، کارروائی، اختیار، اقدام، ایکشن، طرز عمل، تدبیر، فعل، روش

ج: تَصَرُّفات

التَّصَرُّف بِالمُؤاخذةِ مَعَ اَحَدٍ: کسی سے بازپرس کا اختیار۔

التَّصَرُّف بِناءً علی توجیهاتٍ مِنْ اَحَدٍ: کسی کی ہدایات کے مطابق اقدام کرنا۔

التَّصَرُّف دُوْنَ الرُّجُوع إِلی اَحَدٍ: اپنی رائے سے کام لینا۔

التَّصَرُّف الصِّبْیانِیّ: بچکانہ روش۔

التَّصَرُّفُ علی خِلافِ التَّعْلِیْمَات: ہدایات کے خلاف کرنا۔

مُطْلَقُ التَّصَرُّف: مطلق العنان۔

تَصَرُّفات: حرکات، اقدامات، حالات، معاملات، طورطریقے، کارروائیاں، افعال وحرکات۔

تَصرُّفاتٌ مَعَ: معاملات۔

تَصارِیْفُ الدَّهْرِ: انقلاب زمانہ۔

مَصْرِفٌ: بینک ج: مَصارِف

مَصْرِفُ الدَّم: بلڈبینک، خون کا بینک۔

مَصْرِفٌ غَیْرُ رِبَوِیّ: غیرسودی بینک۔

مَصْرِفُ المَال: بینک۔

مَصْرِفُ المَاء: نالی۔

المَصْرِفِیّ (صَاحِبُ المَصْرِف): بینکر۔

مَصَارِف و: مَصْرِف: بینک چارجز۔

مَصْرُوْف: خرچ شدہ، خرچ ج: مَصْرُوْفات و مَصَارِیْف

مَصْرُوْف الجَیْب: جیب خرچ، پاکٹ منی۔

مَصْرُوْفات: اخراجات۔

مَصْرُوفاتٌ إدارِیّة: دفتری اخراجات، انتظامی اخراجات۔

المَصْرُوْفَاتُ الاَهْلِیّة: قومی اخراجات۔

مَصْرُوفاتٌ بَیْعِیّة: فروختگی کے اخراجات۔

مَصْرُوْفاتٌ تَعْوِیْضِیّة: معاوضوں کا خرچ۔

مَصْرُوْفاتٌ ثابِتَة: مقررہ چارجز، مقررہ مصارف، مستقل اخراجات۔

مَصْرُوْفاتٌ جارِیَة: موجودہ اخراجات

مَصْرُوْفاتٌ حُکُومِیّة: سرکاری اخراجات۔

المَصْرُوْفاتُ السِّرِّیّة: خفیہ اخراجات۔

مَصْرُوْفاتُ شَحْنٍ: لدان چارج، مال کے لدان کے اخراجات۔

مَصْرُوْفاتُ شِراءٍ: خریداری خرچ۔

المَصْرُوْفاتُ العامَّة: پبلک اخراجات۔

مَصْرُوفاتٌ غَیْرُ عادِیّة: غیرمعمولی اخراجات۔

مَصْرُوْفاتٌ قَضائِیّة: عدالتی اخراجات۔

مَصْرُوْفاتٌ قَوْمِیّة: قومی اخراجات۔

مَصْرُوْفاتٌ مُباشِرَة: ڈائرکٹ اخراجات۔

المَصْرُوْفاتُ المَحَلِّیّة: لوکل اخراجات۔

مَصْرُوْفاتٌ مَدْفُوعَةٌ مُقَدَّماً: پیشگی ادا کردہ اخراجات۔

مَصْرُوْفاتٌ مَنْزِلِیّة: گھریلو اخراجات۔

مَصَارِیْفُ: کاسٹ، لاگت، اخراجات۔

مَصارِیفُ إدارِیّة: دفتری اخراجات۔

مَصَارِيفُ البَنْک :بینک چارجز، بینک کے اخراجات۔
مَصَارِيفُ البَرِيْد: ڈاک خرچ۔
مَصَارِيفُ تِجَارِيَّة: تجارتی اخراجات۔
مَصَارِيفُ التَخلِيْصِ الجُمْرُكِيّ: کسٹم سے چھڑانے کے اخراجات۔
مَصَارِيفُ التَعْبِئَة: پیکنگ چارج، پیکنگ کے اخراجات۔
المَصَارِيفُ الثَابِتَة: مستقل اخراجات۔
مَصَارِيفُ حَزْمٍ وَلَفٍّ: پیکنگ چارج۔
مَصَارِيفُ الحِفْظ :ہولڈنگ چارج، اخراجات حفاظت۔
مَصَارِيفُ الدِّعَايَة: اخراجات اشتہار۔
مَصَارِيفُ الدَّعْوَى :ڈگری خرچ، مقدمہ کے اخراجات۔
مَصَارِيفُ سَنَوِيَّة: سالانہ اخراجات۔
مَصَارِيفُ شَتّى: متفرق اخراجات۔
المَصَارِيفُ الصَّغِيْرَة: چھوٹے اخراجات۔
مَصَارِيفُ عَارِضَة: وقتی اخراجات۔
مَصَارِيفُ القَضِيَّة: اخراجات مقدمہ۔
مَصَارِيفُ النَّقل: کرایہ باربرداری۔
مُتَصَرِّف :بااختیار، صاحب اختیار، حکمراں، کلکٹر، کارروائی کرنے والا۔
صَرَمَ ـِ صَرْماً وصُرْماً: کاٹنا۔
صَرُمَ ـُ صَرَامَةً: تلوار کا تیز ہونا (۲) سخت مزاج ہونا۔
صُرِمَ وَانْصَرَمَ أَجَلُهُ: موت آنا۔
اِنْصِرَام: منقطع ہونا، گزرنا، ختم ہونا۔
صَرْمَة و صِرْم: جوتا۔
صَرَامَة: تیزی، سخت مزاجی، (۲) متانت، وقار۔
صَارِمٌ: کاٹنے والا، سخت مزاج (۲) قطعی، حتمی۔
مُنْصَرِم: منقطع، گزشتہ۔

ص .... ط

(صطب) مِصْطَبَة ج: مَصَاطِبُ: پتھر کی بینچ، چبوترہ۔

ص .... ع

صَعُبَ ـُ صُعُوبَةً: دشوار ہونا۔
صَعَّبَ تَصْعِيباً: دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ و تَصَاعَبَ: دشوار ہونا۔
اِسْتَصْعَبَ: دشوار سمجھنا۔
صَعْبٌ: دشوار، مشکل۔
صُعُوبَة: دشواری، مشکل ج: صُعُوبَات
بِصُعُوبَةٍ بَالِغَة: بڑی مشکل سے۔
مَصَاعِب و: مَصْعَبٌ: پریشانیاں۔
صَعِدَ ـَ صُعُوداً: چڑھنا، اوپر اٹھنا۔
صَعِدَ بِه: چڑھانا، اوپر اٹھانا۔
صَعَّدَ الزَفَرَاتِ: لمبے لمبے سانس لینا، آہیں بھرنا۔
إِصْعَاد: چڑھانا، اوپر اٹھانا۔
تَصْعِيْد :اوپر اٹھانا، بڑھانا، بڑھاوا دینا، تیز کرنا، فروغ دینا (۲) بھاپ بنانا۔
تَصْعِيْدُ التَوَتُّر :تناؤ اور کشیدگی کو بڑھانا۔
تَصْعِيْدُ الحَرْب: جنگ کو بڑھانا۔
تَصْعِيْدٌ خَطِيْرٌ: زبردست اضافہ۔
تَصْعِيْدُ المَوْقِف :صورت حال کو سنگین بنانا، معاملہ آگے بڑھانا۔

تَصْعِيدُ النَّشَاطَات: سرگرمیاں تیز کرنا۔
تَصْعِيدُ الوَضْع: صورت حال بگاڑنا۔
تَصَعُّد: بڑھنا، تیز ہونا، چڑھنا (۲) بھاپ بننا۔
تَصَاعُد: زور، اضافی شدت، اضافہ۔
تَصَاعُدُ الآهَات: آہیں نکلنا۔
تَصَاعُدُ الأَعْمَال: سرگرمیاں بڑھنا۔
تَصَاعُدُ حِدَّةِ التَّوَتُّر: کشیدگی میں اضافہ ہونا۔
تَصَاعُدُ الزَّفَرَات: آہیں نکلنا۔
تَصَاعُدُ العَمَلِيَّات: کارروائیاں تیز ہونا۔
تَصَاعُدُ العَمَلِيَّاتِ الفِدَائِيَّة: گوریلا سرگرمیوں میں اضافہ ہونا۔
تَصَاعُدُ المَسَائِل: مسائل بڑھنا۔
تَصَاعُدُ المُظَاهَرَات: مظاہروں میں اضافہ ہونا، شدت ہونا۔
تَصَاعُدُ النِّطَاق: دائرہ وسیع ہونا۔
صُعُود: چڑھائی۔
فِي صُعُودٍ: چڑھتا ہوا ابھرتا ہوا۔
صُعَدَاء: گہرا سانس۔
صَعِيد: بلند زمین، بالائی حصہ (۲) سطح (۳) میدان (۴) پلیٹ فارم۔
الصَّعِيدُ الدَّاخِلِيّ: اندرونی سطح۔
الصَّعِيدُ السِّيَاسِيّ: سیاسی سطح۔
الصَّعِيدُ العَالَمِيّ: بین الاقوامی سطح۔
الصَّعِيدُ النِّيَابِيّ: پارلیمنٹری سطح۔
علىَ الصَّعِيدِ الإِقْلِيمِيّ: صوبائی سطح پر۔
علىَ الصَّعِيدِ الدَّوْلِيّ: بین الاقوامی سطح پر۔
علىَ الصَّعِيدِ العَالِي: بڑے پیمانہ پر
علىَ الصَّعِيدِ القَوْمِيّ: قومی سطح پر۔
صَاعِد: ترقی پذیر، روزافزوں۔
المُتَصَاعِد: روزافزوں، بڑھتا ہوا، اضافہ پذیر۔
مِصْعَد: لفٹ۔
مِصْعَدَةٌ آلِيَّة او كَهْرَبِيَّة: لفٹ، بجلی کا زینہ۔
صَعِرَ وَجْهُه ـَـ صَعَراً: منہ ٹیڑھا ہونا۔
صَعَّرَ و أَصْعَرَ خَدَّه: تکبر سے منہ پھیرنا۔
صَعَقَتْهُ السَّمَاءُ ـَـ صَعْقاً و أَصْعَقَتْه: آسمان سے کسی پر بجلی گرنا، بیہوش بنانا، ہوش اڑانا۔
صَعِقَ ـَـ صَعَقاً: بے ہوش ہونا (۲) چیخنا، چلانا۔
صَاعِقَة ج: صَوَاعِق: کڑک دار بجلی۔
صُعْلُوك ج: صَعَالِيك: حقیر آدمی، فقیر و محتاج۔

ص .... غ

صَغُرَ ـُـ صِغَراً: چھوٹا ہونا، کم رتبہ ہونا۔
يَصْغُرُنِي بِسَنَة: وہ مجھ سے ایک سال چھوٹا ہے۔
صَغَّرَ تَصْغِيراً: چھوٹا کرنا، کم کرنا، قیمت گھٹانا، حیثیت کم کرنا۔
اسْتِصْغَار: چھوٹا سمجھنا، کم سمجھنا، حقیر و ذلیل سمجھنا۔
صِغَر: چھوٹا پن۔
صِغَرُ السِّنّ: کم عمری۔

صَغِیْر: چھوٹا، کم حیثیت ج: صِغَار
صَغِیْرُ النَّفس: تنگ ظرف، چھوٹی طبیعت کا۔
صِغَارُ المُلَّاک: چھوٹے زمیندار۔
صَاغِر: ذلیل، ذلت پسند ج: صَغَرَة
الاَصْغَر: جونیر، جدید۔
اَصْغَرُ شَیْءٍ: چھوٹی سے چھوٹی چیز۔
صَغِیَ۔ صَغًی: مائل ہونا، متوجہ ہونا۔
اَصْغٰی اِلٰی حَدِیْثِہٖ اِصْغَاءً: کان لگانا، غور سے سننا، توجہ سے سننا۔
صَاغٍ، مُصْغٍ: متوجہ، غور سے سننے والا، چوکنا رہنے والا۔

ص .... ف

صَفَحَ عنہ۔ صفحاً: درگزر کرنا۔
صَفَحَ و صَفَّحَ الشَّیْءَ: پھیلانا، پتلا کرنا، معدنیات کی چادریں بنانا، معدنیات کا پتر بنانا یا پتر چڑھانا (۲) زرہ پوش بنانا۔
صَفَّحَہُ تَصْفِیْحاً: پلیٹ چڑھانا، پلیٹ نما بنانا۔
صَافَحَہُ مُصَافَحَةً: ہاتھ ملانا۔
تصفح الاَمْرَ: غور کرنا، کچھ دیر دیکھنا۔
تصفح الکِتَاب: ورق گردانی کرنا، پڑھنا۔
اِسْتَصْفَحَہُ الذَّنْبَ: معافی چاہنا، مغفرت طلب کرنا۔
صَفْحٌ: درگزر، معافی۔
ضَرَبَ عَنْہُ صَفحاً: منہ پھیر لینا۔
صَفْحَة: چہرہ، رخ (۲) کاغذ کی ایک جانب (۳) سطح، صفحہ (۴) پلیٹ ج: صَفحات
صَفْحَةٌ بَیْضَاءُ: صاف ریکارڈ۔

صَفَّاحٌ و صَفُوْحٌ: غفار، معاف کرنے والا۔
صَفِیْحٌ: سطح، چپٹی چیز (۲) ٹن، پتھر کی سل۔ چادر۔
صَفِیْحَة ج: صَفَائِح: معدنی پلیٹ، معدنی چادر، لوہے وغیرہ کی چادر۔
صَفِیْحَةُ بَنْزِیْن: پٹرول کین، پٹرو ٹن۔
صَفِیْحَةٌ رَقِیْقَة (مِنْ وَرَقٍ مُقَوًّی اَوْ مُشَمَّع): اسٹینسل۔
صَفِیْحَةٌ مُدَرَّجَة (علی وَجْہِ السَّاعَة): ڈائل۔
صَفِیْحَةٌ مَعْدِنِیَّة: دھات کی پلیٹ۔
تَصْفِیْحٌ: معدنی چادر چڑھانا۔
مُصَفَّحٌ: جس پر لوہے وغیرہ کی چادر چڑھی ہوئی ہو (۲) مسطح (۳) زرہ پوش۔
سَیَّارَاتٌ مُصَفَّحَة: بکتر بند گاڑیاں۔
صَفَدَہُ ۔ صَفْداً و اَصْفَدَہُ و صَفَّدَہُ تَصْفِیْداً: لوہے سے جکڑنا۔
صِفَاد، صَفَدٌ ج: اَصْفَاد: قید، بیڑی۔
صَفِرَ۔ صَفَراً: برتن وغیرہ کا خالی ہونا۔
صَفَرَ ۔ صَفِیْراً و صَفَّرَ: (۱) سانپ کا پھنکارا مارنا (۲) ہونٹوں سے آواز نکالنا (۳) سیٹی بجانا۔
صَفَّرَ تَصْفِیْراً: (۱) سیٹی بجانا (۲) زرد بنانا، زرد رنگنا۔
صَفَّرَ و اَصْفَرَ: خالی کرنا۔
اِصْفِرَار: زرد ہونا۔
اِصْفَرَّ وَجْہُہٗ: اتنا سا منہ نکل آیا۔
صَفَرٌ: مرض یرقان (۲) بھوک۔
صَفْرٌ، صَفِیْر تَصْفِیْر: سیٹی، آواز۔

صُفْرٌ: خالی۔
صِفْرُ اليد: خالی ہاتھ، مفلس۔
صُفْرٌ: (۱) سونا (۲) پیتل۔
صِفْرٌ: نقطہ، کچھ نہیں، صفر، نل NIL
صَفْرَاءُ (م): زرد (۲) صفراوی مادہ (۳) سونا۔
صُفْرَة، صُفَارٌ، اصْفِرَار: زردی، رنگ کا پھیکا پن۔
صُفَارٌ أو صُفْرُ البَيْض: انڈوں کی زردی۔
صَفَّارَة: سیٹی کو منہ سے لگا کر بجائی جائے۔
صَفَّارَةُ الإنْذَار: خطرے کی گھنٹی، سائرن
صَفِير: سیٹی کی آواز۔
أَصْفَرُ: زرد، پیلے رنگ کا (۲) پھیکے رنگ کا ج: صُفْرٌ
صَفْصَفٌ: ہموار زمین۔
صَفَعَ ـَ صَفْعاً: تھپڑ مارنا، طمانچہ مارنا۔
صَفْعَةٌ: طمانچہ۔
صَفَّفَ الشَّيْ تَصْفِيفاً: مرتب کرنا، لائن سے لگانا، صف در صف کرنا۔
صَفَّ ـُ صَفّاً: (۱) صف وار لگانا (۲) لائن میں کھڑا کرنا یا کھڑا ہونا (۳) ترتیب دینا، جمانا، پٹری بٹھانا۔
صَفَّ الحُرُوفَ: کمپوز کرنا، ترتیب دینا۔
تَصَافَّ، اصْطَفَّ: ترتیب وار ہونا، لائن میں لگنا۔
صَفٌّ ج: صُفُوف: لائن، سیدھا خط (۲) درجہ (۳) تعلیمی درجہ، کلاس (۴) کالم۔
صَفٌّ جَانِبِي: وہ لائن جس میں برابر برابر کھڑے ہوں۔

صَفٌّ طُولِي: وہ لائن جس میں آگے پیچھے کھڑے ہوں۔
صَفٌّ في مَدْرَسَةٍ: کلاس۔
صَفٌّ مِنَ الجُنُود: سپاہیوں کی لائن۔
في صُفُوفِ الجَمَاهِير: عوام میں
صُفَّة: دیوار میں لگا ہوا تختہ۔
صَفَّاف: کمپوزیٹر، ٹائپ کو ترتیب دینے والا۔
المُصَفُّ: کمپوز کیا ہوا۔
مِصَفُّ الأحْرُف المَطْبَعِيَّة: کمپوزنگ اسٹک، وہ پلیٹ جس پر ٹائپ ترتیب دیا جائے، چیزیں جوڑنے (جمانے) کی پٹری۔
صَفَقَ البَابَ ـِ صَفْقاً: زور سے بند کرنا۔
صَفَقَ و صَفَّقَ بِيَدَيْهِ تَصْفِيقاً: تالی بجانا، ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔
صَفَقَ بِجَنَاحَيْهِ: بغل بجانا، بغل سے آواز نکالنا۔
صَفَقَ الدَّمَ: خون کو ایک جسم سے دوسرے میں منتقل کرنا۔
صَفُقَ النَّسِيجُ ـُ صَفَاقَةً: کپڑے کا ٹھکا ہوا ہونا، دبیز ہونا۔
صَفُقَ الرَّجُلُ: بے حیا ہونا۔
صَفْقٌ و تَصْفِيقٌ: تالیاں۔
صَفْقُ الدَّم: تبادلہ خون۔
تَصْفِيقٌ حَادٌّ: زوردار تالی۔
صَفْقَة: (۱) ایک دفعہ تالی بجانا (۲) معاملہ، سودا، تجارتی کاروبار، ڈیلنگ معاملہ تجارت ج: صَفَقَاتٌ
صَفْقَةٌ رَابِحَة: نفع بخش سودا۔
صَفْقَةٌ خَاسِرَة: گھاٹے کا سودا۔

صَفقَۃُ اَسلِحَۃ: ہتھیاروں کا معاملہ، اسلحہ کا سودا۔
صَفقَۃٌ شَامِلَۃ: ہمہ گیر سودا۔
صَفقَۃُ الطَّائِرَات: ہوائی جہازوں کا سودا۔
صَفقَۃٌ مَالِیَّۃ: مالی سودا۔
صَفِیقٌ: دبیز، ٹھکا ہوا کپڑا۔
صَفِیقُ الجِلدِ: موٹی کھال کا۔
صَفِیقُ الوَجہِ: بے حیا۔
صَفوٌ، صَفَاءٌ: صفائی، نکھار (۲) اخلاص۔
صَفوُ و صَفَاءُ العَیشِ: زندگی کی بہار۔
صَفَاءُ السَّمَاءِ: آسمانی صاف ہونا۔
صُفوَۃ: (۱) خلاصہ، نچوڑ (۲) منتخب لوگ، چیدہ، ممتاز۔
صَفِیٌّ ج: أَصفِیَاءُ: خالص دوست۔
صَفِیٌّ و صَافٍ: صاف، بے غبار، پر بہار۔
صَافٍ: نٹ، خالص (قیمت) (وزن)
صَافِي الدَّخلِ: نٹ آمدنی، خالص آمدنی۔
صَافِي المُرَتَّب: خالص تنخواہ۔
صَافِي النِّیَّۃ: مخلص۔
صَفَّی تَصفِیَۃ: صاف کرنا، نکھارنا، مقطر کرنا، ٹپکا کر صاف کرنا، چھلنی سے چھاننا۔
صَفَّی الحِسَابَ: حساب صاف کرنا۔
صَفَّی علی الخَشَبِ: رندہ پھیرنا۔
اَصفَی لہ و صَافَاہُ مُصَافَاۃ: خالص دوستی کرنا، اخلاص برتنا۔
اِصطَفَی و اِستَصفَی: منتخب کرنا، چھانٹنا، انتخاب کرنا۔
تَصفِیَۃ: صفایا، خاتمہ، تطہیر۔
تَصفِیَۃُ اَحَدٍ مِنَ الجَیشِ: فوج سے نکالنا۔
تَصفِیَۃُ الاِقطَاعِ: خاتمہ زمینداری۔
تَصفِیَۃُ الثَّغرِ: شگاف ختم کرنا۔
تَصفِیَۃُ الثَّورَۃ: انقلاب کا خاتمہ کرنا۔
تَصفِیَۃُ الجَوِّ: فضا درست کرنا۔
تَصفِیَۃُ الجُنُود: فوجوں کا صفایا کرنا۔
تَصفِیَۃُ الحِرَاسَۃ: نگرانی اٹھانا۔
تَصفِیَۃُ الحِسَاب: حساب صاف کرنا۔
تَصفِیَۃُ الخِلَافِ: اختلاف ختم کرنا۔
تَصفِیَۃ علی الخَشَبِ: رندہ پھیرنا۔
تَصفِیَۃُ القَضِیَّۃ: مسئلہ کا حل نکالنا۔
تَصفِیَۃُ القَوَاعِدِ العَسکَرِیَّۃ: فوجی اڈوں کو ہٹانا۔
تَصفِیَۃُ النُّفُوسِ: دلوں کی صفائی کرنا۔
مِصفَاۃ: ریفائنری، تیل وغیرہ صاف کرنے کا کارخانہ۔
مِصفَاۃ: فلٹر، باریک چھلنی جس سے چائے وغیرہ چھانی جائے ج: مَصَافٍ
مُصطَفًی: چیدہ، پسندیدہ۔

ص............ق

صَقَعَ الدِّیکُ ــــ صَقعاً و صَقِیعاً صُقَاعاً: چیخنا، بانگ دینا۔
صَقَّعَ تَصقِیعاً: بے حد سرد ہونا۔
صُقعٌ ج: اَصقَاع: مقام، ملک، علاقہ۔
صَقعَۃ: سخت سردی۔
صُقَاع و صَقِیع: مرغ کی آواز، بانگ۔
صِقَاع: وہ ردپوش جس کے ذریعہ زہریلی گیس وغیرہ سے چہرہ کی حفاظت کی جائے، گیس بچاؤ نقاب۔

صَقِیع: برف یا پالا جو شب میں آسمان سے گرتا ہے۔
مِصْقَع ج: مَصَاقِع: بلیغ، بلند آواز۔
صَقَلَ ـُـ صَقْلاً: پالش کرنا، چمکانا، اجاگر کرنا، چکنا کرنا۔
صَقِیل، مَصْقُول: چکنا، چمک دار، پالش کیا ہوا، اجاگر۔
صِقَالَةُ المَرْکَب: جہاز کا زینہ۔

ص .... ک

صَکَّ ـُـ صَکًّا: زور سے مارنا، دروازہ بند کرنا۔
اِصْطِکَاک: لرزنا، کپکپانا۔
اِصْطِکَاکُ الأَسْنَان: دانتوں کا بجنا۔
صَکّ ج: صُکُوک: وثیقہ، دستاویز، بونڈ، چارٹر۔
صَکّ مَالِیّ: چیک۔

ص .... ل

صَلَبَ ـِـ صَلْباً: سولی پر لٹکانا۔
صَلَبَ و صَلَّبَ: مضبوط بنانا۔
صَلُبَ ـُـ صَلَابَةً: سخت ہونا۔
صَلَّبَ المَوْقِفَ: پالیسی سخت کرنا۔
تَصَلَّبَ: سخت بن جانا۔
تَصَلَّبَ مَعَه: سختی کا برتاؤ کرنا۔
تَصَلَّبَتِ الأَعْضَاءُ: اعضاء سخت ہونا، ثابت ہونا۔
صَلَبَة: عارضی ستون وغیرہ جو عمارت کی ڈاٹ یا لنٹر کے لیے کھڑا کیا جائے۔
صَلَبَةٌ زَاوِیَةٌ: گول ڈاٹ کا مچان۔
صُلْب ج: أَصْلَاب: پیٹھ کی ہڈی (۲) مجازاً پیٹھ، نسل (۳) فولاد۔
صُلْب وصَلِیبٌ: سخت دل۔
فی صُلْبِ المَوْضُوع: اصل موضوع پر۔
صَلِیب ج: صُلْبَان: وہ لکڑی جس پر سولی دی جائے، صلیب۔
الصَّلِیبُ الأَحْمَرُ: ریڈ کراس۔
صَلَابَة: سختی، ٹھوس پن۔
صَلُتَ ـُـ صُلُوتَةً: روشن و چمکدار ہونا۔
اَصْلَتَ السَّیْفَ: تلوار میان سے نکالنا۔
صَوْلَجَان ج: صَوَالِج و صَوَالِجَة: موٹھ دار ڈنڈا، گیند کھیلنے کا بلا۔
لَعِبُ الصَّوْلَجَان: ہاکی، کرکٹ۔
صَلُحَ ـُـ صَلَاحاً و صلاحیة: ٹھیک ہونا (۱) نیک ہونا۔
صَلُحَ لِکَذَا: لائق ہونا۔
صَلَّحَ و اَصْلَحَ: درست کرنا، اصلاح کرنا، مرمت کرنا، تصحیح کرنا، سیدھا کرنا، ٹھیک کرنا۔
اَصْلَحَ بَیْنَهُمْ: صلح کرانا۔
أَصْلَحَ الخَلَلَ: خرابی دور کرنا۔
صَالَحَه مُصَالَحَةً: صلح کرنا (ضد خاصَمَ)
اِصْطَلَحَ عَلَی کَذَا: کسی مفہوم کی ادائیگی کے لیے کوئی لفظ خاص کرنا، مقرر کرنا۔
اِسْتَصْلَحَه: ٹھیک پانا، نیک پانا، ٹھیک سمجھنا (۲) ٹھیک کرنا یا کرانا، مرمت کرنا یا کرانا۔
إِصْلَاح: ریپرنگ، تصحیح، درستگی۔

إِصْلَاحٌ زِرَاعِيٌ: زرعی اصلاح۔
تَصْلِيحٌ: ریپیرنگ، مرمت، درستگی۔
التَّصْلِيحَاتُ الزُّجَاجِيَّةُ: شیشہ کی اصلاح کاری۔
التَّصَالُحُ مَعَ العَدُوِّ: دشمن کے ساتھ مل جانا۔
صُلْحٌ: امن، سلامتی، صلح۔
الصُّلْحُ والمَوَدَّةُ: امن وآشتی۔
صُلْحٌ تَعَاقُدِيٌّ: معاہداتی امن۔
صُلْحٌ مُفْرَدٌ: انفرادی صلح۔
صَلَاحٌ: درستگی، نیکی۔
صَلَاحُ الخُلُقِ: اخلاق کی درستگی۔
صَلَاحِيَّةٌ: لیاقت، صلاحیت (۲) اختیار۔
صَلَاحِيَّةٌ اِئْتِمَانِيَّةٌ: قرضہ کی گنجائش۔
صَلَاحِيَّةُ الجَوَازِ للاسْتِعْمَالِ: پاسپورٹ میں گنجائش، پاسپورٹ کا قابل استعمال ہونا۔
صَلَاحِيَّةُ القُوَّةِ الحَرْبِيَّةِ: جنگی طاقت کا معیار۔
صَلَاحِيَّاتٌ: اختیارات۔
صَالِحٌ: (۱) ٹھیک، مناسب، فٹ (۲) نیک، صالح (۳) لائق (۴) منفعت، مفاد، نفع۔
الصَّالِحُ العَامُّ: مفاد عامہ۔
صَالِحٌ لِلفِلَاحَةِ: قابل کاشت۔
مَصْلَحَةٌ: فائدہ (۲) محکمہ، ڈپارٹمنٹ، ادارہ، ایڈمنسٹریشن۔
مَصْلَحَةُ الاسْتِعْلَامَاتِ: محکمہ اطلاعات۔
مَصْلَحَةُ البَرِيدِ: محکمہ ڈاک۔
مَصْلَحَةُ البِلَادِ العُلْيَا: ملک کا مفاد اعلیٰ۔
مَصْلَحَةُ الجَمَارِكِ: کسٹم کا محکمہ۔
مَصْلَحَةٌ حُكُومِيَّةٌ: سرکاری محکمہ۔
مَصْلَحَةٌ خَاصَّةٌ: خصوصی مفاد۔
مَصْلَحَةُ الرَّيِّ: محکمہ آبپاشی۔
مَصْلَحَةُ السِّكَكِ الحَدِيدِيَّةِ: ریلوے محکمہ۔
مَصْلَحَةُ الضَّرَائِبِ: محکمہ انکم ٹیکس۔
المَصْلَحَةُ العَامَّةُ: رفاہ عام، مفاد عام۔
مَصْلَحَةُ العَمَلِ: لیبر محکمہ۔
مَصْلَحَةُ الكَنْسِ و التَّنْظِيفِ: محکمہ آرائش بلدہ۔
مَصْلَحَةُ النَّقْلِ: محکمہ ٹرانسپورٹ۔
المَصْلَحَةُ الوَطَنِيَّةُ: قومی مفاد۔
مَصْلَحِيٌّ: ڈپارٹمنٹل، محکمہ جاتی۔
لِمَصْلَحَةِ فُلَانٍ: فلاں کے مفاد میں، فلاں کے فائدے کے لیے۔
لَهُ فِيهِ مَصْلَحَةٌ: اس میں اس کا فائدہ ہے۔
مَصَالِحُ: مفادات۔
المَصَالِحُ الأَهْلِيَّةُ: قومی مفادات۔
المَصَالِحُ الحَيَوِيَّةُ: زندگی کے مفادات۔
المَصَالِحُ الضَّخْمَةُ: زبردست مفادات۔
مَصَالِحُ مُتَبَادِلَةٌ: باہمی مفادات۔
مَصَالِحُ مُشْتَرَكَةٌ: مشترکہ مفادات۔
مُصْلِحٌ: ریفارمر، مصلح۔

مُصْلِحُ المَاكِيْنات: میکانک۔
مُصْطَلَحٌ ج: مُصْطَلَحات: اصطلاح۔
صَلِخَ ـَ صَلَخاً: بہرا ہونا۔
صَلَخ: بہراپن۔
أَصْلَخُ: بہرا۔
صَلَدَ ـِ صُلُوداً و أَصْلَدَ: (۱) چقماق کا آگ نہ نکالنا (۲) سخت وخشک ہونا۔
صَلْدٌ صَلُود: خشک، سخت۔
صُلُودَة: خشکی۔
صَلَّدَ السَّائِلَ تَصْلِيداً: سائل کو خالی ہاتھ واپس کرنا۔
تَصَلَّدَ السَّائِلُ: سیال شے کا جم جانا۔
صَلْصَلَة: زیور یا ہتھیاروں کی آواز، جھنکار۔
صَلْصَال: بجنے والی مٹی۔
صَلْصَة: (دا) شوربا۔
صَلِعَ ـَ صَلَعاً: سر کے بال اڑ جانا۔
صَلِفَ ـَ صَلَفاً و تَصَلَّفَ غیر واقعی وصف بیان کرنا، ڈینگ مارنا۔
صَلَف: بے جا تعریف، ڈینگ، (۲) تکبر، شیخی۔
صَلِف: متکبر، دعویدار (۲) بے مزہ۔
صَلَّ السِّلاحُ ـِ صَلِيلاً: ہتھیاروں کا آواز دینا۔
صَلِيلُ السِّلاحِ: ہتھیاروں کی جھنکار۔
صَلَمَ ـُ صَلْماً: کان وغیرہ کاٹنا۔
(صلو) صَلَّى صَلاةً: نماز پڑھنا۔
صَلَّى بِالنَّاس: لوگوں کو نماز پڑھانا۔
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ: اللہ کا رحمت نازل کرنا۔
مُصَلًّى: نماز کی جگہ، عیدگاہ۔
مُصَلَّى العِيْد: عیدگاہ۔
صَلَى ـِ صَلْياً: آگ میں سینکنا، بھوننا، آگ میں جلانا۔
أَصْلاهُ إِصْلاءً: آگ میں ڈالنا۔
اِصْطَلَى و تَصَلَّى: آگ پر ہاتھ تاپنا، گرمی حاصل کرنا (۲) آگ میں جلنا۔
صَلايَة: کھرل۔
مُصْطَلًى: انگیٹھی جو دیوار میں لگی ہو۔

ص ...... م

صَمَتَ ـُ صَمْتاً و صُمُوتاً: خاموش ہونا۔
صَمَّتَ تَصْمِيْتاً: خاموش کرنا۔
صِمِّيْتٌ، صَمُوْت: کم گو، خاموش طبیعت۔
صَامِت: خاموش، بے آواز، بے زبان
حائِطٌ مُصْمَتٌ: ایسی دیوار جس میں کوئی روشن دان وغیرہ نہ ہو۔
صَمَخَ أُذُنَه ـُ صَمْخاً: کان کا پردہ پھاڑنا۔
صِمَاخُ الأُذُن: کان کا پردہ ج: صُمُخ و أَصْمِخَة
صَمَدَ ـُ صَمْداً و صَمَّدَ فُلاناً و لَهُ و إِلَيْهِ: قصد کرنا۔
صَمَدَ و صَمَّدَ لَهُ: جمنا، ثابت قدم رہنا۔
صَمَدَ و صَمَّدَ الزُّجاجَة: ڈاٹ لگانا۔
صَمَدَهُ و صَمَّدَهُ بالعَصا: لاٹھی سے مارنا۔
صَمَدٌ: لازوال، قائم، دیرپا۔
صَامِد: ثابت قدم، مضبوط۔
صَامِدٌ لِلْمَاء: واٹر پروف۔
صَامِدٌ لِلنَّار: فائر پروف۔
صُمُود: پامردی، ثابت قدمی، مقابلہ۔
الصُّمُودُ ضِدَّ الضَّغْط: دباؤ کے خلاف اڑ

جانا۔
صَمْغٌ ج: أَصْمَاغ: گوند۔
أَصْمَغَتِ الشَّجَرَةُ: درخت پر گوند نکلنا۔
صَمَّغَ الشئَ تَصْمِيغاً: گوند لگانا۔
صَمْغِيّ: گوند جیسا، گوند کا۔
صَمَلَ ـُ صُمُولاً: سخت ہونا (۲) سنبھالنا (۳) برقرار رہنا۔
صَمُولَة، صَامُولَة: پیچ، کابلا، ڈھبری، نٹ Nut۔
مِسْمَارٌ بِصَمُولَةٍ: پیچ دار کیل۔
مِفْتَاحُ صَمُولَةٍ: چابی جس سے کابلا کھولا جائے۔
صَمَّمَ الشئَ تَصْمِيماً: خاکہ تیار کرنا، ڈیزائن تیار کرنا۔
صَمَّمَ عَلَي: پختہ ارادہ کرنا۔
صَمَّمَ وأَصَمَّ: بہرا بنانا۔
صَمَّ الزُّجَاجَةَ ـُ صَمّاً: ڈاٹ لگانا۔
صَمَّ ـَ صَمَماً: بہرا ہونا۔
تَصَامَّ عَنِ الحَدِيثِ: کانوں میں انگلیاں دے لینا، بات نہ سننا، بہرا بن جانا۔
صِمَامٌ، صِمَّةٌ: ڈاٹ، وال۔
صَمَمٌ: بہرا پن۔
صَمِيمٌ: خالص، اصل۔
مِنْ صَمِيمِ الفُؤَادِ: تہ دل سے، دل کی گہرائی سے۔
أَصَمُّ: بہرا ج: صُمٌّ
صَمَّاءُ: بہری۔

تَصْمِيمٌ ج: تَصْمِيمَات و تَصَامِيمُ: خاکہ، ڈیزائن (۲) اسکیم۔
تَصْمِيمُ البِنَاءِ: عمارت کا ڈیزائن، نقشہ۔
تَصْمِيمُ خَرِيطَةٍ لِمَدِينَةٍ: شہر کا نقشہ تیار کرنا۔
تَصْمِيمٌ فَنِّيّ: باضابطہ ڈیزائن
مُصَمِّمٌ: ڈیزائنر۔

ص .... ن

صِنَّارَة ج: صَنَانِير: شکار کا کانٹا۔
صُنْبُور ج: صَنَابِيرُ: ٹونٹی۔
صُنْدُوق ج: صَنَادِيقُ: بکس، ڈبا، پیٹی، ڈبیہ، کیش، فنڈ، روپیہ کا ذخیرہ، مالی ذرائع۔
صُنْدُوقُ الادِّخَارِ: پراویڈنٹ فنڈ، سیونگ فنڈ، سیونگ بینک۔
صُنْدُوقُ إِدِّخَارِ بَرِيْد: پوسٹ آفس سیونگ فنڈ۔
صُنْدُوقُ إِدِّخَارِ بَرِيْد: پوسٹ آفس سیونگ فنڈ۔
صُنْدُوقُ الاقْتِرَاعِ: انتخابی بکس، بیلٹ بکس۔
صُنْدُوقُ الاقْتِرَاعِ السِّرِّيّ: خفیہ بیلٹ بکس۔
صُنْدُوقُ البِرِّ: خیراتی بکس۔
صُنْدُوقُ البَرِيْدِ: پوسٹ بکس۔
صُنْدُوقُ التَّنْمِيَةِ: ترقیاتی فنڈ۔
صُنْدُوقُ التَّنْمِيَةِ الزِّرَاعِيَّةِ: زرعی ترقیاتی فنڈ۔
صُنْدُوقُ التَّوْفِيرِ: بچت فنڈ، سیونگ بینک۔
صُنْدُوقُ الثَّلْجِ: آئس بکس۔

صُنْدُوقُ الرَّسَائِل: لیٹر بکس۔
صُنْدُوقُ الشَّکَاوَی: شکایت بکس۔
صُنْدُوقُ الطَّوَارِئ: ہنگامی فنڈ، ایمر جنسی فنڈ، فوری یا ناگہانی ضرورت کے وقت کام آنے والا فنڈ۔
صُنْدُوقُ القُمَامَات: کوڑے کی ٹرالی، کوڑے دان۔
صُنْدُوقٌ لِاِدِّخَارِ النُّقُودِ أوْ جَمْعِ التَّبَرُّعَات: منی بکس۔
صُنْدُوقُ المَال: مالی فنڈ۔
الصُّنْدُوقُ المُصَوِّت: ساؤنڈ بکس۔
صُنْدُوقُ المَعَاشَات: پنشن فنڈ۔
صُنْدُوقُ المَعُونَة: امدادی فنڈ۔
صُنْدُوقُ النَّقْدِ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی مالی فنڈ۔
صُنْدُوقُ النُّقُود: کیش بکس۔
صُنْدُوقٌ بِقُفْل: لاکر۔
صَنَادِيقُ تَعْبِئَة: پیکنگ بکس۔
أمِينُ الصُّنْدُوق: خزانچی، کیشیر، تحویلدار۔
دَفْتَرُ الصُّنْدُوق: کیش بک۔
صَنَعَ ـَـ صُنْعاً و صِنَاعَةً: بنانا (۲) کرنا (۳) پیدا کرنا (۴) تیار کرنا۔
صَنَعَ إلَيْه مَعْرُوفاً: حسن سلوک کرنا، احسان کرنا۔
صَنَعَ بِه صَنِيعاً قَبِيحاً: بدسلوکی کرنا۔
صَنَّعَ البِلَادَ تَصْنِيعاً: ملک کو صنعتی بنانا۔
صَانَعَه مُصَانَعَةً: رشوت دینا، بنا کر رکھنا، نباہنا۔

اصْطَنَعَ الشَّيْئَ: تیار کرانا۔
اصْطَنَعَ و تَصَنَّعَ: نقلی بنانا، جعلی بنانا، گھڑنا، خلاف حقیقت فعل کرنا (۲) جعل سازی، ریا کاری، بناوٹ۔
تَصَنُّعُ المَرْأة: بناؤ، سنگار۔
تَصْنِيع: صنعت کاری۔
تَصْنِيعُ البِلَاد: ملک کو صنعتی بنانا۔
تَصْنِيعُ الأسْلِحَة: اسلحہ سازی۔
تَصْنِيعٌ حَرْبِيّ: جنگی صنعت کاری۔
تَصْنِيعُ الدَّوَاء: دوا سازی۔
تَصْنِيعٌ شَامِل: ہمہ گیر صنعت کاری۔
صُنْعٌ: کام، فعل، بناوٹ، ایکٹ، عمل (۲) احسان، بھلائی۔
صُنْعُ يَد: ہاتھ کا بنا ہوا۔
صَنْعَة: کاریگری، ہنر۔
صَنْعَة و صِنَاعَة: پیشہ۔
صَنْعَةٌ يَدَوِيَّة: دست کاری۔
صِنَاعَة: صنعت و حرفت، انڈسٹری ج: صِنَاعَات
صِنَاعَةُ الأدَب: لٹریچر۔
صِنَاعَةُ الإعْلَان: ایڈورٹائزمنٹ، پروپیگنڈا کا فن۔
صِنَاعَةُ البِنَاء: بلڈنگ سازی۔
صِنَاعَةٌ رَئِيسِيَّة: بنیادی صنعت۔
صِنَاعَةُ السِّلَاح: ہتھیار سازی، اسلحہ کی صنعت۔
صِنَاعَةُ الطِّبَاعَة: پرنٹنگ، پرنٹ۔
صِنَاعَةٌ مَوْسِمِيَّة: وقتی صنعت، موسمی صنعت۔
صِنَاعَةُ النَّسِيج: ٹیکسٹائل انڈسٹری، پارچہ بافی کی صنعت۔
صِنَاعَةٌ شَرِيفَة: معزز پیشہ، معزز کام۔

صِنَاعَة يَدَوِيَّة: دست کاری، ہاتھ کا ہنر۔
صِنَاعَاتٌ اسْتِهْلَاكِيَّة: مصنوعات صرف، کھپت والی مصنوعات۔
صِنَاعَاتٌ ثَقِيلَة: ہیوی انڈسٹری، بھاری صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ الخَفِيفَة: ہلکی صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ الزِّرَاعِيَّة: زرعی صنعتیں۔
صِنَاعَاتٌ كِيمِيَائِيَّة: کیمیاوی صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ النَّاشِئَة: چھوٹی صنعتیں، معمولی صنعتیں۔
صِنَاعِيّ: (۱) صنعتی، ٹیکنیکل، انڈسٹریل (۲) مصنوعی، نقلی، بناوٹی، غیر فطری۔
حَرِيرٌ صِنَاعِيّ: مصنوعی ریشم۔
صَنِيع: نقل۔
صَنِيع و صَنِيعَة: احسان، بھلائی۔
صَانِع ج: صُنَّاع: کاریگر، میکر، ہنرمند۔
صَانِعُ أَحْذِيَة: جفت ساز۔
صَانِعُ السِّلَاح: ہتھیار ساز۔
صَانِعُ العُطُور: پرفیومر، عطر ساز۔
صَانِعٌ مَاهِر: ہوشیار کاریگر۔
صَانِعُ المَرَايَا: آئینہ ساز۔
الصَّانِعُ اليَدَوِيّ: دست کار۔
صَانِع و صَنَائِعِيّ: کاریگر، کارکن، مزدور۔
صَانِعُ الاسْتِعْمَار: سامراجی تخلیقات۔
مَصْنَع ج: مَصَانِع: کارخانہ، مل، فیکٹری، ورکشاپ، پلانٹ۔
مَصْنَعُ تَعْبِئَة: پیکنگ پلانٹ۔
مَصْنَعُ الزُّبْدَة والجُبْن: ڈیری
مَصْنَعُ الرِّجَال: شخصیت ساز ادارہ۔
مَصْنَعٌ صَغِير: ورکشاپ۔
مَصْنَعُ الطُّوب: اینٹیں بنانے کا کارخانہ۔
مَصْنَعُ مَلَابِس: کلاتھ فیکٹری (مل) کپڑوں کا کارخانہ۔
مَصْنَعُ وَرَق: پیپر ورکس، پیپر مل۔
مَصَانِع: کارخانے، ملز، و: مَصْنَع
مَصَانِعُ الحَدِيد: لوہے کے کارخانے۔
مَصَانِعُ الغَزْل: سوت کے کارخانے۔
مَصَانِعُ القُطْن: کاٹن ملز۔
مَصْنُوعٌ بِاليَد: ہاتھ کا بنا ہوا۔
مَصْنُوعٌ فِي البَيْت: گھر کا بنا ہوا۔
مَصْنُوعَاتٌ زُجَاجِيَّة: کانچ کی مصنوعات۔
المَصْنُوعَاتُ المَحَلِّيَّة: مقامی یا ملکی مصنوعات۔
مَصْنَعِيَّة: اجرت مزدور (وا)
مُصْطَنَع: جعلی، نقلی، جھوٹا، غلط۔
صَنَّفَ تَصْنِيفاً: نوع بنوع کرنا (۲) کتاب لکھنا۔
تَصْنِيفُ السُّكَّان حَسَبَ السِّنّ: عمر وار آبادی کی ترتیب۔
صِنْف ج: أَصْنَاف و صُنُوف: قسم، نوع، کوالٹی (۲) مرتبہ، درجہ۔
أَصْنَافٌ رَدِيئَة: خراب کوالٹی۔
مُصَنَّف ج: مُصَنَّفَات: کتاب۔
صَنَق: بدبو۔
صِنْو: سگا بھائی، جڑواں بھائی۔
ص ....ه

صَہْ (اُسْکُتْ): خاموش رہ۔
صَہْبَاءُ: شراب۔
صَہِبَ: (س) سرخی مائل ہونا۔
صَہَدَ الحَرُّ وَجْهَهٗ ـــ صَہْدًا: دھوپ یا گرمی کا چہرہ کو جھلسنا۔
صَہْدٌ: تپش، آگ کی حرارت۔
صَیْہَدٌ و صَیْہُدٌ: گرمی کی شدت۔
يَوْمٌ صَيْهَدٌ: سخت گرمی کا دن۔
صَهَرَ المَعْدِنَ ـــ صَهْرًا: معدنیات کو پگھلانا، گلانا۔
صَهَرَ الحَدِيْدَ: لوہے کو پگھلانا۔
صَاهَرَهُمْ وفِيْهِمْ وإِلَيْهِمْ مُصَاهَرَةً: داماد بنانا یا بنا، ازدواجی رشتہ قائم کرنا۔
اِنْصَهَرَ فِي: ڈھل جانا، گھل جانا۔
صِهْرٌ ج: أَصْهَارٌ: داماد (۲) بہنوئی۔
صَهِيْرٌ و مَصْهُوْرٌ: گلا ہوا، پگھلا ہوا۔
مَصْهَرٌ: فاؤنڈری۔
صِهْرِيْجٌ ج: صَهَارِيْجُ: پانی کا حوض، پانی کا تالاب، پانی کی ٹینکی، ٹینک۔
صِهْرِيْجُ القَاطِرَةِ: ریلوے انجن کے پیچھے لگا ہوا کوئلوں کا ڈبا۔
عَرَبَةُ الصِّهْرِيْجِ: ٹنک ویگن۔
صَهَلَ الحِصَانُ ـــ صَهِيْلًا: ہنہنانا۔
صَهِيْلٌ: گھوڑے کی آواز، ہنہناہٹ۔
صَهْوَةٌ ج: صِهَاءٌ و صَهَوَاتٌ: پیٹھ، گھوڑے کا وہ حصہ جس پر سوار بیٹھتا ہے۔
صَهْيَنَةٌ: صیہونی بنانا۔
صِهْيَوْنِيَّةٌ: فلسطین میں یہود کی نوآبادی قائم کرنے کی تحریک۔

صں ....و

صَوَّبَ السَّهْمَ إِلَى: تیر کو نشانہ پر لگانا، رخ کرنا، نشانہ لگانا۔
صَوَّبَ الخَطَأَ: غلطی کی اصلاح کرنا۔
صَابَ ـُ صَوْبًا: بارش ہونا، نیچے اترنا۔
صَابَ و أَصَابَ غَرَضَهٗ: مقصد کو پالینا۔
أَصَابَ الرَّجُلُ فِي الأَمْرِ: حق بجانب ہونا۔
أَصَابَ رَاحَةً: آرام پانا۔
أَصَابَ الهَدَفَ: مقصد کو پالینا۔
أَصَابَ الشَّيْءَ والرَّجُلَ: لاحق ہونا، پہنچنا۔
أَصَابَ مَطْلُوْبَهٗ: مقصد حاصل کرنا۔
أَصَابَ فِي عَمَلِهٖ: ٹھیک کام کرنا۔
أُصِيْبَ بِجُنُوْنٍ: کریک ہونا، دماغ خراب ہونا۔
أُصِيْبَ بِرَمَدٍ فِي العَيْنِ: آنکھ دکھنا۔
أُصِيْبَ بَصَرُهٗ: بینائی ختم ہونا۔
أُصِيْبَ بِمَرَضٍ: بیماری میں مبتلا ہونا۔
صَوْبٌ: جانب، طرف، جہت، گوشہ۔
صَوَابٌ: درست، ٹھیک (۲) عقل، ہوش۔
أَضَاعَ صَوَابَهٗ: ہوش گم ہونا۔
صَائِبٌ، مُصِيْبٌ: درست کار، صحیح۔
إِصَابَةٌ: چوٹ، ضرب، نقصان (۲) درستگی۔
إِصَابَةٌ فِي حَادِثٍ: ایکسیڈنٹ۔
إِصَابَةٌ مُبَاشِرَةٌ: براہ راست ضرب۔
إِصَابَةٌ مَرَضِيَّةٌ: بیماری کا حملہ۔
إِصَابَاتٌ بَسِيْطَةٌ: معمولی چوٹیں۔

اِصَابَاتٌ جَسَدِیَّة: جسمانی نقصانات۔
اسْتِصْوَاب: پسندیدگی۔
مُصَاب: (۱) مصیبت زدہ، آفت رسیدہ، مجروح، مبتلا (۲) حادثہ۔
المُصَابُ بِالفَقْرِ: افلاس زدہ۔
مُصَابٌ و مُصِیبَةٌ: مصیبت ج: مَصَائِبُ
صَوَّتَ تَصْوِیتاً: آواز نکالنا، کسی چیز سے آواز پیدا ہونا، چیخنا۔
صَوَّتَ لہ فی کذا: انتخاب میں رائے دینا، ووٹ دینا۔
صَوْت ج: أصْوَات: آواز (۲) ووٹ
صَوْتٌ فِي انتِخَاب: ووٹ۔
صَوْتُ اِنفِجَارٍ مُرْعِبٍ مُخِیفٍ: دھماکہ کی خوفناک آواز۔
صَوْتٌ بَحِیحٌ: بیٹھی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ ضَجِرٌ: اکتائی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ ضِدٌّ: مخالف ووٹ۔
صَوْتٌ مُتَهَدِّج: بیٹھی ہوئی آواز، بھرائی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ مَدِیدٌ: بلند آواز۔
صَوْتٌ مُرْتَعِش: کپکپائی ہوئی آواز۔
الصَّوْتُ المُرَجِّحُ: کاسٹنگ ووٹ۔
صَوْتٌ مُغْتَاظ: غصہ میں بھری ہوئی آواز
صَوْتٌ هَادِرٌ ضِدَّ فُلَان: کسی کے خلاف گرجتی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ وَاطِیءٌ: پست آواز۔
رَجْعُ الصَّوْتِ: صدائے بازگشت۔
صَوْتِی: آوازدار۔

حَرْفٌ صَوْتِیّ: پڑھا جانے والا حرف۔ (ضد: حَرْفٌ صَامِتٌ)
صِیتٌ: شہرت، کیرکٹر۔
ذَائِعُ الصِّیتِ: شہرہ آفاق، مشہور
صَیِّتٌ: بلند آواز۔
تَصْوِیت: چیخ، آواز (۲) ووٹنگ، ووٹ دینا۔
تَصْوِیتٌ بِتِلَاوَةِ الأسْمَاءِ: نام بول کر رائے شماری کرنا، رول کال ووٹنگ
تَصْوِیتٌ بِرَفْعِ الیَد: ہاتھ اٹھا کر ووٹ دینا۔
التَّصْوِیتُ فی جَانِبِ أحَدٍ: کسی کو ووٹ دینا، کسی کے حق میں ووٹ دینا۔
تَصْوِیتُ المَجْلِسِ عَلَی الاقْتِرَاحِ: تجویز پر مجلس کا رائے دینا۔
تَصْوِیتُ دَوْلَةٍ عَلَی جَانِبِ القَرَار: کسی ملک کا قرارداد کے حق میں ووٹ دینا۔
مُصَوِّت: ووٹر، وہ شخص جسے رائے دہی کا حق ہو۔
(صوخ) صَاخَ فی کذا صَوْخاً: داخل ہوا، دھنسنا۔
أصَاخَ لہ: کان لگانا۔
أصَاخَ بِسَمْعِہ: کان لگا کر سننا۔
صَوْدَا: سوڈا۔
صَوْدَا کَاوِیَة: سوڈا کاسٹک۔
مَاءُ الصَّوْدَا: سوڈا واٹر۔
صَوْدَا الغَسِیل: واشنگ سوڈا۔
صَوَّرَ تَصْوِیراً: فوٹو کھینچنا، نقش بنانا۔

صَوَّرَ الشَّيْءَ: منظر کشی کرنا (۲) شکل دینا، صورت بنانا۔
تَصَوَّرَ الشَّيْءَ: خیال کرنا۔
تَصَوَّرَ لَهُ الشَّيْءُ: کسی چیز کا خیال آنا۔
صُوْرَةٌ ج: صُوَر: (۱) فوٹو، تصویر (۲) سین، منظر، شکل (۳) نمونہ، مثال (۴) کیفیت (۵) نقشہ (۶) کاغذ کی نقل، کاپی۔
صُوْرَةٌ طِبْقَ الْأَصْلِ: نقل مطابق اصل۔
صُوْرَةٌ رَسْمِيَّةٌ: سرکاری نقل۔
صُوْرَةٌ شَمْسِيَّةٌ: عکسی تصویر، فوٹو۔
صُوْرَةٌ وَصْفِيَّةٌ: وضاحتی نقشہ۔
صُوْرَةٌ أَصْلِيَّةٌ: اوریجنل کاپی، اصل کاپی۔
صُوْرَةٌ بِالْكَرْبُوْنِ: کاربن کاپی۔
صُوْرَةٌ ثَانِيَةٌ: ڈپلی کیٹ۔
صُوْرَةُ الْحُكْمِ: فیصلہ کی نقل۔
صُوْرَةٌ ضَوْئِيَّةٌ: فوٹو گراف۔
الصُّوْرَةُ الطِّبَاعِيَّةُ: پرنٹ کاپی۔
صُوْرَةُ الْفَاتُوْرَةِ: بیجک کاپی۔
صُوْرَةٌ فُوْتُوْغَرَافِيَّةٌ: فوٹو اسٹیٹ کاپی، عکسی تصویر۔
الصُّوْرَةُ الْمُحْزِنَةُ: افسوسناک صورت
صُوْرَةٌ مُسْتَنَدٍ مُصَدَّقٌ عَلَيْهَا: تصدیق شدہ نقل، مصدقہ نقل۔
صُوْرَةٌ مُشَكَّلَةٌ: عریاں تصویر۔
صُوْرَةٌ مُظْلِمَةٌ: تاریک صورت۔
الصُّوْرَةُ الْمُقْتَرَحَةُ: مجوزہ شکل۔
صُوْرَةٌ مُوْجَبَةٌ: پازیٹو۔
صُوْرَةٌ هَزْلِيَّةٌ: کارٹون۔
صُوَرٌ فُوْتُوْغَرَافِيَّةٌ: البم۔
الصُّوَرُ الْمُتَحَرِّكَةُ: چلتی پھرتی تصویریں۔
صُوْرٌ: ہارن۔
صُوْرِيٌّ: ظاہری، صورت ہی صورت کا۔
بِصُوْرَةٍ أَفْضَلَ: زیادہ بہتر طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ حَاسِمَةٍ: قطعی طور پر۔
بِصُوْرَةٍ عَنِيْفَةٍ: تشدد آمیز طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ غَيْرِ مَضْمُوْنَةٍ: غیر اطمینان بخش طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ فِعْلِيَّةٍ: عملی طور پر۔
بِصُوْرَةٍ مَضْمُوْنَةٍ: اطمینان بخش طریقہ پر۔
تَصَوُّرٌ مَبْدَئِيٌّ: بنیادی نظریہ۔
تَصَوُّرِيٌّ: آئیڈیل، نظریاتی۔
تَصْوِيْرَةٌ: فوٹو، تصویر۔
تَصْوِيْرٌ زَيْتِيٌّ: رنگین تصویر۔
تَصْوِيْرٌ فُوْتُوْغَرَافِيٌّ: عکسی تصویر، فوٹو۔
تَصْوِيْرُ الْمَوْقِفِ: صورت حال بتانا۔
لَوْحَةُ التَّصْوِيْرِ: فوٹو گرافی کی پلیٹ۔
آلَةُ التَّصْوِيْرِ الشَّمْسِيِّ: کیمرا
مُصَوِّرٌ: آرٹسٹ۔
مُصَوَّرٌ جُغْرَافِيٌّ: میپ، اٹلس۔
الْمُصَوِّرُ السِّيْنَمَائِيُّ: کیمرامین۔
مُصَوِّرٌ شَمْسِيٌّ: فوٹو گرافر۔
الْمُصَوِّرُ الضَّوْئِيُّ: کیمرامین، فوٹو گرافر۔
مُصَوِّرَاتِيٌّ: فوٹو گرافر۔
صُوْصٌ: (دا) مرغی کا بچہ جو انڈے سے نکلا ہو ج: صِيْصَانٌ
صَوْعٌ، صَاعٌ: کھیل کا میدان۔
صَاعَ ـَـ صَوْعًا: ڈرانا (۲) ناپ کر دینا

(۳) منتشر کرنا (۴) موڑنا۔
انْصِيَاعٌ: لوٹنا، مطیع ہونا، تیزی سے دوڑنا۔
الانْصِيَاعُ لِأَحَدٍ: سرِ تسلیم خم کرنا۔
صَاعٌ ج: أَصْوَاعٌ و صِيْعَان: ایک پیمانہ۔
(صوغ) صَاغَ ـُ صَوْغاً: کسی نمونہ پر کوئی چیز تیار کرنا، بنانا، گھڑنا، سونا چاندی کو ڈھالنا، گھڑنا۔
صَاغَ الْكَلِمَةَ: کلمہ کو کسی خاص شکل پر بنانا۔
ـــ الْكَلَامَ: بات گھڑنا، کلام کو عمدہ بنانا، کسی خاص طرز پر تیار کرنا۔
ـــ الْمِيثَاقَ: معاہدہ تیار کرنا۔
صَائِغٌ ج: صَاغَةٌ: سنار، زیورات بنانے والا۔
صَاغٌ: (د) ایک فوجی عہدہ (میجر)
صِيغَةٌ ج: صِيَغٌ: مخصوص شکل، فرمہ کلمہ کی صورت، فعل کی شکل، عبارت، مضمون
صِيغَةُ الاتِّفَاقِيَةِ: معاہدہ کی شکل، معاہدہ کا مضمون۔
صِيغَةُ عَمَلٍ: طریقہ کار، نوعیت کار۔
صِيغَةٌ فَعَّالَةٌ: موثر شکل۔
صِيغَةُ الْقَانُونِ: قانونی شکل۔
صِيغَةُ الْمَعَادِنِ: معدنیات ڈھالنے کا سانچہ۔
صِيْغَةٌ و مَصَاغٌ: زیور۔
صِيَغُ التَّدَاخُلِ: مداخلت کی شکلیں، عنوانات۔
صِيَاغَةُ الْمُعَاهَدَةِ: معاہدہ کی ترتیب، معاہدہ کی عبارت، مضمون۔

مَصُوغَاتٌ: زیورات۔
صُوفٌ: (۱) اُون، بکری اور اونٹ کے بال (۵) اونی کپڑا۔
صُوفٌ مَغْزُولٌ: اونی دھاگہ۔
صُوفِيٌّ: اونی، اُون کا (۲) تصوف اختیار کرنے والا۔
صَوَّافٌ: اُون فروش، اُونی کپڑوں کا تاجر۔
صَوَّلَ الذَّهَبَ وَغَيْرَهُ: پانی سے دھوکر صاف کرنا، غلہ صاف کرنا۔
صَوَّلَ الْبَيْدَرَ: جھاڑو دینا۔
صَالَ ـُ صَوْلاً: جست لگانا۔
صَالَ عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔
صَوْلَةٌ: طاقت، قوت، دبدبہ۔
ذُو صَوْلَةٍ: طاقتور۔
مِصْوَلَةٌ: جھاڑو۔
صَوْلَجَانٌ: موٹھ دار ڈنڈا۔
صَوَّمَ تَصْوِيماً: روزہ رکھانا، روزہ دار بنانا۔
صَامَ عَنْ كَذَا ـُ صَوْماً: رکنا، باز رہنا۔
صَامَ ـُ صَوْماً و صِيَاماً اسلامی شریعت کے مطابق روزہ رکھنا۔
صَامَ عَنِ الطَّعَامِ: کھانے سے باز رہنا، برت رکھنا۔
صَوْمَعَةٌ ج: صَوَامِعُ: راہب کا عبادت خانہ، چھوٹا کمرہ، کوٹھڑی، کیبن (بڑے کمرے کا اندرونی کمرہ)۔
صَوَامِعُ الْغِلَالِ: غلہ کے گودام۔
(صون) صَانَ ـُ صَوْناً: حفاظت کرنا۔
صُوَانٌ، صُوَانَاتٌ: (۱) کواڑ دار الماری،

کپڑوں یا کتابوں کی الماری۔
صُوَان: (۲) بکس (۳) خیمہ۔
صُوَّان: سخت ترین پتھر۔
صَائِنٌ: محافظ، بچاؤ کرنے والا۔
صِیَانَة: تحفظ۔
مَصُوْن: محفوظ۔
صُوَّة: نشانِ راہ، سڑک پر لگا ہوا بورڈ جس سے مختلف سمتیں معلوم ہوتی ہیں ج: صُوًی
صَوِیَ ـــ وصَوِيَ ـــ صَوًی و صُوِیًّا: خشک ہونا (درخت یا تھن وغیرہ کا)۔

ص............ی

صَیَّحَ تَصْیِیْحاً: چیخنا۔
صَاحَ ـــ صَیْحاً: چیخنا، چلانا، شور مچانا، مرغ کا بولنا۔
صَاحَ علیه: جھڑکنا، دھمکانا۔
صَاحَ به: آواز دینا۔
صَیْحٌ و صِیَاحٌ: چیخ۔
صَیَّاحٌ: شور مچانے والا۔
صَیْحَة: ایک چیخ، ایک آواز۔
صَیْحَة الحَرْب: اعلان جنگ۔
صَیْدٌ ج: صُیُوْد: شکار۔
صَادَ ـــ واصْطَادَ: شکار کرنا۔
اِصْطَادَ الکُرَة: بال کیچ کرنا، گیند کو پکڑنا۔
صَائِد، صَیَّاد: شکاری۔
صَیَّادَة: غلیل۔
مِصْیَدَة: پھندا، جال ج: مَصَائِدُ
مِصْیَدَةُ الفِیْرَان: چوہے دان۔
مَصْیَدَة: شکارگاہ۔
مُتَصَیِّدُ الأَصْوَاتِ فِي الاِنْتِخَابَات: الیکشن میں کنویسنگ کرنے والا۔
صَیْدَلَة: دواسازی۔
صَیْدَلِیَّة: فارمیسی، انگریزی دواخانہ۔
صَیْدَلِيّ، صَیْدَلاَنِيّ: انگریزی دوائیں فروخت کرنے والا۔
صَیَّرَ تَصْیِیْراً: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا، بنانا۔
صَارَ ـــ صَیْرُوْرَة: (۱) ہونا (۲) واقع ہونا (۳) پیش آنا (۴) ایک حالت سے دوسری میں منتقل ہونا۔
صَارَ یَفْعَلُ: کرنے لگا۔
صَارَ إلی کذا: پہنچنا۔
صَارَ به إلی کذا: پہنچانا۔
صَارَ مَوْضِعَ ثِقَةِ فُلاَن: اعتماد حاصل کرنا، معتمد بن جانا۔
مَصِیْرٌ: انجام، انتہائے کار، حشر، نتیجہ ج: مَصَائِرُ مَصِیْرُ البِلاَدِ: ملک کی قسمت، انجام۔
مَصِیْرُ الحَرْب: جنگ کا نتیجہ۔
المَصِیْرُ القَوْمِيّ: قومی حشر۔
مَصِیْرٌ مَحْتُوم: یقینی انجام۔
المَصِیْرُ المُحْزِنُ: افسوسناک انجام۔
مَصِیْرٌ وَخِیْم: برا انجام۔
مَصِیْرِيّ: موت وحیات سے متعلق، بنیادی۔
تَقْرِیْرُ المَصِیْر: قسمت کا فیصلہ کرنا، انجام طے کرنا۔
(صیع) صَاعَ ـــ صَیْعاً: ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا، انتشار پیدا کرنا، منتشر کرنا،

پھوٹ ڈالنا۔

اَنْصِيَاعٌ: تیزی سے لوٹنا۔

اَنْصِيَاعُ الطَّائِرِ: پرندہ کا فضا میں اُڑنا۔

صَيَّفَ تَصْيِيفاً و اصْطَافَ: گرمی کا موسم گزارنا۔

صَيْفٌ: موسم گرما۔

صَيْفِيٌّ: گرمی کا، موسم گرما کا۔

مَصِيفٌ: گرمی گزارنے کا مقام، ٹھنڈا مقام ج: مَصَايِفُ۔

صِيْنُ: چین۔

الصِّيْنُ الشَّعْبِيَّةُ: عوامی چین، ڈیموکریٹک چین۔

صِيْنِيٌّ: چینی، چین کا باشندہ۔

صِيْنِيٌّ و صَوَانِيٌّ: چینی مٹی کے برتن۔

صِيْنِيَّةٌ: چینی بڑے ج: صِيْنِيَّاتٌ۔

ض

ض .... أ

ضَوُلَ ۔ُ ضَآلَةً: (۱) کمزور ہونا (۲) کم اور معمولی ہونا۔

ضَئِيلٌ: کمزور (۲) معمولی، آف، دھیما۔

ضَئِيلُ الْفَاعِلِيَّة: معمولی کارکردگی والا، بے اثر۔

تَضَاؤُل: کمزور پڑ جانا (۲) گراوٹ، زوال، کمزوری۔

تَضَاؤُلُ سُلْطَةِ الدَّوْلَة: ملک کے اقتدار کا زوال۔

تَضَاؤُلُ الْعَامِلِ عَنْ أَدَاءِ وَظِيْفَة: کارکن کا ادائیگی فرض میں کوتاہی کرنا۔

ضَأْن و: ضَائِن: بکری۔

ضَأْنِي: بکری کا (۲) بکری کا گوشت۔

ض .... ب

ضَبَّ و ضَبَّ علی کذا ۔ِ ضَباً: (۱) انتہائی خواہشمند ہونا (۲) مضبوط پکڑنا۔

ضَبَّبَ البَابَ: دروازہ کو چٹخنی تالے سے بند کرنا یا موسل سے بند کرنا۔

أَضَبَّ النَّهَارُ: دُھندآلود ہونا۔

ضَبَابٌ: دُھند، کہر، وہ ابخارات جو زمین کو گھیر کر دھندلا بنا دیتے ہیں۔

ضَبَابٌ كَثِيفٌ: زبردست کہر۔

ضَبَّةُ البَابِ: چٹخنی تالہ، موسل یا چٹخنی جو دروازہ کے اندرونی جانب لگی ہوتی ہے۔

إِضْبَارُ الأَوْرَاق: فائل کرنا، فائلنگ۔

إِضْبَارَة ج: أَضَابِيْر: (۱) فائل (۲) کاغذات کا بستہ یا بنڈل (۳) مسل۔

خِزَانَةُ إِضْبَارَات: فائل رکھنے کی الماری۔

ضَبَطَ ۔ُ ضَبْطاً: (۱) پکڑنا، قابو میں لانا (۲) گرفتار کرنا (۳) درست کرنا، اڈجسٹ کرنا، گھڑی کا وقت ٹھیک کرنا، گھڑی ملانا، ملان کرنا، چیک کرنا، غلطی درست کرنا (۴) مرتب کرنا (۵) قابو پانا، کنٹرول کرنا (۶) ضبط کرنا، جذبات پر قابو پانا (۷) غالب آنا (۸) پختہ اور مضبوط بنانا۔

اِنْضَبَطَ: اڈجسٹ ہونا، اپنی جگہ پر فٹ ہونا۔

ضَبْط: (۱) تصحیح (۲) ملان، چیکنگ (۳) مضبوطی (۴) گرفتاری (۵) ہولڈ (۶) ضبط نفس۔

ضَبْطُ الجَرِيْدَة: اخبار ضبط کرنا۔

ضَبْطُ السَّاعَةِ بِسَاعَة: گھڑی ملانا۔

ضَبطُ النَّسل: برتھ کنٹرول۔
ضَبط و انضِباط: گرفتاری، ضبطی۔
بالضَّبط: ٹھیک ٹھیک، صحیح طور پر۔
ضَبطِیَّۃ: پولیس اسٹیشن۔
ضَابِطٌ: افسر ج: ضُبَّاط۔
ضَابِطُ اتِّصَال: افسر رابطہ۔
ضَابِطُ الصِّحَّۃ: ہیلتھ آفیسر۔
ضَابِطُ الطَّیَرَان: افسرِ فضائیہ۔
ضَابِطٌ فی البَحْرِیَّۃ: کمانڈر۔
ضَابِطٌ قَضَائِیٌّ: عدالتی افسر۔
ضَابِطٌ کَبِیرٌ: جنرل آفیسر۔
ضَابِطُ المَخْفَر: انچارج کوتوالی، تھانیدار، تھانہ انچارج، داروغہ۔
ضَابِطُ مَیْدَان (ضَابِطٌ اَعْلَی رُتْبَۃً مِنْ کَابِتَن): فیلڈ آفیسر۔
الضَّابِطُ المُنَفِّذ: ایگزیکٹو افسر۔
الضُّبَّاط: افسران۔
ضُبَّاطُ الشُّرْطَۃ: پولیس افسران۔
الضُّبَّاطُ العَسْکَرِیُّون: فوجی افسران۔
ضَابِطَۃ: پولیس۔
ضَوَابِط: اصول۔
مَضْبَطَۃ: معاہدہ، پروٹوکول۔
مَضْبَطَۃُ مَجْلِسٍ او جَلْسَۃٍ: کارروائی، روئداد۔
مِضْبَط: کنٹرول کی مشین۔
مَضْبُوط: درست، پختہ، صحیح، منضبط، مرتب۔
ضَبُعٌ ج: ضِبَاع: بجو۔
ض............ج

ضَجَّ ـ ضَجّاً و ضَجِیجاً: شوروغل کرنا۔
ضَجَّ المَکَانُ بکذا: گونجنا۔
ضَجَّۃ: شور، ہنگامہ، اُدھم۔
الضَّجَّۃُ الکُبرَی: بڑا ہنگامہ۔
ضَجِیج: شوروغل، ہنگامہ۔
ضَجِرَ ـ ضَجَراً و تَضَجَّرَ من: تنگ آنا، پریشان ہونا۔
اَضْجَرَہ: پریشان کرنا، تنگ کرنا۔
ضَجَرٌ من: اچاٹ پن، گھٹن، تنگی، پریشانی، اُکتاہٹ۔
ضَجِرٌ، مُتَضَجِّرٌ: پریشان، اکتایا ہوا۔
مُضْجِر: پریشان کن۔
ضَجَعَ ـ ضَجْعاً و ضُجُوعاً و اضْطَجَعَ: لیٹنا، سونا۔
ضَاجَعَہُ الهَمُّ: غم سوار ہونا۔
ضَاجَعَ المَرْأَۃَ: ہم بستری کرنا۔
ضُجَعَۃ: آرام پسند، کاہل۔
مَضْجَع ج: مَضَاجِع: بستر، پلنگ، خوابگاہ، سونے کا کمرہ۔
ض............ح

ضَحْضَحَ السَّرَابُ: سراب چمکنا۔
ضَحْضَاحٌ: کم گہرا، اُتھلا، چھچلا۔
ضَحِکَ ـ ضَحِکاً: ہنسنا۔
ضَحِکَ عَلَیْہِ و مِنْہُ: مذاق اڑانا۔
ضَحِکَ مَعَہ: مذاق ودل لگی کرنا۔
ضَحَّکَ و اَضْحَکَ: ہنسانا۔
ضَحَّکَ علیہ: ذریعۂ مذاق بنانا۔
ضِحْک: ہنسی، مذاق۔
ضُحْکَۃ، اُضْحُوکَۃ، مَضْحَکَۃ: ہنسی کا

ذریعہ۔

ضَحّاک، مُضحِک: مسخرہ، ہنسنے ہنسانے والا، مزاحیہ، مذاقی۔

ضَحُوک: بہت ہنسنے والا، ہنس مکھ۔

مُضحِک: مضحکہ خیز۔

ضَحْل: نا گہرا، اُتھلا، پایاب (ضِد عَمِیق)۔

ضَحِيَ ـَ ضَحَاءً: منکشف ہونا (۲) دھوپ میں نکلنا۔

ضَحّی بکذا تضحِیَةً: قربان کرنا، قربانی دینا۔

اَضْحٰی: ہو گیا۔

اَضْحٰی يَفْعَلُ: کرنے لگا۔

اَضْحَی الشَّیْئَ: (۱) ظاہر کیا (۲) دھوپ میں لایا۔

تَضْحِیَة: قربانی ج: تَضْحِيَات۔

ضَحْوَة، ضُحًی، ضَحِيَّة: (۱) ظہور (۲) دن کی روشنی (۳) دن چڑھنے کا وقت۔

ضَحِيَّة ج: ضَحَايَا، اُضْحِيَّة ج: اَضَاحِيّ: قربانی کا جانور (۲) ناکردہ گناہ (۳) شکار، بھینٹ۔

ذَهَبَ ضَحِيَّةَ کذا: ناکردہ گناہ، مارا گیا، شکار ہو گیا، بھینٹ چڑھ گیا۔

ضَحَايَا کذا: کسی چیز کی نذر ہونے والے، شکار ہونے والے، زدگان۔

ضَاحِیَة ج: ضَوَاحٍ: شہر سے متصل علاقہ، اطراف۔

ضَوَاحِي الْبَلْدَة: اطراف شہر۔

ض .... خ

ضَخَّ الماءَ ـُ ضَخًّا: پانی بہانا، چھڑکنا۔

ضَخّ: زمین سے پانی وغیرہ نکالنا۔

ضَخُّ البِتْرُوْل وغَيْرِه: پٹرول نکالنا، پمپنگ کرنا۔

مِضَخَّة: پچکاری، پمپ، ہینڈ پمپ۔

مِضَخَّةُ الحَرَائِق: فائر انجن۔

مِضَخَّةٌ ذَاتُ ضَغْطٍ عَالٍ: زبردست دباؤ والا پمپ، ہائی پریشر پمپ۔

المِضَخَّةُ النَّافُورِيَّة: جیٹ پمپ۔

ضَخُمَ ـُ ضَخَامَةً: بھاری بھرکم ہونا، بڑے سائز کا ہونا، موٹے ڈیل کا ہونا۔

تَضَخَّمَ: (۱) بڑا ہونا (۲) بھاری بھرکم ہونا، بڑے سائز کا ہونا (۳) زیادہ ہونا، بڑھنا (۴) اضافہ، افراط۔

تَضَخُّمُ الإنْتَاج: پیداوار میں اضافہ ہونا۔

تَضَخُّمٌ جَامِعٌ: تباہ کن افراط۔

تَضَخُّمُ العُمْلَة: کرنسی کی افراط۔

تَضَخُّمٌ مَالِيّ: افراط زر۔

تَضْخِيمُ ذَات: کسی کی شخصیت کو بڑا بنا کر پیش کرنا۔

ضَخْمٌ: زبردست، بڑے سائز کا بھاری بھرکم، عالیشان، شاندار۔

ض .... د

ضَدَّه ـُ ضَدًّا: غالب آنا۔

ضَادَّهُ مُضَادَّةً: مخالفت کرنا۔

مُضَادّ: مخالف، برعکس، برخلاف۔

مُضَادٌّ لِلثَّوْرَة: مخالف انقلاب، انقلاب مخالف۔

مُضَادٌّ لِلدَّبَّابَات: ٹینک شکن۔

ضِدٌّ: مخالف، خلاف۔
ضِدَّ كذا: برعکس، مقابلہ میں۔

ض ب .... ر

ضَرَبَ ـِ ضَرْباً: (۱) مارنا۔
ـــ ضَرْباً مُبَرِّحاً: ضرب کاری لگانا۔
ـــ الجُرحُ أو الضِرسُ: زخم یا ڈاڑھ میں درد ہونا، زخم میں پیپ پڑنا۔
ـــ عَلَى الكَلِمَةِ: قلم زد کرنا، کاٹنا۔
ـــ الجَرَسَ: گھنٹی بجانا۔
ـــ الخَيْمَةَ: ڈیرہ لگانا۔
ـــ أطْنَابَه: جڑ پکڑنا، راسخ ہونا۔
ـــ الأَجَلَ: وقت مقرر کرنا۔
ضَرَبَ المَوْعِدَ مَعَ: کسی کے ساتھ گفتگو کا وقت مقرر کرنا۔
ـــ البَيْضَ: انڈے پھینٹنا۔
ـــ البَابَ عَلَى أحَدٍ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
ـــ أخْمَاساً لِأَسْدَاسٍ: دھوکہ دینے کی کوشش کرنا (۲) حیران و پریشان ہونا۔
ـــ عَدَداً فِي آخَرَ: ضرب دینا۔
ـــ عَنْهُ صَفْحاً: منھ پھیرنا، کنارہ کش ہونا، توجہ ہٹانا۔
ـــ عَلَيهِ ضَرِيبَةً: ٹیکس لگانا۔
ـــ النُّقُودَ: سکہ ڈھالنا۔
ـــ الخَاتَمَ: انگوٹھی گھڑنا۔
ـــ طُوباً: اینٹ بنانا۔
ـــ عُنُقَهُ: سر اڑانا، گردن مارنا۔
ـــ بِالسِّلَاحِ النَّارِيِّ: شوٹ کرنا، گولی مارنا۔
ـــ مَثَلاً: مثال بیان کرنا، مثال دینا، مشہور قول یا کہاوت کہنا۔
ـــ فِي البُوقِ: ہارن بجانا۔
ـــ تِلِغْرَافاً: تار کرنا، ٹیلیگرام دینا۔
ـــ تِلِفُوناً: (دا) ٹیلیفون کرنا۔
ـــ عَنْهُ: رُخ پھیرنا، توجہ ہٹانا۔
ـــ إلَيهِ: مائل ہونا۔
ضَرَبَتِ العَقْرَبُ: ڈنک مارنا۔
ضَرَّبَ و ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ: پھوٹ ڈالنا۔
ضَارَبَه مُضَارَبَةً: مزاحمت کرنا، مقابلہ کرنا۔
تَضَارُبُ القَوْلَيْنِ: دو باتوں کا باہم متناقض ہونا۔
أضْرَبَ إضْرَاباً: قائم کرنا۔
أضْرَبَ عَنْهُ: اعراض کرنا۔
أضْرَبَ العَامِلُ عن العَمَلِ: ہڑتال کرنا، اسٹرائک کرنا۔
إضْرَابٌ عَامٌّ: جنرل اسٹرائک۔
إضْرَابُ العُمَّالِ: مزدور ہڑتال، لیبر ہڑتال۔
إضْرَابٌ عَنِ العَمَلِ: ہڑتال۔
إضْرَابٌ عَنِ الطَّعَامِ: بھوک ہڑتال۔
اضْطَرَبَ: (۱) جوش میں آنا، مضطرب ہونا (۲) حرکت میں آنا (۳) مختل ہونا (۴) بے چین ہونا (۵) پریشان ہونا۔
ضَرْبٌ: (۱) چال (۲) مار چوٹ (۳) قسم (۴) مصیبت، آفت ج: ضُرُوبٌ۔
ضَرْبُ الأهْدَافِ: ٹھکانوں پر حملہ کرنا، نشانہ بنانا۔
ضَرْبُ الحَلْقَةِ الفُولَاذِيَّةِ حَوْلَ أحَدٍ: مضبوط حصار قائم کرنا۔

ضَرْبُ الرَّقْمِ القِيَاسِيّ: ریکارڈ قائم کرنا۔
ضَرْبُ الطَّائِرَاتِ المُدُنَ: ہوائی جہازوں کا شہروں کو نشانہ بنانا۔
ضَرْبُ العِمَارَةِ بالطُّوْبِ والحِجَارَة: عمارت پر اینٹ پتھر برسانا۔
الضَّرْبُ فِي العُمْقِ: اندر تک گھس کر حملہ کرنا۔
ضَرْبُ المِثَالِ فِي كَذا: مثال قائم کرنا، ریکارڈ قائم کرنا۔
ضَرْبُ المُخَيَّمَاتِ فِي كَذا: کیمپ لگانا۔
ضَرْبُ الوَحْدَة: اتحاد کو نقصان پہنچانا۔
ضَرْبَة: وار، حملہ، چوٹ۔
ضَرْبَةٌ اَخِيْرَةٌ: آخری وار، آخری حملہ۔
ضَرْبَةُ الطَّيَرَان: فضائی حملہ۔
ضَرْبَةٌ قَاسِيَة: ضربِ کاری، کاری ضرب۔
ضَرْبَةٌ قَاضِيَة: آخری وار، جان لیوا ضرب۔
ضَرْبخَانَة: (د) دارالضرب جہاں سکے ڈھالے جاتے ہیں۔
ضَارِبٌ إلَى الحُمْرَة: سرخی مائل۔
الضَّارِبُ إلَى السَّوَاد: مائل بہ سیاہی۔
ضَارِبُ الكُرَة: بیٹس مین۔
قُوَّةٌ ضَارِبَة: زبردست قوت۔
ضَرِيْبَة: ٹیکس ج: ضَرَائِبُ۔
ضَرِيْبَةُ الاَرَاضِي أو العَقَار: زمین کا ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ الاَرْبَاح: منافع ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ الاَمَان: جزیہ۔
ضَرِيْبَةُ الاَطْيَان: خراج۔
ضَرِيْبَةٌ اِضَافِيَّة: سرچارج، سرٹیکس، زائد ٹیکس۔
ضَرِيْبَةٌ اِضَافِيَّةٌ علَى الدُّخُوْلِ المُرْتَفِعَة: بڑھتی ہوئی آمدنیوں پر سرٹیکس۔
ضَرِيْبَةٌ اِضَافِيَّةٌ علَى الوَارِدَات: درآمدات پر سرچارج۔
ضَرِيْبَةُ الاِنْتَاجِ المَحَلِّيّ: ایکسائز ڈیوٹی، مقامی پیداوار کا ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ المُسَقَّفَات (المَبَانِي): ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ الدَّخْل: انکم ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ الدَّخْلِ العَامّ: جنرل انکم ٹیکس، عموی آمدنی پر ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ الرَّأس: پول ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ الصَّادِرَات: ایکسپورٹ ٹیکس۔
الضَّرِيْبَةُ الصَّافِيَة: خالص ٹیکس۔
ضَرِيْبَةٌ عَقَارِيَّة: زمین کا ٹیکس۔
ضَرِيْبَةٌ عَلَى الإيْرَاد: انکم ٹیکس۔
ضَرِيْبَةٌ علَى المَنَازِل: ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيْبَةٌ مُبَاشِرَة: ڈائرکٹ ٹیکس۔
ضَرِيْبَةٌ غَيْرُ مُبَاشِرَة: اِن ڈائرکٹ ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ المَبِيْعَات: سیلز ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ المُرُوْر: ٹول ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ المَلَاهِي: کھیلوں کا ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ المَنَازِل: ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيْبَةُ الوَارِد: امپورٹ ٹیکس۔
ضَرَائِبُ عَلَى الاَمْلَاك: پراپرٹی ٹیکس، جائیداد ٹیکس۔
ضَرَائِبُ المَبَانِي: بلڈنگ ٹیکس۔
الضَّرَائِبُ المَحَلِّيَّة: لوکل ٹیکس۔
مَصْلَحَةُ الضَّرَائِب: ٹیکس کا محکمہ۔

اِضْطِرَاب: (۱) گڑبڑ (۲) بدامنی، ابتری (۳) فساد (۴) تردد (۵) ہنگامہ، افراتفری ج: اضْطِرَابَات۔
اِضْطِرَابَات: ہنگامے، فسادات۔
اِضْطِرَابَاتٌ عَنِيْفَة: زبردست ہنگامے۔
اِضْطِرَابَاتٌ طَائِفِيَّة: فرقہ وارانہ جھگڑے، ہنگامے۔
تَضَارُب: تضاد، تناقض۔
تَضَارُبُ الآرَاء: اختلافِ آراء۔
مُضْرِب: اسٹرائکر، اسٹرائک کرنے والا۔
مِضْرَبُ الكُرَة: بلا، بیٹ۔
مِضْرَبٌ و مِضْرَابُ التَّنِس: ٹینس کھیلنے کا بلا، ریکیٹ۔
مِضْرَب ج: مَضَارِبُ: خیمہ۔
مَضْرُوْب: وہ عدد جسے ضرب دی گئی۔
مَضْرُوْبٌ فِيْه: وہ عدد جس میں ضرب دی گئی۔
مُضَارِبٌ تِجَارِيٌّ: تجارت میں مقابلہ کرنے والا۔
مُضَارِبٌ عَلَى الصُّعُوْد: خریدار۔
مُضَارِبٌ عَلَى النُّزُوْل: بائع۔
مُضَارَبَة: مزاحمت کرنا، مقابلہ کرنا۔
مُضَارَبَةٌ تِجَارِيَّة: تجارتی مقابلہ۔
ضَرَجَ ـُ ضَرْجًا و ضَرَّجَ تَضْرِيْجًا: لت پت کرنا، ملوث کرنا۔
اِنْضِرَاجٌ: ہواباز کا پیراشوٹ کے ذریعہ نیچے اترنا۔
مُضَرَّجٌ بِالدَّم: خون آلود۔

ضَرَحَ القَبْرَ ـَ ضَرْحًا: قبر کھودنا۔
ضَرِيْح ج: أَضْرِحَة: قبر۔
ضَرَّرَ تَضْرِيْرًا: زبردست نقصان پہنچانا۔
ضَرَّ ـُ ضُرًّا و أَضَرَّ: نقصان دینا۔
أَضَرَّهُ عَلَى: مجبور کرنا۔
أَضَرَّ الرَّجُلُ: مرد کا دوسری بیوی کرنا، پہلی بیوی کی سوکن لانا۔
اِضْطَرَّهُ إِلَى: مجبور کرنا۔
اُضْطُرَّ إِلَى: مجبور ہونا، مجبور کیا جانا۔
اِضْطِرَار: ایمرجنسی۔
اِضْطِرَارِيًّا: غیر اختیاری طور پر۔
اِنْضِرَار و تَضَرُّر: نقصان اٹھانا۔
الضُّرُّ: نقصان ج: أَضْرَارٌ۔
أَضْرَارٌ بَسِيْطَة: معمولی نقصانات۔
ضَرَّةُ المَرْأَة: سوکن ج: ضَرَائِرُ۔
ضَرَّاءُ: مصیبت، سختی۔
ضَرُوْرَة: حاجت، ضرورت ج: ضَرُوْرَات۔
ضَرُوْرَةٌ قُصْوَى: سخت ضرورت، شدید ضرورت۔
ضَرُوْرَاتٌ أَسَاسِيَّة: بنیادی ضرورتیں۔
ضَرُوْرِيَّات: ضرورتیں، ضروری چیزیں۔
ضَرُوْرِيَّاتُ الحَيَاة: ضروریاتِ زندگی۔
ضَرُوْرِيَّاتٌ مَألُوْفَة: عام ضرورت۔
ضَرِيْر ج: أَضِرَّاء: نابینا۔
مَضْرُوْر: نقصان اٹھانے والا، نقصان رسیدہ۔
ضَرَسَ ـِ ضَرْسًا: کسی چیز کو دانتوں کے ذریعہ زور سے پکڑنا، ڈاڑھوں سے پکڑنا یا دبانا۔
ضِرْس ج: أَضْرَاس: ڈاڑھ۔

ضِرسُ العَقل: عقل ڈاڑھ۔
ضَرَطَ ـِ ضَرطاً و ضُرَاطاً: گوز مارنا۔
ضَرٌ، ضُرَاط: گوز۔
ضَرَّاط و ضَرُوْط: گوز مارنے والا۔
ضَرَعَ ـَ ضُرُوعاً و تَضَرَّعَ إلیہ: گڑگڑانا، اظہارِ عجز کرنا۔
ضَارَعَہُ مُضَارَعَۃً: مشابہ ہونا۔
ضَرْعٌ ج: ضُرُوْع: تھن۔
مُضَارَعَۃ: مشابہت۔
ضِرْغَام، ضَرْغَم: شیرِ قوی ج: ضَرَاغِمُ۔
ضَرِمَ ـَ ضَرَماً: آگ سلگنا، بھڑکنا۔
اضْطِرَام: آگ بھڑکنا، دہکنا۔
ضَرَّمَ و أضْرَمَ: آگ سلگانا، بھڑکانا۔
ضَرَمَۃ: آگ، انگارا ج: ضَرَمٌ۔
مُضطَرِم: روشن، سلگتا ہوا، مشتعل۔
ضِرْوٌ ج: ضِرَاءٌ: شکاری کتا۔
ضَارٍ: خونخوار، درندہ ج: ضَرَارٍ۔
ضَرَاوَۃ: درندگی، شدت، خونخواری، بے رحمی، بے دردی۔

ض............ع

ضَعْضَعَۃ: منہدم کرنا، کمزور بنانا۔
مُتَضَعْضِع: منہدم، کمزور، بے جان۔
ضَعُفَ ـُ ضُعفاً: کمزور ہونا
ضَعَفَ ـَ ضَعفاً و ضَعَّفَ و ضَاعَفَ: ڈبل کرنا، دوگنا کرنا۔
أضْعَفَہ و ضَعَّفَہ: کمزور بنانا، کمزور قرار دینا۔
إضْعَاف: ہلکا اور دھیما کرنا۔
إضْعَافُ الرُّوْحِ المَعْنَوِیَّۃ: حوصلہ پست کرنا، مورل گرانا۔
إضْعَافُ الصُّمُود: مقابلہ میں کمزوری پیدا کرنا۔
إضْعَافُ القُدْرَۃ: صلاحیت کم کر دینا۔
تَضَاعُفْ: دوگنا ہوا، ڈبل ہونا (۲) شدت، زور۔
مُضَاعَفَۃُ الجُھُود: کوششوں میں اضافہ۔
مُضَاعَفَۃُ المَرَض: بیماری میں اضافہ۔
مُضَاعَفَات: اثرات۔
مُضَاعَفَاتُ المَرَض: بیماری کے اثرات۔
ضُعْف: کمزوری۔
ضِعْف: دوگنا ج: أضْعَاف۔
ضَعِیْفُ البِنْیَۃ: لاغر جسم۔
ضَعِیْفُ الشَّخْصِیَّۃ: کم حیثیت، معمولی پوزیشن والا۔

ض............غ

ضَغَثَ ـَ ضَغْثاً: ملانا، خلط ملط کرنا (۲) جمع کرنا، سمیٹنا۔
ضِغْث: بوجھ، گٹھڑی، مٹھی بھر گھاس ج: أضْغَاث۔
ضِغْثٌ علی إبَالَۃ: بوجھ در بوجھ، مصیبت بالائے مصیبت۔
أضْغَاثُ أحْلَام: پراگندہ خواب، موہوم امیدیں۔
ضَغَطَ ـَ ضَغْطاً: دبانا (۲) نچوڑنا۔
ضَغَطَ علی: (۱) دباؤ ڈالنا، زور دینا (۲) مجبور کرنا، تنگ کرنا (۳) غصب کرنا۔

ضَغْطٌ: دباؤ، تنگی، زور۔
الضَّغْطُ البَارُومِتْرِيّ: بیرومیٹر کا دباؤ۔
ضَغْطُ الدَّمِ العَالِيُّ: ہائی بلڈ پریشر، بڑھے ہوئے خون کا دباؤ۔
ضَغْطُ الدَّمِ الوَاطِئُ: لو بلڈ پریشر، گھٹے ہوئے خون کا دباؤ۔
ضَغْطُ السُّكَّان: آبادی کا دباؤ۔
ضَغْطٌ سِيَاسِيّ: سیاسی دباؤ۔
الضَّغْطُ الطَّبِيْعِيّ: فطری دباؤ۔
ضَغْطٌ عَالٍ: ہائی پریشر۔
ضَغْطٌ على حُكُوْمَةٍ: کسی حکومت پر دباؤ۔
الضَّغْطُ عَلَى الأَعْصَابِ: اعصاب پر زور ڈالنا، اعصاب پر دباؤ۔
الضَّغْطُ عَلى كِيَان كذا: وجود پر دباؤ۔
ضَغْطُ العَمَلِ: کام کا دباؤ، کام کا ہجوم، رش۔
الضَّغْطُ المُتَزَايِدُ على أَحَدٍ: بڑھتا ہوا دباؤ۔
ضَغْطٌ نَفْسِيّ: ذہنی دباؤ۔
ضَغْطٌ هَابِطٌ: لو بلڈ پریشر، گھٹے ہوئے خون کا دباؤ۔
مَضْغُوط: جام، دبا ہوا۔
ضَغِنَ ـَ عليه ضَغَناً: کینہ رکھنا، دشمنی رکھنا، حسد کرنا۔
ضِغْنٌ و ضَغِيْنَةٌ: کینہ، حسد ج: اَضْغَان و ضَغَائِن۔
ضَغِنٌ: حاسد، کینہ ور۔

ض..........ف

ضِفْدِع و ضُفْدَع: مینڈک ج: ضَفَادِع۔
ضَفَرَ ـِ ضَفْراً و ضَفَّرَ تَضْفِيْراً: بال گوندھنا، چوٹی کرنا۔
ضَافَرَهُ مُضَافَرَةً: معاونت کرنا۔
ضَفِيْرَة ج: ضَفَائِر و ضُفُر: چوٹی۔
مَضْفُوْر: جس کے بال گندھے ہوئے ہوں۔
ضَفَفٌ: قلتِ مال، کم مائگی (۲) جلد بازی۔
ضَفَّةٌ: جماعت (۲) کنارہ ج: ضِفَاف۔
ضِفَّةُ النَّهْر: نہر کا کنارہ ج: ضِفَاف۔
ضَفَا الإِنَاءُ والحَوْضُ ـُ ضَفْواً: چھلکنا، پانی سطح سے اوپر ہونا۔
ضَافٍ: زائد، سطح سے زائد۔
أَضْفَاه إِضْفَاءً: بھر دینا، وسیع کرنا۔
أَضْفَى عليه إِضْفَاءً: جواب دینا، جوابی فعل کرنا (۲) عطا کرنا، دینا۔
أَضْفَى المَنْصِبَ على أَحَدٍ: کسی کو منصب دینا۔

ض..........ل

ضَلُعَ ـُ ضَلَاعَةً: مضبوط و طاقتور ہونا۔
ضَلِعَ ـَ ضَلَعاً: ٹیڑھا ہونا۔
ضَلَّعَ تَضْلِيْعاً: ٹیڑھا کرنا، موڑنا۔
اِضْطَلَعَ بِمَسْئُوْلِيَّة كذا: ذمہ داری لینا۔
تَضَلَّعَ مِنَ العِلْم: علم کی دستگاہ حاصل کرنا، علم میں پختہ ہونا۔
ضِلَع ج: أَضْلَاع: پسلی۔
ضَلِيْع: مضبوط، طاقتور۔
ضَلَّلَ تَضْلِيْلاً و أَضَلَّ: گمراہ کرنا، دھوکہ دینا۔
أَضَلَّ الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔
ضَلَّ ـِ ضَلَالاً و ضَلَالَةً: گمراہ ہونا، راستہ بھولنا، بھٹکنا، ضائع ہونا۔

ضَلَّ سَعْیُهُ: کوشش بے کار ہونا۔
ضَلَال: گمراہی، دھوکہ۔

ض۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔م

اِضْمَحَلَّ: ناپید ہونا، معدوم ہونا (۲) سُست ہونا، کمزور پڑ جانا، بے جان ہو جانا (۳) انحطاط۔
ضَمَخَ ـُ البَدَنَ ضَمْخاً: مَلنا، خوشبو وغیرہ ملنا۔
ضَمَدَ ـِ ضَمْداً و ضِمَاداً و ضَمَّدَ تَضْمِیْداً: زخم پر لیپ کرنا، پلاسٹر وغیرہ چڑھانا۔
ضِمَاد و ضِمَادَة: لیپ، بینڈ یج، پلاسٹر جو زخم پر ہو ج: اَضْمِدَة و ضَمَائِد ضِمَادَة (۲) ڈریسنگ۔
ضَمُرَ ـُ ضُمُوراً: دُبلا اور کمزور ہونا، چھوٹے جسم کا ہونا (ضد ضَخُمَ)۔
اَضْمَرَ الاَمْرَ: پوشیدہ رکھنا، دل میں رکھنا۔
اَضْمَرَ لَهُ الشَّرَّ او الحِقْدَ: بغض رکھنا۔
اَضْمَرَ و ضَمَّرَ: کمزور و دُبلا کرنا۔
تَضَمَّرَ: کمزور و دُبلا بن جانا، لاغر ہونا۔
اِنْضَمَرَ: پژمردہ ہونا۔
ضُمْرٌ، ضُمُور: دُبلا پن۔
ضِمَار: ناقابلِ وصول قرض۔
ضَمِیْر ج: ضَمَائِر: (۱) باطن، دل (۲) ذہن۔
حَیُّ الضَّمِیْر: زندہ دل۔
فَاقِدُ الضَّمِیْر: مُردہ دل، بے دل۔

مُضْمَرٌ: پوشیدہ۔
مِضْمَار: میدان، دوڑ کا میدان ج: مَضَامِیْر۔
مِضْمَارُ الخَیْل: ریس کورس، گھوڑ دوڑ کا میدان، ریس گراؤنڈ۔
ضَمَّ ـُ ضَمّاً: ملانا، سمیٹنا، یکجا کرنا، متحد کرنا، الحاق کرنا۔
ضَمَّ الشَّیْءَ اِلَی: اضافہ کرنا، شامل کرنا، ضم کرنا، ملحق کرنا۔
ضَمَّ الشَّیْءُ کذا: شامل ہونا، مشتمل ہونا۔
ضَمُّ اَعْضَاءٍ جُدُدٍ: نئے ممبروں کو شامل کرنا۔
ضَمُّ الصُّفُوْف: شیرازہ بندی کرنا۔
ضَمُّ دُوَلٍ اِلَی تَنْظِیْمٍ اِتِّحَادِیٍّ: وفاقی ریاست قائم کرنا۔
ضَمُّ عُضْوٍ اِلَی لَجْنَةٍ او هَیْئَةٍ: ممبر بنانا۔
تَضَامَّ القَوْم: متحد ہونا۔
اِنْضَمَّ اِلَی: ملنا، شامل ہونا، کسی کے ساتھ ہو جانا، ملحق ہونا، ضم ہونا (۲) اشتراک، شمولیت۔
اِنْضِمَامٌ اِلَی التَّیَّار: دھارے میں بہنا۔
الاِنْضِمَامُ اِلَی جَمْعِیَّةٍ: جماعت میں شامل ہونا۔
الاِنْضِمَامُ اِلَی صُفُوفِ المُعَارَضَة: اپوزیشن کی صف میں ملنا، شامل ہونا۔
الاِنْضِمَامُ اِلَی الدُّوَلِ الاُخْرَی: دیگر حکومتوں سے وابستہ ہونا۔
اِنْضِمَامٌ اِلَی مُعَاهَدَةٍ: معاہدہ میں شریک ہونا، شامل ہونا۔

اِنْضِمَامٌ عَلَي: مشتمل ہونا۔
ضَمٌّ: شمولیت، الحاق، اضافہ (۲) فولڈنگ۔
ضِمَام: (مِشْبَكُ وَرَق) پیپر کلپ۔
ضَمِنَ ـ ضَمَانًا: کفیل ہونا، ضامن ہونا۔
ضَمَّنَهُ تَضْمِينًا: ضامن قرار دینا۔
تَضَمَّنَ: مشتمل ہونا۔
تَضَمَّنَ جَدْوَلِ الأَعْمَالِ كذا: ایجنڈے میں شامل ہونا۔
تَضَمَّنُ الْمَشَارِيعِ: منصوبوں میں شامل ہونا۔
تَضَمَّنُ الدَّوْرَة مُحَاضَرَاتٍ: میعادی اجلاس میں تقریروں کا شامل ہونا۔
تَضَمَّنُ الْمُذَكِّرة شَرْحاً لكذا: ایجنڈے یا میمورنڈم میں کسی چیز کی وضاحت ہونا۔
ضِمْنَ: اندر، درمیان، ذیل۔
ضِمْنَ كَذَا: ضمن میں، ذیل میں، فلاں چیز کے تحت۔
ضِمْنَ مُخَطَّطِ كذا: فلاں منصوبہ کے تحت۔
ضِمْناً: ذیلی طور پر، ضمناً۔
ضَمَانٌ: گارنٹی، ضمانت، ذمہ داری، تحفظ، یقینی۔
الضَّمَانُ الاجْتِمَاعِيّ: سوشل سیکورٹی۔
ضَمَانٌ شَخْصِيّ: ذاتی ضمانت، شخصی ضمانت۔
الضَّمَانُ لِلسِّرِّيَّة: رازداری کی حفاظت۔
ضَمَانٌ مَالِيّ: مالی ضمانت۔
ضَمَانٌ مَصْرِفِيّ: بینک گارنٹی۔
ضَمَانَة: گارنٹی۔

ضَامِن: کفیل، ضامن، گارنٹی دینے والا، ذمہ دار۔
تَضَامُن: اتحاد و اشتراک، یک جہتی۔
التَّضَامُنُ الآسيَوِيُّ الأَفْرِيقِيّ: افرو ایشین اتحاد۔
تَضَامُنٌ إِسْلَامِيّ: اسلامی اتحاد، اشتراک۔
التَّضَامُنُ العَرَبِيّ: عرب اتحاد۔
تَضَامُنٌ مُطْلَقٌ: مکمل اتحاد، تعاون، مکمل یکجہتی۔
التَّضَامُنُ مَعَهُ: حمایت و تعاون۔
تَضَامُنِيّ: مشترکہ، متحدہ۔
بِالتَّضَامُن: متحدہ طور پر۔
مَضْمُون: مضمون (۲) مصداق (۳) محفوظ و مامون، مکفول، ضمانت دیا ہوا (۴) قابلِ اعتماد۔

ض..........ن

ضَنُكَ ـ ضَنَاكَةً: کمزور جسم اور کمزور رائے ہونا، تنگ ہونا۔
ضَنُكَ عَيْشُهُ: تنگ حال ہونا۔
ضَنْك: تنگی۔
عَيْشٌ ضَنْكٌ و مَعِيشَةٌ ضَنْكٌ: عسرت کی زندگی۔
فِي ضَنْكٍ: تنگ دست۔
ضَنَّ بِالشَّيْءِ ـ ضَنًّا و ضَنَانَةً: بخل کرنا
ضَنِين: (۱) بخیل (۲) کم، معمولی۔
ضَنِيَ ـ ضَنًى و ضَنَاءً: کمزور و دبلا ہونا، تھکنا۔
أَضْنَاهُ إِضْنَاءً: کمزور بنانا، تھکانا۔

ضَنًى: تھکان، کمزوری۔
مُضْنًى: ، کمزور، لاغر۔
مُضْنًى بالمَتَاعِب: مصیبتوں کا مارا۔

ض .... ہ

ضَهَدَهُ ـَ ضَهْداً و اضْطَهَدَه: ظلم و زیادتی کرنا، تکلیف دینا۔
اِضْطَهَدَ الشَّعْبَ: عوام پر ظلم کرنا۔
اِضْطِهَاد: ظلم۔
الاِضْطِهَادُ المَذْهَبِيّ: فرقہ وارانہ ظلم۔
مُضْطَهَد: مظلوم۔
مُضْطَهِدٌ: ظالم۔
ضَهِيٌّ: مشابہ۔
ضَاهَاهُ مُضَاهَاةً: مشابہ ہونا۔

ض .... و

ضَوَّأ و أَضَاءَ المِصْبَاحَ أو البَيْتَ: روشن کرنا۔
إِضَاءَة: (۱) روشن کرنا، لائٹ کرنا (۲) روشن ہونا (۳) روشنی۔
إِضَاءَةُ الأنوار: بتیاں روشن کرنا۔
إِضَاءَةُ العُقُول: ذہنوں کو روشن کرنا۔
ضَاءَ ـُ ضَوْءاً و ضِيَاءً: روشن ہونا۔
اِسْتَضَاءَ: روشن ہونا، اُجالا ہونا۔
اِسْتَضَاءَ بِه: روشنی حاصل کرنا۔
ضَوْءٌ ج: أَضْوَاءٌ: روشنی، لائٹ۔
عَلَى ضَوْءِ كَذَا: فلاں چیز کی روشنی میں۔
ضَوْئِيّ: روشنی سے متعلق۔
ضَوِّيٌّ: لیمپ روشن کرنے والا ملازم۔
مُضِيءٌ: روشن (۲) روشن کرنے والا۔

ضَارَ ـُ ضَوْراً: سخت بھوک لگنا۔
ضَارَ فُلَاناً: نقصان پہنچانا۔
تَضَوَّرَ: درد سے تڑپنا۔
ضَوْضَاء: شور وغل، آوازیں، ہنگامہ۔
ضَاعَتِ الرَّائِحَةُ ـُ ضَوْعاً و تَضَوَّعَتْ: مہکنا۔
ضَاعَ المِسْكُ: مشک کی خوشبو آنا۔

ض .... ی

ضَيْر: نقصان۔
ضَيَّعَ تَضْيِيعاً و أَضَاعَ إِضَاعَةً: ضائع کرنا، برباد کرنا، کھونا (۲) نقصان اٹھانا۔
ضَاعَ ـِ ضَيَاعاً: برباد ہونا، گم ہونا۔
ضَيْعَة ج: ضِيَع و ضَيْعَات: زمین (۲) جاگیر (۳) چھوٹا گاؤں، بستی۔
ضَيَّفَهُ تَضْيِيفاً و أَضَافَه: مہمان بنانا، ضیافت کرنا۔
أَضَافَ الشَّيْءَ إلى: ملانا، اضافہ کرنا، شامل کرنا۔
ضَافَ ـِ ضَيْفاً و تَضَيَّفَ: مہمان بننا۔
انْضَافَ إِلَيْه انْضِيَافاً: مائل ہونا، منضم ہونا۔
اِسْتَضَافَهُ: ضیافت طلب کرنا۔
ضَيْفٌ ج: ضُيُوف: مہمان، ملاقاتی، آیا گیا۔
ضِيَافَة: میزبانی۔
إِضَافَة: زیادتی، شمولیت۔
إِضَافَةً إلى كَذَا: بشمول اس کے۔
بالإِضَافَةِ إلى كَذَا: بشمول اس کے، باوجودیکہ۔

اِضَافِيّ: زائد، مزید، مقررہ وقت سے زائد، اُوَرٹائم، ایڈیشنل، ایکسٹرا۔

مُضِيف: میزبان۔

مُضِيفَةٌ بِالطَّائِرَة: فلائنگ ہوسٹس، ایرہوسٹس۔

مَضِيف، مَضِيفَة: مہمان خانہ، گیسٹ ہاؤس۔

مِضْيَاف: بڑا مہمان نواز۔

ضَيَّقَ تَضْيِيقاً: تنگ کرنا (۲) سمیٹنا، (ضد: وَسَّعَ، بَسَطَ)۔

ضَيَّقَ عَلَى: دبانا، پریشان کرنا۔

___ عَلَى العَدُوِّ: محاصرہ کرنا۔

___ الخِنَاقَ عَلَى: ظلم کرنا، پریشان کرنا، زندگی دوبھر کرنا، جینا دشوار کرنا۔

___ وَضَايَقَ عَلَى: سختی کرنا، دباؤ ڈالنا۔

___ عَلَيْهِ الحِصَارَ: محاصرہ سخت کرنا۔

___ الفَجْوَةَ أَوِ الهُوَّةَ: خلیج کم کرنا۔

___ شُقَّةَ الخِلَافِ: اختلاف کی خلیج کم کرنا۔

___ مَجَالَ الشَّيْءِ: دائرہ تنگ کرنا، میدان تنگ کرنا۔

ضَايَقَهُ مُضَايَقَةً: ستانا، پریشان کرنا۔

تَضَايَقَ: تنگ ہونا، تنگ آنا، اُکتانا، پریشان ہونا۔

تَضَايَقَ مَالِيّاً: مالی پریشانی میں مبتلا ہونا۔

ضَاقَ ___ ضِيقاً: تنگ ہونا، چھوٹا ہونا۔

ضِيق: تنگی، عسرت، سختی، پریشانی، گھٹن، اُلجھن، چھوٹا پن۔

ضِيقٌ مَالِيّ: مالی تنگی، مالی بحران، کرائسس۔

ضِيقٌ نَفْسِيّ: ذہنی کوفت۔

ضِيقَة، ضَائِقَة: بدحالی، غربت، تنگی۔

ضَائِقَةٌ مَالِيَّة: مالی پریشانی۔

ضَيِّق: چھوٹا، تنگ، محصور، پریشان، منقبض، اُکتایا ہوا۔

ضَيِّقُ الانْتِشَار: قلیل الاشاعت۔

ضَيِّقُ الرُّقْعَة: چھوٹے پیمانے کا۔

ضَيِّقُ العَقْل: تنگ ذہن۔

مُضَايِق: پریشان کن۔

مُضَايَقَات: پریشانیاں۔

مَضِيق ج: مَضَايِق و مَضِيقَات: تنگنائے (۲) آبنائے، دو پہاڑوں یا دو سمندروں کے درمیان تنگ راستہ۔

مَضَايِقُ تِيرَان: آبنائے تیران۔

مَضَايِقُ العَقَبَة: خلیج عقبہ کی آبی راہیں۔

مُتَضَايِق: پریشان، منقبض۔

مُتَضَايِقٌ مِنْهُ: اُکتایا ہوا۔

ضَيْم: ظلم۔

ضَامَهُ ___ ضَيْماً: ظلم کرنا۔

ضَائِم: ظالم۔

مُسْتَضَام: مظلوم۔

ط

ط .... أ

طَأطَأَ رَأسَه: سر جھکانا۔

ط .... ب

طَبَّ ـِـ طَبّاً و طَبَّبَ تَطبِيباً: دوا کرنا، علاج کرنا۔

تَطَبَّبَ: دوا استعمال کرنا۔

اِستَطَبَّ الطَّبِيبَ: ڈاکٹر سے مشورہ کرنا۔

طِبٌّ: علاج، علم العلاج، میڈیسن۔

طِبِّيّ: میڈیکل۔

طَبِيبٌ ج: أَطِبَّاءُ: معالج، حکیم، ڈاکٹر۔

طَبِيبٌ جَرَّاح: سرجن، آپریشنر۔

طَبِيبُ الأَسنَان: ڈینٹسٹ۔

طَبِيبُ الجَدوَل: پینل ڈاکٹر۔

طَبِيبٌ رَسمِيّ: میڈیکل ایگزامینر۔

الطَّبِيبُ العَصرِيّ: ڈاکٹر۔

الطَّبِيبُ المُدَاوِي: معالج ڈاکٹر۔

الطَّبِيبُ المُقِيمُ (فِي المُستَشفَى): ہاؤس فزیشین۔

طَبِيبُ العُيُون: آنکھوں کا ڈاکٹر۔

طَبَّة: (مَسنَد) مسند، تکیہ، گدا (۲) پیڈ جس پر خط وغیرہ رکھ کر لکھتے ہیں۔

طَبَخَ ـُـ طَبخاً: پکانا، تیار کرنا۔

اِنطَبَخَ: پکنا۔

صِنَاعَةُ الطَّبخ، طِبَاخَة: پکانے کا پیشہ۔

طَبَّاخ: باورچی۔

طَبِيخ: پکا ہوا کھانا، پکی ہوئی چیز۔

مَطبَخ: باورچی خانہ، کچن، ریسٹورنٹ۔

مِطبَخ: تیل سے کام کرنے والا چولہا، اسٹوو۔

طَبَر: تبر، کلہاڑی نما اوزار۔

طَابُور: فوج کی ایک بٹالین (۲) فائل (۳) کالم (۴) قافلہ ج: طَوَابِيرُ۔

الطَّابُورُ الخَامِس: ففتھ کالم۔

طَبَاشِير: چاک، کھریا۔

طَبطَابَة: (مِضرَبُ الكُرَة) بلا، بیٹ۔

طَبَعَ الكِتَابَ ـَـ طَبعاً: چھاپنا۔

طَبَعَ: نشان لگانا۔

طَبَعَ عَلَيهِ: مہر لگانا۔

طَبَعَ الدِّرهَمَ: سکہ ڈھالنا۔

طَبَعَ مِنَ الطِّينِ ـــ إِنَاءً: مٹی کا برتن بنانا۔

طُبِعَ عَلَى كَذَا: کسی چیز کا عادی ہونا۔

طَبِعَ و انْطَبَعَ: منقش ومنعکس ہونا۔
طَبَّعَ الحَيَوَانَ تَطْبِيعاً: جانور کو سدھانا، مانوس بنانا، عادی بنانا۔
تَطَبَّعَ بِطِبَاعٍ: خصلت اختیار کرنا، عادت اختیار کرنا۔
اِنْطِبَاعٌ: متاثر ہونا، چھاپ لگنا۔
اِنْطِبَاعَات: تاثرات و: اِنْطِبَاعٌ۔
تَطْبِيعٌ: معمول پر لانا، مانوس بنانا، عادی بنانا۔
تَطْبِيعُ العَلَاقَاتِ الدِّبْلُومَاسِيَّةِ: سفارتی تعلقات معمول پر لانا۔
طَبْعٌ: چھپائی، پرنٹنگ (۲) نشان۔
طَبْعُ الحَجَرِ: پتھر کی چھپائی۔
طَبْعُ الحُرُوفِ: ٹائپ کی چھپائی۔
وَرَقُ الطَّبْعِ: پرنٹنگ پیپر۔
الطَّبْعُ بِالرَّوْسَمِ: اسٹینسا کاٹنا۔
طَبْعاً، بِالطَّبْعِ: قدرتی طور پر، یقیناً، بلاشبہ، ٹھیک۔
طِبَاعَةٌ: چھپائی۔
طِبَاعَةٌ بِالاسْتِنْسَاخِ: ممیوگرافی نقلیں تیار کرنا، ڈبل کاپی تیار کرنا۔
طَبْعَةٌ: ایک دفعہ کی چھپائی، ایڈیشن ج: طَبَعَات۔
طَبْعَةٌ أُسْبُوعِيَّةٌ: ہفتہ وار ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ حَدِيثَةٌ: نیا ایڈیشن۔
الطَّبْعَةُ الزَّرْقَاءُ: بلو پرنٹ۔
طَبْعَةٌ قَدِيمَةٌ: پرانا ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ قَادِمَةٌ: اگلا ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ مِنْ كِتَابٍ: پرنٹ ایڈیشن۔
طَبْعَةُ يَوْمِ الأَحَدِ: سنڈے ایڈیشن۔

طَبْعٌ ج: طِبَاعٌ، طَبِيعَةٌ ج: طَبَائِعُ: فطرت، عادت، مزاج، موڈ۔
بِطَبِيعَةِ الحَالِ: بہ مقتضائے حال، قدرتی طور پر۔
طَبِيعِيٌّ: فطری، معمولی، معمول کے مطابق، نارمل، قدرتی، نیچرل (۲) اصلی، غیر مصنوعی (ضد مُصْطَنَع) (۳) علم الطبیعیات کا ماہر۔
عِلْمُ الطَّبِيعِيَّاتِ: سائنس۔
طَبَّاعٌ: تلوار وغیرہ بنانے والا۔
طَابِعٌ، طَبَّاعٌ: پرنٹر، چھپائی کا کام کرنے والا۔
طَابَعٌ: (۱) نشان، لیبل، علامت (۲) چھاپ، اثر، انداز (۳) ڈیٹر، اسٹامپ ج: طَوَابِعُ۔
طَابَعٌ إِسْلَامِيٌّ: اسلامی طرز، اسلامی نشان۔
طَابَعٌ بَرِيدِيٌّ: پوسٹیج اسٹامپ، ڈاک ٹکٹ۔
طَابَعُ التَّهْوِيلِ والمُبَالَغَةِ: مبالغہ آرائی اور دہشت انگیزی کا انداز۔
طَابَعُ التَّبَرُّعَاتِ: چندہ کا ٹکٹ۔
الطَّابَعُ الثَّوْرِيُّ: انقلابی چھاپ، انقلابی رنگ۔
طَابَعٌ بَعْفَةٍ: فزیکل اسٹامپ۔
طَابَعٌ دَوْلِيٌّ: بین الاقوامی چھاپ۔
مَطْبُوعٌ عَلَى: کسی چیز کا پیدائشی عادی۔
شَاعِرٌ مَطْبُوعٌ: فطری شاعر۔
مَطْبُوعَات: مطبوعہ اشیاء، لٹریچر، چھپا ہوا مواد، پرنٹیڈ میٹر۔
مَطْبُوعَاتٌ دَوْرِيَّةٌ: گشتی پمفلٹ،

وقفہ وقفہ سے شائع ہونے والے لٹریچر۔
قَلَمُ المَطْبُوعَات: پریس آفس جہاں رسائل واخبارات وکتب وغیرہ کی چھان بین وغیرہ امور طے کئے جائیں۔
مُطَبَّع: سدھایا ہوا، عادی بنایا ہوا۔
مَطْبَعَة، مَطْبَع: پریس، پرنٹنگ آفس۔
مِطْبَعَة: چھپائی کی مشین، پرنٹنگ پریس، پریس۔
غَلْطَةٌ مِطْبَعِيَّة: چھپائی کی غلطی۔
مِطْبَعَةُ حَجَرٍ: لیتھو پریس۔
مَطْبَعِيٌّ: پرنٹر، پریس مین، پریس والا، چھاپنے والا، چھپائی کا کام کرنے والا۔
طَبِقَ — طَبَقاً: ہاتھ وغیرہ کا منجمد ہونا، نہ پھیلنا۔
طَبَّقَ الشيءُ تَطْبِيقاً: عام ہونا۔
__ الشيءَ: ڈھانپنا۔
__ قَاعِدَةً عَلَى: جاری کرنا، منطبق کرنا، نافذ کرنا۔
__ عُقُوبَاتٍ علی: تادیبی کارروائی کرنا، سزائیں دینا۔
__ القَرَارَ: تجویز پر عمل کرنا، عملی جامہ پہنانا۔
__ نِظَامَ اللاَّمَرْكَزِيَّة: لامرکزی نظام جاری کرنا۔
طَبَقَ وَ أَطْبَقَ: بند کرنا، ملانا (جیسے: أَطْبَقَ شَفَتَيْهِ)۔
أَطْبَقُوا علی الأمر: متفق ہونا۔
طَابَقَهُ مُطَابَقَةً: موافق ہونا۔
انْطِبَاق، تَطَبُّق: بند ہونا، ملنا۔
انْطِبَاق و تَطَبُّق علی: منطبق ہونا، فٹ ہونا۔
تَطَبُّقُ البِنَاءِ: (۱) عمارت کا منہدم ہونا۔
تَطْبِيق: مطابقت، عملی تشکیل، تنفیذ، اجراء، عملی جامہ پہنانا۔
طَبِقٌ، مَطْبُوق: بند، محصور۔
طَبَقٌ: ڈھکن، کور، پلیٹ، تھالی، طشتری ج: أَطْبَاق۔
طَبَقٌ طَائِرٌ: اڑن طشتری۔
طِبْقٌ: مطابق، موافق۔
طِبْقَ المَرَام: حسب منشا۔
طِبْقاً لکذا: اس کے مطابق، بربناء۔
طِبْقاً لِلْمُعَاهَدَة: معاہدہ کے مطابق۔
طَبَقَة: (۱) درجہ، کلاس، طبقہ (۲) حالت (۳) زمین کی ایک تہہ ج: طَبَقَات۔
الطَّبَقَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ الدُّنْيَا: لوئر کلاس کے لوگ۔
الطَّبَقَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ العُلْيَا: امیرانہ درجہ، شاہانہ درجہ۔
الطَّبَقَةُ البَاغِيَة: باغی لوگ۔
الطَّبَقَةُ الحَاكِمَة: حکمران طبقہ۔
الطَّبَقَةُ الدُّنْيَا: چھوٹا طبقہ۔
الطَّبَقَةُ الرَّاقِيَة: ترقی یافتہ لوگ، ترقی یافتہ طبقہ۔
طَبَقَةٌ رَأْسَمَالِيَّة: سرمایہ دار طبقہ۔
الطَّبَقَةُ السُّفْلَى: چھوٹا طبقہ۔
الطَّبَقَةُ العَالِيَة: بڑا طبقہ۔
الطَّبَقَةُ العَامِلَة: مزدور طبقہ۔
الطَّبَقَةُ العُلْيَا: اعلیٰ طبقہ۔

طَبَقَةُ العُمَّال: مزدور طبقہ۔
الطَبَقَةُ الفَقِيرَة: غریب طبقہ۔
الطَبَقَةُ الكَادِحَة: محنت کش طبقہ۔
الطَبَقَةُ المُتْرَفَة: خوش حال طبقہ۔
طَبَقَةُ المُثَقَّفِين: تعلیم یافتہ طبقہ۔
طَبَقَةُ المَنْبُوذِين: اچھوت، پست اقوام۔
طَبَقَةٌ مُخَلَّفَة: اچھوت۔
طَبَقَةٌ مَهْضُومَةُ الحُقُوق: مظلوم طبقہ۔
الطَبَقَةُ الوُسْطَى: درمیانہ طبقہ، مڈل کلاس۔
طَبَقَاتُ الأَرْض: زمین کی تہیں۔
طَبَقِي: طبقاتی۔
طِبَاق: (۱) تمباکو (۲) مطابق۔
طَابِق: منزل ج: طَوَابِق۔
الطَّابِقُ الأَرْضِيّ: زمین دوز منزل، نچلی منزل، گراؤنڈ فلور۔
طَابِقٌ مِنْ بَيْت: اسٹوری، منزل۔
مُطْبِق: زیر زمین قید خانہ (۲) مکمل، زبردست، گھٹاٹوپ۔
مُطَابِقٌ على مَقَايِيسِ الجِسْم: بدن پرفٹ۔
مُطَابِقٌ لِلزِّيّ الحَدِيث: فیشن ایبل۔
مُطَابَقَةُ الحِسَابَات: حسابات کی یکسانیت صحت۔
مَطْبُوق: بند، محصور۔
طَبَلَ ـُ طَبْلاً: ڈھول بجانا۔
طَبْلٌ ج: أَطْبَال و طُبُول: ڈھول۔
طَبْلَةُ الفُنُغْرَاف: ساؤنڈ بکس۔
طَبَّال: طبلچی، ڈھولچی۔
طَبَنَ النَّارَ ـِ طَبْناً: راکھ میں آگ دبانا۔

طُبْنَة: باسی روٹی۔
طَبُّونَة، طَابُونَة: (مَخْبَز) تنور، بیکری، بسکٹ وغیرہ کا کارخانہ۔
طَبَّانُ العَجَلَة: ٹائر۔
طَبَنْجَة: پستول ج: طَبَنْجَات۔
طَبَنْجَة بِمُشْط: خودکار پستول۔

ط............ج

طَجَنَ ـُ طَجْناً و طَجَّنَ تَطْجِيناً: تلنا۔
طَاجِنٌ ج: طَوَاجِن: کڑھائی، فرائنگ پین، کڑچھا۔

ط............ح

طِحَال، اَطْحِلَة: تلی۔
طُحْلَب، طِحْلِب: کائی، وہ سبزی جو پانی کے اوپر جم جاتی ہے۔
طَحْلَبَ المَاءُ: پانی پر کائی جمنا۔
طَحَنَ الغَلَّةَ ـَ طَحْناً: پیسنا۔
طَحَّان: پیسنے والا۔
طَحِين: آٹا۔
طَاحُونَة، مِطْحَنَة ج: مَطَاحِن: آٹا پیسنے کی چکی یا مشین، آٹا مل۔
التَّطَاحُن: باہمی ٹکراؤ۔
تَطَاحُنُ الأَحْزَابِ فِيمَا بَيْنَهَا: پارٹیوں کا آپس میں دست و گریباں ہونا۔
التَطَاحُنُ فِي الآرَاء: خیالات کا ٹکراؤ۔
مَطْحَنَة ج: مَطَاحِن: آٹے کا مل۔

ط............ر

طَرَأَ ـَ طَرْءاً طُرُوءاً علی: طاری ہونا، پیش آنا، رونما ہونا، اچانک پیش آنا۔

أطْـرَاهُ إطْـرَاءً: حد سے زیادہ تعریف کرنا۔
طَرَأَ التَّحَسُّنِ علی: اصلاح ہونا۔
طَرَأَ التَّطَوُّرَاتِ علی القَضِيَّةِ: مقدمہ میں بہتر تبدیلی آنا۔
طَرَأَ التَّطَوُّرِ علی مَوْقِفِ الوِلَايَة: صوبہ کی پالیسی میں بہتر تبدیلی آئی۔
طَرَأَ التَّغَيُّر: تبدیلی پیدا ہونا۔
طَرَأَ الفِكْرَة عَلَى الذِّهْن: ذہن میں خیال آنا۔
طَارِئٌ: غیر متوقع، وقتی، ایمرجنسی، ہنگامی، اچانک پیش آنے والا ج: طَوَارِئ۔
طَارِئَة ج: طَوَارِئ: ہنگامی حالت۔
اِعْتِمَادُ مَصْرُوفَاتِ الطَّوَارِئ: ہنگامی اخراجات کا فنڈ۔
طَـرِبَ ـــ طَرَباً: مست ہونا، خوش ہونا، خوشی سے جھومنا۔
طَرَّبَ تَطْرِيباً: گانا۔
أطْرَبَ إطْرَاباً: مست بنانا، خوش کرنا۔
هِزَّةُ الطَّرَبِ: خوشی کی لہر، سرمستی۔
طَرِبٌ: خوش، مست۔
طَرُوب: بیحد خوش، مست، بےخود۔
مُـطْـرِبٌ: خوش کن، مست بنانے والا (۲) گانے والا۔
طَرْبُوش ج: طَرَابِيش: ترکی ٹوپی۔
طَرْبُوش الْمِدْخَنَة: چمنی کیپ۔
طُرْبِيد: (مع) تارپیڈو۔
طَرَحَ الشيْ و بـه ـ طَرْحاً: ڈالنا، پھینکنا، ایک طرف ڈالنا، چھوڑنا۔

___ الثَّوْبَ عَلَيْه: پہننا۔
___ مِنْ: گھٹانا، کم کرنا۔
___ عَلَيْهِ سُؤالاً: سوال کرنا۔
___ عَلَيْهِ مَسْئَلَةً: پیش کرنا۔
___ عَلَى الأَرْض: گرانا۔
___ الحُلُولَ: حل پیش کرنا۔
___ المُقْتَرَحَاتِ: تجاویز پیش کرنا۔
طَرَحَتِ الحُبْلَى: حاملہ عورت کا حمل ساقط ہو جانا۔
طَرَّحَ الحُبْلَى: حمل ساقط کرانا۔
طَارَحَهُ الأسْئِلَة: سوال و جواب کرنا۔
طَرْح: پیشکش ج: طُرُوحَات۔
طِرْح: اسقاط شدہ بچہ۔
طَرَّاحَة: گدا (دا)۔
طَرِيح، مَطْرُوح، مُنْطَرِحٌ: گرا ہوا، پڑا ہوا۔
طَرِيحُ الفِرَاش: صاحب فراش، بیمار۔
بالطَّرِيحَة: ٹھیک پر۔
أُطْـــرُوحَة: تھیسز، وہ تحقیقی موضوع جو ڈگری حاصل کرنے کے لئے مقرر کیا جائے۔
مَطْرَحٌ: جگہ، گرنے کی جگہ ج: مَطَارِحُ۔
مَطْرُوحٌ: گرا ہوا، پڑا ہوا، پیش کیا ہوا۔
مَـطْرُوحٌ مِنْهُ: وہ عدد جس میں سے چھوٹا عدد گھٹایا گیا ہو۔
مَطْرُوحُ الفِرَاش: صاحب فراش، بیمار۔
طَـرَدَ ـــ طَرْداً: دور کرنا، ہٹانا، باہر نکالنا، برطرف کرنا، برخواست کرنا، جلاوطن کرنا۔
طَرَّدَهُ و طَارَدَهُ مُطَارَدَةً و طِرَاداً: تعاقب

کرنا، جانور کا پیچھا کرنا۔
اِطِّرَاد: یکے بعد دیگرے ہونا، کثرت سے ہونا۔
اِسْتِطْرَاد: اضافہ کرنا (۲) تفصیل۔
طَرْد: (مص) اخراج، برطرفی، جلاوطنی۔
طَرْدُ دِبْلُوْمَاسِيّ مِنَ الْقُطْر: ڈپلومیٹ کو ملک سے نکالنا۔
طَرْدُ سَفِيْرٍ مِنَ الْقُطْر: سفیر کو نکالنا۔
طَرْدُ مَرَاسِلِ الصَّحِيْفَة: نامہ نگار کو نکالنا۔
طَرْدُ قُوَّاتِ الاحْتِلَال: قابض فوجوں کو نکالنا۔
طَرْد: پیکٹ، بنڈل، پارسل ج: طُرُوْد۔
طَرْدٌ لِمُسْتَعْجَل: ایکسپریس پارسل۔
طَرْدٌ جَوِّيّ: ایر پارسل، ہوائی پارسل۔
طَرْدٌ مُحَوَّلٌ عَلَيْهِ: سی-او-ڈی پارسل۔
طَرْدٌ مُسَجَّل: رجسٹرڈ پارسل۔
طَرَّاد: کروزر، جنگی جہاز۔
طَرَّادُ النَّهْر: پل۔
طَرِيْد، مَطْرُوْد: دور، نکالا ہوا، آوارہ، نظر انداز کیا ہوا۔
طَرِيْدَة: وہ شکار جس کا تعاقب کیا جائے۔
الطَّرِيْدَان: دن رات۔
طَارِد: پیچھا کرنے والا۔
اِطِّرَاد: کثرت، تسلسل۔
مُطَّرِد: لگاتار، مسلسل (۲) عام۔
طَرَّ السِّكِّيْنَ ـــ طَرًّا: تیز کرنا۔
طَرَّ الشَّارِبُ طُرُوْرًا: مونچھیں نکالنا۔
طُرًّا: سب۔
طُرَّة ج: طُرَر: پیشانی (۲) طغرا۔

طَرَّزَ الثَّوْبَ تَطْرِيْزًا: بیل بوٹے بنانا۔
طَرْز: (۱) ہیئت (۲) طریقہ (۳) طرز، نمونہ (۴) فیشن۔
طِرَاز: فیشن، ڈیزائن، قسم، ٹائپ، طرز، اسٹائل، کیٹا گری، طریقہ ج: اَطْرِزَة و طُرُز۔
طِرَازٌ مِنَ السَّيَّارَات: ماڈل۔
مِنْ طِرَازٍ حَدِيْثٍ: نئے فیشن کا۔
مِنْ طِرَازٍ قَدِيْمٍ: پرانے فیشن کا۔
تَطْرِيْز: ایمبرائڈری، کشیدہ کاری۔
طَرَسَ ـــ طَرْسًا: مٹانا۔
طِرْس ج: اَطْرَاس و طُرُوْس: صفحہ، کاغذ۔
طَرِشَ ـــ طَرَشًا: بہرا ہونا۔
اَطْرَش: بہرا م: طَرْشَاء۔
طَرَش، طُرْشَة: بہراپن۔
طَرَّشَ تَطْرِيْشًا: بہرا بنادینا۔
طَرَفَ بِعَيْنِه ـــ طَرْفًا: پلک جھپکنا۔
طَرَّفَهُ تَطْرِيْفًا: کنارہ پر کردینا، انتہا پسند بنانا۔
اَطْرَفَ إِطْرَافًا: انوکھی بات کہنا۔
اَطْرَفَهُ بِكَذَا: تحفہ دینا۔
تَطَرُّف: حد سے بڑھنا (۲) تجاوز، انتہا پسندی۔
طَرْف: (۱) آنکھ (۲) کنارہ، ہر چیز کا آخری حصہ (۳) نوک ج: اَطْرَاف۔
طَرَف: پارٹی، فریق (۲) جہت، سائڈ (۳) حصہ جسم، عضو ج: اَطْرَاف۔
طَرَفَان: فریقین۔
طَرَفَانِ مَعْنِيَّان: متعلقہ دو فریق۔
طَرَفَا الْخُصُوْمَة: مقدمہ کے دو فریق۔
الطَّرَفُ الآخَر: فریقِ ثانی۔

طَرَفُ الخِمَار: آنچل۔
طَرَف فِي قَضِيَّة: کسی مقدمہ کا فریق۔
طَرَف فِي نِزَاعٍ أَو دَعْوىً أَو عَقْدٍ: پارٹی، فریق۔
طَرَف مُسْتَدِقّ: نِب، نوک۔
أَخْلَى طَرَفَهُ: برطرف کرنا، بری کرنا۔
أَطْرَافُ الجِسْم: اعضاءِ جسم۔
أَطْرَافُ العَقْد: معاہدہ کے فریق۔
الأَطْرَافُ المُتَنَازِعَة: متنازع فریق۔
الأَطْرَافُ المُتَحَارِبَة: برسر پیکار فریق۔
أَطْـرَافٌ مَـعْنِيَّةٌ بِكَذَا: کسی چیز سے متعلق فریق۔
طَرَافَة: خوبی، عمدگی۔
طُرْفَة ج: طُرَف: چٹکلا، دلچسپ بات۔
طَـرِيْفَة ج: طَرَائِف: انوکھی بات (۲) تحفہ، ہدیہ۔
فِي طَرْفَةِ عَيْنٍ: پلک جھپکنے میں۔
طَـرِيْف: (۱) عجیب وانوکھا، شاندار، عمدہ (۲) نیا حاصل کردہ مال۔
مُـتَـطَـرِّف: انتہا پسند، غیر معتدل ج: مُتَطَرِّفُون۔
طَرَقَ ـُ طَرْقًا: کوٹنا۔
___ الطَّرِيْقَ: راستہ پر چلنا۔
___ بِالبَال: دل میں آنا۔
___ البَاب: کھٹکھٹانا۔
___ المَوْضُوْع: موضوع پر طبع آزمائی کرنا۔
___ أَسْوَاقًا جَدِيْدَةً: نئی منڈیاں تلاش کرنا، اختیار کرنا۔
أَطْرَقَ إِطْـرَاقًا: خاموش رہنا، گردن یا سر جھکانا۔
أَطْرَقَ مُفَكِّرًا: سوچ میں پڑنا۔
تَطَرَّقَ إِلَيْهِ: راہ پانا، خاموشی سے پہنچنا۔
تَطَرَّقَ إِلَيْهِ الشَّكُّ: شک پیدا ہونا۔
تَـطَـرَّقَ إِلَى بَحْثِ شَـيْءٍ: کسی چیز پر بحث چھیڑنا۔
اِنْـطِـرَاق: کٹ جانا، کوٹنے کے نتیجہ میں کسی چیز کا پھیلنا، چھننا۔
طَرْقَة: ایک ضرب، ایک چوٹ۔
طَرْقَتَان: دو دفعہ۔
قَة: چلتا پرزا، چالاک، گھاگ۔
طَرِيْق: روٹ، روڈ، راستہ ج: طُرُق۔
طَرِيْقٌ أَرْضِيّ: زمینی راستہ۔
طَرِيْقُ التَّخْطِيْط: پلاننگ کا طریقہ۔
طَرِيْقٌ جَانِبِيّ: برابر کا راستہ، کسی ایک جانب کا راستہ۔
طَرِيْقٌ رَئِيْسِيّ: شاہراہ، مین روڈ، عام راستہ۔
طَرِيْقُ عَدَمِ الانْحِيَاز: غیر جانبدارانہ راستہ۔
طَرِيْقٌ مَسْدُوْد: بند راستہ۔
بِطَرِيْقِ كَذَا: براہ، بواسطہ۔
بِـطَـرِيْقٍ غَيْـرِ مُبَاشِرٍ: بالواسطہ، ان ڈائرکٹ۔
بِـطَـرِيْقٍ مُبَاشِرٍ: براہ راست، بلاواسطہ، ڈائرکٹ۔
عَنْ طَرِيْقِ كَذَا: بواسطہ، بذریعہ۔
عَنْ طَرِيْقِ الأَجْهِزَةِ الدُّوَلِيَّةِ الـمُـتَـخَـصِّـصَـة: بین الاقوامی اسپیشل اداروں کے ذریعہ۔
عَنْ طَرِيْقِ المُفَاوَضَات: بات چیت

کے ذریعہ۔
فِیْ طَرِیقِهِ إِلَی الحَلِّ: حل ہونے والا۔
قَطَعَ ــَ الطَّرِیقَ علی: راستہ روکنا۔
قَاطِعُ الطَّرِیقِ: ڈاکو ج: قُطَّاع۔
طَرِیقَة ج: طَرَائِق: (۱) حالت (۲) کیفیت (۳) طرز، طریقہ، فیشن (۴) واسطہ (۵) مذہب ومسلک (۶) سسٹم۔
الطَّرِیقَةُ التَّجْرِیبِیَّة: تجرباتی طریقہ۔
طَرِیقَةُ التَّفْکِیْرِ: آئیڈیالوجی، سوچنے کا انداز، طرزِ فکر۔
طَرِیقَةٌ عَصَبِیَّة: متعصبانہ طریقہ۔
الطَّرِیقَةُ العِلْمِیَّة: سائنٹیفک طریقہ۔
الطَّرِیقَةُ الفَنِّیَّة: سائنٹیفک طریقہ۔
طَرِیقَةٌ فِی التَّصْوِیْتِ: ووٹنگ کا طریقہ۔
بِطَرِیقَةٍ عَشْوَائِیَّة: اندھادھند۔
بِطَرِیقَةٍ نِظَامِیَّة: نمبردار، قاعدہ کے مطابق، حسبِ ضابطہ۔
طُرُقُ التِّجَارَة: کاروباری طریقے۔
طُرُقٌ فَرْعِیَّة: سائڈروڈ۔
الطُّرُقُ المُخْتَصَرَة: مختصر راستے۔
الطُّرُقُ الدِّبْلُومَاسِیَّة: ڈپلومیٹک ذرائع۔
مِطْرَقٌ و مِطْرَقَةٌ ج: مَطَارِقُ: ہتھوڑا۔
مَطْرُوْق: کوٹا ہوا، چھنا ہوا، چالو، مستعمل۔
طَارِمَة: لکڑی کا کمرہ، کیبن۔
طُرُمْبَة ج: طُرُمْبَات: (۱) پمپ (۲) سرنج (۳) پچکاری۔
طَرُوَ ــُ طَرِیَ ــَ طَرَاوَةً: تازہ ہونا، نرم ہونا، خوشگوار ہونا۔
طَرِیٌّ: تازہ، خوشگوار۔
إِطْرَاءٌ: حد سے زیادہ تعریف۔
طَرَاوَة: تازگی، نرمی، خوشگواری۔

ط............ز

طَازَج: تازہ (مع)۔
طَازَجُ التَّحْضِیْرِ: تازہ تیار کیا ہوا۔

ط............س

طَسْتٌ و طِشْتٌ: سلفچی، ہاتھ دھونے کا برتن ج: طُسُوْت و طُشُوْت۔

ط............ع

طَعِمَ ــَ طَعْماً: چکھنا، کھانا۔
تَطَعَّمَ: چکھنا۔
طَعَّمَ تَطْعِیْماً: ٹیکہ لگانا، دیوار وغیرہ پر کوئی چیز لگانا۔
طَعَّمَ بِلِقَاحِ الجُدَرِیِّ: چیچک کا ٹیکہ لگانا۔
طَعَّمَ النَّبَاتَ: قلم لگانا۔
طَعَّمَ بِکَذَا: مدد پہنچانا۔
طَعَّمَ القُوَّاتِ بِقُوَّاتٍ جَدِیْدَةٍ: فوجوں کو نئی کمک پہنچانا۔
إِطْعَام: کھلانا۔
إِسْتِطْعَام: کھانا مانگنا (۲) ذائقہ چکھنا۔
طَعْمٌ: ذائقہ، لذت، مزہ، ٹیسٹ۔
لَا طَعْمَ لَهُ: بے مزہ۔
طَعِمٌ: خوش ذائقہ۔
طَعَام ج: أَطْعِمَة: کھانا، روزینہ، اشیائے خوردنی۔
طَعَامُ المَرْضَی: پرہیزی کھانا۔
أَطْعِمَةٌ مُعَلَّبَة: ڈبوں میں بند کھانے۔

خِوَانُ الطَّعَام: کھانے کی میز۔
مَطْعَم ج: مَطَاعِمُ: ریسٹورنٹ، کھانے کا ہوٹل، کینٹین۔
مَطْعَمٌ بِلاَ خَدَمٍ: سیلف سروس ہوٹل۔
طَعَنَهُ بِالرُّمحِ ـُ طَعْناً: نیزہ مارنا، خنجر وغیرہ مارنا۔
طَعَنَ فِي السِّنِّ: بوڑھا ہونا۔
طَعَنَ فِيهِ و عَلَيهِ ـَ طَعْناً: طنز کرنا، تنقید کرنا، اعتراض کرنا، آواز کسنا۔
طَعَنَ في شَرَفِه: عزت پر حملہ کرنا۔
طَعَنَ في قَولِه: بات کو غلط ثابت کرنا، رد کرنا، رد و قدح کرنا۔
طَعَنَ فيه و عليه "بِالشَّرِّ": الزام لگانا، بدنام کرنا، ہتک آمیز بیان شائع کرنا۔
طَعْنٌ: خنجر وغیرہ کی ضرب (۲) نقد و اعتراض (۳) تہمت۔
طَعْنَة ج: طَعَنَات: آوازہ، جھینٹا۔
طَاعِنٌ في السِّنِّ: عمر رسیدہ۔

ط..........غ

طَغَا ـُ و طَغِيَ ـَ طَغْياً و طُغْيَاناً: (۱) جوش میں آنا (۲) حد سے بڑھنا (۳) پانی میں طغیانی آنا (۴) سرکشی کرنا (۵) سیلاب آنا۔
طُغْيَان: (۱) سرکشی (۲) طغیانی، سیلاب۔
الطُّغْيَانُ و الاِسْتِبْدَاد: ظلم و استبداد۔
طَاغٍ ج: طُغَاة: سرکش، نافرمان، ظالم، حد سے بڑھنے والا باغی۔
الطَّاغِيَة: جابر۔

ط..........ف

طَفِئَتِ النَّارُ ـَ طُفُوءاً و انْطَفَأَتْ: آگ بجھنا، روشنی ختم ہونا، بجھنا۔
طَفَّأَ و أَطْفَأَ: بجھانا، گل کرنا، پیاس بجھانا، چونا بجھانا۔
إِطْفَاءُ الأَنْوَار: بلیک آؤٹ (۲) بتیاں گل کرنا۔
مُطْفَأٌ: بجھا ہوا، ماند، ناچمکدار۔
مِطْفَاة، طَفَّايَة: بجھانے کا آلہ۔
مِطْفَاةُ الحَرَائِق: فائر انجن، فائر بریگیڈ ج: مَطَافِئ۔
إِطْفَائِيّ: فائر مین۔
طَفَحَ الإِنَاءُ ـَ طُفُوحاً: برتن کا بھرنا، چھلکنا، لبالب بھرنا۔
طَفَحَتْ كَأْسُهُ: اس کا جام چھلک گیا۔
طَفَحَ مِنْهُ: تنگ آنا، پریشان ہونا۔
طَفَّحَ و أَطْفَحَ: لبالب بھر دینا، چھلکانا۔
إِطَّفَحَ القِدْرَ: جھاگ اُتارنا۔
كَيْلٌ طَافِحٌ: لبریز پیانہ۔
طُفَاحَة: جھاگ۔
طَفَرَ ـِ طَفْراً و طُفُوراً: چھلانگ لگانا۔
طَفَرَتِ الدُّمُوعُ مِنَ العَيْنِ: آنسو ڈھلکنا۔
طَفْرٌ و طَفْرَة: چھلانگ۔
طَفَّفَ المِكْيَالَ تَطْفِيفاً: پیمانہ کو پورا نہ بھرنا۔
طَفِيف: ناقص، کم، تھوڑا۔
طَفِقَ بِمُرَادِه ـَ طَفَقاً و طُفُوقاً: مراد پالینا۔
طَفِقَ يَفْعَلُ: کرنے لگا، کرتا رہا۔
طَفَّلَ و تَطَفَّلَ: طفیلی بننا۔
طِفْلٌ ج: أَطْفَال: بچہ، بے بی، شیر خوار بچہ۔
طِفْلٌ غَيْرُ شَرْعِيّ: فلاں کا ناجائز بچہ۔
طِفْلِيّ (خَاصٌّ بِالأَطْفَال): بے بی سے

متعلق، بچے سے متعلق۔
الطُّفُولِیّ: بچکانہ۔
رَوْضَةُ الأَطْفَال: بچوں کا تربیتی اسکول۔
طُفَیلِیّ: زائد، دوسروں کے ساتھ لگا ہوا۔
طَفَا ـُ طَفْواً و طُفُوّاً: تیرنا، پانی کے اوپر تیرنا۔
طَفَتْ صُوَرٌ أمامَ العَیْن: آنکھوں میں پھرنا۔
طَافِیَة: (۱) برف کا ٹکڑا، تیرتا ہوا تودہ۔
طَافٍ: تیرتا ہوا۔

ط............ق

طَقْس ج: طُقُوس: (۱) آب وہوا (۲) موسم (۳) رسم ورواج۔
طَقْسٌ دِیْنِیّ: مذہبی تہوار، میلہ۔
طَقْم: کسی چیز کا سیٹ، مجموعہ اشیاء۔
طَقْمُ ثِیَاب: کپڑوں کا جوڑا۔
طَقْمُ أَسْنَان: مسوڑھا، جبڑا، دانتوں کی پلیٹ۔
طَقْمُ سُفْرَة: لوازم دسترخوان۔
طَقْمُ شَاي: چائے کے لوازم، ٹی سیٹ۔
طَاقِم: عملہ، کارکنوں کی جماعت، گروپ ج: أَطْقُم۔
طَاقِمُ السَّفِینَة: جہاز کا اسٹاف۔

ط............ل

طَلَبَ ـُ طَلَباً: چاہنا، مانگنا، آرڈر دینا، طلب کرنا۔
طَلَبَ إلَیْهِ: درخواست کرنا، اپیل کرنا، گزارش کرنا۔
طَلَبَ مِنْهُ: مطالبہ کرنا، فرمائش کرنا۔
طَلَبَ الزَّوَاجَ: پیغام نکاح دینا۔
طَلَبَهُ تِلِیفُونِیّاً: ٹیلیفون پر بلانا۔
تَطَلَّبَ: مقتضی ہونا، تقاضا کرنا۔
تَطَلَّبَ الوَقْتَ: وقت درکار ہونا۔
طَالَبَهُ مُطَالَبَةً: مطالبہ کرنا۔
طَلَبٌ ج: طَلَبَات: درخواست، ریکوائسٹ، اپلیکیشن (۲) اپیل، التماس، گزارش (۳) سوال (۴) فرمائش (۵) مانگ، ڈیمانڈ (۶) تقاضہ (۷) آرڈر (۸) خواہش۔
طَلَبُ الاِجْتِمَاعِ لکذا: اجلاس بلانا۔
طَلَبُ الکَلِمَةِ مِنْ أَحَدٍ: تقریر کے لئے کہنا۔
طَلَبٌ دَرِیدِی: میل آرڈر، ڈاک والا آرڈر۔
طَلَبٌ بِالْحَاحٍ: اصرار کے ساتھ فرمائش۔
طَلَبٌ تِجَارِیّ: آرڈر۔
طَلَبُ تَعْوِیضٍ عَنْ: کلیم کرنا۔
طَلَبُ تَوْظِیفٍ: ملازمت کی درخواست۔
طَلَبٌ ثَابِتٌ: مستقل آرڈر۔
طَلَبُ السَّمَاحِ لِفُلَانٍ بکذا: کسی کو اجازت دینے کی درخواست۔
طَلَبٌ عَلَی العُمَّال: لیبر ڈیمانڈ۔
طَلَبٌ عَلَی قَرْضٍ: قرض ڈیمانڈ۔
طَلَبٌ قَوِیّ: زبردست مانگ۔
طَلَبُ اللِّقَاءِ مع أَحَدٍ: ملاقات چاہنا۔
طَلَبٌ مُسْتَعْجَل: فوری آرڈر۔
طَلَبُ المُقَابَلَة: ملنے کے لئے بلانا، ملاقات کی درخواست۔
طَلَبُ المُکَالَمَةِ التِلِیفُونِیَّة: ٹیلیفون کال چاہنا۔

طَلَبُ مُنَاقَصَةٍ: ٹینڈر مانگنا۔
طَلَبٌ مِنَ المَحْكَمة إثْبَاتَ مِلْكِيَّةٍ: عدالت کی طرف سے ملکیت کے ثبوت کا مطالبہ۔
الطَّلَبُ المُؤَجَّل: میعادی آرڈر۔
طَلَبٌ نَامٍ: بڑھتی ہوئی مانگ۔
طَلَبُ وَظِيفَةٍ: ملازمت کی درخواست۔
طَلَبُ وَقْفِ المُسَاعَدَاتِ النَّوَوِيَّة لكذا: ایسی امدادیں بند کرنے کی درخواست۔
طَلَبُ اليَدِ للزَّوَاج: آفر کرنا، شادی کی فرمائش کرنا۔
تَحْتَ الطَّلَب: حکم کے تابع۔
عِنْدَ الطَّلَب: عند الطلب، بوقتِ ضرورت۔
طِلْبَة: مطلوبہ چیز۔
طَلِبَة: عبادت، فریاد۔
طَلَبَاتٌ غَيْرُ مُنَفَّذَة: غیر تعمیل شدہ آرڈر، غیر تکمیل شدہ فرمائشات۔
طَلَبَاتٌ لَمْ تُسَلَّم: آرڈر جو پورے نہ کئے گئے ہوں۔
طَلَبَاتٌ مُتَكَرِّرَة: مسلسل فرمائشیں۔
طَلَبَاتٌ مَوْسِمِيَّة: سیزنل (موسمی) آرڈر۔
طَالِبٌ: درخواست کنندہ، اپیل کرنے والا (۲) فرمائش کنندہ (۳) اسٹوڈنٹ، شاگرد، متعلم، ودیارتھی ج: طُلَّاب و طَلَبَة۔
طَالِبٌ مُتَقَدِّم: کسی ملازمت وغیرہ کا امیدوار، کنڈیڈیٹ۔
طَالِبُ الزَّوَاج: شادی کا خواستگار، امیدوار۔
طَالِبُ اسْتِخْدَام: نوکری کی درخواست کرنے والا۔
طَالِبُ الاِسْتِئْنَاف: اپیل کنندہ۔
طَالِبُ حَقٍّ: کلیم والا، صاحب کلیم۔
الطَّالِبُ المُعَلِّم: اسٹوڈنٹ ٹیچر، اسٹوڈنٹ مدرس۔
طَالِبُ المُنَاقَصَة: ٹینڈر والا۔
طَالِبٌ مُتَفَوِّق: امتیاز حاصل کرنے والا طالب علم۔
طَالِبُ الوَظِيفَة: ملازمت کا خواہاں۔
طُلَّابُ السَّلَام: امن پسند۔
مُطَالَبٌ: جواب دہ، ذمہ دار۔
مَطَالِبُ: مطالبات، ضروریات، خواہشات۔
مُطَالِبٌ بِحَقٍّ: مدعی، دعویدار۔
مُطَالِبٌ بِالعَرْش: تخت کا دعویدار۔
مَطَالِبُ الشَّعْب: عوامی خواہشات۔
مَطَالِبُ فَادِحَة: بھاری مطالبات۔
مُطَالَبَاتٌ جُمْرُكِيَّة: کسٹم کلیم۔
مُطَالَبَة: کلیم، ڈیمانڈ، کلیم کرنا، ڈیمانڈ کرنا۔
المُطَالَبَةُ بِتَعْوِيض: معاوضہ طلب کرنا۔
المُطَالَبَةُ بِتَعْوِيضِ الأضْرَار: معاوضہ نقصانات کا کلیم۔
المُطَالَبَةُ بِحُقُوق: حقوق مانگنا۔
المُطَالَبَةُ بِشَيْءٍ: دعویٰ کرنا، مطالبہ کرنا۔
المُطَالَبَةُ بِالعَمَل على إطْلَاقِ السَّرَاح: رہائی کی کارروائی کا مطالبہ۔
المُطَالَبَةُ بِوَسِيطٍ جَدِيد: نئے ثالث کا

مطالبہ۔
مَطْلَب: (۱) مقصد، مانگ، ڈیمانڈ، مطالبہ (۲) موضوع، مسئلہ، بحث (۳) غرض، مفاد، مقصد، خواہش (۴) واجب الادا ج: مَطَالِبُ۔
مَطْلَبٌ قَوْمِيٌّ: قومی مفاد۔
مَطْلُوب: قابلِ ادائیگی، مطالبہ، ضرورت ہے (اشتہاری زبان)۔
مَطْلُوبُ الْعَمَل: کام کے لئے ضرورت ہے۔
مَطْلُوبٌ مُدَرِّس: مدرس کی ضرورت (اشتہار)۔
مُتَطَلِّبُ مُعَالَجَةٍ طِبِّيَّةٍ: طبی علاج کا محتاج، مقتضی۔
مُتَطَلَّبَات: ضروریات، مقاصد۔
طَلَحَ ـُـ طَلَاحاً: (ضد صَلَحَ) بگڑنا، خراب ہونا۔
طَلْحٌ: کیلا۔
طَالِحٌ: فاسد، ناکارہ (ضد صَالِح)۔
طَلْحِيَّة: کاغذ کا ایک شیٹ (فَرْخ وَرَق)۔
طَلْحِيَةُ وَرَق: کاغذ کا رِم۔
طَلَسَ الكِتَابَةَ ـِـ طَلْساً: مٹانا۔
طِلْسٌ: نہ پڑھا جانے والا، مٹا ہوا۔
طَلَّاسَة: ڈسٹر، مٹانے والی چیز۔
طَيْلَسَان: چوغا ج: طَيْلَسَانَات و طَيَالِسُ۔
أَطْلَس: ایک ریشمی کپڑا (۲) اٹلس۔
المُحِيطُ الأَطْلَسِيّ: بحر اٹلانٹک۔
طِلَسْم: معمہ، ناقابلِ فہم بات ج: طَلَاسِم۔

طَلَعَ ـُـ طُلُوعاً: روشن ہونا، طلوع ہونا۔
ـــ عليه: سامنے آنا، اچانک آنا۔
ـــ و طَلِعَ ـَـ: چڑھنا، بلند ہونا۔
ـــ عَلَى الأَمْر: واقف ہونا۔
ـــ النَّبَاتُ و السِّنُّ: نبات یا دانت اُگنا۔
أَطْلَعَهُ عَلَى: واقف کرنا، اطلاع دینا، مطلع کرنا۔
أَطْلَعَهُ عَلَى الأَمْر: راز بتانا۔
طَلَّعَ تَطْلِيعاً: (۱) نکالنا (۲) چڑھانا، بلند کرنا (۳) قے کرنا۔
طَالَعَ مُطَالَعَةً: پڑھنا، غور سے پڑھنا۔
اِطَّلَعَ عَلَى: واقف و باخبر ہونا (۲) محسوس کرنا، معلوم کرنا، پتا چلنا، دریافت کرنا، اکتشاف کرنا۔
اِطَّلَعَ عَلَى العَمَل: نگرانی کرنا۔
اِطِّلَاع: واقفیت (۲) انفارمیشن (۳) نوٹس۔
الاِطِّلَاعُ عَلَى الفَلْسَفَه: فلسفہ دانی۔
اِسْتَطْلَعَ: آمد یا طلوع کا خواہشمند ہونا (۲) معلومات کرنا، جستجو کرنا۔
اِسْتَطْلَعَ رَأْيَه: رائے لینا، معلوم کرنا۔
اِسْتِطْلَاع: تحقیق، انکوائری، تجسس، کھوج، دیکھ بھال۔
اِسْتِطْلَاعِيّ: تفتیش و تلاش سے متعلق، تحقیقاتی۔
تَطَلُّع: شوق، نگاہِ شوق، امنگ۔
تَطَلَّعَ إِلَى: متمنی ہونا، آرزومند ہونا، نظر رکھنا، کسی کی آمد کے انتظار میں نگاہ اٹھانا، دیکھنا۔

تَطَلَّعَ فِي: سمجھنے کی کوشش کرنا۔
تَطَلُّعَات: امیدیں،توقعات۔
تَطَلُّعَاتُ الْجَمَاهِيْرِ أو الشَّعْب: عوامی توقعات۔
تَطَلُّعَاتٌ قَوْمِيَّة: قومی امنگیں۔
طَلْعُ النَّخل: کھجور کی کلی۔
طَلْعَة: جھلک، دید،ظہور۔
طَلِيْعَة: وین، سامان ڈھونے کی بڑی گاڑی، آمد کی خبر دینے والا ج: طَلَائِع۔
طَلِيْعَةُ الْجَيْش: مقدمۃ الجیش، راستہ کی دیکھ بھال کرنے والا دستہ (۲) پیش پیش رہنے والی جماعت ج: طَلَائِع۔
فِي طَلِيْعَة: آگے آگے، پیش پیش، سرفہرست۔
طَلَائِعُ الشَّيْء: اوائل، ابتدائی حصے۔
طَلَائِعُ ثَوْرِيَّة: انقلابی فوج، انقلابی دستے۔
طَالِع: (۱) چڑھنے والا (۲) قسمت کا ستارہ، قسمت ج: طَوَالِع۔
سَيِّئُ الطَّالِع: بدقسمت۔
مَطْلَع: (۱) آغاز (۲) جائے آغاز (۳) زینہ (۴) قصیدہ کا پہلا شعر ج: مَطَالِع۔
مُطَّلِعٌ عَلَى: واقف کار۔
مُطَالِع: پڑھنے والا، مطالعہ کرنے والا، اسٹڈی کرنے والا۔
مُطَالَعَة: اسٹڈی۔
طَلِقَ ـ طَلَقاً: دور ہونا، چھوٹنا۔
طَلُقَتِ الْمَرْأَةُ ـُ طَلَاقاً: عورت کا مطلقہ ہونا۔
طَلُقَ الرَّجُلُ ـُ طُلُوْقَةً: خندہ رو ہونا۔
طَلُقَ الْوَجْهُ: چہرہ کھلنا۔
طَلُقَ اللِّسَانُ: فصیح ہونا۔
طَلَّقَ تَطْلِيْقاً: چھوڑنا، آزاد کرنا، طلاق دینا۔
أَطْلَقَهُ: آزاد کرنا، آزاد چھوڑنا۔
أَطْلَقَ إِشَارَةَ تَحْذِيْرٍ: ہارن دینا۔
أَطْلَقَ يَدَهُ: ہاتھ کھولنا۔
أَطْلَقَ بُنْدُقِيَّةً أَوْ نَاراً: شوٹ کرنا۔
أَطْلَقَ الْحُرِّيَّةَ: آزادی بحال کرنا۔
أَطْلَقَ الْغَازَ: گیس چھوڑنا۔
أَطْلَقَ الْغَازَ الْمُسِيْلَ لِلدُّمُوْعِ: اشک آور گیس چھوڑنا۔
أَطْلَقَ لَهُ الْعِنَانَ: بے لگام چھوڑنا، سرپٹ دوڑانا، آزاد چھوڑنا۔
أَطْلَقَ فِيْهِ النَّارَ: فائر کرنا۔
أَطْلَقَ النَّارَ أَوِ الرَّصَاصَ عَلَى: شوٹ کرنا، گولی چلانا، گولی برسانا، فائرنگ کرنا۔
أَطْلَقَ الْمِدْفَعَ: توپ چلانا۔
اسْتَطْلَقَ الْبَطْنُ: پیٹ چلنا۔
اِنْطَلَقَ: (۱) جانا (۲) چھوٹنا (۳) گولی چلنا، فائر کرنا (۴) روانہ ہونا، اسٹارٹ ہونا۔
اِنْطَلَقَ مُسْرِعاً: سرپٹ دوڑنا۔
اِنْطَلَقَ وَجْهُهُ: چہرہ کھلنا۔
اِنْطَلَقَ مِنْ بَيْنِهِمَا سِرّاً: آنکھ بچا کر نکل جانا۔
اِنْطَلَقَتْ رَصَاصَاتُ الشَّبِيْمَة: گالیوں کی بوچھاڑ ہونا۔
اِنْطَلَقَ التِّلِفُوْنُ صَارِخاً: ٹیلیفون کی

گھنٹی زور سے بجی۔

اِنْطِلاقٌ: آزادی، رہائی، حرکت، چھوٹ۔

الاِنْطِلاقُ فی العَمَلِ: کام جاری رکھنا، کام میں لگے رہنا۔

اِنْطِلاقُ القَذِیْفَة: گولہ چھوٹنا۔

اِنْطِلاقُ المِدْفَعِ: توپ چھوٹنا۔

اِنْطِلاقُ النَّارِ: آگ برسنا، فائر ہونا۔

اِنْطِلاقٌ نَحْوَ التَقَدُّمِ: ترقی کی طرف دوڑنا۔

اِنْطِلاقُ الوَبَاءِ: وبا پھیلنا۔

اِنْطِلاقاً مِنْ کذا: فلاں چیز کے تحت۔

اِنْطِلاقاً مِنَ المَبَادِئِ: اصول کے تحت۔

اِنْطِلاقَة: سفر، خاص حرکت، اقدام، تحریک۔

طَلْقٌ: دردِ ولادت۔

طَلْقٌ و طِلْقٌ: آزاد، کھلا۔

طَلْقُ الیَدَیْنِ: کشادہ دست۔

طَلْقُ اللِّسَانِ: زبان دراز، فصیح اللسان۔

لِسَانٌ طَلْقٌ: تیز زبان۔

هَوَاءٌ طَلْقٌ: کھلی ہوا۔

طَلْقٌ نَارِیٌّ: شوٹ، فائر۔

طَلاقَة: فصاحت (۲) زبان زوری، زبان کی روانی (۳) زبان درازی۔

طَلاقَةُ الوَجْه: خندہ روئی، چہرے کی شگفتگی۔

طَلْقَة نَارِیَّة: فائر ج: طَلَقَات۔

الطَّلَقَاتُ الجَوِیَّة: ہوائی فائرنگ۔

طَلَقَاتُ المَدَافِعِ: توپوں کی گرج، توپوں کی آوازیں۔

طَلَقَاتُ المِدْفَعِیَّة: توپ خانہ کی گولہ باری۔

إطْلاقٌ: اسٹارٹ کرنا، چھوڑنا، توپ وغیرہ داغنا، ریلیز کرنا (۲) آزاد کرنا، رہائی (۳) عموم۔

عَلَى الإطْلاقِ: عموماً، قطعی طور پر

مُطْلَقٌ: (۱) عام، غیر محدود وغیر مقید (۲) پورا، کامل، مکمل (۳) مستبد انہ، ڈکٹیٹرانہ، مطلق العنان۔

مُطْلَقُ التَصَرُّفِ: مطلق العنان۔

مُطْلَقُ التَفْوِیْضِ: فُل پاور آدمی، کامل الاختیار۔

مُطْلَقُ السَّرَاحِ: آزاد۔

مُطْلَقاً: بالکل (نہیں)۔

مُنْطَلَقٌ: مرکز، اصول، مقام کار، قاعدہ، سرچشمہ، آغاز، میدانِ کار، دائرۂ آزادی ج: مُنْطَلَقَات۔

المُنْطَلَقُ الرَّئِیْسِیُّ: اصل بنیاد۔

مُنْطَلَقُ العَمَلِیَّاتِ: کارروائی کا مرکز۔

مُنْطَلَقَاتٌ اِبْتِدَائِیَّة: بنیادی اصول۔

المُنْطَلَقَاتُ الأُوْلَی: بنیادی اصول۔

طَلَلٌ: کھنڈر، عمارت کا شکستہ ملبہ ج: أطْلال۔

طَلَلُ الدَّارِ: نشست گاہ۔

طَلَّ الغَرِیْمَ ـُ طَلّاً: صاحب قرض کو ٹلانا۔

طَلَّتِ السَّمَاءُ ـُ طَلّاً: شبنم برسنا۔

أطَلَّ عَلَی: سامنے آنا، سامنے نظر آنا، سامنے ہونا۔

أطَلَّ مِنْ: جھانکنا، آگے کی طرف نکلا ہوا ہونا۔

طَلٌّ: شبنم، پھوار۔

مُطِلٌّ عَلَی: سامنے نظر آنے والا۔

طَلَمَ الخُبزَ ـُ طَلماً: بیلنا، بیلن سے روٹی کو بڑھانا۔
مِطْلَمَة: بیلن جس سے روٹی بڑھائی جائے۔
طُلُمْبَة: واٹر پمپ، دستی پمپ نل۔
طَلَاوَة: رونق، آب، حسن۔
طَلَى ـِ طَلْياً: روغن کرنا، پالش کرنا، ملمع کرنا۔
طَلَى بالذَّهَبِ: سونے کا ملمع کرنا۔
اِنطَلَتْ عَلَيهِ الحِيلَةُ: اس پر حیلہ کامیاب ہوگیا، فریب چل گیا۔
طِلَاءٌ: پالش، روغن، رنگ، پیسٹ، پینٹ، چمکانے کا مصالحہ ج: أَطْلِيَة۔
طِلَاءُ الاَظَافِر: ناخنوں کو لگانے والی سرخی۔
الطِّلَاءُ بالكَهْرَبَاء: الیکٹرو پلاٹنگ، بجلی کی پینٹنگ۔
طَلَّاء: روغن گر، پینٹر۔

ط .... م

طَمَثَتِ المَرْأةُ ـِ طَمْثاً: حیض آنا۔
طَمَحَ بهِ ـَ طَمْحاً و طُمُوحاً: لے جانا۔
طَمَحَ بَصَرُهُ إلَى: نگاہ اٹھانا۔
طَمَحَ بِبَصَرِه: دیکھتے رہنا۔
طَمَحَ الرَّجُلُ إلى كذا: آنکھیں لگنا، توقع کی نگاہ سے دیکھنا۔
طُمُوحٌ: (۱) جاہ طلبی (۲) بلند پروازی، بلند خیالی، اولوالعزمی، امنگ۔
طَمُوح: بلند خیال، عالی حوصلہ۔
طُمُوحات: بلند خواہشات، بلند توقعات۔
طَامِحٌ، طَمَّاحٌ، طَمُوح: بلند پرواز، جاہ طلب، بلند ہمت، لالچی، غرض مند، بڑے خواب دیکھنے والا۔
مَطْمُوح: متوقع۔
مَطْمَح ج: مَطَامِح: لالچ، غرض، مقصد۔
مَطْمَحَة: ذریعۂ حرص، لالچ کا ذریعہ۔
طَمَرَ ـِ طَمْراً و طُمُوراً و طَمَّرَ تَطْمِيراً: دفن کرنا۔
طَمَرَ النَّارَ: آگ کو راکھ میں دبانا۔
طَمَرَتِ الآثَارُ: آثار مٹنا۔
طِمْرٌ: پرانا کپڑا ج: اَطْمَار۔
طُومَار: کاغذ یا کپڑے وغیرہ کا رول۔
مَطْمُور: مدفون۔
طَمَسَ ـِ طَمْساً: مٹانا، برباد کرنا، نشان مٹانا۔
طَمَسَ ـُ طُمُوساً و انْطَمَسَ: مٹنا، برباد ہونا، نشان مٹنا۔
طَمَسَ بَصَرُه: بینائی ختم ہونا۔
طَمَّسَ: مٹانا، صورت بگاڑنا۔
مَطْمُوس: مٹا ہوا، جو پڑھا نہ جا سکے، نہ پڑھا جانے والا۔
طَمْطَام: سمندر کی چوڑائی۔
طَمَاطِم: ٹماٹر۔
طَمِعَ فيه ـَ طَمَعاً: لالچ کرنا۔
طَمُعَ ـُ طَمَاعَةً: لالچی ہونا۔
طَمِعَ في لِقَائِه: آنکھیں ترسنا۔
طَمَّعَ و اَطْمَعَ: لالچ دلانا، ہمت دلانا۔
طَمَعٌ: خواہش، لالچ، حُبِ زر، حرص، غرض ج: اَطْمَاع۔
الطَّامِعُ في السُّلْطَة: اقتدار کا خواہشمند۔

اَلطَّامِعُ فِي السِّيَادَةِ: اقتدار پسند۔
طَمَّاع: بے حد لالچی۔
مَطْمَعٌ: لالچ، غرض، مقصد ج: مَطَامِعُ۔
مَطْمَعَةٌ: ذریعہ حرص، لالچ کا ذریعہ۔
طَمَّ المَاءُ ـُ طَمّاً و طُمُوماً: پانی پھیلنا۔
طَمَّ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
طَمَّ البِئْرَ و الحُفْرَةَ: پاٹنا، بھرنا۔
طَامَّة: انتہائی چالاک۔
طَمْـنَـهُ و طَـمْـأَنَهُ عَلَى شَيْءٍ: کسی چیز کا اطمینان دلانا۔
طَمْأَنَ الشَّيْءَ: جھکانا۔
اِطْمَأَنَّ: مطمئن ہونا، بے خوف ہونا (۲) جھکنا، پست ہونا۔
اِطْمَأَنَّ عَلَى الحَيَاةِ و الكَرَامَةِ: جان اور عزت سے بے فکر ہوجانا۔
طُمَـأْنِينَة: سکون، بے خوفی، اطمینان، آرام، ریسٹ۔
مُطْمَئِنّ: بے خوف، بے فکر۔
أَرْضٌ مُـطْـمَـئِنَّةٌ: نشیبی زمین، پست زمین۔
طَـمَى ـِ طَـمْـياً و طَـمَا ـُ طُمُوّاً: پانی چڑھنا، پانی کی سطح بلند ہونا۔
طَمَى النَّهْرُ: نہر میں پانی بھر جانا۔

ط..........ن

طَنَّبَ بِالمَكَانِ تَطْنِيباً: قیام کرنا، پڑاؤ ڈالنا۔
أَطْنَبَ فِي المَدْحِ: مبالغہ آمیز تعریف کرنا، حد سے زیادہ تعریف کرنا۔
طَنْطَنَ طَنْطَنَةً: گھنٹی کی سی آواز نکلنا۔
طَنْطَنَةُ الأَجْرَاسِ: گھنٹیوں کی آواز۔

طُـنُـفٌ ، طُـنَـفٌ: چھجّا (۲) دروازہ کا سائبان ج: أَطْنَافٌ و طُنُوفٌ۔
طُنْفُسَةٌ: قالین ج: طَنَافِسُ۔
طَـنَّ و طَنَّ ـِ طَنِيناً: گھنٹی بجنا، گھنٹی کی سی آواز نکلنا، مکھیوں کی بھنبھناہٹ ہونا۔
طُنٌّ: ٹن ج: أَطْنَانٌ۔
طُنٌّ مِتْرِيّ: ایک ہزار کلوگرام۔

ط..........ہ

طَهُرَ ـُ طُهْراً و طَهَارَةً: پاک ہونا۔
طَهَّرَ تَطْهِيراً: پاک کرنا۔
طَهَّرَ الأَحْزَابَ: پارٹیوں کا صفایا کرنا۔
طَهَّرَ بِالمَاءِ: طہارت کرنا۔
طَهَّرَ الجَيْشَ: فوج کی تطہیر کرنا۔
طَهَّرَ الصِّحَافَةَ: صحافت کو نکھارنا۔
طَاهِرُ الذَّيْلِ: پاکدامن۔
طَاهِرُ القَلْبِ: نیک دل۔
طَهَا ـُ طَهْواً و طَهَايَةً: پکانا۔
طَاهٍ: پکانے والا، باورچی ج: طُهَاة۔

ط..........و

طُوبٌ و: طُوبَةٌ: پختہ اینٹ۔
طُوبٌ نِيٌّ: کچی اینٹ۔
طُوبٌ حَرَارِيّ: پختہ اینٹ، کھپریل۔
طَوَّاب: اینٹ بنانے والا۔
طُوبَجِيّ: (مع) توپ چلانے والا۔
طُوبَجِيَّة: توپ خانہ (مع)۔
طَـوَّحَ بِـهِ تَـطْـوِيـحاً: مصائب میں ڈالنا، خطرات میں ڈالنا، دور پھینکنا۔
طَاحَ ـُ طَوْحاً: ہلاکت کے قریب ہونا، ہلاک ہونا، بھٹکنا۔

أطاح: کاٹنا۔
أطاح به: ہلاک کرنا، خاتمہ کرنا۔
أطاح بنظام الحکم: حکومت کا تختہ الٹنا۔
تطوّح: مصیبت میں پھنسنا، تڑپنا۔
طَوْد: پہاڑ ج: أطواد۔
إنطياد: فضا میں بلند ہونا۔
مُنْطَاد: بڑا غبارہ ج: مَنَاطِيدُ۔
طوّره تطويراً: ترقی دینا، تبدیل کرنا۔
طَوْرٌ ج: أطوار: حال (۲) مرحلہ (۳) وقت (۴) درجہ (۵) کیفیت۔
طَوْراً: کبھی۔
طُوْر: پہاڑ۔
طُوْرُ سيناء: کوہِ سینا، ایک پہاڑ جو جزیرہ نمائے سینا میں واقع ہے۔
طَارٌ، طَارَة: (إطار) چوکٹا، فریم، گھیرا۔
تطوير: ترقی دینا، تبدیلی لانا، ترقی، بہتر تبدیلی، تشکیلِ جدید، نئے طرز پر تشکیل دینا، تبدیل کرنا۔
تطويرُ العلاقات: تعلقات بڑھانا۔
تطويرُ العمليةِ الإنتاجية: پیداواری صلاحیت بڑھانا۔
تطوُّر: انقلاب، ترقی، تبدیلی ج: تطوّرات۔
التطوّرُ الاقتصادي: اقتصادی ترقی۔
تطوّرٌ حضاري: تمدنی ترقی۔
تطوّرُ الدولةِ على مستوىً عالٍ: ملک کا بڑے پیمانہ پر ترقی کرنا۔
تطوّرُ العلاقات مع أحد: تعلقات میں تبدیلی یا ترقی۔
تطوّرُ المعركةِ ضدّ فلان: کسی کے خلاف جنگ پلٹ جانا۔
تطوّرُ الموقفِ في كذا: صورتِ حال کا بدل جانا۔
تطوّرُ الوضع: صورتِ حال کا بدل جانا، پوزیشن بدل جانا۔
تطوّرات: تبدیلیاں، اتار چڑھاؤ۔
تطوّراتُ الوضع: صورتِ حال میں تبدیلیاں۔
تطوّري: تغیر پذیر۔
المتطوّر: تغیر پذیر، ترقی یافتہ۔
طُورْبِيد: (مع) تارپیڈو۔
سفينةُ طوربيد: تباہ کن بحری جہاز (سفينة نسّافة)۔
طوّس تطويساً: مزین کرنا۔
طوّس المعدنُ: دھات کو زنگ لگنا۔
تطوّس: اظہارِ زینت کرنا۔
طاسٌ، طاسةٌ ج: طاسات: پیالہ، پیالی۔
طاووس: مور ج: طواويس۔
طاع ــُـ طوعاً و انطاع و أطاع: تابع دار ہونا، اشارہ پر چلنا۔
طوّع تطويعاً: فرماں بردار بنانا، تابع دار بنانا، آسان بنانا، رضا کار بنانا۔
تطوّع بكذا: کسی کام کو رضا کارانہ طور پر انجام دینا۔
طاوعه في الأمر عليه: موافقت کرنا، ساتھ دینا۔

طَاعَةٌ: فرماں برداری،تقلید۔
طَاعَةٌ عَمْيَاءُ: کورانہ تقلید۔
الطَّاعَةُ لِلْقَانُونِ: احترامِ قانون۔
طَوْعٌ، طَيِّعٌ، طَائِعٌ، مُطِيعٌ: فرمانبردار۔
طَوْعُ الْعِنَانِ: آسان۔
طَوْعُ إِشَارَتِهِ: اس کے اشارے کے تابع، فرمانبردار۔
طَوْعاً: خوشی سے،اختیاری طور پر۔
طَوْعاً أَوْ كُرْهاً: خوشی یا ناخوشی سے،خواستہ ناخواستہ۔
تَطَوُّعٌ: غیر واجب شدہ کام کی انجام دہی،رضاکاریت،والنٹیری۔
التَّطَوُّعُ لِخِدْمَةٍ: والنٹیری،کسی خدمت کے لئے آمادگی۔
طَوَاعِيَةً: برضا،مرضی سے۔
الْمُطِيعُ لِلْقَانُونِ: قانون کا پابند۔
الْمُطَّوِّعُ لِخِدْمَةٍ: والنٹیر۔
مُتَطَوِّعٌ: رضاکار،والنٹیر۔
مُسْتَطَاعٌ: ممکن،امکان میں۔
طَوَّفَ تَطْوِيفاً و طَافَ بِهِ طَوَافاً: گھمانا،پھرانا۔
طَافَ بِالْمَكَانِ و حَوْلَهُ طَوَافاً: اردگرد گھومنا،چکر لگانا۔
طَافَ الْبَلَدَ: گشت کرنا۔
طَافَ بِهِ الْخَيَالُ: خواب دیکھنا۔
طَافَ النَّهْرُ: نہر کا پانی باہر نکلنا۔
طَوْفٌ: دیوار(۲)چوکیدار۔
طَائِفٌ، طَوَّافٌ: گشت کرنے والا، گرداں۔

طَوَّافُ تِجَارِيٌّ: دلّال،ایجنٹ۔
طَوَّافُ بَرِيدٍ: پوسٹ مین۔
طَائِفَةٌ ج: طَوَائِفُ: جماعت،پارٹی، کٹیا گری، فرقہ، ایک مذہب کو ماننے والے افراد، زُمرہ،درجہ۔
طَائِفِيٌّ: گروہی،فرقہ وارانہ،فرقہ پرست۔
طَافَ فِي: ٹور کرنا،گشت کرنا۔
طَوَّقَ تَطْوِيقاً: گھیرا ڈالنا،گھیراؤ کرنا،احاطہ کرنا، گلے میں طوق ڈالنا۔
طَوَّقَ بِذِرَاعَيْهِ: گلے میں باہیں ڈالنا۔
طَاقَ الشَّيْءَ طَوْقاً و طَاقَةً: قادر ہونا،قدرت رکھنا۔
لَا يُطَاقُ: ناقابلِ برداشت،طاقت سے باہر۔
تَطْوِيقٌ: گھیرا،احاطہ،محاصرہ۔
تَطْوِيقٌ مِنْ جَانِبِ قُوَّاتٍ مُعَادِيَةٍ: دشمن فوجوں کی جانب سے محاصرہ۔
تَطَوُّقُ الْحَيَّةِ: سانپ کا سمٹنا۔
طَاقٌ: محراب ج: طَاقَاتٌ و طِيقَانٌ
طَاقَةٌ، طَوْقٌ، إِطَاقَةٌ: قدرت، برداشت، توانائی، انرجی، طاقت، صلاحیت۔
طَاقَةٌ(۲): گچھا،مجموعہ(۳) کھڑکی، روشندان۔
الطَّاقَةُ الذَّرِّيَّةُ: ایٹمی توانائی،ایٹمی طاقت،ایٹومک انرجی۔
طَاقَةٌ شَمْسِيَّةٌ: شمسی توانائی۔
الطَّاقَةُ الْقُصْوَى: پوری طاقت،انرجی

چوٹی کا زور۔
الطَّاقَةُ الكُلِّيَة: مکمل صلاحیت۔
الطَّاقَةُ الكَهْرَبَائِيَّة: بجلی کا پاور، بجلی کی توانائی، الیکٹرک پاور۔
طَاقَاتٌ بَشَرِيَّة: افرادی طاقت، صلاحیت۔
طَاقَاتٌ مُعَطَّلَة: مفلوج صلاحیتیں۔
طَاقَاتٌ نَوَوِيَّة: ایٹمی طاقتیں۔
طَاقِيَّة: ٹوپی ج: طَاقِيَات۔
طَوْق: گھیرا، گلے کی مالا ج: أَطْوَاق۔
طَوْقُ القَمِيص: کالر۔
مُطَاق: قابلِ برداشت، قابلِ تحمل۔
مُطَوَّق: گھیرا ہوا، طوق ڈالا ہوا۔
طَوَّلَ لَهُ تَطْوِيلاً: ڈھیل دینا، طول دینا۔
طَوَّلَ بَالَهُ عَلَى شَيْءٍ: صبر کرنا۔
طَوَّلَ و أَطَالَ: دراز کرنا، پھیلانا۔
طَالَ ـُ طُولاً و اسْتَطَالَ: دراز ہونا، لمبا ہونا، بڑا ہونا۔
طَاوَلَ مُطَاوَلَةً: ٹلانا، ٹال مٹول کرنا۔
تَطَاوَلَ عَلَى: زیادتی کرنا، دست درازی کرنا۔
طَالَمَا: بسا اوقات، بہت دفعہ، اکثر۔
طُوْل: لمبائی، بلندی۔
طُوْلُ الأَنَاة: صبر۔
طُوْلَ اليَوْم: تمام دن۔
عَلَى الطُّوْل: مسلسل۔
طُوَّال: بڑا، بہت لمبا۔
الخَطُّ الطُّوَالِي: (ریلوے) مین لائن، جی ٹی روڈ، شاہراہ۔

قِطَارٌ طُوَالِيّ: ڈائرکٹ ٹرین۔
طُوَّالَة: لکڑی کی ٹانگیں جن پر مداری چلتا ہے۔
طَوِيْل: لمبا، دراز، بلند، بڑا (ضد مَرِيْض و قَصِيْر)۔
طَوِيْلُ البَاع: طاقتور۔
طَوِيْلُ اللِّسَان: زباں دراز۔
طَوِيْلُ اليَد: چور۔
طَوِيْلُ الأَجَل: طویل المیعاد۔
طَوِيْلُ الأَمَد: طویل المیعاد۔
طَوِيْلُ المَدَى: دور رس۔
طَائِل: نفع، فائدہ۔
طَائِل و طَائِلَة: قدرت۔
لَا طَائِلَ فِيْهِ أَو تَحْتَهُ: بے سود۔
أَمْوَالٌ طَائِلَة: بے حد دولت۔
طَاوِلَة: میز ج: طَاوِلَات۔
طَاوِلَةٌ مَائِلَةُ السَّطْح: ڈیسک۔
طِيْلَةَ مُدَّةِ كَذَا: اس پورے عرصہ میں۔
طُولُونَاتَه: (وَسَق) ٹن (نَحْوُ أَلْفَيْ رَطْل)۔
طَوَى ـِ طَيًّا: لپیٹنا، موڑنا۔
طَوَى البِئْرَ: کنویں کو پختہ بنانا۔
ــــ البِلَادَ: مسافت طے کرنا، گھومنا، سفر کرنا، سیاحت کرنا۔
ــــ الحَدِيْثَ: چھپانا۔
ــــ كَشْحَهُ عَلَى: چھپانا۔
طَوَى صَحِيْفَتَهُ: چھوڑنا، فارغ ہونا۔
طَوِيَ ـَ طَوًى: بھوکا ہونا، آنتوں کا قُل ہو اللہ پڑھنا۔

طُوًی: بھوک۔
عَلَی الطُّوَی: بھوک کی حالت میں۔
طَوِیٌّ: لچکدار، مڑ جانے والا۔
طُوَوِیٌّ، اِنْطِوَائِیٌّ: خودغرض۔
طُوَوِیَّة، اِنْطِوَائِیَّة: خودغرضی۔
طَوِیَّة: ضمیر (۲) دل (۳) عادت۔
سَلِیْمُ الطَّوِیَّة: نیک خو۔
طُوَّایَة: فرائی پین۔
طَیٌّ: فولڈنگ۔
طَیَّ کَذَا: فلاں چیز کے ساتھ، منسلک، منسلکہ۔
فِی طَیِّ کَذَا: اس کے ضمن میں، ساتھ۔
طَیَّة ج: طَیَّات: تہہ، موڑ، شکن۔
طَیَّة، طِیَّة: نیت۔
مُنْطَوٍ عَلَی التَّمْیِیْزِ أَو التَّفْرِقَة: امتیاز آمیز۔
مَطْوِیّ: لپٹا ہوا۔
مِطْوًی، مِطْوَاة: جیبی چاقو ج: مَطَاوٍ۔

ط .... ی

طَیَّبَ تَطْیِیْباً: خوشبودار بنانا، خوشگوار بنانا۔
طَیَّبَ خَاطِرَهُ: دل خوش کرنا، تسلی دینا، ہمت دلانا، حوصلہ افزائی کرنا۔
طَابَ ـِ طِیْباً: خوشگوار ہونا، صاف اور اچھا ہونا، لذیذ ہونا (۲) بیمار کا صحتیاب ہونا۔
طَابَ قَلْبُهُ و نَفْسُهُ: دل خوش ہونا۔
طَابَ عَیْشُهُ: زندگی خوشگوار ہونا۔
طَابَ عَنْهُ نَفْساً: چھوڑنا، بیزار ہونا۔
اِسْتَطْیَبَ الشَّیْءَ و اسْتَطَابَهُ: بہتر پانا یا سمجھنا۔
طُوْبَی: خوشی، شادمانی، خوش خبری۔
طَابَة: شراب (۲) بلا (گیند کا)۔
طِیْبٌ: خوشبو ج: طُیُوب و أَطْیَاب۔
عَنْ طِیْبِ خَاطِرٍ: بہ خوشی، بہ طیب خاطر۔
أَطَایِب: خوشگوار و عمدہ چیزیں۔
طَیِّب: اچھا، عمدہ، بہتر، خوشگوار، لذیذ (۲) ٹھیک ہے، بہتر ہے (کسی بات کے جواب میں کہا جاتا ہے)۔
طَیِّبُ الخُلُق: خوش اخلاق۔
طَیِّبُ الرَّائِحَة: خوشبودار۔
طَیِّبُ القَلْب: نیک دل۔
طَیِّبُ النَّفْس: نیک طبیعت۔
طَیَّحَ تَطْیِیْحاً: ضائع کرنا، دور پھینکنا۔
طَاحَ ـِ طَیْحاً: ضائع ہونا، ہلاک ہونا۔
طَائِحَة: آفت ج: طَوَائِح۔
طَیَّرَ تَطْیِیْراً: اڑانا، بلند کرنا۔
ـــ الطَّیَّارَة: پتنگ اڑانا۔
ـــ رَأْسَه: سر قلم کرنا۔
ـــ نَوْمَهُ: نیند اڑا دینا۔
طَارَ ـِ طَیَرَاناً: اڑنا، پرواز کرنا۔
طَارَ الصِّیْتُ: شہرت ہونا، چرچا ہونا۔
طَارَ عَقْلُه: ہوش گم ہونا۔
طَارَ طَائِرُهُ: غصہ ہونا۔
طَارَ إِلَیْه: تیزی سے جانا۔
تَطَیَّرَ بِالشَّیْءِ و مِنْهُ: بری فال لینا، بری توقع قائم ہونا، مایوس ہونا۔
تَطَایَرَ و اسْتَطَارَ: منتشر ہونا، پھیلانا۔

طَيْرٌ ، طَائِرٌ ج: طُيُوْر: پرندہ۔
طَيَرَان: اُڑان، پرواز، ہوابازی، فلائنگ۔
طَيَرَانٌ مَدَنِيّ: شہری ہوابازی۔
طِيَرَة: بدشگونی، بدفالی، نحوست۔
طَيَّارٌ: (۱) ہواباز (۲) پرواز کرنے والا (۳) پائلٹ (۴) بھاپ بن کر اڑ جانے والا (۵) سریع الزوال۔
طَيَّارُ فَضَاءٍ: ہواباز، خلاباز۔
طَيَّارَة: ہوائی جہاز۔
طَيَّارَةٌ صَارُوْخِيَّة: راکٹ جہاز۔
طَيَّارَةُ الصِّبْيَان: پتنگ۔
طَائِر: پرواز کرنے والا (۲) پرندہ۔
طَائِرُ الصِّيْتِ: شہرت یافتہ۔
طَائِرَة: پلین، ہوائی جہاز ج: طَائِرَات۔
طَائِرَةٌ عَمُوْدِيَّة أَوْ حَوَّامَة: ہیلی کوپٹر۔
طَائِرَةٌ قَاذِفَةُ القَنَابِل: بمبار جہاز۔
طَائِرَةٌ مَدَنِيَّة: سول ہوائی جہاز۔
الطَّائِرَةُ المُغِيْرَة: حملہ آور ہوائی جہاز۔
طَائِرَةٌ مُقَاتِلَة: جنگی جہاز۔
طَائِرَةٌ نَفَّاثَة: جیٹ طیارہ۔
طَائِرَةُ النَّقْلِ: باربردار جہاز، ٹرانسپورٹ جہاز۔
طَائِرَاتٌ رَشٍّ عَمُوْدِيَّة: دوا چھڑکنے والے ہیلی کوپٹر۔

الطَّائِرَاتُ القَاذِفَة: بمبار جہاز۔
مَطَار: ہوائی اڈہ ج: مَطَارَات۔
مَطَارُ التَّفْرِيْغ: ہوائی اڈہ، جس پر سامان اُتارا جائے۔
المَطَارُ الحَرْبِيّ: جنگی ہوائی اڈہ۔
مَطَارُ الشَّحْن: ہوائی اڈہ جہاں سامان لادا جائے۔
مُسْتَطِيْر: منتشر، پھیلا ہوا، عام (۲) بدشگون آدمی، مایوس ہونے والا۔
طَيْشٌ، طَيَشَان: خفیف الحرکاتی، ناسمجھی، اوچھاپن۔
طَاشَ ـــ طَيْشاً: ناسمجھ ہونا، بے موقع مذاق کرنا، بیہودگی کرنا۔
طَاشَ السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے ہٹنا۔
طَائِش: ناسمجھ، بیہودہ، کم عقل۔
طَيْف: خیال ج: أَطْيَاف۔
طَافَ خَيَالُه ـــ طَيْفاً: سوتے میں کسی کا خیال آنا۔
طَيَّنَ الحَائِطَ: گارے سے لپائی کرنا۔
طِيْن: مٹی، پانی ملی ہوئی مٹی، پلاسٹر۔
طِيْنٌ خَزَفِيّ: چینی مٹی جس سے چینی برتن بنائے جاتے ہیں۔

ظ

ظ............ب

ظَبْیٌ: ہرن ج: ظِبَاء۔

ظَبْیَة: ہرنی۔

ظ............ر

ظَرُفَ ـُ ظَرَافَةً: عقل مند ہونا۔

ظَرَّفَ تَظْرِیْفاً: مزین کرنا۔

تَظَارَفَ، تَظَرَّفَ: اظہارِ ظرافت کرنا، ہوشیار و عقل مند ہونا۔

اِسْتَظْرَفَهٗ: ہوشیار سمجھنا۔

ظَرْفٌ ج: ظُرُوْف: (۱) لفافہ (۲) حالت (۳) کارتوس۔

ظَرْفٌ عَلَیْهِ طَابَعٌ: ٹکٹ دار لفافہ، ٹکٹ لگا ہوا لفافہ۔

ظَرَافَة: ہوشیاری، خوش اسلوبی۔

ظُرُوْف: حالات، کیفیات، احوال۔

ظُرُوْف خَطِیْرَة: سنگین حالات۔

ظُرُوْف دَقِیْقَة لِلْغَایَة: انتہائی نازک حالات۔

ظُرُوْف عَصِیْبَة: پرآشوب حالات۔

ظُرُوْف الْعَمَل: کام کی کنڈیشن۔

ظُرُوْف مُشَدَّدَة: سخت حالات۔

ظَرِیْف: ہوشیار، خوش اسلوب ج: ظُرَفَاء۔

ظ............ف

ظَفِرَ بِهٖ ـَ ظَفَراً: فتح پانا، غلبہ پانا۔

ظَفِرَ مَطْلُوْبَهٗ: پانا، حاصل کرنا۔

ظَفَّرَ و اَظْفَرَ: کامیاب بنانا۔

ظُفْر: ناخن ج: اَظْفَار۔

ظُفْرُ الطَّیْرِ أَوِ الْحَیَوَانِ: پنجہ، پیر۔

ظَفَر: فتح، کامیابی، غلبہ، فتح مندی۔

ظَفِرٌ، ظَافِرٌ، مُظَفَّرٌ: کامیاب، فتح مند۔

ظ............ل

ظِلْفٌ: کھر، سم ج: اَظْلَاف۔

ظَلَّلَ تَظْلِیْلاً و أَظَلَّهٗ إِظْلَالاً: سایہ ڈالنا، سایہ فگن ہونا، چھپانا، ڈھانک لینا۔

تَظَلَّلَ و اسْتَظَلَّ ب: سایہ حاصل کرنا۔

ظَلَّ: باقی رہا۔

ظَلَّ صَامِتاً: خاموش رہا۔

ظَلَّ التِّلِیْفُوْنُ هَادِئاً: ٹیلیفون خاموش رہا۔

ظَلَّ عَلَى مَوْقِفِهٖ: اپنے موقف پر جما رہا، برقرار رہا۔

ظِلٌّ: سایہ ج: اَظْلَال۔

تَقَلَّصَ الظِّلُّ: سایہ سمٹنا۔

ظَلِيل ، مُظِلّ: سایہ دار۔
ظُلَّة: سائبان ج: ظُلَل۔
مِظَلَّة: چھتری، شیڈ ج: مِظَلَّات۔
مِظَلَّةُ التِّلِيفُون: ٹیلیفون بوتھ۔
مِظَلَّةُ هُبُوطٍ: پیراشوٹ۔
مِظَلَّة وَاقِيَة (مِهْبَط): پیراشوٹ، ہوائی (فوجی) چھتری۔
جُنْدِيُّ المِظَلَّة: چھاتہ بردار سپاہی۔
ظَلَمَ ـِ ظُلْماً: ظلم کرنا، ناانصافی کرنا، حق تلفی کرنا، بدسلوکی کرنا۔
تَظَلَّمَ: شکوۂ ظلم کرنا، ظلم برداشت کرنا۔
إِنظَلَمَ الرَّجُلُ: مظلوم ہونا۔
ظُلْم: ناانصافی، حق تلفی، بدسلوکی۔
ظُلْمَة ، ظَلَام: تاریکی۔
بَحْرُ الظُّلُمَات: بحر اٹلانٹک۔
ظُلَامَة ، مَظْلِمَة ج: مَظَالِم: ظلم، شکوۂ ظلم۔
ظَالِم: غیر منصفانہ، غیر منصف۔
ظَلِيم: مظلوم۔
مُظْلِم: بلیک، تاریک۔
مُظْلِمٌ قَلِيلاً: دُم۔

ظ .... م

ظَمِئَ ـَ ظَمَأً: پیاسا ہونا۔
ظَمِئٌ ، ظَمْآنٌ: پیاسا ج: ظِمَاء۔

ظ .... ن

ظَنَّ ـُ ظَنّاً: خیال کرنا، گمان کرنا، جاننا (۲) یقین کرنا (۳) شک کرنا۔
ظَنَّهُ و اَظَنَّهُ بكذا: الزام لگانا۔
ظَنّ: خیال، گمان، انکل، اندازہ ج: ظُنُون۔
ظِنَّة ، مَظِنَّة: شک، بدگمانی ج: مَظَانّ۔
ظَنُون: بدسلوک، شکی۔
ظَنِين: متہم ج: اَظِنَّاء۔

ظ .... ہ

ظَهَرَ ـَ ظُهُوراً: ظاہر ہونا، واضح ہونا، سامنے آنا، نکلنا، باہر آنا۔
ظَهَرَ الخِلَافُ: اختلاف پیدا ہونا۔
ظَهَرَ الجَبَلَ: چڑھنا۔
ظَهَرَ عَلَيْهِ: غالب آنا۔
ظَهَّرَ تَظْهِيراً: بیک کرنا، پیچھے ہٹانا۔
ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً: معاونت کرنا (۲) اظہار کرنا، نمائش کرنا۔
أَظْهَرَ إِظْهَاراً: ظاہر کرنا، واضح کرنا، نکالنا، سامنے لانا، شائع کرنا۔
أَظْهَرَ التَّمَنُّعَ: انکار کرنا۔
تَظَاهَرَ بالأمْرِ: اظہار کرنا۔
تَظَاهَرَ القَوْمُ: باہم تعاون کرنا۔
تَظَاهَرَ بالشَّيْءِ: کسی بات کا دعویٰ کرنا۔
تَظَاهَرُوا: مظاہرہ کرنا۔
إِسْتَظْهَرَ على: فتح حاصل کرنا، غالب آنا۔
اسْتَظْهَرَ به: مدد چاہنا۔
اسْتَظْهَرَ الدَّرْسَ: سبق محفوظ کرلینا، دوہرانا۔
ظَهْر: پیٹھ، پشت، بالائی حصہ ج: اَظْهُر و ظُهُور۔
ظَهْراً لِبَطْنٍ: الٹا، اوندھا۔
بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِم: ان کے درمیان۔
ظُهْر: دوپہر ج: اَظْهَار۔
بَعْدَ الظُّهْر: سہ پہر۔
ظِهَارَة: (ضد: بِطَانَة) اوپر کا کپڑا، ابرہ۔

ظُهُور: نمائش، وضاحت، اُبھار۔
حُبُّ الظُّهُور: خودنمائی۔
ظَهِير: مددگار ج: ظُهَرَاءُ۔
ظَهِيرَة: دوپہر ج: ظَهَائِرُ۔
ظَاهِر: واضح، نمایاں، آشکارا (۲) ظاہری، اوپری، بیرونی (ضد: حَقِيقِيّ و ضد: دَاخِل أو بَاطِن)۔
ظَاهِرُ الْبَلَد: نواحِ شہر۔
ظَاهِرَة: منظر، صورت، مظہر، صورت حال ج: ظَوَاهِرُ۔
ظَاهِرَةٌ جَوِّيَّة: فضائی مظہر، فضائی حالت، فضائی صورت حال۔
ظَاهِرَةٌ عِلْمِيَّةٌ أو طَبِيعِيَّة: وہ شے جس کا علم بالبداہت ہو۔
ظَاهِرَةٌ عَالَمِيَّة: عالمی صورتِ حال۔
ظَوَاهِرُ طَبِيعِيَّة: قدرتی، مظاہر۔
إظْهَار: انکشاف، اعلان۔
تَظَاهُرَة: مظاہرہ، جلوس (۲) نمائش ج: تَظَاهُرَات۔
تَظَاهُرَاتٌ جَمَاهِيرِيَّة: عوامی مظاہرے۔

مَظْهَر: صورت، منظر، روپ، روئے کار، شکل، ظاہر شے ج: مَظَاهِرُ۔
مَظْهَرٌ خَارِجِيّ: فرنٹ، چہرہ۔
الْمَظْهَرُ الْعَام: گیٹ اَپ، ظاہری منظر۔
مَظْهَر: شو۔
الْمَظَاهِرُ الْجَوْفَاءُ: بے حقیقت شکلیں، مناظر، ٹیپ ٹاپ، کھوکھلے مظاہرے۔
مَظَاهِرُ الْحَيَاة: زندگی کے نقوش، مناظر۔
الْمَظَاهِرُ الْخَلَّابَة: دلکش مناظر۔
مَظَاهِرُ صَاخِبَة: زبردست مظاہرے۔
مَظَاهِرُ عِدَائِيَّة: دشمنانہ مظاہرے، جارحانہ مظاہرے، معاندانہ مظاہرے۔
مُظَاهَرَة: معاونت (۲) نمائش (۳) احتجاجی جلوس، مظاہرہ۔
مُظَاهَرَةٌ ضَخْمَة: بھاری مظاہرہ۔
مُظَاهَرَةٌ مُعَادِيَةٌ لِلْحُكُومَة: حکومت مخالف مظاہرہ۔
الْقِيَامُ بِالْمُظَاهَرَة: مظاہرہ کرنا۔
الْمُتَظَاهِرُ: مظاہرہ کنندہ۔

ع

ع.........ب

عَبَأَ الجَيْشَ تَعْبِئَةً: فوج تیار کرنا، بھرتی کرنا (۲) تیار کرنا۔

عَبَأَ الشَّيْءَ: بھرنا (۲) پیک کرنا، یکجا کرنا۔

لَا أَعْبَأُ بِهِ: میں اس کی پرواہ نہیں کرتا، کسی شمار میں نہیں لاتا۔

لَا يُعْبَأُ بِهِ: ناقابل اعتناء۔

عِبْءٌ ج: أَعْبَاءٌ: بوجھ، ذمہ داری، وزن، لوڈ، چارج۔

عِبْءُ الإِثْبَاتِ: ثبوت کی ذمہ داری۔

أَعْبَاءٌ عَائِلِيَّةٌ: خانگی ذمہ داریاں۔

عَبَاءَةُ البَرْدِ: گون۔

عُبْوَةٌ: پیکنگ، پیکٹ۔

عُبْوَةٌ نَاسِفَةٌ: آتشگیر غبارہ۔

تَعْبِئَةٌ: بھرتی، پیکنگ، تیاری۔

تَعْبِئَةُ الأَجْوَاءِ ضِدَّ فُلَانٍ: کسی کے خلاف فضا کو تیار کرنا، استعمال کرنا۔

تَعْبِئَةُ الجَمَاهِيرِ: عوام کو تیار کرنا، اکسانا۔

تَعْبِئَةُ الجُهُودِ: کوششیں یکجا کرنا۔

تَعْبِئَةُ الشَّعْبِ: عوام کا ذہن بنانا، پبلک کی ذہن سازی کرنا۔

تَعْبِئَةُ الشُّعُورِ: جذبہ پیدا کرنا۔

التَّعْبِئَةُ الصِّنَاعِيَّةُ: صنعتی تیاری۔

تَعْبِئَةُ الضَّغْطِ: دباؤ ڈالنا۔

تَعْبِئَةُ الطَّاقَاتِ: صلاحیتوں کو کام میں لانا، یکجا کرنا۔

التَّعْبِئَةُ العَامَّةُ: (فوج میں) عام بھرتی۔

تَعْبِئَةُ القُوَى: طاقتوں کو یکجا کرنا۔

مُعَبَّأٌ فِي صَفَائِحَ: ٹن میں پیک۔

مُعَبَّأٌ فِي عُلْبَةٍ: ٹن میں پیک، ڈبے میں بند۔

مُعَبِّئٌ: پیکر، پیک کرنے والا۔

عُبَابٌ: (۱) پانی کی لہر، دست موج (۲) موج، تیز دھارا۔

عَبَثَ ـــ عَبْثًا: ملانا، خلط ملط کرنا۔

عَبِثَ ـــ عَبَثًا: کھیلنا، کھیل بنانا، بے فائدہ، مذاق کرنا۔

عَبَثٌ: کھیل (۲) باطل (۳) لغویات (۴) مذاق۔

عَبَثًا: بے فائدہ (فَعَلَ ذٰلِكَ عَبَثًا)۔

عَبَدَ اللّٰهَ ـــُ عِبَادَةً: پرستش کرنا، بندگی کرنا۔

عَبَدَ الشیْءَ و بہ ـ عَبَداً: لازم ہونا۔
عَبَّدَہ و اسْتَعْبَدَہ: غلام بنانا۔
عَبَّدَ الطَّرِیقَ: راستہ ہموار کرنا۔
تَعَبَّدَ: عبادت گزار بننا۔
عَبْدٌ ج: عِبَاد: بندہ، انسان آزاد ہو یا غلام۔
عَبْدُ المَطَالِب: خواہشات کا بندہ۔
عَبْدٌ ج: عَبِید: غلام محکوم (ضد حُرّ)۔
عِبَادَة: پوجا، پرستش، بندگی۔
عِبَادَةُ الاَوْثَان: بت پرستی۔
عِبَادَةُ النَّار: آتش پرستی۔
عِبَادَةُ النُّجُوم: ستارہ پرستی۔
عَابِد ج: عُبَّاد: عبادت گزار۔
عُبُودِیَّة، عُبُودَة: بندگی، غلامی، محکومی۔
اِستِعبَاد: غلامی، غلام گردی۔
مَعْبَد: عبادت گاہ، جائے عبادت ج: مَعَابِدُ۔
مُعَبَّد: ہموار، درست کیا ہوا۔
عَبَرَ ـ عَبْراً و عُبُوراً: پار کرنا، گزرنا۔
عَبَرَتْ عَیْنُہُ: آنکھ میں آنسو آنا۔
عَبَّرَ تَعْبِیراً: بیان کرنا، تعبیر کرنا، تشریح کرنا (۲) وزن کرنا۔
عَبَّرَ عَمَّا فی نَفْسِہِ اَو ضَمِیرِہ: اظہار مافی الضمیر کرنا۔
اِعْتَبَرَ الشیْءَ اِعْتِبَاراً: شمار کرنا، شمار میں لانا (۲) جانچنا (۳) خیال کرنا۔
اِعْتَبَرَ الرَّجُلَ: حیثیت دینا، نظر میں لانا، اعزاز کرنا، اہمیت دینا، اعتبار کرنا، قدر کرنا۔
اِعْتَبَرَ بـہ: نصیحت حاصل کرنا، سبق حاصل کرنا۔
عَبْرَ کذا: فلاں چیز کے پار، فلاں سے پہلے، پس پردہ، آڑ میں، اندر، درمیان، ذیل میں، اس کے دوران، ذریعہ۔
عَبْرَ الاَجْیَال: صدیوں سے۔
عَبْرَ البَحْر: سمندروں میں، سمندر پار۔
عَبْرَ التَّارِیخ: تاریخ کے دوران، تاریخ میں۔
عَبْرَ الجِسْر: پل کے پار۔
عَبْرَ القُرُون: تاریخ کے دوران، تاریخ میں۔
عَبْرَ المُحِیطَات: سمندروں میں یا پار۔
عَبْرَ وَسَائِلِ الاِعْلَام: ذرائع ابلاغ کی راہ سے۔
عَبْرَة: آنسو ج: عَبَرَات۔
عِبْرَة: نصیحت، مثال جسے دیکھ کر یا سن کر انسان اس جیسے کا ارتکاب نہ کرے ج: عِبَر۔
عِبْرِیّ: عبرت آمیز، رقت آمیز۔
عِبَارَة: تعبیر، شرح، تفصیل، وضاحت، طرز ادا، اسلوب بیان، پیراگراف، الفاظ، مضمون خط وغیرہ ج: عِبَارَات۔
عِبَارَةٌ عَنْ کذا: وہ یہ ہے، وہ نام اس چیز کا ہے، اس کا مطلب یہ ہے، کسی چیز کی مراد۔
عِبَارَةٌ مَحْمُومَة: پر جوش الفاظ۔
عِبَارَةٌ مَشْطُوبَةٌ او مَحْذُوفَة: کینسل شدہ عبارت۔
عِبَارَةٌ لَاذِعَة: سخت الفاظ، تکلیف دہ عبارت۔
عَبِیر: خوشبو۔
عُبُور: کراسنگ۔
عَابِرٌ: گزرنے والا، زائل ہونے والا (۲) سرسری، طائرانہ (۳) چلتا ہوا۔

عابِرُ السَّبِیْل: باخبر، مسافر، آتا جاتا، راہ گیر۔
عائِرَةُ مُحِیْطات: گہرے سمندروں میں چلنے والا جہاز۔
نَظْرَةٌ عابِرَة: اچٹتی ہوئی نگاہ، طائرانہ نظر۔
اِعْتِبَار: حیثیت، درجہ (۲) حال (۳) احترام شان (۴) شمار، اہمیت (۵) اثر، دخل۔
اِعْتِبَارَات: مخصوص حالات، مفروضات، قدریں۔
اعْتِبَارَاتٌ اِنْسَانِیَّة: انسانی قدریں۔
یَسْتَحِقُّ الاِعْتِبَار: قابلِ اعتناء، لائقِ احترام۔
بِهٰذَا الاِعْتِبَار: اس لحاظ سے۔
تَعْبِیْر: بیان، اظہار، محاورہ، ترجمانی ج: تَعْبِیْرَات۔
التَّعْبِیْرُ عَنِ الْأَفْکَار: اظہارِ خیال۔
التَّعْبِیْرُ عَنْ صَدَاقَة: دوستی کا اظہار۔
التَّعْبِیْرُ عَنْ عَمِیْقِ الفَرْحَة: انتہائی خوشی کا اظہار۔
بِتَعْبِیْرٍ آخَر: بالفاظِ دیگر۔
مُعْتَبَر: باحیثیت۔
مِعْبَرَة: چھوٹی کشتی ج: مَعَابِر۔
عَبَسَ ـِ عَبْساً و عُبُوْساً: ترش رو ہونا، منہ بگاڑنا۔
عَبَّسَ و عَبَسَ الوَجْهُ: چہرہ پر شکن پڑنا۔
عَبْس، عُبُوْس، عُبُوْسَة: ترش روئی (۲) اُداسی۔
عَبُوْس، عَابِس: (۱) ضد مُتَبَسِّم ترش رو (۲) اُداس۔
عَبْقَر: مسکنِ جنات۔
عَبْقَرِیّ: باکمال، بے مثال (۲) شاہکار، انتہائی بڑا آدمی، جینیس۔
العَبْقَرِیُّ المُلْهَم: خداداد صلاحیتوں کا مالک۔
عَبْقَرِیَّة: کمال، فطری، قابلیت۔

ع............ت

عَتَبَه ـُ عَتْباً و عَاتَبَه: ملامت کرنا، اظہارِ ناراضگی کرنا، فہمائش کرنا۔
عَتْب، عِتَاب: ملامت، ناراضگی۔
عَتَبَةُ البَاب: (العُلْیَا و السُّفْلَی) (۱) سردل (۲) چوکھٹ (۳) آستانہ ج: عَتَب و عَتَبَات۔
عَتَبَةُ شَیْخٍ و ضَرِیْحِه: آستانہ، درگاہ۔
عَتُدَ ـُ عَتَاداً و عَتَادَةً: تیار ہونا۔
عَتَاد: سامان جو کسی خاص مقصد کے لئے تیار کیا گیا ہو، سازوسامان ج: اَعْتِدَة و عُتُد۔
عَتَادٌ عَسْکَرِیّ: فوجی سامان۔
عَتِید: موجود، تیار۔
عَتَقَ ـُ عِتْقاً و عُتِقَ ـُ عَتَاقَةً: پرانا ہونا۔
عَتَقَ و اَعْتَقَ: آزاد کرنا۔
عِتْق: آزادی (۲) قدامت۔
عَتِیْق: پرانا، قدیم۔
عَتِیْق، مَعْتُوق و مُعْتَق: آزاد۔
عَتِیْقَة: شراب۔
عَاتِق: کندھا ج: عَوَاتِق و عُتُق۔
عَاتِق و مُعْتِق: آزاد کرنے والا۔

أَخَذَ عَلَى عَاتِقِه: ذمہ لینا۔
أَلْقَى عَلَى عَاتِقِهِ: ذمہ داری ڈالنا۔
خَمْرٌ عَتِيقَةٌ: شراب کہنہ۔
عَتَلَ ـُ عَتْلاً: اٹھانا، کھینچنا۔
عَتَلَةٌ: ہاتھ کی دو پہیوں کی گاڑی جس پر قلی سامان اٹھاتے ہیں ج: عَتَل۔
عَتَّال: حمال، قلی۔
عَتَمَ ـِ عَتْماً و عَتَّمَ و أَعْتَمَ: تاخیر کرنا (۲) رات کا ایک حصہ گزرنا۔
عَتَّمَ تَعْتِيماً: تاریک ہونا۔
عَتَمَة: تاریکی۔
مُعْتِم: تاریک۔
عَتِهَ و عُتِهَ ـَ عَتَهاً: کم عقل ہونا، ناسمجھ ہونا۔
مَعْتُوه: ناسمجھ، کم عقل۔
عَتَا ـُ عُتُوّاً: سرکشی کرنا، بڑائی کرنا، حد سے بڑھنا۔
تَعَتَّى: نافرمانی کرنا۔
عَاتٍ: سرکش، مغرور (۲) سخت، تیز و تند۔
لَيْلٌ عَاتٍ: تاریک رات۔
عُتُوّ و عُتِيّ: بڑائی، سرکشی۔

ع .... ث

عُثّ: ایک کیڑا جو اونی کپڑے وغیرہ کو کھالیتا ہے و: عُثَّة۔
عَثَّتِ العُثَّةُ الصُّوفَ: کیڑا لگنا۔
مَعْثُوث: کیڑا لگا ہوا، کرم خوردہ۔
عَثَرَ ـُ عَثْراً و عِثَاراً: ٹھوکر کھانا، پیر پھسلنا، گرنا، لغزش ہونا۔
عَثَرَ عَلَى الشَّيْءِ ـُ عَثْراً و عُثُوراً: مطلع ہونا، واقف ہونا، پتہ چلنا (۲) اتفاقاً پانا۔
عَثَرَ جَدُّه: قسمت خراب ہونا۔
عَثَّرَ و أَعْثَرَ: ٹھوکر لگوانا، گرانا، لغزش کرانا۔
أَعْثَرَهُ عَلَى كَذَا: بتانا، پتہ دینا، مطلع کرنا۔
عَثْرَة: لغزش، ٹھوکر، غلطی ج: عَثَرَات۔
حَجَرُ عَثْرَةٍ: راہ کا روڑا، رکاوٹ۔
تَعَثُّر: لغزش، ٹھوکر، غلطی۔
تَعَثُّرُ الاجْتِمَاعِ: اجتماع کی ناکامی۔
تَعَثُّرُ المُحَاوَلَاتِ: کوششیں ناکام ہونا۔
عَاثِر: غلط، برا، بے مراد۔
حَظٌّ عَاثِرٌ: پھوٹی تقدیر، برا نصیب۔

ع .... ج

عَجِبَ ـَ عَجَباً: تعجب کرنا۔
أَعْجَبَ و عَجَّبَ: حیرت میں ڈالنا (۲) خوش کرنا، راضی کرنا۔
أَعْجَبَه كَذَا: پسند آنا، اسے یہ چیز پسند آئی۔
أُعْجِبَ بِالشَّيْءِ: پسند کرنا، دلدادہ ہونا، حیرت اور استحسان کی نظروں سے دیکھنا۔
أُعْجِبَ بِنَفْسِه: خود پسند ہونا، اپنے اوپر ناز کرنا، تکبر کرنا، اترانا۔
عُجْب: خود پسندی، اتراہٹ، بڑائی۔
عَجِيب، عُجَاب: حیرتناک، قابل تعجب۔
عَجِيبَة: انوکھی بات ج: عَجَائِب۔
أُعْجُوبَة: حیرت انگیز نمونہ ج: أَعَاجِيب۔
أُعْجُوبَةٌ مِعْمَارِيَّةٌ: فن تعمیر کا حیرت انگیز نمونہ، شاہکار۔

مُعْجِب: قابلِ تعجب، حیرت انگیز۔
مُعْجَبٌ بِذاتِہٖ: خود پسند۔
مُعْجَبٌ بِکَذا: عاشق، دلدادہ، نازاں۔
عَجَّجَ الغُبارَ: گرد اڑانا۔
عَجَّجَ البَیْتَ مِنَ الدُّخان: گھر کو دھویں سے بھرنا۔
عَجَّ ـِ عَجّاً و عَجِیْجاً: چیخنا، آواز بلند کرنا۔
عَجَّ المَکانُ بِکَذا: بھر جانا، ہجوم ہونا، ٹھٹ لگ جانا۔
عَجٌّ، عَجِیْجٌ: شور وغل، چیخ و پکار۔
عُجَّةُ البَیْضِ: آملیٹ۔
عَجاجٌ، عَجاجَةٌ: دھواں، گرد۔
عَجّاجٌ: ہنگامہ خیز، انتہائی شور کرنے والا۔
عَجَزَ ـِ عَجْزاً: قادر نہ ہونا، زچ ہونا، قاصر رہنا، تنگ آنا۔
عَجَزَ عَنْ إِتْمامِ شَیْئٍ: فیل ہونا، ناکام ہونا۔
عَجَّزَ و أَعْجَزَ: عاجز بنانا، ناقص بنانا۔
عَجَزَ ـُ عُجُوزاً: بوڑھا ہونا۔
عَجْزٌ: خامی، خرابی، کمی، نقصان، مجبوری، شارٹیج، بے بسی، معذوری، کمزوری، کوتاہی۔
عَجْزٌ غِذائِیٌ: غذائی کمی۔
عَجْزٌ فی التَّسْلِیْم: خوالگی سامان میں کمی۔
عَجْزٌ فی المِیْزانِیَّة: بجٹ میں کمی، خسارہ۔
عَجْزُ المِیْزان: عدمِ توازن۔
عَجْزُ مِیْزانِ القُوَی: طاقت کا عدمِ توازن۔
عَجْزُ المِیْزانِیَّة: بجٹ کا خسارہ، کمی۔
عَجُزٌ و عَجْزٌ: ہر چیز کا پچھلا حصہ، سرین ج: أَعْجاز۔

عَجْزٌ، عُجُوزٌ: پیرانہ سالی۔
عِجازَة: مصنوعی سرین۔
عَجُوْزٌ: بوڑھی عورت ج: عَجائِزُ (۲) بوڑھا مرد ج: عُجُزٌ۔
عَجُوْزَة: (۱) بوڑھی عورت۔
عاجِزٌ: کمزور، بے بس، ناقص، کوتاہی، قاصر، ناکام، نامکمل، اپاہج، معذور، مجبور ج: عَجَزَة۔
عاجِزٌ عَنْ: فیل، بے بس۔
عاجِزٌ عَنِ الدَّفْع: ادائیگی سے معذور۔
عاجِزٌ عَنِ العَمَل: کام سے معذور۔
مُعْجِزَة: عجیب وغریب چیز، مافوق العادت چیز، خرقِ عادت۔
عَجَفَ نَفْسَہ عَنْ ـُ عَجْفاً: باز رکھنا۔
عَجَّفَ و أَعْجَفَ الدّابَّةَ: کمزور بنانا۔
عَجُفَ ـُ عَجَفاً: کمزور دبلا ہونا۔
عَجِیْف: کمزور، دبلا۔
عَجَّلَ تَعْجِیْلاً و عَجِلَ ـَ عَجَلاً و تَعَجَّلَ و اسْتَعْجَلَ: جلدی کرنا۔
عَجَّلَ و اسْتَعْجَلَ: تیز کرنا، دوڑانا۔
عَجَّلَ الأَمْرَ: کسی کام کو عجلت سے کرنا۔
عَجَّلَ لَہُ مِنَ الثَّمَنِ کَذا: قیمت کا کچھ حصہ پیشگی ادا کرنا۔
التَّعَجُّلُ: عجلت پسندی، جلد بازی۔
مُعاجَلَة: کسی پر سبقت کرنا۔
عَجِلٌ: عجلت پسند، تیز، تیز رفتار۔
عِجْلٌ: بچھڑا، کٹڑا، گائے بھینس کا بچہ۔
عِجْلَة: بچھڑی، کٹڑی ج: عِجَل و عِجال۔

عِجْلُ البَحْر: سمندری گائے۔
عَجَل، عَجَلَة: جلد بازی، تیزی۔
عَجَلَة: (۱) پہیہ (۲) گاڑی ج: عَجَلات
عَلَى عَجَلٍ: جلد، تیز رفتاری سے، پھرتی سے۔
عُجْلَة: ماحضر، وہ کھانا جو موجود ہو۔
عَجُوْل: جلد باز، عجلت پسند۔
عَجُوْل و عَجِيْل: تیز رفتار۔
عَاجِل (ضد آجِلٌ) فوری، بلاتاخیر ہونے والی چیز، ہنگامی۔
عَاجِلاً: جلد، ابھی، فوری، جلدی۔
عَاجِلاً أوْ آجِلاً: جلد یا بدیر۔
عَاجِلَة: ایکسپریس گاڑی۔
مُعَجَّل، مُسْتَعْجَل: فوری انجام پانے والا، ہنگامی، ارجنٹ۔
مُعَجَّل: (۲) ضد مُؤَجَّل: ایڈوانس، پیشگی، فی الوقت، بلاتاخیر۔
مُسْتَعْجَل: تیز رفتار۔
مُسْتَعْجِلَة: (دا) سست رفتار گاڑی (ضد: عَاجِلَة)۔
طَرِيْق مُسْتَعْجَلَة: شارٹ کٹ، مختصر راستہ۔
عَجَمَهُ و عَجَمَ عُجُوْمًا عَجْمًا: آزمانا، جانچنا۔
أَعْجَمَ إِعْجَامًا: وضاحت کرنا، ابہام رفع کرنا (۲) نقطے لگانا۔
قُدْرَةُ المَحَطَّةِ: اسٹیشن کی صلاحیت، پاور۔
قُدْرَةٌ هُجُوْمِيَّةٌ: اقدامی صلاحیت، حملہ کی طاقت۔
قُدُرَاتٌ: صلاحیتیں، توانائیاں۔
قُدُرَاتٌ خَلَّاقَةٌ: تخلیقی صلاحیتیں۔
قُدُرَاتٌ نَوَوِيَّةٌ: ایٹمی توانائیاں۔
قَدِيْرٌ: باصلاحیت، ماہرفن، عبور یافتہ۔
اقْتِدَار: طاقت، قدرت (۲) لیاقت۔
تَقْدِيْر: اندازہ، تخمینہ، اسٹیمیٹ (۲) اہمیت، معیار (۳) خیال، نشانہ (۴) خراجِ عقیدت، خراجِ تحسین۔
تَقْدِيْرُ الإيْرَادَاتِ: حسابِ آمدنی، تخمینۂ آمدنی۔
تَقْدِيْرٌ تَعَسُّفِيٌّ: غیر منصفانہ تخمینہ۔
التَّقْدِيْرُ الخَاطِئُ: غلط اندازہ۔
تَقْدِيْرٌ صَادِقٌ: صحیح قدردانی، صحیح اندازہ۔
تَقْدِيْرُ العَقَارِ: زمین کا تخمینہ۔
يَسْتَحِقُّ التَّقْدِيْرَ: واجب الاحترام۔
تَقْدِيْرِيٌّ: قیاسی، تخمینی، خیالی، فرضی۔
تَقْدِيْرًا: بطورِ فرض۔
تَقْدِيْرَاتٌ: اندازے، تخمینے، معیار۔
تَقْدِيْرَاتُ التَّخْطِيْطِ: پلاننگ

اسٹیمپ، منصوبہ بندی کے نشانے۔
تَقْدِيْرَاتُ مِيْزَانِيَّة: بجٹ نشانے۔
مُقَدَّر: پوشیدہ، فرض کیا ہوا، مقبول۔
مُقَدَّرٌ بِكَذَا: اتنی قیمت کا، اتنا تخمینہ لگایا ہوا۔
مُقَدِّر: تخمینہ لگانے والا۔
مُقَدِّرُ الأَثْمَان: قیمتیں لگانے والا۔
مَقْدِرَة: صلاحیت، طاقت، ہمت، سکت ج: مَقْدِرَات۔
المَقْدِرَةُ التَّخْطِيْطِيَّة: پلاننگ کی صلاحیت۔
المَقْدِرَةُ عَلَى الشِّرَاء: ڈیمانڈ، قوتِ خرید۔
مَقْدُوْر: اختیار، طاقت، گنجائش۔
مِقْدَار: مقدار، سائز، درجہ، حیثیت، قیمت، اندازہ ج: مَقَادِيْر۔
المِقْدَارُ الأَكْبَر: مجارٹی، اکثریت۔
المِقْدَارُ الكَافِي: ضروری مقدار، کورم۔
مِقْدَارٌ مِنَ السِّلَعِ المُشْتَرَاة: آرڈر کا مال۔
بِمِقْدَارٍ مَّا: کسی بھی مقدار میں، کتنا ہی۔
قَدُسَ ۔ قَدَاسَةً: پاک ہونا (۲) بابرکت ہونا (۳) لائق تعظیم ہونا۔
قَدَّسَ: تعظیم کرنا (۲) پاک ومقدس بنانا۔
قُدْس: پاک جگہ۔
القُدْس: بیت المقدس (شہر)۔
قُدُس: پاک (۲) پاکی۔
رُوْحُ القُدُس: پاک روح، مراد حضرت جبرئیل۔

قَدَاسَة: پاکی (۲) عظمت، بزرگی، احترام (۳) برکت۔
قُدَّاس: عیسائیوں کی نماز۔
قُدُّوْس، قِدِّيْس: پاک، طاہر۔
القُدُّوْس: ذاتِ باری جو جملہ نقائص سے پاک ہے۔
قِدِّيْس: عیسائیوں کا ولی، بزرگ، قابل احترام۔
تَقْدِيْسُ الإِنْسَانِيَّة: احترامِ انسانیت۔
قَدِمَ ۔ قُدُوْماً: آنا (۲) لوٹنا۔
قَدُمَ ۔ قَدَامَةً: پرانا ہونا۔
قَدَّمَ تَقْدِيْماً: پرانا کرنا (۲) آگے کرنا (۳) پیش کرنا (۴) ذکر کرنا (۵) آگے بڑھانا، ترقی دینا (۶) لانا (۷) دینا (۸) پیشکش کرنا۔
___ الثَّمَنَ: پیشگی قیمت دینا۔
___ السَّاعَةَ: گھڑی تیز کرنا۔
___ الاِحْتِجَاجَ إِلَى: احتجاج کرنا۔
___ الاِسْتِقَالَةَ إِلَى: استعفا دینا، استعفا پیش کرنا۔
___ أَغْلَى التَّضْحِيَاتِ: زبردست قربانیاں دینا۔
___ عَرْضاً: آفر کرنا، پیشکش کرنا۔
___ الكِتَابَ بِمُقَدِّمَةٍ: کتاب پر مقدمہ لکھنا۔
___ لَهُ وَإِلَيْهِ التَّسْهِيْلَاتِ: آسانیاں بہم پہنچانا۔
الوَفْدُ البَحْثَ إِلَى الاِجْتِمَاع: وفد نے جلسہ میں تحقیقی مقالہ پیش کیا۔

___ عَرِيضَةً إِلَى: پٹیشن داخل کرنا۔
قَدَّمَ فَاتُورَةً إِلَى: بل پیش کرنا۔
___ فُلَاناً لِفُلَانٍ: کسی کا کسی سے تعارف کرانا۔
___ لَائِحَةَ الاتِّهَامِ: چارج شیٹ پیش کرنا، لگانا۔
___ المُقْتَرَحَاتِ: تجاویز پیش کرنا۔
___ المِيزَانِيَّةَ: بجٹ پیش کرنا۔
___ الوَقْتَ سَاعَةً: وقت کو ایک گھنٹہ مقدم کرنا۔
___ الهَدِيَّةَ التَّذْكَارِيَّةَ إِلَى أَحَدٍ: یادگاری ہدیہ دینا۔
___ الاسْتِقَالَةَ احْتِجَاجاً على كذا: بطورِ احتجاج استعفاء دینا۔
___ التَّقْرِيرَ عَنِ النَّتَائِجِ: نتائج کی رپورٹ دینا۔
___ التَّنَازُلَاتِ: رعایتیں دینا۔
___ التَّوْصِيَاتِ إِلَى: سفارشات پیش کرنا۔
___ الدَّعْمَ والعَوْنَ لِفُلَانٍ: امداد وتعاون پیش کرنا۔
___ شَكْوَى: شکایت کرنا۔
___ شِيكاً لِلدَّفْعِ: ادائگی کے لئے چیک دینا۔
قَدَّمَ الضَّمَانَاتِ: گارنٹی دینا۔
___ العَرْضَ: پیش کش کرنا۔
أَقْدَمَ عَلَى: اقدام کرنا (۲) ہمت کرنا (۳) شروع کرنا، کام کرنے کے لئے تیار ہونا۔
أَقْدَمَ عَلَى وَظِيفَةٍ: ملازمت کی درخواست دینا۔
تَقَدَّمَ: آگے بڑھنا (۲) ترقی کرنا (۳) جاری رہنا (۴) بہتر ہونا (۵) کامیاب ہونا (۶) اُبھرنا۔
تَقَدَّمَ عَلَيْهِ: کسی پر فوقیت لے جانا۔
تَقَدَّمَ بَيْنَ يَدَيْ: پیش ہونا۔
تَقَدَّمَ إِلَى المَحْكَمَةِ: عدالت میں جانا، عدالت سے رجوع کرنا۔
تَقَدَّمَ إِلَى الاِخْتِبَارِ: امتحان میں بیٹھنا۔
تَقَدَّمَ بِشيءٍ: پیش کرنا۔
تَقَدَّمَ بِالإِبْلَاغِ إِلَى الشُّرْطَةِ: پولیس میں رپورٹ کرنا۔
اِسْتَقْدَمَ: طلب کرنا، بلوانا، حاضر کرنا۔
قَدَم: پیر (۲) ڈگ (۳) فٹ ج: أَقْدَام۔
قَدَمٌ مُرَبَّعٌ: مربع فٹ۔
عَلَى قَدَمِ المُسَاوَاةِ: برابری کے طور پر۔
قَدَمَةُ العَمُودِ: ستون کا پایہ، نچلا حصہ۔
قَدَمِيَّة: ڈاکٹر وغیرہ کی فیس، فیس چارج (۲) پیدل۔
قِدَم: قدامت (ضد حداثة)۔
مُنْذُ القِدَمِ: قدیم زمانہ سے۔
قُدَّام: سامنے، آگے (۲) پہلے۔
قُدُوم: آمد۔
القُدُومُ والعَوْدَةُ: آمد ورفت۔
قَدُوم: بسولہ۔
قَدِيماً: پرانے زمانہ میں یا زمانہ سے۔
قَادِم: آئندہ، آنے والا۔
أَقْدَم: بہت پرانا۔

اَقْدَمُ مَرْكَزاً أو مَقاماً: سینیر۔
اَقْدَمُ عُضْوٍ في كذا: سب سے پرانا ممبر، قدیم ترین ممبر۔
الاَقْدَمِيَّة: سینیارٹی، تقدم۔
الاَقْدَمِيَّةُ العَسْكَرِيَّة: فوجی برتری۔
تَقَدُّم: ترقی، پیش قدمی، پیش رفت (۲) پہل (۳) مارچ۔
تَقَدُّمٌ اِجْتِمَاعِيّ: معاشرتی ترقی۔
تَقَدُّمٌ اِقْتِصَادِيّ: اقتصادی ترقی۔
تَقَدُّمٌ فَنِّيّ: ٹیکنیکل ترقی۔
تَقَدُّمِيّ: ترقی پسند، فارورڈ۔
تَقْدِمَة: پیش کش (۲) نذرانہ، ہدیہ۔
تَقْدِيم: پیش کش (۲) تعارف (۳) انٹروڈکشن۔
مَقْدِم: آمد۔
مَقْدِمُ الاِشْتِرَاكِيَّة: سوشلزم کا ظہور۔
مَقْدِمُ الرَّأْسِمَالِيَّة: سرمایہ داری کا ظہور۔
مُقَدَّم: اگلا حصہ، فرنٹ۔
مُقَدَّماً: پیشگی، ایڈوانس۔
مُقَدَّم: لفٹیننٹ کرنل (ایک فوجی عہدہ)۔
مُقَدَّمُ عُمَّال: اُورسیر (۲) فورمین۔
مُقَدِّمُ العَطَاء: ٹینڈر داخل کرنے والا، ٹینڈر دینے والا۔
مُقَدِّمُ الطَّلَب أو العَرِيضَة: درخواست دہندہ، درخواست گزار۔
مُقَدِّمَة: سامنے کا حصہ، پیشانی (۲) پیش خیمہ۔
مُقَدِّمَةُ الجَيْش: فوج کا پہلا دستہ۔

فِي مُقَدِّمَةِ كذا: آگے آگے، پیش پیش۔
مُقَدِّمَات: تمہیدات۔
مِقْدَام: جری، اقدام کرنے والا (۲) کامیاب (۳) ترقی یافتہ۔
مُتَقَدِّم: ترقی یافتہ (۲) کامیاب۔
مُتَقَدِّمٌ في العُمْر: عمر رسیدہ۔
المُتَقَدِّمُ ذِكْرُه: مذکورہ بالا۔
قُدْوَة: نمونہ۔

ق.........ذ

قَذِرَ ـَ قَذَارَةً: گندا ہونا۔
قَذَّرَ تَقْذِيراً: گندا کرنا۔
قَذَارَة: گندگی۔
قَذِر: گندہ، ناپاک، آلودہ۔
قَاذُورَة: گندگی، کوڑا کرکٹ ج: قَاذُورَات۔
قَذَفَ ـِ قَذْفاً: پھینکنا (۲) نکالنا (۳) تہمت لگانا (۴) کشتی کھینا۔
___ القَنَابِلَ و بالقَنَابِل: بمباری کرنا۔
___ القُنْبُلَةَ الذَّرِّيَّة: ایٹم بم مارنا۔
___ القُوَّاتِ: فوجوں پر بمباری کرنا۔
___ النَّار: آگ برسانا۔
___ القُوَّاتِ إلَى: فوجیں بھیجنا۔
___ الكُرَةَ نَحْوَ الهَدَف: شوٹ کرنا۔
تَقَاذَفُوا الشَّتَائِم: باہمی گالی گلوچ کرنا۔
تَقَاذَفَتْهُ الاَمْوَاجُ: موجوں کا اچھالنا۔
قَذْف: گولہ باری۔
قَذْفُ الحِجَارَة: سنگ باری، پتھراؤ۔
قَذْفُ القَنَابِل: بمباری۔

قَذِیْفَة ج: قَذَائِف: گوپیا، گولہ۔
قَذِیْفَةٌ مِدْفَعِیَّة: توپ کا گولہ۔
قَذِیْفَةٌ نَارِیَّة: بم، گولہ، پٹاخہ۔
قَذِیْفَةُ الیَد: دستی گولہ۔
قَاذِفَاف: بمبار جہاز۔
قَاذِفَاتٌ بَعِیْدَةُ المَدٰی: دورمار بمبار جہاز۔
قَوَاذِفُ مُضَادَّةٌ لِلدَّبَّابَات: ٹینک شکن راکٹ۔
مَقْذُوْفَات: گولے۔
مَقْذُوْفَاتُ البُرْکَان: آتشیں مادہ جو پہاڑ سے نکلتا ہے۔
قَذِیَ و اَقْذَی عَیْنَہ: آنکھ میں کنک ڈالنا (۲) تکلیف پہنچانا۔
قَذًی، قَذَاة: آنکھ کی کنک۔

ق............ر

قَرَأَ ـَــ قِرَاءَةً: پڑھنا، تلاوت کرنا۔
___ عَلَیْہِ الدَّرْسَ: کسی سے سبق پڑھنا۔
___ العِلْمَ علی: کس سے علم حاصل کرنا۔
___ بِبُطْءٍ: آہستہ پڑھنا۔
اَقْرَأَہٗ و قَرَّأَ: پڑھانا۔
اِسْتَقْرَأَ الاَمْرَ: تحقیق کرنا، چھان بین کرنا۔
اِسْتَقْرَأَہُ الکِتَاب: کتاب پڑھوانا۔
القِرَاءَةُ والکِتَابَةُ: پڑھائی لکھائی۔
مَقْرَأ: پڑھنے کا اسٹینڈ، ڈیسک۔
مَقْرُوْء، مَقْرِیّ: پڑھا ہوا (۲) پڑھا جانے والا (۳) واضح۔
___ ِ مَقْرُوْء: نہ پڑھا جا سکنے والا، مٹا ہوا۔

مُقْرِئ: پڑھانے والا (۲) قاری۔
قَرُبَ ـُــ قُرْبًا: نزدیک ہونا۔
قَرَّبَ: (۱) نزدیک کرنا (۲) قربانی پیش کرنا (۳) نیاز پیش کرنا۔
قَرَّبَ شُقَّةَ الخِلَاف: اختلافات کی خلیج کم کرنا۔
قَرَّبَ بَیْنَ وِجْهَتَي النَّظَر: نقطۂ نظر کے بُعد کو دور کرنا۔
قَارَبَہ: قریب ہونا۔
اِسْتَقْرَبَ: قریب سمجھنا (۲) قریبی راستہ اختیار کرنا۔
تَقَرَّبَ إِلَیْہِ: مقرب بننا (۲) خوشنودی حاصل کرنا۔
تَقَرَّبَ مِنَ المَسْئُوْلِیْن: ذمہ داران کا قرب حاصل کرنا۔
قُرْبَ کذا: آس پاس، اس کے قریب۔
بِقُرْبِ کذا، بالقُرْبِ مِنْ: قریب ہی تھوڑے فاصلہ پر۔
عَنْ قُرْبٍ: نزدیک ہوکر، قریب سے۔
قُرْبَان: نذرونیاز، قربانی، بھینٹ ج: قَرَابِیْن۔
قِرْبَة: مشکیزہ، مشک، صراحی ج: قِرَب۔
قِرَاب: میان، پستول کا کیس۔
قَرَابَة، قُرْبٰی: رشتہ، رشتہ داری، آپس داری۔
قَرَابَةَ کذا: تقریباً اتنا، اس کے قریب۔
قَرِیْب: نزدیک (۲) رشتہ دار ج: اَقْرِبَاء۔
قَرِیْبٌ مِنْ دَرَجَةٍ بَعِیْدَة: دور کا رشتہ دار۔
قَرِیْبُ العَهْد: نیا، قریبی زمانہ کا، حال ہی میں۔
فِي القَرِیْبِ العَاجِل: جلد ہی۔

قُرْبًا: جلدی، عنقریب (۲) کچھ عرصہ قبل۔
قَارِبٌ: چھوٹی کشتی، چھوٹا جہاز ج: قَوَارِب۔
قَارِبٌ دُخَانِيٌ: اسٹیمر۔
بِأَقْرَبِ سُرْعَةٍ مُمْكِنَةٍ: بعجلت ممکنہ۔
فِي أَقْرَبِ فُرْصَةٍ تَسْنَحُ لَكُمْ: قریب سے قریب وقت میں۔
مَقْرُبَة، مَقْرَب: قرب (۲) مختصر راستہ۔
مُقَارِب: اوسط درجہ کا، اچھا خاصا۔
مِقْرَاب: ٹیلسکوپ۔
قَرِحَ ــــ قَرْحًا و قَرَحًا و تَقَرَّحَ: زخم پڑنا، زخموں والا ہونا۔
قَرَحَ ــ قَرْحًا و قَرَّحَ: زخمی کرنا۔
اِقْتَرَحَ: (۱) فی البدیہہ کلام کرنا (۲) نئی بات نکالنا (۳) تجویز پیش کرنا۔
اِقْتَرَحَ عليه كذا و بكذا: کسی کے سامنے رائے یا تجویز رکھنا۔
اِقْتَرَحَ تَعْدِيلًا: ترمیم پیش کرنا۔
قَرِحٌ، مُتَقَرِّحٌ، مُقَرَّحٌ: زخموں والا، السر کا مریض۔
قُرْحَة: زخم ج: قُرُوح۔
قَرَاح، قَرِيح: صاف پانی۔
قَرِيحَة: عقل (۲) ذہن (۳) طبیعت ج: قَرَائِح۔
قَارِح: (۱) مکار، چالباز۔
اِقْتِرَاح: تجویز، نئی بات ج: اقْتِرَاحَات (۲) فی البدیہہ کلام
الاقْتِرَاحُ البَدِيل: متبادل قرارداد۔
اِقْتِرَاحُ تَعْدِيل: تجویز ترمیم۔

اِقْتِرَاحٌ لَمْ يُصَوَّتْ عليه بَعْدُ: اس تجویز پر ابھی تک رائے نہیں لی گئی۔
الاقْتِرَاحُ المُقَدَّمُ مِنْ فُلَانٍ: کسی کی طرف سے پیش کردہ تجویز۔
اِقْتِرَاحٌ مُضَادٌّ: مخالف تجویز۔
اِقْتِرَاحٌ مُوَافَقٌ عليه: پاس شدہ تجویز، ریزولیشن۔
مُقْتَرَح: تجویز، مجوزہ۔
مُقْتَرَحَات: تجاویز۔
قِرْدٌ: بندر ج: قُرُود و قِرَدَة۔
قُرَاد، قُرْد: چچڑی جو کتوں اور دوسرے جانوروں کے جسم میں پیدا ہو جاتی ہے۔
قَرَّاد، قُرْدَاتِي: بندر والا۔
قَرَّرَ تَقْرِيرًا: مقرر کرنا (۲) طے کرنا، ٹھان لینا، تہیہ کرنا (۳) فیصلہ کرنا، قرار دینا (۴) بیان کرنا (۵) گواہی دینا۔
___ الرَّجُلَ: اقرار کرانا۔
___ فِي نَفْسِهِ: دل میں ٹھان لینا۔
___ ذٰلِكَ نِهَائِيًا: آخری فیصلہ کرنا۔
___ غَيْرَ صَالِحٍ لِـ: اَن فٹ کرنا، نامناسب قرار دینا۔
___ الأَمْرَ بِدُونِ مُنَاقَشَةٍ: بلا بحث واختلاف تجویز پاس کرنا۔
قَرَّرَ المَصِيرَ: قسمت کا فیصلہ کرنا، تقدیر کا فیصلہ کرنا (۲) مقصد کا تعین کرنا، انجام طے کرنا۔
___ مَصِيرَ البَلَدِ: ملک کی قسمت کا فیصلہ کرنا۔
___ الشَّعْبُ مَصِيرَهُ: عوام نے اپنی قسمت کا فیصلہ کرلیا۔

___ و أَقَرَّ: ثابت کرنا، جمانا، برقرار رکھنا۔
أَقَرَّ: متعین کرنا، پاس کرنا۔
أَقَرَّ الدُّسْتُورَ: دستور پاس کرنا۔
أَقَرَّ القَرَارَ: تجویز پاس کرنا۔
أَقَرَّ وَقْفَ إطْلاَقِ النَّارِ: فائربندی کو پائیدار بنانا۔
أَقَرَّ بِكَذا: اعتراف کرنا، تسلیم کرنا۔
قَرَّ اليَوْمُ قَرّاً: ٹھنڈا ہونا۔
___ قَرَاراً و اسْتَقَرَّ فِي المَكَانِ: ٹھہرنا، قرار پانا (۲) ٹھکانا بنانا۔
___ رَأْيُه عَلَى كَذا: رائے قرار پانا، کسی بات پر رائے جمنا۔
تَقَرَّرَ: طے ہونا، ثابت ہونا۔
تَقَرَّرَ مَصِيرُ البَلَدِ: ملک کی قسمت کا فیصلہ ہونا۔
تَقَرَّرَ نِهَائِيّاً أَنْ: آخری طور پر یہ طے ہوا۔
قَرٌّ، قَارٌّ: ٹھنڈا۔
قُرٌّ، قِرَّة: ٹھنڈک، خنکی۔
قُرَّةُ العَيْنِ: آنکھ کی ٹھنڈک، نور۔
قَرَار: تلی (۲) تہہ (۳) سکون (۴) قیام گاہ۔
قَرَار: فرمان، فیصلہ۔
قَرَارٌ فِي مَسْئَلَةٍ: ریزولیشن، قرارداد ج: قَرَارَات۔
قَرَارُ الاتِّهَامِ: فردِ جرم۔
قَرَارٌ أَخِيرٌ: الٹی میٹم۔
قَرَارُ الأَغْلَبِيَّةِ: اکثریتی فیصلہ۔
قَرَارٌ بِالإجْمَاعِ: متفقہ فیصلہ۔
قَرَارٌ بِقَانُونٍ: قانون کا فیصلہ۔
قَرَارٌ بِاللَّوْمِ: قراردادِ مذمت۔
قَرَارٌ تَعَسُّفِيٌّ: سخت فیصلہ، ظالمانہ فیصلہ۔
قَرَارٌ جَائِرٌ: ظالمانہ فیصلہ۔
قَرَارٌ جَرِيٌّ: جرأت مندانہ فیصلہ۔
قَرَارٌ جُمْهُورِيٌّ: جمہوری فیصلہ، عوامی فیصلہ۔
قَرَارٌ حَاسِمٌ لاَ رَجْعَةَ فِيهِ: قطعی فیصلہ۔
قَرَارٌ رَسْمِيٌّ: سرکاری حکم۔
قَرَارٌ عَبْقَرِيٌّ: تاریخی بے مثال فیصلہ۔
قَرَارٌ قَضَائِيٌّ: رولنگ، عدالتی فیصلہ۔
قَرَارٌ مُجْحِفٌ بِحَقِّ أَحَدٍ: کسی کے حق میں ظالمانہ تجویز۔
قَرَارُ المُحَكِّمِ: حَکَم کا فیصلہ، پنچایتی فیصلہ، بذریعہ ثالث کسی کارروائی کا فیصلہ۔
القَرَارُ النِّهَائِيُّ: آخری فیصلہ۔
قَرَارٌ وِزَارِيٌّ: آرڈیننس۔
قَرَارَةُ النَّفْسِ: دل کی گہرائی۔
قَارَّة: خشکی، برِ اعظم ج: قَارَّات۔
القَارَّةُ السَّوْدَاءُ: افریقہ۔
قَارُورَة: بوتل ج: قَوَارِير۔
إقْرَار: ڈکلریشن (۲) اقرارنامہ۔
إقْرَارُ تَلَفٍ: نقصان کا اعتراف۔
إقْرَارٌ جُمْرُكِيٌّ: کسٹم، ڈکلریشن۔
إقْرَارٌ رَسْمِيٌّ: سرکاری تصدیق، سرکاری اقرارنامہ۔
إقْرَارٌ سَنَوِيٌّ: سالانہ ڈکلریشن، سالانہ اعلان۔
إقْرَارٌ كِتَابِيٌّ: حلف نامہ، تحریری حلفی بیان، تحریری اقرار۔
إقْرَارٌ مُوَقَّتٌ: عارضی ڈکلریشن۔

اِسْتِقْرَار: سکون،ٹھہراؤ،امن وامان۔
اِسْتِقْرَارٌ سِيَاسِيٌّ: سیاسی استحکام۔
اِسْتِقْرَارُ السَّلَام: استحکام امن۔
تَقْرِيْر: رپورٹ(۲)فیصلہ ج: تَقَارِيْر وَ تَقْرِيْرَات۔
تَقْرِيْرُ البِعْثَة: وفد کی رپورٹ۔
تَقْرِيْرٌ سِرِّيٌّ: خفیہ رپورٹ۔
التَّقْرِيْرُ السَّنَوِيّ: سالانہ رپورٹ۔
تَقْرِيْرٌ عَنِ الشَّيْءِ: روئداد،رپورٹ،محضر۔
تَقْرِيْرُ مَجْلِسِ الإِدَارَة: مجلس انتظامیہ کی رپورٹ۔
تَقْرِيْرُ المُرَاجِع: آڈیٹر رپورٹ۔
تَقْرِيْرٌ مُسْتَنِدٌ إِلَى الحَقَائِق: حقائق پر مبنی رپورٹ۔
تَقْرِيْرٌ رَسْمِيٌّ أَوْ حُكُوْمِيٌّ: سرکاری بیان،اعلان،رپورٹ۔
تَقْرِيْرُ المُعَايَنَة: سروے رپورٹ۔
تَقْرِيْرٌ يَوْمِيٌّ: یومیہ رپورٹ۔
تَقْرِيْرُ المُتَابَعَة: جائزہ رپورٹ۔
مَقَرّ: سیٹ،اسٹینڈ(۲)قیام گاہ،صدر مقام،ہیڈکوارٹر ج: مَقَرَّات۔
مَقَرُّ الأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا ہیڈ کوارٹر۔
مَقَرٌّ رَئِيْسِيٌّ: ہیڈکوارٹر۔
مَقَرُّ السَّفِيْر: ایمبیسی،سفارتخانہ۔
مَقَرُّ العَمَل: ڈیوٹی اسٹیشن،ٹھکانہ،کام کا مستقر۔
مَقَرُّ القُنْصُلِيَّة: کونسلیٹ۔
مُقَرِّر: رپورٹر۔

مُقَرَّر: طے شدہ۔
مُقَرَّرٌ تَعْلِيْمِيٌّ: کورس،نصاب،سلیبس۔
مُقَرَّرَات: تجاویز(۲)کورس۔
الأَمْوَالُ المُقَرَّرَة: ڈائرکٹ ٹیکس۔
الأَمْوَالُ غَيْرُ المُقَرَّرَة: اِن ڈائرکٹ ٹیکس۔
مُسْتَقِرّ: قرارپذیر،جماہوا۔
قَرِسَ البَرْدُ ـــ قَرْساً: سخت سردی ہونا۔
قَارِس: سخت،شدید(بَرْدٌ قَارِس)۔
قَرَشَ ـــ قَرْشاً: کاٹنا۔
قَرَشَ وَ قَرَّشَ وَ اقْتَرَشَ لِعِيَالِه: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔
قَرَصَ ـــُ قَرْصاً: ڈنک مارنا(۲)تکلیف دینا۔
قَرَصَ لَحْمَه: چٹکی بھرنا،چٹکی لینا۔
قَرَصَ وَ قَرَّصَ العَجِيْنَ: آٹے کے پیڑے بنانا،ٹکیہ بنانا۔
قُرْص: ٹکیہ(۲)پیڑا ج: أَقْرَاص۔
ـــ وَ قُرْصَة: چپاتی۔
ـــ دَوَاءٍ: دوا کی گولی ٹیبلیٹ۔
ـــ دَوَّام: پھرکی۔
ـــ سُكَّرِيّ: شکر کی ٹکیہ۔
ـــ النَّحْل: شہد کی مکھی کا چھتا۔
ـــ الهَاتِف: ٹیلیفون ڈائل۔
أَدَارَ قُرْصَ الهَاتِف: ٹیلیفون ڈائل گھمانا۔
قَرْصَة: (بالأَصَابِع و أَمْثَالِها) چٹکی نیش زنی(ایک دفعہ کاٹنا)۔

قَرُوصَة: (۲) دَسْتَة گُرس۔
قَارِص: تکلیف دہ۔
قَرْصَنَة: ڈاکہ زنی، سمندری چوری، بحری ڈاکہ، قزاقی۔
قُرْصَان: قزاق، بحری ڈاکو ج: قَرَاصِنَة۔
قَرِضَ الشِّعْرَ ـِ قَرْضاً: شعر کہنا۔
___ رِبَاطَه: مرنا۔
___ الشَّیْءَ: کترنا، کاٹنا۔
___ و قَرَّضَ: کھانا، کھوکھلا کرنا۔
أَقْرَضَ: قرض دینا، لون دینا۔
اِقْتَرَضَ مِنْه: قرض لینا، ادھار لینا۔
اِقْتَرَضَ عِرْضَه: غیبت کرنا۔
اِنْقَرَضَ: ختم ہونا، منقطع ہونا۔
اِسْتَقْرَضَ مِنْه: قرض طلب کرنا، ادھار مانگنا۔
قَرْض ج: قُرُوض: ادھار۔
قَرْضٌ بِدُوْنِ ضَمَان: قرض بلاضمانت۔
قَرْضٌ بِفَائِدَةٍ: لون، سودی قرض۔
قَرْضٌ طَوِیْلُ الْأَجَل: طویل المیعاد قرض۔
قُرْضَة، قُرَاضَة: کیڑا۔
قُرَاضَة: کٹنگ، کترن۔
قُرَاضَةُ الذَّهَب: سونے کا برادہ۔
قُرُوضٌ اِسْتِثْمَارِیَّة: سرمایہ کاری کے قرضے۔
قُرُوضٌ بِتَأْمِیْنِ بِضَاعَة: قرض بضمانت سامان، سامان رکھ کر دیا ہوا قرض۔
قُرُوضٌ بِدُوْنِ ضَمَان: بلاضمانت قرضے۔
قُرُوضٌ بِضَمَان: ضمانت پر دیے ہوئے قرضے، قرض ضمانت پر۔
قُرُوضٌ ذَاتُ شُرُوطٍ سَهْلَة: آسان شرطوں پر قرضے۔
قُرُوضٌ طَوِیْلَةُ الأَجَل: طویل المیعاد قرضے۔
قُرُوضٌ قَصِیْرَةُ الآجَل: مختصر المیعاد قرضے۔
قُرُوضٌ لِآجَالٍ قَصِیْرَةٍ: مختصر المیعاد قرضے۔
قُرُوضٌ مَضْمُوْنَةٌ بِرَهْنٍ: رہن پر دیے ہوئے قرض۔
حَیَوَانٌ قَارِض: دانتوں سے کترنے والا جانور، چوہا وغیرہ ج: قَوَارِض۔
اِنْقِرَاض: خاتمہ۔
مِقْرَاض: قینچی ج: مَقَارِیْض۔
قَرَطَ ـُ قَرْطاً: کترنا، چھوٹے ٹکڑے کرنا۔
قَرَّطَ الفَتِیْلَة: گل جھاڑنا۔
قَرَّطَ علیه: سختی کرنا (۲) تھوڑا تھوڑا دینا۔
قَرَّطَ الرِّبَاطَ: ٹائی باندھنا۔
قَرَّطَتْ بَطْنُه: پیٹ میں ٹھہر ٹھہر کا مروڑ اٹھنا۔
قُرْط: کانوں کا زیور، بالی ج: أَقْرَاط۔
قِیْرَاط: (۱) ۲½ سینٹی میٹر (۲) انچ (۳) ہر چیز کا چوبیسواں حصہ۔
قَرْطَسَة: نشانہ پر پہنچنا۔
قِرْطَاس: نشانہ (۲) مقصد ج: قَرَاطِیْس۔
قِرْطَاس و قُرْطَس: سادہ کاغذ، وہائٹ پیپر (۲) کاغذ کا شیٹ۔
قِرْطَاسِیَّة: اسٹیشنری۔
قَرَّظَ: تعریف کرنا (۲) کتاب پر تبصرہ کرنا۔
قَرِیْظ و تَقْرِیْظ: تعریف، تبصرہ۔
قَرَعَ ـَ قَرْعاً: کھٹکھٹانا (۲) پیٹنا (۳) ڈھول بجانا۔
قَرَعَهُ ضَمِیْرُه: ملامت کرنا (ضمیر کا)۔
قَرِعَ الرَّجُلُ ـَ قَرَعاً: گنجا ہونا، سر کے بال

کرنا۔

قَرِعَ المَكَانُ: خالی ہونا۔

قَرَّعَ: سختی کرنا، دھمکی دینا۔

قَارَعَ و تَقَارَعَ: لڑنا، زدوکوب کرنا۔

اِقْتَرَعَ: ووٹ دینا، قرعہ ڈالنا۔

اِقْتَرَعَ ضِدَّ فُلَانٍ: خلاف ووٹ ڈالنا۔

قَرْعَة: ایک چوٹ، ایک دفعہ کی کھٹکھٹاہٹ۔

قُرْعَة: حصہ، قرعہ ج: قُرُوْع۔

اِلْقَاءُ القُرْعَةِ: قرعہ ڈالنا۔

قَارِعَة: چالاک (۲) سخت مصیبت، حادثہ (۳) قیامت ج: قَوَارِع۔

قَارِعَةُ الطَّرِيْقِ: وسطِ راہ۔

اَقْرَعُ: گنجا ج: قُرْع و قُرْعَان۔

اِقْتِرَاع: قرعہ اندازی، ووٹنگ۔

اِقْتِرَاعٌ سِرِّيٌّ لِشَيْءٍ: خفیہ قرعہ اندازی، خفیہ رائے دہی، خفیہ پرچہ اندازی، خفیہ ووٹنگ۔

اِقْتِرَاعٌ عَلَنِيٌّ: کھلی پرچہ اندازی، کھلی ووٹنگ۔

اِقْتِرَاعٌ مُفْرَد: انفرادی ووٹنگ۔

مُقْتَرِع: ووٹر۔

مِقْرَعَة: کوڑا۔

قَرَفَ۔ قَرْفاً: چھیلنا، کھرنڈ اتارنا۔

قَرِفَ: (دا) معدہ کو قے پر آمادہ کرنا (۲) گھن کرنا۔

اِقْتَرَفَ الذَّنْبَ: جرم کا ارتکاب کرنا۔

اِقْتَرَفَ الـمَرَضَ: بیماری کے قریب ہونا۔

اِقْتَرَفَ الجَرَائِمَ الكَبِيْرَةَ: بڑے جرائم کرنا۔

قِرْفَة: چھلکا (۲) زخم کا کھرنڈ۔

مُقْرِف: قابلِ نفرت (۲) متلی لانے والا۔

مُقْتَرِف: مجرم۔

قَرْقَتِ الدَّجَاجَةُ۔ قَرْقاً: مرغی کا کڑکڑانا۔

قَرْقَرَ الحَمَامُ: کبوتر کا بولنا (۲) اونٹ کا بولنا (۳) پیٹ میں قراقر ہونا۔

قَرْقُوشَة: خستہ بسکٹ، بھربھری روٹی۔

قَرْقَضَ عَلَى اَسْنَانِه: دانت پیسنا۔

قَرْمَدَ الحَائِطَ أو الأَرْضَ: دیوار پر پلاسٹر کرنا (۲) ٹائل لگانا۔

قِرْمِيْد: لال پختہ اینٹ (۲) کھپریل (۳) ٹائل (فرش کا) و: قِرْمِيْدَة۔

قِرْمِيْد و قَرْمَد: پلاسٹر، مسالہ جس کی لپائی کی جائے۔

قِرْمِز: سرخ رنگ۔

قِرْمِزِيّ: سرخ رنگ کا۔

قَرْمَشَ الخُبْزَ: روٹی کو خستہ بنانا۔

قَرَنَ الشَّيْءَ بِكَذَا۔ قَرْناً: ملانا۔

قَرَنَ الثَّوْرَيْنِ فِي نِيْرٍ: بیلوں کو جوئے میں جوتنا۔

قَارَنَه: ساتھ رہنا، ہم نشینی کرنا۔

قَارَنَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: موازنہ کرنا، مقابلہ کرنا۔

اَقْرَنَ الصَّيَّادُ: ایک فائر سے دو شکار کرنا۔

اَقْرَنَ و اسْتَقْرَنَ: پھوڑے پھنسی کا پکنا۔

اِقْتَرَنَ بِكَذَا: ملنا۔

اِقْتَرَنَ بِالمَرْأَةِ: شادی کرنا۔

قَرْنٌ: سینگ (۲) صدی، سو سال (۳) زمانہ (۴) نسل ج: قُرُوْن۔
قَرْنُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔
قِرْنٌ: نظیر، مثل (۲) ہم عمر ج: اَقْرَان۔
قُرْنَة: پیشانی۔
قِرَان، اِقْتِرَان: شادی (۲) زبردست تعلق (۳) جوڑ۔
قَرِیْنٌ: ملا ہوا (۲) ساتھی (۳) ہم نشین، ہم رتبہ، ہم مجلس (۴) خاوند، شوہر ج: قُرَنَاءُ۔
قَرِیْنَةٌ: بیگم، اہلیہ، بیوی ج: قَرِیْنَات (۲) تعلق (۳) احوالی علامت ج: قَرَائِنُ۔
اَقْرَنُ الْحَوَاجِب: ملی ہوئی ابروؤں والا۔
مِقْرَن: (بیَن) جوا جو بیلوں کے کاندھوں پر رکھا جاتا ہے ج: مَقَارِن۔
مُقْتَرِن: شادی شدہ (۲) ملا ہوا۔
مُقَارَنَة: موازنہ، مقابلہ، ملان۔
مُقَارَنَةُ الْحِسَابَات: حسابات کا بیلنس۔
بِالْمُقَارَنَةِ مَعَ: اس کے ساتھ موازنہ کرتے ہوئے۔
قَرَنْفُل: لونگ۔
قَرَنْفُلِیُّ اللَّوْن: لونگ کے رنگ کا، کتھئی رنگ کا۔
قَرَیٰ ـــ قِرًی و اَقْرَی الضَّیْفَ: ضیافت کرنا، مہمان نوازی کرنا۔
قَرْیَة: گاؤں، بستی، ٹاؤن ج: قُرًی۔
قَرَوِیّ: گاؤں کا رہنے والا۔

اُمُّ الْقُرٰی: پایہ تخت (۲) مکہ معظمہ۔
اُمُّ الْقِرٰی: آگ۔
مِقْرًی، مِقْرَاء: مہمان نواز۔

ق .... ز

قَزَحَ: سالہ (زیرہ وغیرہ)۔
قَزَّزَ الزُّجَاجَ: شیشہ فٹ کرنا (۲) شیشہ بنانا۔
قَزٌّ: ریشم۔
قَزَّاز: ریشم فروش، ریشم کا کپڑا بنانے والا۔
قِزَاز: شیشہ۔
قِزَازَة: بوتل۔
قَازُوْزَة: شیشی۔
تَقَزُّز: متلی (۲) نفرت، کراہت۔
قَزَل: لنگڑاپن۔
قَزَّمَ الْقُوَی تَقْزِیْماً: طاقتوں کو گھٹانا، کمی کرنا۔
قَزَم: چھوٹے جسم کا، بونا، بالشتیہ۔
قَزَان: پانی گرم کرنے کا چھوٹا سا اور۔

ق .... س

قَسْحَرَة: (دا) درجہ حرارت معلوم کرنا۔
مِقْسَحَر: حرارت پیما۔
قَسَرَ ـــ قَسْراً و اِقْتَسَرَ عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔
قَسْر: جبر۔
قَسْراً: جبراً، لازماً۔
قَسْرِیّ: جبری، غیر اختیاری۔
قِسِّیْس: پادری، پجاری، کاہن۔
قُسُوْسَة: پادری گری۔
قَسَّاس: چغل خور۔
قَسَطَ ـــ قِسْطاً و اَقْسَطَ: انصاف کرنا۔

قَسَّطَ: (۱) ٹکڑے کرنا (۲) قسطیں متعین کرنا۔
قَسَّطَ الدَّيْنَ: قرض کو قسط وار ادا کرنا۔
قَسَّطَ الشيْ علی مُدَّةٍ: قسطوں پر دینا۔
قَسَّطَ المَبْلَغَ علی: رقم کی قسطیں مقرر کرنا۔
قَسَّطَ المَبْلَغَ المُسْتَحِقَّ: واجب رقم کی قسطیں مقرر کرنا۔
قِسْطٌ: انصاف (۲) انصاف پرور (۳) مقدار (۴) ترازو (۵) حصہ، واجب الادا رقم کا ایک حصہ ج: اَقْسَاط
قِسْطُ الاکْتِتَاب: چندہ کی قسط۔
قِسْطٌ مِنَ الرَّاحَة: کچھ آرام۔
بِالاَقْسَاطِ المُسَاوِيَة: مساوی قسطوں پر۔
مُقْسِط: انصاف پرور۔
قِسْطَاسٌ: ترازو۔
قَسْطَل: پانی کا پائپ۔
قَسَمَ ـــ قَسْماً و قَسَّمَ: تقسیم کرنا، اجزاء کرنا، ٹکڑے کرنا (۲) سیکشن بنانا (۳) حصہ دینا۔
قَسَّمَ العِبَارَةَ إِلَى فِقْرَاتٍ: پیراگراف بنانا۔
قَسَّمَ المِنْطَقَةَ إِلَي عَدَدٍ مِنَ الوَحْدَات: علاقہ کو یونٹوں پر تقسیم کرنا۔
قَاسَمَهُ الشيْ: کسی سے اپنا حصہ لینا (۲) قسم دینا، قسم کھانا۔
اِقْتَسَمَ: تقسیم کرنا۔
اَقْسَمَ: قسم کھانا، حلف اٹھانا۔
اَقْسَمَ علی المُصْحَف: قرآن کی قسم کھانا۔
اَقْسَمَ يَمِيْنَ الوَلَاءِ لِأَحَدٍ: حلفِ وفاداری اٹھانا۔
اِنْقَسَمَ، تَقَسَّمَ: منقسم ہونا (۲) پھوٹ پڑجانا۔
قِسْمٌ: حصہ (۲) پارٹ، ڈویژن (۳) سیکشن (۴) شعبہ، ڈپارٹمنٹ، محکمہ (۵) نوع ج: اَقْسَام۔
قِسْمٌ مِنْ بِلَادٍ: ضلع، ڈسٹرکٹ۔
قِسْم: (۱۰) پولیس اسٹیشن (مَرْكَزُ الضَّابِطَة)۔
قِسْمُ الاَبْحَاث: ریسرچ ڈپارٹمنٹ، شعبۂ تحقیقات۔
قِسْمُ إِصْدَارِ اَوْرَاقِ النَّقْد: نوٹوں کے اجراء کا محکمہ۔
قِسْمُ الاَعْمَالِ المَصْرِفِيَّة: بینک ڈپارٹمنٹ۔
قِسْمُ البُرُوتُوكُول: پروٹوکول محکمہ، محکمۂ استقبالیہ۔
قِسْمُ البَرِيْد: میل ڈپارٹمنٹ، محکمۂ ڈاک۔
قِسْمُ التَّصْدِيْر: ڈسپیچ ڈپارٹمنٹ، محکمۂ روانگی سامان۔
قِسْمُ التَّكَالِيْف: کاسٹنگ ڈپارٹمنٹ۔
قِسْمُ الحِسَابَات: شعبۂ محاسبی، محکمۂ محاسبی۔
قِسْمُ الخَزِيْنَة: کیش ڈپارٹمنٹ۔
قِسْمٌ فَرْعِيّ: سب ڈویژن، ذیلی شعبہ، ماتحت شعبہ۔
قِسْمُ المَحْفُوظَات: قدیم تاریخی دستاویزوں کا محکمہ۔
قِسْمُ المُرَاسَلَات: شعبۂ مراسلات۔
قِسْمُ المُشْتَرِيَات: خریداری، ڈپارٹمنٹ۔
قَسَمُ الوَفَاءِ: حلفِ وفاداری۔

قَسَمَةُ الوَجْه ج: قَسَمَات: چہرہ کے خط و خال۔
قِسْمَة: تقسیم، عملِ تقسیم (۲) حصہ۔
قَسَامَة، قَسَام: حُسن۔
قَسِیم: حصہ دار ج: قُسَمَاء۔
قَسِیمَة: (۱) رسید وغیرہ کا ٹکٹی، کوپن (۲) واؤچر، سلپ (۳) زمین کا پلاٹ ج: قَسَائِم۔
قَسِیمَةُ اِیدَاع: جمع رقم کا سلپ، کریڈٹ سلپ۔
قَسِیمَةُ الطَّلَب: آرڈر فارم۔
اِقْتِسَامُ الأَرْبَاح: منافع کی تقسیم۔
اِنْقِسَام: پھوٹ، تفرقہ، اختلاف، خلفشار ج: اِنْقِسَامَات۔
اِنْقِسَامٌ حَادّ: زبردست پھوٹ۔
اِنْقِسَامٌ دَاخِلِیّ: اندرونی خلفشار، پھوٹ۔
تَقْسِیم: پارٹیشن (۲) بٹوارا، تقسیم۔
تَقْسِیمُ العَمَل: تقسیم کار۔
تَقْسِیمِیّ: ڈویژنل۔
مُقَاسَمَة: مشارکت۔
مُقَسَّمٌ إِلَی دَوَائِر: ڈپارٹمنٹل، مختلف محکموں سے متعلق۔
قَسْوَة، قَسَاوَة: سختی دل، سنگ دلی۔
قَسَا ـُ قَسْواً: سخت ہونا۔
قَسَا مَعَه و علیه: سختی کرنا، سختی کا برتاؤ کرنا۔
قَسَّی و أَقْسَی: سخت بنانا۔
قَاسَی مُقَاسَاةً: مصیبت جھیلنا، تکلیف اٹھانا۔
قَاسٍ، قَسِیّ: سخت، شدید (۲) بے رحم (۳) سخت دل (۴) پختہ۔
تَجْرِبَةٌ قَاسِیَة: تلخ تجربہ۔
شُرُوطٌ قَاسِیَة: سخت شرطیں۔

ق .... ش

قَشَبَ الطَّعَامَ ـِ قَشْباً: زہر ملانا۔
قَشْب، قِشْب: زہر ج: أَقْشَاب۔
قَشِیب: نیا (۲) پاکیزہ، ستھرا۔
قَشَدَ ـِ قَشْداً: برہنہ کرنا، کھولنا۔
تَقَشَّدَ اللَّبَنُ: کریم بن جانا۔
قِشْدَة: بالائی، کریم۔
قَشَرَ ـُ قَشْراً و قَشَّرَ: چھیلنا، چھلکا اتارنا، کھال اتارنا۔
تَقَشَّرَ و انْقَشَرَ: چھلکا اترنا۔
تَقَشَّرَ الجِلْدُ: کھال اترنا۔
تَقَشَّرَ الطِّلَاءُ: روغن یا پالش اترنا۔
قِشْر: چھلکا (۲) بکل (۳) غلاف، جھلی (۴) چھڑا ج: قُشُور۔
ـــ الرَّغِیف: روٹی کا پاپڑ۔
ـــ الجُرْح أو القُرْحَة: کھرنڈ۔
ـــ السَّمَک: مچھلی کی چھلی۔
ـــ الحَیَّة المُنْسَلِخ: سانپ کی کانچلی۔
بِقِشْرَة: چھلکوں دار۔
مُقَشَّر، مَقْشُور: چھلا ہوا، بے چھلکا۔
قَشَّ النَّبَاتُ ـُ قَشّاً: خشک ہونا۔
قَشَّ: جمع کرنا، سمیٹنا۔
قَشّ: گھاس پھوس۔
قَشُّ الأَرْز: پرالی، دھان کی پرالی۔
مِقَشَّة: پھوس کی جھاڑو۔
قَشَطَ ـُ قَشْطاً عَنْهُ: کھینچنا، اتارنا۔

قَشَطَ القِشْدَةَ: بالائی اُتارنا۔
قَشَّطَ: (۱) ڈھکن اُتارنا (۲) لوٹنا۔
قِشْطَةُ اللَّبَن: بالائی۔
قُشَاطُ الطَّاوِلَة: میز پر رکھنے کا پتھر۔
مِقْشَطُ الكِتَابَة: حرف چھیلنے کا چاقو۔
قَشَعَ ـَ قَشْعاً و اَقْشَعَ: منتشر کرنا، تیرہ تین بارہ باٹ کرنا۔
اِنْقَشَعَ و تَقَشَّعَ: منتشر ہونا، برباد ہونا (۲) بادل چھٹنا (۳) تاریکی دور ہونا۔
اِنْقَشَعَتِ الغِشَاوَةُ عَنِ العَيْن: آنکھوں سے پردہ ہٹنا۔
قَشْعَرَ و اقْشَعَرَّ: (سردی سے) کانپنا، بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا۔
يَقْشَعِرُّ البَدَنَ: لرزہ خیز۔
قُشَعْرِيرَة: کپکپی، لرزہ۔
قُشَعْرِيرَةُ الحُمَّى: بخار کا لرزہ۔
قَشُفَ ـُ قَشَافَةً و تَقَشَّفَ: بدحال ہونا، گندہ جلد ہونا۔
تَقَشَّفَ: (ضِدّ تَنَعَّمَ) تنگ حال رہنا، خشک (زاہدانہ) زندگی گزارنا۔
قَشَفٌ، تَقَشُّف: موٹا جھوٹا چلن، زاہدانہ طرزِ عمل۔

ق.........ص

قَصَب: نرسل، بانس۔
قَصَبُ السُّكَّر: گنا۔
اَحْرَزَ قَصَبَ السَّبْق: کامیابی حاصل کرنا، فوقیت لے جانا۔
قَصَبَة: نَے، نرسل، بے بنا قلم۔
قَصَبَةُ البِلاد: صدر مقام۔
قَصَبَة و قَصَابَة: پائپ۔
قَصَّاب: قصاب (۲) سروے کرنے والا، زمینوں کی پیمائش کرنے والا۔
قِصَابَة: قصائی کا پیشہ۔
قَصَدَ الرَّجُلَ و إليه ـِ قَصْداً: جانا (۲) ارادہ کرنا (۳) دل میں سوچنا (۴) رُخ کرنا (۵) بتانا۔
ــ و اقْتَصَدَ فی: کفایت شعاری کرنا، میانہ روی اختیار کرنا۔
ــ ـــ و اَقْصَدَ: نظم لکھنا، قصیدہ کہنا۔
تَقَصَّدَ و انْقَصَدَ: ٹوٹنا۔
قَصْد: ارادہ، نیت، مقصد (۲) میانہ روی، کفایت شعاری۔
بِحُسْنِ قَصْد: نیک نیتی سے۔
بِسُوْءِ قَصْد: بدنیتی سے۔
عَنْ قَصْد: بالقصد، بالارادہ۔
قَصْداً: بالارادہ (۲) براہِ راست۔
قَصْدَكَ، قُصَادَكَ: سامنے۔
قَصِيد: بے عیب۔
قَاصِد: پیام رساں۔
القَاصِدُ الرَّسُوْلِي: پیغمبرانہ نمائندہ، پاپائی نمائندہ۔
قَاصِدٌ لَهُ: آمادہ۔
القِصَادَة: پیام رسانی۔
اِقْتِصَاد: میانہ روی، کفایت شعاری، مال کو خاص تدبیر کے ساتھ خرچ کرنا۔
اِقْتِصَادٌ فی: بچت کرنا (۲) بچت، سیونگ۔
اِقْتِصَادٌ مُتَحَرِّك: متحرک اقتصادیات، متحرک معاشی حالت۔

اِقْتِصَادٌ مُتَدَهْوِر: خراب اقتصادیات، گرتی ہوئی معاشی حالت۔
اِقْتِصَادُ مَنْزِلٍ: خانگی آمد وخرچ کا نظام۔
الاِقْتِصَادُ المُوَجَّهُ: منصوبہ بند معاشیات۔
الاِقْتِصَادُ المَالِيّ: مالی کفایت شعاری، مالی بچت۔
اِقْتِصَادٌ سَاكِن: منجمد اقتصادیات، منجمد معاشی حالت۔
اِقْتِصَادٌ غَيْرُ مُتَغَيِّر: منجمد اقتصادیات۔
اِقْتِصَادٌ فِي التَّكْلِفَة: اخراجات میں کفایت۔
اِقْتِصَادٌ مُتَأَزِّم: بحران زدہ معاشی حالت۔
عِلْمُ الاِقْتِصَاد: علم معاشیات، وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جائے۔
اِقْتِصَادِيّ: معاشیات سے متعلق، معاشی، کفایت شعاری سے متعلق (۲) علم معاشیات کا ماہر، ماہر اقتصادیات۔
اِقْتِصَادِيّ و مُقْتَصِد: کفایت شعار۔
اِقْتِصَادِيَّةُ التَّكَالِيف: لاگت میں کمی، اخراجات میں کمی۔
اِقْتِصَادِيَّات: علم اقتصادیات، اکنامکس۔
مَقْصَد: ارادہ، غرض ج: مَقَاصِد۔
مَقْصِد: جائے روانگی۔
قَصْدِير: قلعی، رانگا، رانگ جس سے برتنوں پر قلعی کی جاتی ہے (۲) ٹانکا لگانے کا مسالہ۔
قَصُرَ ــُـ قِصَراً: کوتاہ قد ہونا، چھوٹا ہونا (ضد طَالَ)۔
قَصَرَ ــُـ قُصُوراً و قَصَّرَ عَنْ: مقصد سے ہٹنا، نشانہ پر نہ پہنچنا۔
قَصَرَ الدَّعْوَةَ عَلَى الأَعْضَاء: دعوت ممبران تک محدود رکھنا۔
قَصَّرَ عَنْ: عاجز رہنا (۲) عاجز بنانا۔
قَصَّرَ فِي الأَمْر: کوتاہی کرنا۔
قَصَّرَ و أَقْصَرَ: (ضد أَطَالَ) چھوٹا کرنا، لمبائی کم کرنا۔
قَصَّرَ و أَقْصَرَ الكَلَامَ: کلام مختصر کرنا۔
قَصَرَ ــُـ قَصْراً: روکنا (۲) مختصر کرنا (۳) مقید ومحدود کرنا۔
اِقْتَصَرَ عَلَى: اکتفا کرنا (۲) محدود رہنا۔
أَقْصَرَ و تَقَاصَرَ عَنِ الأَمْر: عاجز رہنا۔
تَقَاصَرَ: اظہار عجز کرنا (۲) رات کا چھوٹا اور مختصر ہونا۔
اِسْتَقْصَرَه: چھوٹا یا پست قد سمجھنا۔
قَصْرٌ: محل، ہاؤس، پیلس ج: قُصُور۔
___ رِئَاسِيّ ، قَصْرُ الرِّئَاسَة: صدارتی محل، راشٹرپتی بھون۔
___ جُمْهُورِيّ: گورنمنٹ ہاؤس۔
___ مَلَكِيّ: شاہی محل۔
___ الضِّيَافَة: شاہی یا سرکاری مہمان خانہ۔
___ ، قِصَر: خلافِ طُول۔
قَصْرٌ ، قُصُور: سستی، کوتاہی۔
قُصَارَى و قُصَار: غایت درجہ، زیادہ سے زیادہ۔
قُصَارَى القَوْل: خلاصۂ کلام۔
قُصُور: خامی، خرابی (۲) کم عمری۔
قُصُورٌ فِي الإِدَارَة: انتظامی خامی۔

قَصَّارُ الاقْمِشَۃ: دھوبی۔
قَصِیْر: پست قامت، ناٹا (۲) چھوٹا، شارٹ۔
___ العُمْر: کم عمر۔
___ الیَدِ أو البَاع: کمزور، ناتواں۔
___ النَّظَر: کوتاہ نظر، تنگ نظر۔
___ الأَجَل: مختصر المیعاد۔
قَاصِر: نابالغ، کم عمر (ضد الرَّاشِد) (۲) لازم ضد متعدی (مِنَ الافْعَال)۔
قَاصِرُ الیَد: کوتاہ دست۔
قَصْرِیَّۃُ الزَّرْع: (۱) گملا (۲) پیشاب رکھنے کا برتن۔
قَیْصَر: شہنشاہ، ملک معظم ج: قَیَاصِرَۃ۔
قَیْصَرِی: شہنشاہی۔
قَیْصَرِیَّۃ، قِیْسَارِیَّۃ: بازار۔
اِقْتِصَار: کمی، محدودیت۔
تَقْصِیْر: کوتاہی (۲) کوتاہ قامتی (۳) لاپرواہی، بے توجہی (۴) عیب۔
مُقَصِّر: کوتاہ، لاپرواہ، پس ماندہ، کوتاہ کار۔
مُقَصِّرٌ عَنْ اِتْمَامِ شَيْءٍ: فیل، ناکام۔
مَقْصُوْر، مُقْصَر: پست، کم، چھوٹا (۲) محدود۔
نَسِیْجٌ مَقْصُوْر: دھلا ہوا کپڑا۔
مَقْصُوْرَۃ: چھوٹا کمرہ، کوٹھری ج: مَقَاصِیْر (۲) سینما گھر یا ہوٹل کا کیبن، بکس (۳) خلوت کا کمرہ۔
مَقْصُوْرَۃُ الصَّحَفِیِّیْن: پریس گیلری۔
مَقْصُوْرَۃٌ فِيْ قِطَارٍ: کمپارٹمنٹ، ریل میں چھوٹا کمرہ۔

مُقْتَصَر: مختصر۔
قَصَص: کاٹنا۔
قَصَّ ـُ قَصًّا: قینچی سے کترنا (۲) ناخن وغیرہ کاٹنا (۳) اون وغیرہ کترنا۔
قَصَّ و اقْتَصَّ: واقعہ بیان کرنا۔
قَصَّ و اقْتَصَّ الاَثَر: نشان پر چلنا۔
اِقْتَصَّ منه و قَاصَّه: سزا دینا۔
اِقْتَصَّ منه: بدلہ لینا۔
قَاصَّه: دوبدو جواب دینا۔
قَصٌّ، قَصَصٌ، قُصَاصَۃ: کٹنگ۔
قُصَاصَۃُ وَرَق: کاغذ کی کترن ج: قُصَاصَا۔
قُصَاصَۃُ الصُّحُف: اخبارات کی کٹنگ۔
قِصَاص: (۱) بدلہ (۲) سزا (۳) جرمانہ، پنالٹی۔
قَصَّاص: بکریوں وغیرہ کے بال کترنے والا۔
قَصَّاصَۃُ الشَّعْر: بال کاٹنے کی مشین۔
قَصَصِی، قَاصّ: قصہ نویس، افسانہ نگار، ناولسٹ، افسانہ نویس، واقعہ نگار۔
قِصَّۃ: واقعہ، کہانی، اسٹوری ج: قِصَص۔
قِصَّۃٌ خَیَالِیَّۃ: ناول۔
قِصَّۃٌ اُسْطُوْرِیَّۃ: کہاوت، عوامی کہانی، من گھڑت افسانہ۔
قِصَّۃٌ بُوْلِیْسِیَّۃ: جاسوسی ناول۔
قِصَّۃُ الحَیَاۃ: آپ بیتی۔
قِصَّۃٌ طَوِیْلَۃ: ناول۔
قِصَّۃٌ قَصِیْرَۃ: افسانہ۔
قِصَّۃٌ هَزْلِیَّۃ: مزاحیہ افسانہ۔
قَصَّۃ: کاٹ، کاٹنے کا طرز۔
قُصَّۃ: بالوں کی لٹ، پیشانی کے بال۔
مِقَصّ: قینچی۔

قَصَعَ ــَ قَصْعاً: نگلنا۔
قَصْعَة: پیالہ لکڑی کا، بادیہ ج: قِصَاع۔
قَصْعَةُ الشَّرِيطِ الحَدِيْدِيِّ: ریلوے لائن کا سلیپر۔
قَصَفَ الرَّعْدُ ــِ قَصْفاً: گرج ہونا (۲) توڑنا (۳) کھانے پینے میں مشغول۔
قَصَفَ المَكَانَ بِالقَنَابِلِ: بمباری کرنا، گولے مارنا، گولہ باری کرنا، دھماکہ کرنا، تباہ کرنا۔
قَصَفَ بِالصَّوَارِيْخ: راکٹوں سے حملہ کرنا۔
قَصَفَ الأَهْدَافَ: نشانوں پر گولے برسانا۔
قَصَفَ قَصْفاً مُرَكَّزاً: جم کر گولہ باری کرنا۔
قَصْف: گونج، گرج (۲) گولہ باری۔
قَصْفٌ صَارُوخِيٌّ: راکٹوں سے حملہ۔
قَصْفُ طَيَرَان: فضائی حملہ۔
قَصْفٌ عَشْوَائِيٌّ: اندھا دھند گولہ باری۔
قَصْفٌ كَثِيْف: سخت گولہ باری۔
قَصْفٌ مِدْفَعِيٌّ: توپوں کی گولہ باری۔
قَصْفٌ مُرَكَّز: زبردست گولہ باری۔
قَصْفٌ و قُصُوْف: کھانا پینا۔
قَصِفٌ، قَصِيْف: جلد الگ ہو جانے والا۔
مِقْصَف: اسٹال ج: مَقَاصِف۔
قَصَلَ ــِ قَصْلاً: کاٹنا۔
مِقْصَلَة: گردن اڑانے کا آلہ۔
قَصَمَ ــِ قَصْماً: توڑنا۔
تَقَصَّمَ و انْقَصَمَ: ٹوٹنا۔
قَصِم، قَصِيْم: جلد ٹوٹنے والا۔
قَصَمَ ــِ قَصْماً: توڑنا
قَصْوٌ، قَصَاء: دوری، بُعد۔

قَصِيٌّ، قَاصٍ: دور۔
قَصِيَ ــَ قَصاً: دوری پر ہونا۔
قَصِيَ و تَقَصَّى عَنْهُمْ: دور ہونا۔
تَقَصَّى و اسْتَقْصَى الأَمْرَ: کسی کام کی انتہائی چھان بین کرنا۔
تَقَصَّى الجَرَائِمَ: جرائم کی کھوج لگانا۔
تَقَصَّى الحَقَائِقَ: حقائق کی چھان بین کرنا۔
تَقَصَّى الرَّأْيَ العَامَّ: رائے عامہ معلوم کرنا۔
اِسْتَقْصَى عَنْ: معلومات حاصل کرنا۔
أَقْصَى عَنْ: دور کرنا، ہٹانا، برطرف کرنا۔
أَقْصَى عَنِ المَنْصِبِ: عہدے سے ہٹانا۔
أَقْصَى الشَّيْءِ: انتہا، آخر، آخری درجہ۔
أَقْصَى مَا يُمْكِنُ: زیادہ سے زیادہ، آخری سے آخری۔
بِأَقْصَى حَدٍّ: زیادہ سے زیادہ۔
بِأَقْصَى سُرْعَةٍ: انتہائی تیزی سے۔
الأَقْصَى: بہت دور ج: أَقَاصٍ۔
الضَّرُوْرَةُ القُصْوَى: سب سے بڑی ضرورت۔
الغَايَةُ القُصْوَى: اعلیٰ ترین مقصد۔
أَقَاصِي البُلْدَان: دور دراز ممالک۔
تَقَصٍّ، إِسْتِقْصَاء: چھان بین، تحقیق، سروے، ریسرچ۔
اِسْتِقْصَاءُ الرَّأْي: رائے شماری۔

ق .... ض

قَضَبَ ــِ قَضْباً و قَضَّبَ الشَّجَرَ: درخت

کی شاخیں کاٹنا۔
اِقْتَضَبَ: (۱) کاٹنا (۲) مختصر کرنا (۳) فی البدیہ اور بے ساختہ کلام کرنا۔
قُضَابَة: شاخوں کا تراشہ۔
قَضِیب: کٹی ہوئی شاخ (۲) چھڑی (۳) ریل کی پٹڑی ج: قُضْبَان۔
قُضْبَانٌ حَدِیْدِیَّة: لوہے کی پٹڑیاں۔
مِقْضَب: شاخ تراش قینچی۔
مُقْتَضَب: بے ساختہ (۲) مختصر۔
قَضَضٌ، قَضٌّ: پتھروں کا چورا۔
بِقَضِّهِمْ و قَضِیضِهِمْ: اپنے چھوٹے بڑے جملہ سامان کے ساتھ۔
قَضَّ ـُ قَضًّا: سوراخ کرنا (۲) کترنا (۳) منہدم کرنا (۴) اکھاڑنا۔
قَضَّ و اَقَضَّ المَضْجَعُ: کھردرا ہونا، سخت و ناہموار ہونا۔
اَقَضَّ مَضْجَعَه: کھردرا بنانا (۲) نیند حرام کرنا (۳) پریشان کرنا۔
اِنْقَضَّ: (۱) پرندہ کا نیچے اترنا۔
اِنْقَضَّ علیهم: حملہ کرنا، پل پڑنا، ٹوٹ پڑنا۔
قَضَعَ ـَ قَضْعاً: جبر کرنا۔
قَضْعٌ و قُضَاعٌ: متلی۔
قَضَمَ ـِ قَضْماً: کترنا۔
قَضَمٌ: تلوار۔
قَضَی ـِ قَضَاءً و قَضَی العَمَلَ: کام انجام دینا، پورا کرنا۔
ـــ مِنهُ وَطَرَهُ: ضرورت پوری کرنا۔
ـــ الوَاجِبَ: فرض ادا کرنا۔
ـــ الحَاجَةَ: قضاء حاجت کرنا۔
ـــ حَاجَتَه: حاجت پوری کرنا۔
ـــ الدَّیْنَ: قرض ادا کرنا۔
ـــ الوَقْتَ: وقت صرف کرنا، گزارنا۔
ـــ المُدَّةَ: وقت کو پورا کرنا۔
ـــ علی: خاتمہ کرنا (۲) ہلاک کرنا (۳) منسوخ کرنا (۴) ناکام بنانا، ارادوں پر پانی پھیرنا (۵) قتل کرنا (۶) کسی کے خلاف فیصلہ کرنا۔
قَضَی عَلَیْهِ بالاِعْدَام: سزائے موت کا حکم دینا۔
ـــ عَلَی البَلْبَلَة: بے چینی ختم کرنا۔
ـــ عَلَی اَسْبَابِ المُشْكِلَة: مسئلہ کے اسباب کو ختم کرنا۔
ـــ عَلَی النُّفُوْذ: اقتدار ختم کرنا، اثر و رسوخ ختم کرنا۔
ـــ عَلَی المَشَاعِرِ و الاَحَاسِیْس: جذبات و احساسات کو ختم کرنا۔
ـــ له: کسی کے حق میں فیصلہ کرنا۔
ـــ بَیْنَ الخَصْمَیْنِ: دو فریق کے درمیان معاملہ طے کرنا، فیصلہ کرنا۔
ـــ بشیٍٔ: کسی بات کا فیصلہ کرنا۔
ـــ اَجَلَه: عمر پوری کرنا، وفات پانا۔
ـــ مِنهُ العَجَبَ: تعجب کرنا۔
قُضِیَ و انْقَضَی: گزرنا۔
قُضِیَ الاَمْرُ: (۱) معاملہ ختم ہوا (۲) تیر کمان سے نکل گیا (۳) مر گیا۔
قَاضَی فُلَاناً اِلَی الحَاکِم: جج کے پاس کسی کے خلاف مقدمہ لے جانا۔

قاضی و اقام قضیۃ علی: مقدمہ دائر کرنا۔
اِنقضی: ختم ہونا (۲) پورا ہونا (۳) گزرنا۔
انقضی الاجل: عمر پوری ہونا۔
انقضی اجل المعاھدۃ: معاہدہ کی مدت کا ختم ہونا۔
انقضی الالتزام: ذمہ داری ختم ہونا۔
انقضت السیطرۃ: اقتدار مٹنا۔
انقضت المدۃ: مدت گزر جانا، مدت ختم ہو جانا۔
تقاضی الشیٔ و بہ: طلب کرنا، وصول کرنا۔
تقاضی الثمن: قیمت وصول کرنا۔
تقاضی مرتبا: تنخواہ لینا۔
تقاضی المحامی عن القضیۃ مبلغا: مقدمہ کی پیروی کے لئے وکیل کا رقم طلب کرنا۔
اِقتضی: مقتضی ہونا محتاج ہونا۔
قضاء: اتمام، انجام دہی۔
القضاء علی الاستعمار: خاتمۂ سامراجیت۔
القضاء علی الانتہازیۃ والاستغلال: موقع پرستی اور مفاد پرستی کا خاتمہ۔
القضاء علی الحریۃ: آزادی کا خاتمہ۔
القضاء علی المجاعۃ: فاقہ مستی کا خاتمہ۔
قضاء و قضی: فیصلہ، جج منٹ (۲) مقدمہ (۳) قانون ج: اقضیۃ۔
قضاء اللہ: موت (۲) تقدیر قسمت۔
قضاء و قدرا: غیر ارادی طور پر، اتفاقا، ناگہاں۔
بالقضاء و القدر: حکم خداوندی سے۔
دار القضاء: عدالت، کچہری۔
کرسی القضاء: کرسی عدالت۔
قضائی: عدالتی۔
حارس قضائی: قرق کرنے والا۔
قضاء: ضلع، تعلقہ (۲) صوبہ ج: اقضیۃ
قضیۃ ج: قضایا: مقدمہ، کیس (۲) مسئلہ، مختلف فیہ معاملہ۔
___ جنائیۃ: مقدمہ فوجداری۔
___ مدنیۃ: مقدمہ دیوانی، سول کیس۔
___ علمیۃ: علمی مسئلہ۔
___ خاسرۃ: ہارا ہوا کیس۔
___ کبیرۃ: بڑا مقدمہ، بڑا مسئلہ۔
___ مشترکۃ: مشترکہ مسئلہ۔
___ معروضۃ للمناقشۃ: زیر بحث مسئلہ۔
___ غیر مفصول فیھا: پینڈنگ میں پڑا ہوا کیس۔
قضیۃ الحریۃ: آزادی کا مسئلہ۔
مصاریف القضیۃ: اخراجات مقدمہ۔
حفظ القضیۃ: مقدمہ کو شامل مسل کرنا۔
شطب القضیۃ: مقدمہ خارج کرنا۔
اوقف القضیۃ: التوا میں ڈالنا۔
قضایا: مسائل، مقدمات و: قضیۃ۔
قضایا دولیۃ: بین الاقوامی مسائل۔
قضایا ذات الاھتمام المشترک: باہمی دلچسپی کے مسائل و معاملات۔
قضایا شخصیۃ: پرسنل لاء۔
قضایا معقدۃ: پیچیدہ مسائل۔

قَاضٍ: فیصلہ کرنے والا (۲) جج (۳) حاکمِ عدالت (۴) مجسٹریٹ جسٹس ج: قُضَاة۔
قَاضِي الأُمُوْرِ المُسْتَعْجِلَة: مجسٹریٹ برائے ہنگامی امور، اسپیشل مجسٹریٹ۔
قَاضِي الاِسْتِئْنَاف: اپیل جج۔
قَاضِي التَّحْقِيْق: افسر تحقیقات۔
قَاضِي الصُّلْح: چھوٹے درجہ کا مجسٹریٹ، معمولی مقدمات طے کرنے والا۔
قَاضِي القُضَاة: چیف جسٹس، سپریم جج۔
قَاضٍ عُرْفِي: ثالث، پنچ، حَکَم۔
قَاضٍ: پورا کرنے والا، مکمل کرنے والا (۲) فیصلہ کن (۳) مہلک۔
اِقْتِضَاء: ضرورت، وقتی یا طبعی تقاضا۔
عِنْدَ الاِقْتِضَاء: وقتِ ضرورت۔
الاِنْقِضَاء: اختتام۔
مَقْضِيّ: فیصلہ کیا ہوا (۲) پورا کیا ہوا۔
مَقْضِيّ عَلَيْه: خاتمہ کیا ہوا۔
مُقْتَضَيَات: لوازم، ضروریات۔
بِمُقْتَضَى ذٰلِكَ: اس لحاظ سے۔

ق .... ط

قَطَبَ ـُ قَطْباً: (۱) جمع کرنا (۲) کاٹنا۔
___ و قَطَّبَ جَبِيْنَه: پیشانی پر شکن ڈالنا، شکن پڑنا۔
___ ___ وَجْهَه: منہ بگاڑنا، ناک بھوں چڑھانا۔
اِسْتَقْطَبَ: جمع کرنا۔
اِسْتَقْطَبَ التَّأْيِيْدَ: حمایت حاصل کرنا۔
قُطْبٌ: محور، مدار (۲) سربراہِ قوم ج: أَقْطَاب۔
أَقْطَاب: چوٹی کے لیڈر و: قُطْب۔
أَقْطَابُ السِّيَاسَة: چوٹی کے سیاستداں۔
أَقْطَابُ الصِّنَاعَة: بڑے صنعت کار۔
قَطُوْب، قَاطِب: ترش رُو۔
قَاطِبَةً: تمام، سب کے سب۔
تَقْطِيْب: چہرہ کا بگاڑ، ترش روئی۔
مُقَطِّبُ الجَبِيْن: شکن آلود پیشانی والا۔
قَطَرَ المَرْكَبَ ـُ قَطْراً: گاڑی کھینچنا۔
___ و قَطَّرَ: لائن میں لگانا، قطار میں لگانا۔
___ ___ المَاءَ: پانی ٹپکانا۔
___ و تَقَطَّرَ المَاءُ: پانی ٹپکنا، بہنا۔
قَطَّرَ المَاءَ: مقطر کرنا، صاف کرنا۔
اِسْتَقْطَرَ الشَّيْءَ: نچوڑنا، قطرے نکالنا۔
قَطْرٌ: بارش ج: قِطَار۔
قِطَار: (۱) ریل گاڑی، ٹرین (۲) اونٹوں کی قطار، لائن ج: قُطُر۔
قِطَارُ البَضَائِع: مال گاڑی، پیج ٹرین، گوڈس ٹرین۔
قِطَارُ الرُّكَّاب: پاسنجر ٹرین۔
قِطَارُ الرُّكَّابِ البَطِيْء: سست رفتار پاسنجر ٹرین۔
القِطَارُ السَّرِيْع: اسپیشل ٹرین، فاسٹ ٹرین، ایکسپریس گاڑی۔
قِطَارٌ طَوَّال: ڈائرکٹ ٹرین، لمبے سفر کی گاڑی۔
قِطَارٌ مُتَوَقِّفٌ فِي جَمِيْعِ المَحَطَّات: لوکل ٹرین۔
قُطْرٌ: ملک، کنٹری (۲) صوبہ (۳) عود، اگر ج: أَقْطَار۔

أَقْطَارٌ نَامِيَة: ترقی پذیر ممالک۔
أَقْطَارٌ نَائِيَة: دوردراز ممالک۔
قِطْرٌ: پگھلا ہوا تانبا۔
قَطْرَة: بوند،قطرہ،ڈراپ ج: قَطَرَات۔
قَطْرَةُ العَيْن: آنسو۔
قَطَّارَة: پچکاری،ڈراپر۔
قَاطِرَة: انجن (ریلوے) ج: قَاطِرَات۔
تَقْطِير: صفائی،تنقیہ۔
مِقْطَر ، مِقْطَرَة: عوددان۔
قَطْرَنَة: تارکول ڈالنا۔
قِطْرَان: تارکول۔
قَطَّطَ الخَشَب: لکڑی کو چھیل کر ہموار کرنا (۲) چھیلنا۔
قَطَّ و قَطِطَ ـــَ الشَّعْرُ قَطَطًا: بالوں کا چھوٹا اور گھنگریالا ہونا۔
قَطَّ القَلَمَ ـــُ قَطًّا: قلم پر خط لگانا۔
قَطَّ ـــُ قَطًّا: چھیلنا (۲) نقش کرنا (۳) کھودنا۔
قَطْ ، فَقَطْ: صرف۔
قَطُّ: بالکل نہیں،ابتک نہیں۔
قَطٌّ: بالوں کی صفت،گھنگھریالے۔
قِطٌّ: بلی (نر) ج: قِطَطَة۔
قِطَّة: بلی (مادہ)۔
قُطَيْطَة: بلی کا بچہ ج: قُطَيْطَات۔
قَطَّاط: خراد کا کام کرنے والا۔
قَطَعَ ـــَ قَطْعًا: کاٹنا،کترنا (۲) زخمی کرنا (۳) منقطع کرنا (۴) ختم کرنا۔
___ الرَّجَاءَ: امید منقطع کرنا۔
___ المَسَافَة: فاصلے طے کرنا۔
___ الوَقْتَ: وقت گزارنا۔
___ الاتِّصَالَ: کنکشن کاٹنا،رابطہ ختم کرنا۔
___ الأَمَلَ: آس توڑنا۔
___ خُطُوطَ التَّمْوِيْن: سپلائی لائن بند کرنا۔
___ الرِّحْلَةَ: سفر طے کرنا (۲) دورہ ختم کرنا۔
___ العَلَاقَاتِ الدِّبْلُومَاسِيَّة: سفارتی تعلقات ختم کرنا۔
___ العَلَاقَاتِ السِّيَاسِيَّة: ڈپلومیٹک تعلقات منقطع کرنا۔
___ الغَابَاتِ: جنگلات کاٹنا۔
___ كَلِمَتَه بِالتَّصْفِيْقِ الحَادّ: تقریر کے دوران زوردار تالی بجانا۔
___ الكُوبُوْنَ: کوپن کاٹنا۔
___ المُكَالَمَةَ: کال کاٹنا،بات چیت ختم کرنا۔
___ المُكَالَمَةَ التِّلِيفُونِيَّة: ٹیلیفون کال کاٹنا۔
قَطَعَ المُوَاصَلَاتِ: رابطے ختم کرنا۔
___ المَرَاحِلَ: مرحلے طے کرنا۔
___ التَّيَّارَ الكَهْرَبِيَّ: سوئچ دبانا (لائٹ بجھانے کے لئے)۔
___ العَهْدَ: عہد کرنا۔
___ الطُّرُقَ: راہزنی کرنا،ڈاکہ ڈالنا۔
___ الطَّرِيْقَ علی: راستہ روکنا۔
___ وَرَقَ اللَّعِب: تاش کے پتے کاٹنا۔
___ دَابِرَه: جڑ اکھاڑنا،خاتمہ کرنا۔
___ لِسَانَه: خاموش کرنا۔
___ عَلَيْه: بات کاٹنا۔
___ عَنْ: محروم کرنا۔

___ الصَّدِيْقَ: ترکِ تعلق کرنا۔
___ فِي القَوْلِ: یقین و وثوق سے کہنا، زور کے ساتھ کہنا۔
___ فِيهِ الكَلَامُ: اثر کرنا۔
___ عَقْلَه: قائل کرنا۔
___ تَذْكِرَةً: (۱) ٹکٹ دینا (۲) کاٹنا۔
قَطَّعَ تَقْطِيعاً: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) شعر کی تقطیع کرنا۔
قَاطَعَه و اَقْطَعَ عَنْه: علیحدگی اختیار کرنا، بائیکاٹ کرنا۔
اُقَاطِعُ كَلَامَكُمْ: آپ کا قطع کلام ہوتا ہے، میں آپ کا قطع کلام کرتا ہوں۔
اَقْطَعَ النَّهْرَ: نہر کو کاٹ کر دوسری طرف پانی لے جانا۔
اَقْطَعَهُ الأَرْضَ: زمین دینا، الاٹ کرنا۔
اَقْطَعَهُ مَعَاشاً: پنشن دینا۔
قَطِعَ، اِنْقَطَعَ: کٹنا۔
___ التَّيَّارُ: کرنٹ کٹنا
اِنْقَطَعَ التَّيَّارُ الكَهْرَبِيُّ: بجلی غائب ہو جانا۔
اِنْقَطَعَ اِرْسَالُ التِّلْفَازِ: ٹیلی ویژن لائن کٹنا۔
اِنْقَطَعَ الشَّيْءُ: گیپ ہونا۔
اِنْقَطَعَتْ حَرَكَةُ المُرُوْرِ: ٹریفک بند ہونا، آمدورفت بند ہونا۔
اِنْقَطَعَتِ العَلَاقَةُ بِه: تعلق منقطع ہونا۔
اِنْقَطَعَتِ الحِبَالُ: ذرائع و اسباب کا ختم ہو جانا۔
اِقْتَطَعَ مِنْ: کسی چیز سے ٹکڑا لینا (۲) تنخواہ کا کوئی حصہ وضع کرنا، کٹوتی کرنا۔
اِسْتَقْطَعَ اَرْضاً: زمین الاٹ کرانا، الاٹمنٹ کی درخواست کرنا۔
تَقَاطَعَ الخَطَّانِ: دو خطوں کا ایک دوسروں کو کاٹنا، کراس کرنا۔
قَطْعٌ: سائز ج: اَقْطَاع (۲) کٹنگ (۳) تراش۔
قَطْعٌ كَبِيْرٌ أَوْ صَغِيْرٌ: بڑا یا چھوٹا سائز۔
قَطْعُ الطُّرُقِ: راہزنی۔
قَطْعُ العَلَائِقِ: قطع تعلق۔
قَطْعاً: بے شک (۲) بالکل نہیں۔
قَطْعِيٌّ: حتمی، آخری۔
قَاطِعٌ: تیز (۲) فیصلہ کن، قطعی (۳) لاجواب (۴) ترش۔
قَاطِعُ الطُّرُقِ: ڈاکو، رہزن۔
قَاطِعُ التَّذَاكِرِ (فِي قِطَارٍ أَوْ أُوْتُوبُوس): کنڈیکٹر۔
قَطَّاعٌ: کٹر، کاٹنے کا اوزار۔
قَطَّاعِيٌّ: (۱) خردہ، ریٹیل۔
بِالقَطَّاعِيِّ: خردہ میں، ریٹیل میں۔
تَاجِرُ القَطَّاعِيِّ: خردہ فروش۔
قِطَاعٌ: سیکشن، شعبہ، سیکٹر، میدان، علاقہ، کسی چیز کا حصہ۔
قِطَاعٌ حُكُوْمِيٌّ: سرکاری سیکٹر۔
قِطَاعٌ خَاصٌّ: پرائیویٹ سیکٹر۔
قِطَاعٌ عَامٌّ: پبلک سیکٹر۔
قِطَاعٌ مَدَنِيٌّ: سول سیکٹر۔
قِطَاعَاتُ المَدِيْنَةِ: شہر کے سیکٹر، حصے۔
قِطَاعَاتُ العَمَلِيَّاتِ: کارروائیوں کے سیکٹر۔

قِطْعَة: ٹکڑا، حصہ، پیس، پارٹ، کوپن ج: قِطَع۔
قِطْعَةُ أرْضٍ: پلاٹ، قطعۂ زمین۔
قِطْعَةُ الغِيَار: فالتو پرزہ۔
قِطَعٌ نَقْدِيَّةٌ صَغِيرَة: چینج ریزگاری۔
قِطَعُ الغِيَار: فالتو پرزے۔
قَطُوع: (۱) پارٹیشن، کسی جگہ کو الگ کرنے والی چیز یا دیوار ج: قَوَاطِع۔
قَطِيع: قطار، بکریوں کا گلہ، ریوڑ (۲) جانوروں کا گلہ ج: قُطْعَان۔
قَطِيعَة: بے تعلقی، علیحدگی۔
قَطِيعَة، إِقْطَاعَة: جاگیر ج: إِقْطَاعَات۔
إِقْطَاعِيّ: جاگیردار، زمیندار (۲) جاگیر کا، جاگیری طریقہ کا یا اس سے مشابہ۔
إِقْطَاعِيَّة: جاگیرداری۔
إِنْقِطَاع: بندش، رکاوٹ، خاتمہ۔
تَقَطُّع: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
تَقْطِيع: سائز (۲) قدوقامت (۳) پیٹ میں مروڑ۔
تَقَاطِيعُ الوَجْه: چہرہ کے خط وخال۔
تَقَاطُعُ الشَّوَارِع: سڑک کا موڑ، چوراہا۔
نُقْطَةُ التَّقَاطُع: مرکز اتصال (۲) ریلوے جنکشن۔
اِسْتِقْطَاعَات: وضع کردہ حصے، منہا کردہ حصے۔
مَقْطَعُ النَّهْر: نہر کے گزرنے کی جگہ۔
مَقْطَعُ الطُّرُق: کراسنگ، وہ جگہ جہاں سے مختلف راستے نکلتے ہوں، چوراہا۔
مَقْطَعٌ لِعُبُورِ القِطَار: ریلوے کراسنگ پھاٹک۔
مِقْطَع: کاٹنے کا آلہ، چاقو۔
مُقَاطَعَة: (۱) علیحدگی، بائیکاٹ (۲) انتظامی علاقہ، صوبہ ج: مُقَاطَعَات۔
مُقَاطَعَةٌ اِقْتِصَادِيَّة: اقتصادی ناکہ بندی۔
مُقَاطَعَةٌ تِجَارِيَّة: تجارتی بائیکاٹ۔
مُقَاطِعاً كَلامَكُم: آپ کا قطع کلام ہوتا ہے۔
مُتَقَطِّعاً: رک رک کے، وقفے سے۔
قَطَفَ ـُ قَطْفاً: پھول توڑنا، پھل توڑنا (۲) اچکنا۔
قِطْف: ٹوٹے ہوئے پھول یا پھل ج: قُطُوف۔
قِطَاف: پھل توڑنے کا موسم۔
قَطِيفَة: مخمل (۲) نقلی مخمل (۳) مخمل جیسا سوتی کپڑا: قَطَائِف و قُطُف۔
قَطِيفَةُ المَفْرُوشَات: پلاش، ایک قسم کا مخمل کی طرح ملائم سوتی کپڑا۔
مِقْطَف: درانتی۔
مُقْتَطَف: اقتباس۔
مُقْتَطَفَات: اقتباسات، منتخبات۔
قَطَلَ ـُ قَطْلاً و قَطَّلَ: کاٹنا۔
قَطِيلَة: تولیہ۔
قَطَمَ ـِ قَطْماً: دانتوں سے کاٹنا۔
مَقْطَم: ذائقہ، ٹیسٹ۔
مِقْطَم: پنجہ ج: مَقَاطِم۔
قِطْمِير، قِطْمَار: گٹھلی اور کھجور کے درمیان کی جھلی۔

قَطَنَ فِي الْمَكَانِ و بہ ـُـ قُطُوناً: رہنا، آباد ہونا۔
قَطَّنَ: بسانا، آباد کرنا۔
قُطْنٌ: روئی، کاٹن۔
قُطْنِيّ: روئی کا (۲) سوتی۔
مَقْطَنَة: روئی کا کھیت۔
يَقْطِين: کدو کی بیل (۲) گول کدو۔

ق .... ع

قَعَدَ ـُـ قُعُوداً: بیٹھنا۔
___ لہ: گھات میں لگنا، تاک میں لگنا۔
___ عَنْ: چھوڑنا (۲) رُکنا۔
___ و أَقْعَدَ بِالْمَكَانِ: مقیم رہنا۔
___ بہ و أَقْعَدَهُ: بٹھانا (۲) حوصلہ پست کرنا۔
تَقَعَّدَ و تَقَاعَدَ عَنْ: دست بردار ہونا۔
تَقَاعَدَ عَنْ: چھوڑنا، بیٹھ رہنا۔
تَقَاعَدَ: ریٹائر ہونا۔
قَعَدٌ: کم ہمت لوگ جو جنگ میں نہ جائیں، گھر بیٹھے رہیں۔
قَعْدَة: بیٹھک، نشست۔
قُعْدَة: اپاہج، نکما، سست و کاہل۔
قَعِيدٌ: ہم نشین (۲) نگراں۔
قَاعِدُ الْهِمَّة: کم ہمت۔
قَاعِدَة: بنیاد، بیس، فاؤنڈیشن (۲) پایہ (۳) عمارت کی کرسی (۴) اصول و ضابطہ (۵) طرز، نمونہ، فارمولا (۶) اڈہ ج: قَوَاعِد۔
قَاعِدَةُ الْبِلَادِ: ملک کا صدر مقام۔
قَاعِدَة ثَابِتَة: مقررہ ضابطہ۔
قَاعِدَة بَحْرِيَّة: بحری اڈہ۔
قَاعِدَةُ الْبِنَاء: عمارت کی کرسی۔
قَاعِدَة جَوِّيَّة: فضائی اڈہ، فوجی فضائی ٹھکانہ۔
قَاعِدَة حَرْبِيَّة: جنگی اڈہ۔
قَاعِدَة صُلْبَة: ٹھوس بنیاد۔
قَاعِدَة عَسْكَرِيَّة: فوجی اڈہ۔
قَاعِدِيّ: بنیادی، اصولی، بیک۔
قَوَاعِدُ الْمِيزَانِيَّة: بجٹ کے ضوابط۔
تَقَاعُد: ترکِ عمل، دست برداری، ریٹائر منٹ۔
مَعَاشُ تَقَاعُد: پنشن۔
مَعَاشُ تَقَاعُدِ الشَّيْخُوخَة: بڑھاپے کا الاؤنس۔
مَقْعَد: جگہ، سیٹ، بنچ، صوفہ ج: مَقَاعِد۔
مَقْعَدُ الْقَاضِي: کرسی عدالت۔
مَقْعَد طَوِيل: بینچ۔
مَقْعَدَةُ السِّرْوَال: پاجامہ کا رومال۔
مَقَاعِدُ الْمَجْلِسِ النِّيَابِيّ: پارلیمنٹری سیٹیں۔
مُتَقَاعِد: پنشنر، ریٹائرڈ۔
قَعُرَ ـُـ قَعَارَة: گہرا ہونا۔
قَعَرَ ـَـ قَعْراً و قَعَّرَ: گہرا کرنا۔
قَعَّرَ: کھوکھلا کرنا (۲) پچکنا۔
تَقَعَّرَ: گہرا ہونا (ضد تَحَدَّبَ)۔
قَعْر: تلی (۲) گہرائی ج: قُعُور۔
مُقَعَّر: (ضد مُحَدَّب) گہرا۔
قَعِسَ ـَـ قَعَساً: سینہ باہر اور پیٹھ کا اندر ہونا (ضد حَدِبَ)۔
تَقَاعَسَ عَنِ الْأَمْرِ: باز رہنا، کسی کام سے پیچھے ہٹنا۔
تَقَاعَسَ عَنِ الْمَسْؤُولِيَّة: ذمہ داری سے پیچھے ہٹنا۔

قَعْقَعَةُ السِّلاح: ہتھیاروں کی جھنکار۔
قَعْقَعَةُ الرَّعْد: گرج کی آواز۔
اَقْعَى الكَلْبُ اِقْعاءً: کتے کا بیٹھنا، پیر کھڑے کر کے بیٹھنا۔

ق.........ف

قَفَرَ الاَثَرَ ـُـ قَفْراً و اقْتَفَرَ: نشان پر چلنا، نشان تلاش کرنا۔
اَقْفَرَ المَكانُ: جگہ خالی ہونا۔
اَقْفَرَ المَكانَ: جگہ کو خالی کرنا۔
قَفْرٌ: بے آب و گیاہ، ویران، خالی، اُجاڑ ج: قِفارٌ۔
خُبْزٌ قَفارٌ و قَفْرٌ: روکھی روٹی۔
قَفِيرُ النَّحْل: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
قَفَزَ ـِـ قَفْزاً: اچھلنا، کودنا، جمپ لگانا۔
قَفَزَ العَدَدُ اِلى كذا: تعداد بڑھنا۔
تَقَفَّزَ: دستانہ پہننا۔
قَفْزٌ: چھلانگ، جمپ۔
قَفْزَةٌ كَبِيرَةٌ: بڑی چھلانگ، ترقی۔
قُفّازٌ: دستانہ ج: قَفافِيزُ۔
قَفَصٌ: پنجرہ ج: اَقْفاص۔
قَفَصُ المُجْرِمِيْن، قَفَصُ الاِتِّهام: مجرموں کا کٹہرا، عدالت کا کٹہرا۔
قُفْطان: ایک قسم کا زنانہ لباس۔
قُفَّةٌ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری ج: قُفَفٌ۔
قَفَّةٌ، قُفُوفٌ: لرزہ، کپکپی۔
قَفْقَفَ و تَقَفْقَفَ مِنَ البَرْد: لرزنا۔
قَفَلَ ـُـ قُفُولاً: لوٹنا (۲) غلہ وغیرہ کا اسٹاک کرنا۔

قَفَلَ و اَقْفَلَ: بند کرنا (۲) نل کی ٹونٹی بند کرنا (۳) لائٹ بند کرنا۔
قَفَّلَ الدَّفاتِرَ: رجسٹر بند کرنا۔
قَفَّلَ و اَقْفَلَ: تالا ڈالنا، لاک کرنا، بند کرنا۔
اَقْفَلَ المُؤَسَّسَةَ: ادارہ بند کر دینا۔
اَقْفَلَ الحَدِيْثَ مَعَ اَحَدٍ: بات چیت بند کرنا۔
اَقْفَلَ الحِسابَ: حساب بند کرنا۔
اَقْفَلَ المَحْضَرَ: رجسٹر بند کرنا۔
قُفْل: تالا، لاک ج: اَقْفال۔
قَفّال، قُفْلاتِي: قفل ساز (۲) تالا فروش۔
مُقْفِل: لاکر۔
مُقْفَل: بند، لاک۔
قَفاهُ ـُـ قَفْواً و اقْتَفاهُ: پیچھے چلنا۔
اِقْتَفى اثرہ: نقش قدم پر چلنا، نشان تلاش کرنا۔
قَفَّى فُلاناً زَيْداً او بہ: پیچھے لگانا، نقش قدم پر چلانا۔
قَفا، قَفاةٌ: گدی (۲) پشت۔
قَفا القُماش: کپڑے کا الٹا رخ۔

ق.........ق

قاقُلَّة: الائچی۔

ق.........ل

قَلَبَ ـِـ قَلْباً: پلٹنا، الٹنا، برعکس کرنا، الٹا کرنا، اوندھا کرنا۔
قَلَّبَ الاَمْرَ بِعَقْلِہ: کوئی بات دماغ یا ذہن میں گھمانا۔
قَلَّبَ الاَمْرَ عَلى وُجُوهِہِ المُخْتَلِفَة: معاملہ کے مختلف پہلوؤں کو دیکھنا۔
قَلَّبَ المَوازِيْنَ فِي المِنْطَقَة: علاقہ کا

توازن بگاڑنا۔
قَلَّبَ المَسْئَلَةَ عَلٰی جَمِیْعِ وُجُوهِهَا: مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا۔
تَقَلَّبَ: پلٹنا (۲) متغیر ہونا (۲) کروٹ لینا۔
قَلْبٌ: تبدیلی (۲) عکس (۳) دل ج: قُلُوب۔
قَلْبٌ (۲): دماغ (۲) عقل (۳) باطن۔
قَلْبٌ (۳): جوف، وسط (۲) قوت، دل گردہ، بہادری۔
قَلْبٌ عَفِیْفٌ طَاهِرٌ: پاک وصاف دل۔
قَلْبٌ ج: قُلُوبَات و قِلَبَة: بادام یا اخروٹ کی گری۔
قَلْبًا و قَالَبًا: دل وجان سے۔
عَرَبَةٌ قَلَّابَةٌ: سامان ڈھونے کی گاڑی۔
قَالِبٌ: سانچہ ج: قَوَالِب۔
تَقَلُّبٌ: تغیر، اتار چڑھاؤ (۲) غیر مستقل مزاجی۔
تَقَلُّبَاتٌ: اتار چڑھاؤ، تغیرات، تبدیلیاں، انقلابات۔
تَقَلُّبَاتُ الاَسْعَارِ: نرخوں کی تبدیلیاں۔
تَقَلُّبَاتٌ لَا مُبَرِّرَ لَهَا: بے وجہ تبدیلیاں۔
تَقَلُّبَاتٌ مَوْسِمِیَّةٌ: موسمی تبدیلیاں، موسمی تغیرات۔
اِنْقِلَابٌ عَسْكَرِیٌّ: فوجی انقلاب۔
اِنْقِلَابٌ عَسْكَرِیٌّ فَاشِلٌ: ناکام فوجی انقلاب۔
اِنْقِلَابٌ فَاشِلٌ: ناکام انقلاب۔
اِنْقِلَابٌ قَامَتْ بِهِ قُوَّاتُ الجَیْشِ: فوجی انقلاب۔
مُتَقَلِّبُ الاَطْوَارِ: غیر مستقل مزاج۔
مُنْقَلَبٌ: انجام (۲) مدار۔
قَلَّدَ: گلے میں ہار ڈالنا (۲) نقل کرنا، تقلید کرنا، اتباع کرنا (۳) کاپی بنانا۔
قَلَّدَهُ المَسْئُولِیَّةَ: ذمہ داری سپرد کرنا۔
تَقَلَّدَ: ہار پہننا (۲) گلے میں ڈالنا (۳) قبول کرنا، ذمہ لینا۔
تَقَلَّدَ الاُمُوْرَ: کام سنبھالنا۔
تَقَلَّدَ المَنْصِبَ: عہدہ سنبھالنا۔
تَقَلَّدَ بِفُلَانٍ: نقش قدم پر چلنا۔
قِلَادَةٌ: ہار ج: قَلَائِد۔
تَقْلِیْدٌ: رسم، روایت ج: تَقَالِیْد۔
التَّقْلِیْدُ المُتَّبَعُ: مروجہ رسم۔
تَقْلِیْدِیٌّ: روایتی، کلاسیکل، قدیم۔
تَقْلِیْدِیٌّ: روایت پسند ج: تَقْلِیْدِیُّوْن۔
تَقَالِیْدُ: رسم ورواج، روایات، آداب۔
التَّقَالِیْدُ الاِقْطَاعِیَّةُ: جاگیردارانہ رسم ورواج۔
تَقَالِیْدُ وِرَاثِیَّةٌ: آبائی رسم ورواج۔
مِقْلَدٌ، مِقْلَادٌ: چابی، باگ۔
مَقَالِیْدُ الاُمُوْرِ: کاموں کی ذمہ داریاں۔
قُلْزُم: بحر احمر۔
قَلَسَ ــ قَلْسًا: گانے کے ساتھ ناچنا (۲) جی متلانا۔
قَلَّسَ لَهُ: کسی کے سامنے جھکنا۔
قَلْسَةٌ: ٹوپی اڑھانا۔
قَلْسٌ: موٹی رسی ج: اَقْلَاس و قُلُوس۔
قَلَنْسُوَةٌ: ٹوپی ج: قَلَانِس۔

قَلَّصَ: سمیٹنا، اوپر چڑھانا۔
قَلَصَ ۔ قُلُوصاً و تَقَلَّصَ: سمٹنا، سکڑنا۔
تَقَلَّصَ الظِّلُّ: سایہ کم ہونا۔
تَقَلَّصَ الإنْتَاجُ: پیداوار کم ہونا۔
تَقَلَّصَ النُّفُوذُ: اثر ورسوخ کم ہونا۔
تَقَلَّصَتِ الفَجْوَةُ: خلیج کم ہونا۔
تَقَلَّصَتِ التِّجَارَةُ: تجارت کا دائرہ کم ہونا۔
قَلاوُوظ: (د) بحری جہاز کا پائلٹ۔
قَلَعَ ۔ قَلْعاً و قَلَّعَ و اقْتَلَعَ: اکھاڑنا، جڑ سے نکالنا (۲) کپڑا اتارنا۔
أَقْلَعَ المَرْكَبُ: جہاز کا لنگر اٹھانا۔
أَقْلَعَ عَنْ: چھوڑنا، باز رہنا۔
أَقْلَعَتِ الطَّائِرَةُ مِنَ المَطَارِ: ہوائی جہاز کا روانہ ہونا۔
اِقْتَلَعَ جُذُورَ التَّفْرِقَةِ العُنْصُرِيَّةِ: نسلی امتیاز کا قلع قمع کرنا۔
اِقْتَلَعَ السُّلْطَةَ مِنْ: اقتدار چھین لینا۔
قِلْعُ السَّفِينَةِ: بادبان ج: قُلُوع۔
قَلْعَة: محل، قلعہ (۲) ٹاور ج: قِلاع۔
قَلْعَةٌ مَنِيعَةٌ: مضبوط قلعہ۔
قَلْعَةٌ حَصِينَةٌ: محفوظ قلعہ۔
مِقْلاع: پتھر پھینکنے کا ایک قدیم آلہ، گوپیا۔
قَلَفَ الشَّجَرَ ۔ قَلْفاً: چھال اتارنا۔
قِلْفٌ، قِلافَة: درخت کی چھال۔
أَقْلَفُ: غیر مختون ج: قُلْف۔
قَلِقَ ۔ قَلَقاً: پریشان ہونا، بے چین ہونا۔
أَقْلَقَهُ: بے چین بنانا، پریشان کرنا۔
قَلَقٌ: پریشانی، آزردگی، تشویش، اداسی۔
قَلَقٌ بَالِغٌ: زبردست تشویش۔
قَلَقٌ عَمِيقٌ: گہری تشویش۔
قَلَقٌ كَبِيرٌ: زبردست تشویش۔
قَلِقٌ: مضطرب، بے چین، پریشان، مشوش، اداس۔
مُقْلِقٌ: تشویش انگیز، پریشان کن۔
قُلْقَاس: اروی (ایک ترکاری)۔
قَلْقَلَ: ہلانا (۲) جھنجھوڑنا (۳) پریشان کرنا۔
تَقَلْقَلَ: ہلنا، پریشان ہونا۔
تَقَلْقَلَ مِنْ مَكَانِهِ: جگہ سے ہٹنا۔
قَلْقَلَة: اضطراب، بے اطمینانی ج: قَلاقِل۔
مُقَلْقِل: غیر اطمینان بخش۔
قَلَّلَ، أَقَلَّ: کم کرنا۔
قَلَّلَ مِنْ شَأْنِهِ: حیثیت گھٹانا۔
أَقَلَّ الشَّيْءَ: اٹھانا، لادنا (۲) لے جانا، منتقل کرنا۔
قَلَّ ۔ قِلَّةً: کم ہونا، تھوڑا ہونا، کمیاب ہونا۔
قَلَّ عَنْ: ناقص ہونا، گھٹ جانا۔
قَلَّمَا: بہت کم، شاذ ونادر، شاید باید۔
اِسْتَقَلَّ الشَّيْءَ: اٹھانا (۲) تھوڑا سمجھنا (۳) حقیر سمجھنا۔
اِسْتَقَلَّ الرَّجُلُ: مستقل ہونا (۲) خود مختار ہونا۔
اِسْتَقَلَّ فِي رَأْيِهِ: ذی رائے ہونا، اپنی رائے کا مختار ہونا۔
اِسْتَقَلَّ بَاخِرَةً، عَرَبَةً، قِطَاراً وغَيْرَهُ: سفر کرنا (کسی سواری پر)۔
قُلَّة: چوٹی (۲) پانی کا گھڑا ج: قُلَل۔
قِلَّة: شارٹیج، کمی۔

قِلَّةُ اختِیَارٍ: ناتجربہ کاری۔
قِلَّةُ الاستِهلاک: کھپت کی کمی۔
قِلَّةُ الخِبرَة: ناتجربہ کاری۔
قِلَّةُ السُّکّان: آبادی کی قلت۔
قُلٌّ، قِلٌّ: تھوڑا مال، بقدر کفایت۔
قَلِیل: تھوڑا، کم، معمولی۔
قَلِیلُ الأدَب: بدتہذیب، بے ادب۔
قَلِیلُ الحَیَاء: بے شرم۔
قَلِیلُ الوُجُود: کمیاب۔
قَلِیلُ العَدَد: کم یا تھوڑی تعداد میں۔
قَلِیلُ الخِبرَة: ناتجربہ کار۔
أقَلُّ: کمترین، کم درجہ۔
عَلَی الأقَلّ: کم از کم۔
إستِقلال: خودمختاری، آزادی۔
إستِقلالٌ إدارِیّ: سیلف گورنمنٹ، داخلی خودمختاری۔
إستِقلالٌ سِیاسِیّ: سیاسی خودمختاری۔
الاستِقلالُ عَن: علیحدگی، سبکدوشی۔
الاستِقلالُ الوَطَنِیّ: قومی خودمختاری، ملکی خودمختاری۔
مُستَقِلّ: خودمختار، آزاد۔
قَلَمَ ــــ قَلماً و قَلَّمَ: تراشنا، ناخن یا درخت کی بڑھی ہوئی شاخیں کاٹنا۔
قَلَم: قلم ج: اقلام۔
قَلَمُ اَردُوَاز: سلیٹ پنسل۔
قَلَمُ بَسطٍ (قَصَب): نرسل کا قلم۔
قَلَمُ (رَصَاص): پنسل۔
قَلَمُ حِبرٍ: فونٹین پین۔
قَلَمُ جَدوَلٍ: (مِسطَار) خط کش۔
قَلَمُ کُوبِیَة: (دا) کاپنگ پنسل، نقل بنانے کا قلم۔
قَلَمٌ (۳): طرز کتابت، لکھائی (۲) خط، لمبی لکیر (۳) حسابی مد (۴) دفتر (۵) محکمہ، ڈپارٹمنٹ (۶) شعبہ۔
قَلَمُ الإدَارَة: ہیڈ آفس۔
ــــ الاستِعلامات: انکوائری آفس۔
ــــ الحِسَابَات: صیغۂ محاسبی۔
ــــ الحِسَابَات بِالبَنک: بینک کا لجر ڈیپارٹمنٹ۔
ــــ التَّثمِین: کاسٹنگ ڈپارٹمنٹ۔
ــــ التَّحرِیر: ادارہ تحریر۔
ــــ التَّحصِیل: محکمۂ وصولیابی۔
ــــ التَّصدِیر: ایکسپورٹ ڈپارٹمنٹ۔
ــــ التَّعوِیضَات: کلیم ڈپارٹمنٹ۔
ــــ الخَزِینَة: محکمۂ خزانہ، کیش ڈپارٹمنٹ۔
ــــ التَّسجِیل: رجسٹری آفس۔
ــــ کُتَّابِ المَحکَمَة: کورٹ رجسٹرار آفس۔
ــــ الکَمبِیَالات: بل ڈپارٹمنٹ۔
ــــ المُخَابَرَاتِ الحَربِیَّة: محکمۂ اطلاعات جنگ۔
ــــ المُخَابَرَاتِ السِّرِّیَّة: محکمۂ سراغ رسانی، محکمۂ انٹلی جنس۔
ــــ مُرَاجَعَةِ الحِسَابَات: آڈٹ آفس۔
قُلَامَة: کترن، تراشہ۔
قَلَّمَا: بہت کم، شاذ و نادر۔
الكَفَاءَةُ القِتَالِيَّةُ العَالِيَةُ: اعلیٰ جنگی صلاحیت۔
كَفَاءَةُ المُسْتَخْدَمِ: ملازم کی لیاقت۔
الكَفَاءَةُ المُمْتَازَةُ: برتر صلاحیت۔
التَّكَافُؤُ بَيْنَ العُمْلَتَيْنِ: دو سکوں کے درمیان برابری۔
مُكَافَأَةٌ: بیعنت، الاؤنس، وظیفہ، فیس، معاوضہ، محنتانہ۔
مُكَافَأَةُ أَعْضَاءِ مَجْلِسِ الإِدَارَةِ: ڈائریکٹرس فیس، انتظامی مجلس کے ذمہ داران کا الاؤنس۔
مُكَافَأَةُ الخِدْمَةِ: خدمت کا صلہ۔
مُكَافَأَةٌ سَنَوِيَّةٌ: سالانہ وظیفہ۔
المُكَافَأَةُ المَالِيَةُ: مالی انعام۔
مُكَافَأَةُ مُرَاقِبِ الحِسَابَاتِ: آڈیٹر فیس۔
كَفَتَ ـــ كَفْتاً: پھیرنا، ہٹانا۔
كَفْتٌ: موت۔
خُبْزٌ كَفْتٌ: روکھی روٹی۔
كَفَحَ ـــ كَفْحاً و كَافَحَ العَدُوَّ: دشمن کا سامنا کرنا (۲) مقابلہ کرنا۔
كَافَحَه: لڑنا۔
كَافَحَ عَنْهُ: دفاع کرنا۔
كَافَحَ الأَمْرَ: کام کو خود انجام دینا۔

كِفَاحٌ ، مُكَافَحَةٌ: لڑائی، مقابلہ، جدوجہد۔
كِفَاحٌ مُسَلَّحٌ: مسلح جدوجہد۔
كِفَاحٌ نَامٍ: بڑھتی ہوئی جدوجہد۔
الكِفَاحُ مِنْ أَجْلِ البَقَاءِ: زندہ رہنے کے لئے جدوجہد۔
لَقِيتُهُ كِفَاحاً: میں اس کے رُوبرو ہوا۔
مُكَافَحَةُ التَّضَخُّمِ المَالِيِّ: افراطِ زر کو ختم کرنا۔
مُكَافَحَةُ التَّكَتُّلِ: دھڑا بندی ختم کرنا۔
مُكَافَحَةُ الفَقْرِ: افلاس دور کرنا۔
كَفَرَ ـــ كُفْراً و كَفَّرَ: چھپانا۔
كَفَرَ بِاللّٰهِ: خدا کا انکار کرنا۔
كَفَرَ بِالنِّعْمَةِ: ناشکری کرنا۔
كَفَّرَ عَنْ: کفارہ دینا، تدارک کرنا۔
كَفَّرَ و أَكْفَرَ: کافر بنانا، کافر ٹھہرانا۔
كَفَّرَ لَهُ الذَّنْبَ: گناہ معاف کرنا۔
كَفْرٌ: چھوٹی بستی ج: كُفُورٌ۔
كُفْرٌ ، كُفْرَانٌ: انکارِ خدا، ناشکری۔
كَفَفٌ ، كَفَافٌ: ضرورت بھر روزی، بقدرِ ضرورت، پیٹ بھر۔
كَفَفٌ (۲): بھیک۔
كَفَّ الثَّوْبَ ـــ كَفّاً و كِفَافَةً: تُرپنا، بخیہ کرنا۔
كَفَّ عَنْ: باز رہنا۔
كَفَّ العَامِلُ عَنْ أَدَاءِ الوَظِيفَةِ: فیل ہونا۔
كَفَّهُ عَنْ: باز رکھنا، روکنا۔
كَفَّ الإِنَاءَ: لبالب بھرنا۔
كَفَّ و كُفَّ بَصَرُهُ: نابینا ہونا۔
تَكَفَّفَ و اسْتَكَفَّ النَّاسَ: ہاتھ پھیلا

کرنا گنا۔
اِسْتَكَفَّ: دونوں آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا۔
كُفَّ: ٹھہرو۔
كَفٌّ: دستانہ (۲) ہتھیلی ج: اَكُفٌّ۔
كَفُّ الحَيَوان: پنجہ۔
كِفَّة: ترازو کا پلڑا ج: كِفَف۔
كُفَّة و كِفَاف: حاشیہ، گوٹ۔
كِفَاف: دھار۔
كَفَف مِنَ الرِّزْق: ضرورت بھر روزی۔
كِفَافَة: ترپائی، حاشیہ کی سلائی۔
كَفِيف، مَكْفُوفُ البَصَر: نابینا، معذور۔
كَافَّة: سب، بلا استثناء۔
كَفْكَفَ الدَّمْعَ: آنسو روکنا، بار بار آنسو پونچھنا۔
كَفْكَفَ عَنْ: باز رکھنا، روکنا۔
كَفَلَ ـُ كَفَالَةً: ضامن ہونا، کفیل ہونا، ذمہ دار ہونا۔
كَفَلَ الكَفِيلُ المُتَّهَمَ: مجرم کی ضمانت لینا۔
كَفَلَ لَهُ حِمَايَةً مُنَاسِبَةً: ضروری حفاظت کی ذمہ دار لینا۔
كَفَلَ النَّفَقَاتِ: اخراجات برداشت کرنا۔
كَفَلَ وَ كَفُلَ عِيَالَهُ: پرورش کرنا، نان نفقہ کا ذمہ دار ہونا۔
كَفَّلَهُ و أَكْفَلَهُ إِيَّاهُ: ضامن بنانا، ذمہ دار بنانا۔
كَافَلَهُ: معاہدہ کرنا۔
تَكَفَّلَ بِشَيْءٍ: نمٹنا، ذمہ داری لینا۔
كَفَالَة: ضمانت، ذمہ داری، گارنٹی (۲) پرورش، اخراجات کی ذمہ داری۔
بِكَفَالَةٍ: ضمانت پر۔

أُفْرِجَ عَنْهُ بِكَفَالَةٍ: ضمانت پر رہا کیا گیا۔
كَفَالَات: ضمانتیں۔
كَفِيل: ضامن، ذمہ دار، گارنٹی دینے والا ج: كُفَلاء۔
كَفِيلٌ بِكَذا: مؤثر، مفید۔
تَكَافُل: باہمی ضمانت، باہمی تعاون، مشترکہ ذمہ داری۔
مَكْفُول: جس کی ضمانت دی گئی ہو، گارنٹڈ (۲) جس کی پرورش اور کفالت کی جائے۔
كَفَنَ ـِ كَفْناً و كَفَّنَ: مردہ کو دیانا (۲) کفن پہنانا۔
كَفِنٌ: پھیکا، بے نمک۔
كَفَنٌ: مُردہ کا لباس ج: أَكْفَان۔
اِكْفَهَرَّ اللَّيْلُ اِكْفِهْرَاراً: رات تاریک ہونا۔
اِكْفَهَرَّ السَّحَابُ: بادل کا گہرا اور سیاہ ہونا۔
اِكْفَهَرَّ الجَوُّ: فضا ابر آلود ہونا، فضا خراب ہونا۔
اِكْفَهَرَّ الوَجْهُ: تیوری چڑھنا۔
اِكْفَهَرَّتِ السَّمَاءُ: کالی گھٹا چھانا۔
مُكْفَهِرّ: تاریک (۲) ترش رو۔
كُفُوٌّ: نظیر، مثل (۲) لائق، اہل (دیکھیے: كفأ)۔
كَفَى ـِ كِفَايَةً: کافی ہونا۔
كَفَاهُ الشَّرَّ: شر سے محفوظ رکھنا۔
كَفِيٌّ لِكَذا: اہل، لائق۔
كَافَاهُ مُكَافَاةً: بدلہ دینا۔

اِكْتَفَى بِكَذَا: قناعت کرنا، اکتفا کرنا۔
كِفَايَة: بقدر ضرورت شے (۲) بے نیازی (۳) قناعت۔
اِكْتِفَاء: قناعت، آسودہ خاطری۔
اِكْتِفَاءٌ اِقْتِصَادِيّ: معاشی خود کفالتی، معاشی بہتری۔
الاِكْتِفَاءُ الذَّاتِيّ: خود کفالت، خود کفیل ہونا۔
مُكْتَفٍ: قانع، آسودہ خاطر۔

ک .... ل

كَلَأَ ـــ كِلَاءَةً: حفاظت کرنا۔
كَلَأٌ: گھاس ج: أَكْلَاء۔
كَلْءٌ، كِلَاءٌ، كِلَاءَة: حفاظت۔
كَلِبَ الرَّجُلُ ـــ كَلَبًا و اسْتَكْلَبَ: کتے کے کاٹنے سے دیوانہ ہوا (۲) کتے کی طرح بھونکنا۔
تَكَالَبُوا عَلَى شَيْءٍ: سب لوگوں کا کسی چیز کی خواہش کرنا، حرص ہونا، ٹوٹ پڑنا۔
كَلْبٌ: کتا ج: كِلَاب۔
كَلْبَة: کتیا۔
كَلْبَتَان: (۱) زنبور، فنِ جراحی کی چمٹی۔
كَلِبٌ: لالچی۔
كُلَّابَة: دانت نکالنے کا زنبور۔
كَلَحَ ـــ كُلُوحًا و أَكْلَحَ و تَكَلَّحَ الوَجْهُ: چہرہ پر شکن پڑنا، ترش رو ہونا۔
كَالِحٌ: ترش رو۔
كَلَّسَ و تَكَلَّسَ: چونا بنانا یا بننا۔
كَلَّسَ البَيْتَ: چونے کا پلاسٹر کرنا (۲) چونا پھیرنا۔

كِلْس: (مع) چونا۔
كِلْسِيّ: چونے کا۔
كَلْسِيُوم: (مع) کیلشیم۔
كَلِفَ الوَجْهُ ـــ كَلَفًا: چہرہ پر جھائیں پڑنا۔
كَلِفَ بِالشَّيْءِ: دلدادہ ہونا، فریفتہ ہونا، عاشق ہونا۔
كَلَّفَهُ بِكَذَا: مامور کرنا، پابند بنانا (۲) مشکل کام کا حکم دینا۔
كَلَّفَهُ الأَمْرُ كَذَا مِنَ المَصَارِيف: لاگت آنا (هٰذَا البِنَاءُ يُكَلِّفُنَا أَلْفَ مِائَةِ رُوبِيَة)۔
تَكَلَّفَ: تکلف کرنا، رسمیات اختیار کرنا۔
تَكَلَّفَ الأَمْرَ: کسی کام میں صعوبت اٹھانا۔
كُلْفَة: صعوبت (۲) لاگت، کاسٹ ج: كُلَف۔
كُلْفَةُ الإِنْتَاج: پیداواری لاگت۔
كُلْفَةُ البِنَاء: تعمیری لاگت۔
كَلَف: فریفتگی (۲) جھائیں۔
تَكْلِيف: پابندی (۲) حکم (۳) تکلف (۴) ذمہ داری (۵) لاگت ج: تَكَالِيف۔
تَكَالِيف: چارجس، اخراجات، لاگت، کاسٹ۔
تَكَالِيفُ الإِنْتَاج: پیداواری لاگت۔
تَكَالِيفُ التَّشْغِيلِ اليَوْمِيَّة: روزمرہ کے کام کے اخراجات۔
التَّكَالِيفُ الثَّابِتَة: مستقل اخراجات۔

التَّكَالِيفُ الصِّنَاعِيَّةُ: صنعتی اخراجات۔
تَكَالِيفُ العَمَلِ: لیبر اخراجات۔
تَكَالِيفُ غَيْرُ مُبَاشِرَةٍ: بالواسطہ اخراجات۔
التَّكَالِيفُ المُتَغَيِّرَةُ: تغیر پذیر اخراجات۔
التَّكَالِيفُ المُضَافَةُ: اضافی اخراجات۔
تَكْلِفَةٌ: کاسٹ، لاگت، خرچ۔
التَّكْلِفَةُ الاَسَاسِيَّةُ: اصل لاگت۔
التَّكْلِفَةُ الفِعْلِيَّةُ: فوری خرچ، فوری لاگت۔
تَكْلِفَةُ الفُرْصَةِ البَدِيلَةِ: عوضی کی اجرت۔
تَكْلِفَةٌ مُبَاشِرَةٌ: اصل لاگت۔
مُكَلَّفٌ: پابندِ حکم، ذمہ دار (۲) ٹیکس ادا کرنے والا۔
مُكَلَّفٌ بِاسْمِهِ أَوْ عَلَى اسْمِهِ: کسی جائیداد کا کسی کے نام رجسٹرڈ ہونا۔
مُكَلَّفٌ بِالضَّرَائِبِ: ٹیکس کی ادائگی جس پر واجب ہو۔
مُكَلَّفَةٌ: (۱) زراعتی زمینوں کا رجسٹر جس پر لوگوں کے نام درج ہوں۔
كَلَّلَهُ تَكْلِيلاً: تاج پہنانا۔
كَلَّلَ عَلَى: (۱) کسی کے ساتھ عقد کر دینا۔
كَلَّ وَ كَلَّ ـِـ كَلاًّ: کند ہونا، بے دھار ہونا۔
كَلَّ ـِـ النَّظَرُ وَ الفَهْمُ: نگاہ اور فہم کا کمزور ہونا۔
كَلَّ: تھکنا، قویٰ مضمحل ہونا۔
أَكَلَّهُ إِكْلالاً: تھکانا۔
أَكَلَّ النَّظَرَ: نگاہ کو کمزور بنانا۔
تَكَلَّلَ: تاج پہننا۔
تَكَلَّلَ عَلَيْهَا: شادی کرنا۔
كُلٌّ: سب (۲) ہر ایک۔
كُلَّ اُسْبُوعَيْنِ: پندرہ روزہ۔
كُلَّ ثَلاثَةِ اَشْهُرٍ: سہ ماہی۔
كُلَّ سَنَتَيْنِ: دو سال۔
كُلَّ شَهْرَيْنِ: دو ماہی۔
كُلُّ شَيْئٍ صَحِيحٌ: سب ٹھیک۔
كُلِّيَّةٌ: (۱) عمومیت (۲) کالج ج: كُلِّيَّاتٌ۔
الكُلِّيَّةُ العَسْكَرِيَّةُ: ملٹری کالج۔
كُلِّيَّةُ قُوَى الاَمْنِ الدَّاخِلِي: اندرونی حفاظتی فورس کالج۔
كُلِّيَّةً، بِالكُلِّيَّةِ: بالکلیہ، قطعاً، پورے طور پر۔
بِكُلِّيَّتِهِ: تمام، سب کا سب۔
كَلٌّ وَ كَلِيلُ البَصَرِ: کم نگاہ، کمزور نگاہ۔
كَلٌّ وَ كَلِيلُ الفَهْمِ: کند ذہن۔
كَلٌّ، كَلِيلٌ: کند، بے دھار۔
إِكْلِيلٌ: تاج ج: أَكَالِيلُ۔
كَلَمَ ـِـ كَلْماً وَ كَلَّمَ: زخمی کرنا۔
كَلَّمَهُ وَ كَالَمَهُ: بات کرنا، خطاب کرنا۔
تَكَلَّمَ مَعَهُ: بولنا، بات چیت کرنا۔
تَكَلَّمَ عَلَى شَخْصٍ: مذمت کرنا۔
تَكَلَّمَ فِي: تعریف کرنا۔
تَكَلَّمَ بِالعَصَبِيَّةِ: تعصب سے بات کرنا۔
كَلْمٌ: زخم ج: كُلُوم وَ كِلَام۔

كَلِمَة: لفظ (۲) بات (۳) مضمون، پیراگراف (۴) تقریر ج: كَلِمٌ و كَلِمَات۔
كَلِمَةٌ إِذَاعِيَّةٌ: نشری تقریر۔
كَلِمَةُ الإِعْجَابِ: کلمۂ تحسین۔
كَلِمَةُ التَّحْرِيرِ: اداریہ، ایڈیٹوریل۔
كَلِمَةُ الشُّكْرِ: سپاس نامہ۔
إِلْقَاءُ الكَلِمَةِ: تقریر کرنا۔
كَلِمَةً فَكَلِمَةً (حَرْفِيًّا): لفظ بلفظ۔
كَلِمَاتٌ عَوِيصَةٌ: مشکل الفاظ۔
كَلِمَاتٌ قَاسِيَةٌ: سخت باتیں۔
كَلَام: بات، باتیں، گفتگو، اقوال۔
كَلَامٌ رَائِعٌ: شاندار باتیں۔
كَلَامٌ مُذْهِلٌ: حیرت انگیز باتیں۔
كَلَامٌ فَارِغٌ: بے معنی باتیں، فضول باتیں۔
كَلَامٌ مُزَخْرَفٌ: چکنی چپڑی باتیں۔
الكَلَامُ المَعْسُولُ: چکنی چپڑی باتیں۔
الكَلَامُ المُنَمَّقُ: چکنی چپڑی باتیں۔
كَلِيمٌ، مُتَكَلِّمٌ: مقرر، بات کرنے والا، نیابت میں گفتگو کرنے والا۔
كَلِيمٌ، مَكْلُومٌ: زخمی۔
مُكَالَمَةٌ: گفتگو، بات چیت۔
مُكَالَمَةٌ تِلِيفُونِيَّةٌ: ٹیلیفون کال، ٹیلیفون بات چیت۔
مُكَالَمَةٌ هَاتِفِيَّةٌ: ٹیلیفون کال۔
كَلِيَ و كُلِيَ ـ كَلًى: دردِ گردہ میں مبتلا ہونا۔
كُلْيَةٌ: گردہ ج: كُلًى۔
كُلْوِيّ: گردہ کا۔
كِلَا و كِلْتَا: دونوں۔

كِلِيسِرِين: (مع) گلیسرین۔

ک .... م

كَمْ: کتنا؟ کس قدر میں (۲) بہت۔
كَمْ: کلومیٹر مخفف کلومیٹر کا۔
كَمَا: جیسا۔
كَمَا هُوَ: جوں کا توں، بحالتِ موجودہ، وہ جیسا بھی ہے۔
كَمْبِيَالَةٌ: (رقم کا) ڈرافٹ، نوٹ، بل، ہنڈی، پرامیسری نوٹ۔
كَمْبِيَالَةٌ تُدْفَعُ عِنْدَ الطَّلَبِ: ڈیمانڈ بل۔
كَمْبِيَالَةٌ خَالِيَةٌ مِنْ إِسْمِ المُسْتَفِيدِ: بغیر نام کا ڈرافٹ۔
كَمَتَ الغَيْظَ ـ كَمْتًا: غصہ پینا۔
كُمَيْت: سرخ و سیاہ رنگ کا۔
كُمَّثْرَى: ناسپاتی۔
كُمَّثْرَاةٌ: ایک ناسپاتی۔
كَمَحَ ـ كَمْحًا: لگام کھینچ کر روکنا۔
كَمَّاحَةُ القِطَارِ: بریک (فرملة)۔
كُمَاخ: تکبر، غرور۔
كَامِخ: چٹنی ج: كَوَامِخ۔
كَمِدَ اللَّوْنُ ـ كَمَدًا: رنگ کا سیاہی مائل ہونا۔
كَمِدَ الرَّجُلُ: مغموم ہونا۔
أَكْمَدَهُ: مغموم بنانا۔
كُمْسَارِيّ: کنڈیکٹر، ٹکٹ دینے والا۔
كُمْسَارِيُّ القِطَارِ الحَدِيدِيّ: ریلوے گارڈ۔
كَمَشَ: دامن سمیٹنا۔
إِنْكِمَاش: سکڑنا۔

اِنْكِمَاشُ الجلد و تَكَمُّشُه: سلوٹیں پڑنا، سکڑنا، سمٹنا۔
الاِنْكِمَاشُ فی الاِقْتِصَاد: اقتصادیات میں کمی۔
اِنْكِمَاشُ الطَّلَب: مانگ میں کمی، ڈیمانڈ کم ہونا۔
اِنْكِمَاشُ العُمْلَة: سکہ کے چلن میں کمی۔
الاِنْكِمَاشُ النَّقْدِيّ: سکہ کی کمی۔
كَمَّاشَة: موچی کا زنبور، کیل وغیرہ نکلنے کا اوزار۔
كَمَّاشَةُ النَّجَّار: بڑھئی کا زنبور۔
كَمَعَ ـَ كَمْعاً: کاٹنا۔
كَمَلَ ـُ كَمَالاً: پورا ہونا، مکمل ہونا۔
كَمَّلَ، أَكْمَلَ: پورا کرنا، مکمل کرنا۔
كَمَّلَ المَسِيْرَةَ: مشن پورا کرنا۔
اِكْتَمَلَ و تَكَمَّلَ: مکمل ہونا۔
اِكْتَمَلَ حُضُورُ المَدْعُوِّيْنَ: تمام مدعوین کا آجانا۔
اِكْتَمَلَ العَدَدُ: تعداد پوری ہوجانا۔
اِكْتَمَلَتِ الصُّورَةُ عَنْ كَذَا: چہرہ سامنے آجانا، تصویر مکمل ہوجانا۔
اِسْتَكْمَلَ العَدَدَ: تعداد پوری کرنا۔
اِسْتَكْمَلَ المَسِيْرَةَ: سفر پورا کرنا، مشن پورا کرنا۔
كَمَالِيَّات: زیب و زینت کا سامان۔
كَامِل: کُل، مکمل۔
كَامِلُ الصَّلَاحِيَّات: مختارِ کُل، بااختیارات۔
تَكَامُل: یکجہتی، ہم آہنگی۔
التَّكَامُلُ الاقْتِصَادِيّ: اقتصادی یکجہتی۔

تَكَامُلٌ إِقْلِيمِيّ: صوبائی یکجہتی۔
تَكَامُلٌ سِيَاسِيّ: سیاسی یکجہتی
تَكَامُلٌ كَامِل: مکمل یکجہتی۔
مُتَكَامِل: ہمہ جہتی۔
مُتَكَامِلُ الأَبْعَاد: ہمہ جہتی۔
كَمَّمَ و كَمَّ ـُ كَمّاً: منھ بند کرنا، جانور کے منھ پر جالی لگانا۔
كَمَّمَ و أَكَمَّ القَمِيْصَ: آستین لگانا۔
كَمَّ ـُ كَمّاً: چھپانا، ڈھانپنا۔
كَمّ، كَمِّيَّة: مقدار۔
كَمِّيّ: مقدار والا۔
كُمّ: آستین ج: أَكْمَام و كِمَعَة۔
كِمّ: غلافِ شگوفہ، کلی کے اوپر کی جھلی ج: أَكْمَام و أَكِمَّة۔
كُمَّةُ المِصْبَاح: لیمپ شیڈ۔
كِمَامُ الفَم، كِمَامَة: منھ بند۔
كِمَامٌ و كِمَامَةُ الوِقَايَةِ مِنَ الغَازَاتِ السَّامَّة: چہرہ پوش، گیس ماسک۔
كَمَنَ ـُ كُمُوناً: پوشیدہ ہونا۔
كَمِيْن، كَامِن: پوشیدہ۔
كَمِيْن، مَكْمَن: کمین گاہ، چھپنے کی جگہ۔
قُوَّةٌ كَامِنَة: مستور طاقت۔
كَمَنْجَة: سارنگی۔
كَمَه: کورچشمی، اندھاپن۔
أَكْمَه: کورچشم، اندھا۔

ك.........ن

كَنَبَة: صوفہ، تکیہ دار کرسی (دا)۔
الكِنْتَال: (مع) کوئنٹل۔
كَنَدَ ـُ كُنُوداً: ناشکری کرنا۔

کَنُود: ناشکرا، ناسپاس۔
کَنْدا: کینڈا۔
کَنْدِیّ: کینڈا کارنے والا۔
کَنَزَ ـِ کَنْزاً: جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، زمین میں مال دبانا۔
کَنْز: مدفون خزانہ ج: کُنُوز۔
کَنَسَ ـِ کَنْساً: جھاڑو دینا۔
الکَنْسُ والتَّنْظِیفُ: آرائشِ بلدہ۔
کَنَّاس: جاروب کش۔
کُنَاسَة: کوڑا کرکٹ۔
کَنِیسُ الیَھُود: یہود کا عبادت خانہ۔
کَنِیسَة: گرجا، یہود و نصاریٰ کا عبادت خانہ ج: کَنَائِس۔
الکنیست: اسرائیلی پارلیمنٹ۔
مِکْنَسَة: جھاڑو ج: مَکَانِس۔
کَنَفَ ـُ کَنْفاً: حفاظت کرنا۔
کَنَّفَ، کَانَفَ، أَکْنَفَ: مدد دینا۔
اِکْتَنَفَ الشَّیْءَ: احاطہ کرنا، گھیرنا۔
کَنَف: جانب، کنارہ (۲) پہلو، بازو (۳) حفاظت، حمایت (۴) گود (۵) سایہ ج: أَکْنَاف۔
کَنِیف: جانوروں کا باڑا (۲) پاخانہ، بیت الخلا ج: کُنُف۔
کَنَّ وکَنَّ ـُ کَنّاً و أَکَنَّ: چھپانا۔
اِسْتَکَنَّ و اکْتَنَّ: پوشیدہ ہونا۔
کِنّ: گھونسلا (۲) گھر ج: أَکْنَان۔
کَنَّة: بہو (۲) بھاوج ج: کَنَائِن۔
کُنَّةُ البَاب: دروازہ کا گھونگھٹ۔
کُنَّة، کِنَّة: پردہ۔
کَانُون: چولہا، اسٹوو ج: کَوَانِین۔
کَانُونُ الأَوَّل: ماہِ دسمبر۔
کَانُونُ الثَّانِي: جنوری۔
کُنْه: خلاصہ (۲) حقیقت، اصل (۳) اصلیت (۴) صفت (۵) تہہ۔
أَدْرَکَ کُنْهَ الشَّيْءِ: حقیقت کو پالینا۔
اِکْتَنَهَ الأَمْرَ: معاملہ کی تہہ کو پہنچنا۔
کَنَی ـِ کِنَایَةً عَنْ کَذا: کنایہ کرنا، ایک لفظ بول کر اس کا غیر مدلول مراد لینا، اشارہ کرنا۔
کَنَاهُ بِکَذا ـ کُنْیَةً: کنیت دینا، لقب دینا۔

ک .... ہ

کَهْرَبَة: کسی جگہ بجلی پہنچانا، بجلی کا بنانا، برتانا۔
کَهْرَبَةُ الرِّیْف: دیہات میں بجلی پہنچانا۔
کَهْرَبَةُ سِکَّةٍ حَدِیْدِیَّة: ریلوے لائن کو بجلی والا بنانا۔
تَکَهْرَبَ: بجلی جیسا ہونا، بجلی دار ہونا۔
کَهْرَب، کُهَیْرِب: برقی شعاع، الکٹران۔
کَهْرَبَاء، کَهْرَبِیَّة: بجلی، برق، الیکٹرک۔
طَلَی بِالکَهْرَبَاءِ: برقی رو سے چاندی چڑھانا۔
کَهْرَبِيّ، کَهْرَبَائِيّ: برقی، بجلی کا (۲) برقی کام کرنے والا، الیکٹرانک۔
إِعْدَامٌ کَهْرَبِيّ: برقی ذریعہ سے ہلاک کرنے کا عمل۔
جَرَسٌ کَهْرَبِيّ: برقی گھنٹی۔
دَافِعٌ کَهْرَبِيّ: برقی رو۔
مُحَرِّکٌ کَهْرَبِيّ: برقی موٹر۔
عِلَاجٌ کَهْرَبِيّ: برقی علاج۔

كَاشِفُ كَهْرَبِيّ: برق نما۔
سَالِبٌ كَهْرَبِيّ: منفی برق سے متعلق۔
مُوْجَبٌ كَهْرَبِيّ: مثبت برق سے متعلق۔
مُوَلِّدٌ كَهْرَبِيّ: بجلی بنانے کی مشین۔
مُكَهْرَب: برقایا ہوا، بجلی کا بنایا ہوا۔
كَهْفٌ: غار، کھوہ ج: كُهُوف۔
كَهَلَ ـُ كُهُولاً و كَهُلَ ـُ كُهُولَةً و اكْتَهَلَ: ادھیڑ ہوا، تیس اور پچاس سال کے درمیان ہونا۔
كَهْلٌ: درمیانی عمر کا، ادھیڑ عمر ج: كُهُول۔
كُهُولَة: میانہ عمری، ادھیڑ عمری۔
كَاهِلٌ: پیٹھ کا بالائی ج: كَوَاهِل۔
كَهَنَ ـَ كَهَانَةً و تَكَهَّنَ: اٹکل سے آئندہ کی خبریں دینا۔
كَهُنَ كَهَانَةً: کاہن بننا۔
كِهَانَة: کاہن کا پیشہ (۲) غیب دانی (۳) نجومی کا پیشہ۔
كِهَانَة، كَهَنُوت: پروہتائی، عیسائی، ملا گری۔
كَاهِن: پروہت (۲) پادری (۳) پجاری (۴) مذہبی پیشوا ج: كَهَنَة۔
كَاهِنٌ هِنْدُوكِيّ: گرو، ہندو مذہب کا پیشوا۔
كَاهِن، مُتَكَهِّن: پیش گوئی کرنے والا نجومی، جوتشی۔
كُهْنَة: پرانا، ناقابلِ مرمت (۲) پھٹے پرانے کپڑے، چیتھڑے۔

ک .... و

كَوَالِينِيّ: (د) قفل ساز۔
كُوب: کپ، پیالہ، پیالی، آبخورہ، گلاس ج: أَكْوَاب۔
كُوبْرِيّ: پل ج: كَبَارِي۔
الكُوبْرِيُّ الجَوِّيّ: فضائی پل۔
كُوبُون: (قَسِيمَة) کوپن۔
كُوث: سلیپر ج: أَكْوَاث۔
كَوْثَر: خیر کثیر (۲) جنت کی ایک نہر۔
كُوخ: جھونپڑی (۲) معمولی مکان ج: أَكْوَاخ۔
كَاخِيَة: گورنر کا سکریٹری۔
كَوَّدَ: ڈھیر لگانا۔
كَوْدَة: ڈھیر ج: أَكْوَاد۔
كُود: کوڈ۔
رَقْمُ الكُود: کوڈ نمبر۔
كَادَ ـَ كَوْداً: قریب ہونا۔
مَا كَادَ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے بھی نہ پایا تھا۔
كَوَّرَ العِمَامَةَ تَكْوِيراً: عمامہ کو سر پر لپیٹنا، پیچ دینا۔
كَوْر: عمامہ کا ایک چکر، پھیر ج: أَكْوَار۔
كُورُ الحَدَّاد: لوہار کی بھٹی ج: أَكْوَار و كِيرَان۔
كُور: اونٹ کا کجاوہ أَكْوُر۔
كُور: (د)، كِير: دھونکنی۔
كُورَة: صوبہ (۲) ضلع (۳) چھوٹا قصبہ ج: كُوَر۔
كُورَة (د): (كُرَة) گولا، گیند۔
مِكْوَرَة: عمامہ، پگڑی۔
كُورَنْتِينَا: (مع) قرنطینہ، وبا کی وجہ سے کی

مقام پر روکنا۔
کُوز: مگ، ڈونگا، ڈنڈی دار پیالہ ج: اَکْوَاز۔
کُوسٌ: مثلث پیمانہ (۲) بڑھئی کا پیمانہ ج: کُوسَان۔
کُوفِیَة: سر کو لپیٹنے کا رومال۔
کَوْکَب: ستارہ ج: کَوَاکِب۔
کَوْکَب: صدر، بڑا آدمی۔
کَوْکَبُ الاَرْض: چمکدار پتھر۔
کَوْکَبَة: جماعت، لوگوں کی ٹکڑی (۲) ستاروں کا مجموعہ۔
کَوْکَبِیّ: ستاروں کا (۲) عالمی۔
کُولُمْبُس: امریکہ کی دریافت کرنے والا۔
کَوَّمَ تکویماً: ڈھیر لگانا، جمع کرنا۔
تکوَّمَ: ڈھیر لگنا۔
کُوْمَة: ڈھیر ج: کُوَم و اَکْوَام۔
کُوْمٌ مِنَ النُّقُود: روپوں کا ڈھیر۔
کَوْمَخ ج: کَوَامِخُ: اچار، چٹنی۔
کُومنویلت (رَابِطَةُ الشُّعُوب): کومنویلتھ۔
کَوَّنَ تکویناً: بنانا، وجود میں لانا۔
کَوَّنَ مِنْ کذا: مرکب بنانا۔
کَوَّنَ الحِزْبَ: پارٹی بنانا۔
کَوَّنَ الرَّایَ فی کذا: رائے بنانا، ذہن بنانا۔
کَوَّنَ شرکَةً: کمپنی بنانا۔
کَوَّنَ کُتْلَةً اِسْلَامِیَّةً: اسلامی بلاک بنانا۔
کَوَّنَ مُنَظَّمَةً: تنظیم قائم کرنا۔
تَکَوَّنَ مِنْ: مرکب بنانا، مرکب ہونا۔
اِسْتَکَانَ: عاجز و ذلیل ہونا۔

کَانَ ـُ کَوْناً: ہونا، پیدا ہونا۔
کَانَ: وہ تھا۔
أَیُّ مَن کَانَ: جو بھی تھا، جو بھی ہو۔
کَمَا لَوْ کَانُوا هُنَا: جیسے کہ جب وہ یہاں ہوتے۔
کَوْن، کِیَان، کَیْنُونَة: وجود، ہستی، ذات۔
کَوْن: حالت۔
الکَوْنُ: عالم وجود، کائنات۔
کَوْنِیّ: عالمی، کائناتی۔
کِیَان: (۲) فطرت، طبیعت، ڈھانچہ۔
الکِیَانُ الاقْتِصَادِیّ: اقتصادی ڈھانچہ۔
کِیَانٌ صِنَاعِیّ: صنعتی ڈھانچہ۔
کِیَانٌ قَانُونِیّ: قانونی وجود۔
کِیَانٌ مُتَمَیِّز: مستقل وجود۔
کِیَانٌ مُسْتَقِلّ: مستقل ہستی۔
کِیَانٌ مُنْفَصِل: جداگانہ وجود۔
کِیَانٌ وَطَنِیّ: قومی وجود۔
کَائِن: موجود (۲) پیدا ہونے والا۔
کَائِنٌ حَیّ: مخلوق، زندہ وجود۔
الکَائِنَات: موجودات۔
مَکَان ج: أَمْکِنَة: جگہ (۲) موقع (۳) وہ جگہ جسے کوئی شے گھیرے ہوئے ہو (۴) پوسٹ، حیثیت، مرتبہ (۵) گنجائش (لَیْسَ لَهُ مَکَانٌ فِی البَیْت)۔
مَکَانُ أَخْذِ الاَصْوَات: پولنگ بوتھ۔
مَکَانُ تَقَاطُعِ الطُّرُق: چوراہا، کراسنگ لیول۔
مَکَانُ الحَادِث: جائے واردات۔

مَكَانُ الصَّحَفِيِّين: پریس گیلری۔
مَكَانٌ لِتَرْبِيَةِ الحَيَوَان: فارم۔
مَكَانٌ لِوُقُوفِ المَرَاكِبَات: پارکنگ کی جگہ۔
مَكَانٌ مُخَصَّص للاِعْلَان: اشتہار کی جگہ۔
المَكَانُ المَرمُوْق: نمایاں پوزیشن۔
مَكَانٌ مُوحِش: وحشت ناک جگہ۔
مَكَانُ المِيْلَاد او المَوْلِد: جائے پیدائش۔
مَكَانَة: جگہ (۲) پوزیشن، رُتبہ، اثر و رسوخ۔
مَكَانَة دُوَلِيَّة: بین الاقوامی پوزیشن۔
مَكَانَكُم: ٹھہرو، اپنی جگہ رہو۔
كُوَّة: روشندان، کھڑکی ج: كُوًى و كُوَّات۔
كَوَى ـ كَيًّا: لوہے سے داغ دینا (۲) آگ سے جلانا (۳) ڈنک مارنا۔
كَوَى المَلَابِس: کپڑوں پر استری کرنا۔
اِكْتَوَى بالنَّار: آگ میں جلنا، داغ لگنا۔
كَيّ: داغ، جلن۔
كَاوٍ: جلانے والا، داغ دینے والا۔
بُوتَاسَا كَاوِيَة: (مع) کاسٹک پوٹاش۔
صُودَا كَاوِيَة: (مع) سوڈا کاسٹک۔
كَوَّاءُ المَلَابِس: استری کرنے والا۔
مِكْوَاة: استری ج: مَكَاوٍ۔
مَكْوِيّ: داغ دیا ہوا (۲) استری شدہ۔

ک..........ی

كَيْ: تاکہ۔
كَيْد: دھوکہ، مکر۔
كَادَ ـ كَيْدًا: مکر کرنا، دھوکہ کرنا۔
كَادَلَهُ: چال چلنا، خفیہ تدبیر کرنا۔
مَكِيْدَة: چال ج: مَكَائِد۔
كِيْرُ الحَدَّاد: لوہار کی دھونکنی۔
كَيْس، كِيَاسَة: عقل (۲) ذکاوت، ہوشیاری۔
كِيَاسَة (بالمَعْنَى السَّيِّئ): نزاکت، عیاری، بُرا پتا ہوتے ہوئے چھوٹے پتے سے جیتنے کی ترکیب۔
كِيْس: تھیلا (۲) بوری (۳) بیگ (۴) بٹوا، پاکٹ ج: اَكْيَاس۔
كِيْسُ الوِسَادَة: تکیہ کا غلاف۔
كِيْسُ الثَّلْج: آئس بیگ۔
كِيْسُ الدَّرَاهِم: پرس۔
كِيْسُ الغَاز: گیس بیگ۔
كِيْسٌ لِلاِرْسَالِيَّات: میل بیگ۔
كِيْسُ نُقُوْد: منی بیگ۔
كَيِّس: ہوشیار، سمجھدار، عقل مند۔
كَيَّفَ تَكْيِيْفًا: مخصوص کیفیت قائم کرنا، کیفیت مقرر کرنا (۲) شکل دینا۔
كَيَّفَ الحُجْرَةَ بالهَوَاء: کمرہ کو ایئرکنڈیشن بنانا۔
كَيَّفَ السِّيَاسَة: سیاست کو رُخ دینا۔
كَيَّفَ النَّفْسَ بكذا: خود کو کسی چیز کے مطابق بنانا۔
كَيَّفَهُ مَعَ كذا: ہم آہنگ بنانا۔
تَكَيَّفَ: کیفیت اختیار کرنا۔
تَكَيَّفَ بالهَوَاء: ایئرکنڈیشن ہونا۔
كَيْفَ: کیسا، کیوں کر۔
كَيْف: حالت، کیفیت، مزاج۔

کَیْفَمَا کَانَ: کسی طرح، خواہ کسی طرح، کسی طرح بھی (۲) جیسا بھی ہو۔

کَیْفِیَّة: حالت (۲) صورت (۳) صفت ج: کَیْفِیَّات۔

تَکْیِیفُ الْهَوَاء: ایرکنڈیشنگ۔

مُکَیَّفٌ بِالْهَوَاء: ایرکنڈیشن۔

کَیَلَ تَکْیِیلاً و کَالَ ـِ کَیْلاً: ناپنا، پیمانہ سے وزن کرنا۔

کَایَلَهُ مُکَایَلَةً: ترکی بہ ترکی جواب دینا، برابر کا معاملہ کرنا۔

کَیْلٌ: ناپ۔

مِکْیَال: پیمانہ ج: مَکَایِیْلُ۔

کِیْلُوجِرَام أو غِرَام: کلوگرام، ایک ہزار گرام۔

کِیْلُوفُولت: کلوولٹ (۱۰۰۰ وولٹ)۔

کِیْلُولِتْر: کلولیٹر (۱۰۰۰ لیٹر)۔

کِیْلُومِتْر: (کِیْلُو مِتْرَات) کلومیٹر (۱۰۰۰ میٹر)۔

کِیْلُو وَات: کلوواٹ (۱۰۰۰ واٹ)۔

کِیْمِیَائِیّ: دوافروش (۲) کیمیادان۔

کِیْمِیَا: کیمسٹری، خاصیاتِ اشیا کا علم (۲) معادن کو سونے میں تبدیل کرنے کی کوشش۔

کِیْنَا، کِیْنِیْن: (مع) کونین، بخار کی دوا۔

ل

ل: برائے (۲) نزد۔

ل .... أ

لَأَ لَأَ ، تَلَأْ لَأَ: چمکنا۔

لَأْلَأَ بِلِسَانِهِ: ہانپنا۔

لَأْ لَاء: موتی فروش۔

لُؤْلُؤ: موتی ج: لَآلِي و : لُؤْلُؤَة۔

لَأَمَ ـَ لَأْماً: زخم پر پٹی باندھنا۔

لَأَم ، لَاءَمَ: درست کرنا (۲) مرمت کرنا۔

لَاءَمَ بَيْنَهُمْ: مصالحت کرانا۔

لَاءَمَ بَيْنَ الأَمْرَيْنِ: دو باتوں میں تطبیق کرنا۔

لَاءَمَــهُ مُلَاءَمَةً: موافق ہونا، راس آنا، فٹ ہونا۔

لَاءَمَهُ جَوُّ بَلَدٍ: آب و ہوا راس آنا۔

لَـؤُمَ ـُ لُؤْماً و لَآمَةً: کمینہ ہونا، کم درجہ ہونا، تنگ ظرف ہونا، بخیل ہوا۔

اِلْتَــأَمَ: درست ہونا (۲) جُڑنا، ملنا (۳) متفق ہونا (۴) زخم بھرنا (۵) لوگوں کا اکٹھا ہونا (۶) مجلس منعقد ہونا۔

اِلْتِئَامُ الْمَجْلِسِ: مجلس کا انعقاد۔

تَـلَاءَمَ مع: جوڑ لگنا، میل کھانا۔

تَـلَاؤُم: اتحاد، اتفاق، صلح و آشتی۔

لُؤْم: گھٹیاپن (۲) بخیل (۳) تنگ ظرفی۔

لَئِيم: تنگ ظرف (۲) خسیس (۳) کمینہ (۴) دھوکہ باز ج: لِئَام۔

مُلَائِم: مناسب، موزوں، رائٹ، فٹ۔

لَا: (حرف نفی (۲) حرف نہی) نہیں۔

لَا إِرَادِيّ: غیر ارادی۔

لَا سِلْكِيّ: بے تار برقی، وائرلیس۔

رِسَالَةٌ لَا سِلْكِيَّة: وائرلیس پیغام۔

لَا يَلِين: بے رحم۔

لَا يَهْدَأُ: غیر منقطع۔

ل .... ب

لِبَــأ: کھیس، بیائی بھینس و گائے کا کیلوں دار دودھ، پیوی ج: أَلْبَاء۔

لَبَأَة ، لَبُوَة: شیرنی ج: لَبَآت و لَبَوَات۔

لَبَّبَ الجَوْزُ و اللَّوْزُ: بادام یا اخروٹ میں گری پڑنا، مغز پیدا ہونا۔

لَبَّ الجَوْزَةَ ـُ لَبّاً: اخروٹ توڑ کر گری نکالنا۔

لَبَّ بِالمَكَانِ ـُ لَبّاً: قیام کرنا۔

لَبَّ ـَ لَبّاً و لَبَابَةً: دانشمند ہونا۔

لُبّ ، لُبَاب: ہر چیز کا خالص حصہ، گری، مغز، جوہر، خلاصہ۔

لُبُّ الثَّمَرِ: گودا۔
لُبُّ الخُبْزِ: روٹی کا بیچ کا حصہ۔
لُبُّ الوَرَق: وہ خمیر شدہ مادہ جس سے کاغذ تیار کیا جائے۔
لُبٌّ: عقل (۲) دل ج: اَلْبَاب۔
لَبِیْب: عقل مند، دانش مند ج: اَلِبَّاء۔
تَلْبِیْب: طوق، گریبان ج: تَلَابِیْب۔
اَخَذَ بِتَلَابِیْبِه: گریبان پکڑنا۔
لَبَّیْکَ: میں حاضر ہوں، میں آپ کی خدمت کے لئے تیار ہوں۔
لَبِثَ ـــ لُبْثاً و تَلَبَّثَ: ٹھیرنا، قیام کرنا۔
مَا لَبِثَ أنْ فَعَلَ کَذَا: اس نے بلا تاخیر ایسا کیا۔
تَلَبَّثَ: توقف کرنا۔
لُبْثَة: تھوڑا توقف۔
لَبَخَ ـــ لَبْخاً: مارنا۔
لَبْخَة: پولٹس (وَصِیْعَة سَاخِنَة)۔
لَبَدَ ـــ لُبُوداً: قیام کرنا، کسی جگہ سے چمٹ جانا، الگ نہ ہونا۔
لَبَدَ ـــ لَبْداً و لَبَّدَ الصُّوْفَ: اون کا نمدہ بنانا۔
تَلَبَّدَتِ السَّمَاءُ بِالغُیُوْم: آسمان پر بادل چھانا، ابر آلود ہونا۔
لِبْد، لَبَد: اون کا نمدہ۔
لِبْدَةُ الاَسَد: شیر کی گردن کے بال ج: لِبَد و اَلْبَاد۔
لَبَّاد: نمدہ ساز۔
لَبَسَ عَلَیْهِ الاَمْرَ ـــ لَبْساً: خلط ملط کرنا، مشتبہ بنانا۔
لَبِسَ ـــ لُبْساً: پہننا۔

لَبَّسَ عَلَیْهِ الاَمْرَ: مشتبہ بنانا۔
لَبَّسَ تَلْبِیْساً: عیب چھپانا، دھوکہ دینا۔
لَابَسَهُ مُلَابَسَةً: میل جول کرنا۔
تَلَبَّسَ و الْتَبَسَ عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔
لِبَاس: پوشاک ج: اَلْبِسَة۔
لِبَاسٌ رَسْمِیٌّ: یونیفارم، خاص لباس، قانونی لباس۔
اللِّبَاسُ التَّامّ: فل ڈریس۔
اَلْبِسَةٌ جَاهِزَة: سلے ہوئے کپڑے۔
اِلْتِبَاس: ابہام، اشتباہ۔
مَلْبَس: لباس، پہننے کا کپڑا ج: مَلَابِس۔
مَلَابِسُ تَحْتَانِیَّة: نیچے پہننے کے کپڑے۔
مَلَابِسُ جَاهِزَة: تیار شدہ کپڑے۔
المَلَابِسُ الرِّجَالِیَّة: مردانہ کپڑے۔
المَلَابِسُ المَدَنِیَّة: سول ڈریس، شہری لباس۔
المُلَابَسَات: متعلقات، حالات، احوال۔
مُلَابَسَاتُ الشَّیْءِ: متعلقات، کوائف۔
مُلَبَّس: (۱) شکر وغیرہ چڑھایا ہوا جیسے بادام پر چڑھائی جاتی ہے۔
مَلْبُوْسٌ بِالجِنّ: آسیب زدہ۔
مُلْتَبِسٌ: مبہم، غیر واضح، مشتبہ۔
مُلْتَبِسٌ بِالجَرِیْمَة: جرم میں ملوث۔
مُتَلَبِّسٌ بِالجَرِیْمَة: جرم میں ملوث۔
لَبِقَ ـــ لَبَاقَة: خوش طبع ہونا (۲) ماہر ہونا۔
لَبِقَ بِه: لائق ہونا، مطابق ہونا۔
لَبِق: لائق، مطابق۔
لَبِقٌ و لَبِیْق: خوش طبع، چرب لسان (۲) ہوشیار،

ماہر۔
لَبِقَ ، لَبَاقَة: لیاقت (۲) مہارت، چالاکی۔
لُبَاقَة: خوش اسلوبی، خوش مذاقی، ظرافت۔
لَبَّنَ تَلْبِيناً: اینٹ بنانا۔
اِلْتَبَنَ: (بچہ کا) دودھ پینا۔
لَبِنَ ـَ لَبَناً: دودھ والا ہونا۔
لَبَنٌ: دودھ (۲) شیرۂ بادام وغیرہ ج: أَلْبَان۔
__ عُلَب: ڈبوں کا بند دودھ۔
__ حَامِضٌ: کھٹا دودھ۔
__ رَائِبٌ: دہی۔
__ المَخِض (خَبِيط): چھاچھ۔
اللَّبَنُ الزَّبَادِيّ: دہی۔
لَبَنٌ مَثْلُوجٌ: آئس کریم۔
إِبْرِيقُ اللَّبَن: دودھدان۔
مِسْمَارُ اللَّبَن: کھیس (دا)۔
سِنُّ اللَّبَن: دودھ کے (بچپن کے) دانت۔
مِيزَانُ اللَّبَن: شیرپیما، دودھ کسوٹی۔
أَبْيَضُ كَاللَّبَن: سفید دودھ سا۔
لِبْن ، لَبِن: خام اینٹ و: لَبِنَة۔
الحَامِضُ اللَّبَنِيّ: لبنی ترشہ۔
لِبَان: شیرخواری۔
لَبَّان: اینٹیں بنانے والا (۲) دودھ فروش۔
لِبَانَة: دودھ کی ڈیری، دودھ مکھن وغیرہ کی دکان۔
لُبَانَة: حاجت، ضرورت۔
قَضَى لُبَانَتَه: حاجت پوری کرنا۔
لَبِنَة ، لَبُون ، لَبُونَة: دودھ دینے والا جانور
ج: لِبَان۔
مِلْبَن: دودھ صاف کرنے کی چھلنی (۲)
اینٹ کا سانچہ۔

مَلْبَنَة: دودھ کی ڈیری، کارخانہ۔
مِلْبَنَة: چمچہ۔
لَبُوَة: شیرنی ج: لَبَوَات۔
لَبَّى تَلْبِيَةً: جواب دینا، لبیک کہنا، فرمائش یا درخواست کو پورا کرنا۔
__ الحَاجَاتِ: ضرورتیں پوری کرنا۔
__ المُتَطَلَّبَاتِ: مقتضیات کو پورا کرنا۔
__ المُطَالَبَاتِ: مطالبات کو پورا کرنا۔
__ لِلدَّعْوَة: دعوت پر لبیک کہنا۔

ل............ت

لَتَّ ـُ لَتّاً: چورہ کرنا، پیسنا۔
لَتَّ الدَّقِيقَ: آٹے میں پانی یا گھی ملانا۔
لَتَّ العَجِينَ: (دا) آٹا گوندھنا۔
لِتْرٌ: لیٹر ج: لِتْرَات۔

ل............ث

لَثِغَ ـَ لَثَغاً: ہکلا ہونا۔
لَثْغ ، لُثْغَة: ہکلاپن۔
أَلْثَغُ: ہکلا، توتلا ج: لُثْغٌ۔
لَثَمَ ـِ لَثْماً: بوسہ دینا، چومنا۔
لَثَمَ و لَثِمَ و اِلْتَثَمَ و تَلَثَّمَ بِكَذا: چہرہ ڈھانکنا، ڈھاٹا باندھنا، نقاب اوڑھنا۔
لَثَمَتِ المَرْأَةُ: گھونگھٹ کرنا۔
لَثْمَةٌ: بوسہ۔
لِثَام: ڈھاٹا، وہ کپڑا جو ناک اور سر کے اردگرد لپیٹا جائے (۲) نقاب، آنچل، گھونگھٹ
ج: أَلْثِمَة۔
أَزَاحَ اللِّثَام: نقاب ہٹانا، پردہ اٹھانا۔
مُلَثَّم ، مُتَلَثِّم ، مُلْتَثِم: نقاب پوش۔
لِثَةُ الأَسْنَان: مسوڑھا ج: لِثَات و لِثًى۔

ل ..... ج

لَجَأَ۔ لَجْأً و لُجُوءاً و اِلْتَجَأَ إلی: پناہ لینا (۲) سہارا لینا (۳) مجبور ہونا۔
لَجَأَ إلَی القَضَاء: مقدمہ دائر کرنا۔
لَجَأَ إلَی التَّسْوِيَةِ السِّلْمِيَّة: پُرامن تصفیہ کی راہ پر چلنا۔
لَجَأَ المُتَظَاهِرُونَ إلَی العُنْف: مظاہرین کا تشدد اختیار کرنا۔
اِلْتَجَأَ إلَی النَّاس: اپیل کرنا (۲) پناہ لینا۔
لَجَّأَہ و أَلْجَأَہ إلی: مجبور کرنا۔
أَلْجَأَہ: پناہ دینا۔
أَلْجَأَ الأَمْرَ إلَی الله: معاملہ خدا کے سپرد کرنا۔
اِلْتِجَاءٌ سِيَاسِيّ: سیاسی پناہ۔
لَاجِئٌ: پناہ گزین ج: لَاجِئُون۔
مَلْجَأٌ: پناہ گاہ، کیمپ ج: مَلَاجِئ۔
مَلْجَأُ الأَيْتَام: یتیم خانہ۔
مَلْجَأُ العُمْيَان: اندھوں کی پرورش گاہ۔
لَجِجٌ، لَجَاجٌ، لَجَاجَةٌ: سخت اصرار، ہٹ دھرمی۔
لَجَّ فِي الخُصُومَة۔ لَجَجاً: دشمنی میں لگے رہنا، پیچھے پڑنا۔
لَجَّ فِي الأَمْر: ثابت قدم رہنا۔
لَجَّ علی: ضد کرنا، اصرار کرنا۔
لَجُوج، لَاجّ: ہٹ دھرم، ضدی۔
لَجَمَ۔ لَجْماً: سینا۔
أَلْجَمَ و لَجَّمَ الدَّابَّةَ: لگام ڈالنا۔
لِجَام: لگام ج: أَلْجِمَة۔
مُلْجَم، مَلْجُوم: لگام لگا ہوا۔
لَجِنَ بِہ۔ لَجَناً: چمٹنا۔
لَجْنَة: کمیٹی (۲) بورڈ (۳) کمیشن ج: لِجَان۔
لَجْنَةُ اتِّصَال: رابطہ کمیٹی۔
لَجْنَةُ اخْتِيَارِ أَفْرَادِ الخِدْمَةِ المَدَنِيَّة: سِوِل سروس چناؤ بورڈ۔
لَجْنَةُ الإِدَارَة: انتظامی کمیٹی۔
لَجْنَةُ أَرْكَانِ الحَرْب: ملٹری اسٹاف کمیٹی۔
لَجْنَةٌ اِسْتِشَارِيَّة: مشیر کمیٹی، صلاح کار کمیٹی۔
لَجْنَةُ اسْتِقْبَال: استقبالیہ کمیٹی۔
لَجْنَةُ الإِشْرَافِ العَسْكَرِيَّة: فوجی نگراں کمیٹی۔
لَجْنَةُ أَعْمَال: تیاری کمیٹی۔
لَجْنَةُ الإِغَاثَة: امدادی کمیٹی، ریلیف کمیٹی۔
لَجْنَةُ الاقْتِرَاحَات: سلیکشن کمیٹی۔
لَجْنَةُ الإِقْطَاع: جاگیرداری کمیشن۔
اللَّجْنَةُ الإِقْلِيمِيَّة: ریجنل کمیٹی۔
لَجْنَةُ الامْتِيَازَات: مراعات کمیٹی۔
لَجْنَةٌ اِنْتِخَابِيَّة: الیکشن کمیٹی، انتخابی کمیٹی۔
لَجْنَةُ الإِسْعَاف: ریلیف کمیٹی۔
لَجْنَةٌ تَابِعَة: سب کمیٹی، ماتحت کمیٹی۔
لَجْنَةُ تَحْرِير: ادارتی کمیٹی۔
لَجْنَةُ تَحْضِيرِ جَدْوَلِ الأَعْمَال: ایجنڈا کمیٹی۔
لَجْنَةٌ تَحْضِيرِيَّة: تیاری کمیٹی، استقبالیہ کمیٹی، مجلس استقبالیہ۔
لَجْنَةُ تَحْقِيقٍ فِي كَذَا: تحقیقاتی کمیٹی، انکوائری کمیٹی۔
لَجْنَةُ التَّرْشِيحَات: نامزدگی کمیٹی۔

لَجنَة تَصفِيَةِ الاِقطَاع: خاتمۂ زمینداری کمیشن۔
لَجنَةُ التَنسِيق: تحقیق کمیٹی، ترتیب کمیٹی۔
لَجنَةُ تَنظِيم: تنظیمی کمیٹی۔
لَجنَة تَنفِيذِيَة: انتظامی کمیٹی مجلسِ عاملہ، ایگزیکٹو کمیٹی۔
لَجنَةُ التَوجِيه: رہنما کمیٹی۔
لَجنَةُ التَوعِيَةِ الاِسلَامِيَّة: راہنما اسلامی کمیٹی۔
اللَّجنَةُ الثَقَافِيَة: کلچرل کمیٹی۔
لَجنَة خَاصَّة: اسپیشل کمیٹی، ایڈہاک کمیٹی۔
لَجنَة دَائِمَة: مستقل کمیٹی، اسٹینڈنگ کمیٹی، مجلس قائمہ۔
اللَّجنَةُ الدُستُورِيَة: دستوری کمیٹی۔
لَجنَةُ الصِيَاغَة: مجلسِ مضامین، ڈرافٹنگ کمیٹی۔
لَجنَةُ الضِيَافَة: ضیافت کمیٹی۔
لَجنَةُ الطَاقَةِ الذَرِيَّة: ایٹمی توانائی کمیشن۔
لَجنَة عَادِيَّة: معمولی کمیٹی۔
لَجنَة عَامِلَة: ورکنگ کمیٹی۔
لَجنَةُ العَلَاقَاتِ الخَارِجِيَّة: کمیٹی برائے تعلقاتِ خارجہ، خارجی تعلقات کی کمیٹی۔
لَجنَةُ العَمَل: تیاری کمیٹی، ایکشن کمیٹی۔
لَجنَةُ العَمَلِ الشَعبِي: عوامی ایکشن کمیٹی، عوامی مجلسِ عمل۔
لَجنَةُ فَحص: جانچ کمیٹی، جانچ کمیشن۔
لَجنَةُ فَحصِ اَورَاقِ الاعتِمَاد: اسنادِ سفارت کی جانچ کمیٹی۔
لَجنَة فَرعِيَّة: سب کمیٹی، ذیلی کمیٹی۔
لَجنَةُ القَبُول: داخلہ کمیٹی۔
لَجنَة لِبَحثِ مَوضُوعٍ مُعَيَّن: ایڈہاک کمیٹی۔
اللَّجنَةُ المَالِيَّة: فنانس کمیٹی، مالیاتی کمیٹی، مالی کمیٹی۔
لَجنَةُ المُتَابَعَة: جائزہ کمیٹی۔
لَجنَةُ المُحَلَّفِين: جیوری، ججوں کی جماعت۔
لَجنَة مُختَلِطَة: مشترک کمیٹی۔
لَجنَة مُستَدِيمَة: مستقل کمیٹی۔
لَجنَةُ المُرَاقَبَة: کنٹرول کمیٹی، نگراں کمیٹی۔
لَجنَةُ المَسَاعِي الحَمِيدَة: خیرسگالی کمیٹی۔
لَجنَة مُشتَرَكَة: مشترک کمیٹی۔
لَجنَة مُصَالَحَة: مصالحت کمیٹی۔
اللَّجنَةُ المَلَكِيَّة: شاہی کمیشن۔
لَجنَةُ المُنَازَعَات: تصفیہ کمیٹی۔
لَجنَةُ مَنعِ الاَسلِحَة: اسلحہ بندی کمیشن۔
لَجنَةُ المَوَاضِيع: مجلسِ مضامین، سبجیکٹ کمیشن۔
لَجنَةُ مُؤتَمَرِ عُمُومِ الهِند: آل انڈیا کانگریس کمیٹی۔
لَجنَة مُؤَقَّتَة: عارضی کمیٹی، ایڈہاک کمیٹی۔
لَجنَةُ نَزعِ السِلَاح: تخفیفِ اسلحہ کمیشن۔
لَجنَة وِزَارِيَّة: وزارتی کمیٹی۔
لَجنَةُ الهُدنَة: امن کمیٹی۔
لُجَين: چاندی۔

ل .... ح

اَلَحَّ فِي السُؤَال: اصرار سے مانگنا۔
اَلَحَّ فِي المُطَالَبَةِ بِدَين: سخت تقاضا کرنا۔
لَحَدَ ـ لَحداً: دفن کرنا (۲) لحد بنانا۔

لَحَدَ و اِلْتَحَدَ عَنِ الدِّیْن: بے دین ہونا۔
لَحَدَ عَنْ کذا: ہٹنا، منحرف ہونا۔
لَحَدَ و اِلْتَحَدَ إلی: مائل ہونا۔
لَحْدٌ: قبر ج: لُحُود۔
لَحَّاد: گورکن۔
لَحَسَ ـَ لَحْساً: چبا کر کھانا (۲) چاٹنا۔
لَحِسَ ـَ لَحْساً: چاٹنا (۲) ہونٹوں پر زبان پھیرنا، زبان سے منہ صاف کرنا (الکَلْبُ یَلْحَسُ یَدَ صَاحِبِه)۔
لَحَظَ ـَ لَحْظاً: کن انکھیوں سے دیکھنا۔
لَحَظَ و لاحَظَ: دیکھنا (۲) ملاحظہ کرنا (۳) نگہداشت رکھنا (۴) تکنا۔
لاحَظَ العَمَلَ: نگرانی کرنا۔
لَحْظَة: ایک نظر، سرسری نگاہ (۲) لحہ، پل، آن: لَحَظات۔
لَحَظاتٌ حاسِمَة: فیصلہ کن لمحات۔
لاحِظَة: آنکھ ج: لَوَاحِظ۔
مُلاحِظ: نگراں، فورمین، سپرنٹنڈنٹ۔
مُلاحِظُ العَمَل: (دا) سپرنٹنڈنٹ۔
مُلاحِظُ البُولِیس: (دا) پولیس سپرنٹنڈنٹ۔
مُلاحَظَة ج: مُلاحَظات: نوٹ، ریمارکس، سپرویژن، نگرانی، مشاہدہ، رائے، علمی گرفت، تبصرہ۔
مُلاحَظَة عَنْ کذا و حَوْلَ کذا: رائے، خیال۔
مُلاحَظات: خیالات، قابلِ غور امور، تاثرات۔
مُلاحَظاتٌ مُنْحازَة: جانبدارانہ اشارے، ریمارکس۔
مَلْحُوظ: قابلِ لحاظ، قابلِ دید۔
لَحَفَ ـَ لَحْفاً و أَلْحَفَ: ڈھانکنا۔
اِلْتَحَفَ، تَلَحَّفَ: لحاف اوڑھنا۔
لَحِقَ فُلاناً و بِه ـَ لَحَقاً و لَحَاقاً: پالینا، پکڑنا، لاحق ہونا، تابع ہونا۔
لَحِقَة: لازم ہونا، پیچھے لگنا، چمٹنا۔
لاحَقَهُ: پیچھا کرنا، نظر رکھنا۔
لاحَقَهُ بِهَجَمات: تابڑتوڑ حملے کرنا، مسلسل حملے کرنا۔
أَلْحَقَ کذا بِکذا: نتھی کرنا، منسلک کرنا (۲) شامل کرنا، اضافہ کرنا، ملانا (۳) داخلہ دینا۔
اِلْتَحَقَ بِه: نتھی ہونا، شامل ہونا، منسلک ہونا۔
اِلْتَحَقَ بِالمَدْرَسَة: مدرسہ میں داخلہ لینا۔
اِلْتَحَقَ بِالخِدْمَة: نوکری پر لگنا، خدمت سے وابستہ ہونا۔
اِلْتَحَقَ بِالسِّلْکِ الدِّبْلُومَاسِی: سفارتی خدمت سے منسلک ہونا۔
تَلاحَقَ: مسلسل ہونا، پے درپے ہونا۔
لاحِق: اگلا ضد: سابق۔
اِلْتِحَاق: وابستگی، داخلہ، شمولیت۔
تَلاحُق: تسلسل۔
مُلْحَق: ضمیمہ، پلی منٹری، اضافہ (۲) اضافی، تابع، شامل (۳) اتاچی، رکن عملہ سفارت ج: مُلْحَقات۔
مُلْحَقٌ بَحْرِی: بحری اتاچی، اتاچی

برائے بحری امور۔
مُلْحَقٌ تِجَارِیٌ: تجارتی مشیر، کمرشل اتاچی۔
مُلْحَقٌ ثَقَافِیٌ: کلچر اتاچی، مشیر تعلیم و تمدن۔
مُلْحَقٌ جَوِیٌ: اتاچی برائے فضائی امور۔
مُلْحَقٌ صَحَفِیٌ: پریس اتاچی، مشیر صحافتی امور۔
مُلْحَقٌ عَسْكَرِیٌ: فوجی اتاچی، ملٹری اتاچی۔
مُلْحَقٌ عُمَّالِیٌ: اتاچی برائے امور محنت، لیبر اتاچی۔
مُلْحَقٌ فِی سِفَارَةٍ سِیَاسِیَّةٍ: اتاچی، رکن عملۂ سفارت۔
مُلْحَقَات: متعلقات، ضمیمے۔
اِمْتِحَانٌ مُلْحَقٌ: سپلیمنٹری امتحان۔
لَحَمَ ۔ لَحْماً: جوڑنا، مسالہ کا ٹانکا لگانا مسالہ سے جوڑنا، لوہے کو آگ میں تپا کر اور چھیت پیٹ کر جوڑنا۔
لَحَمَ و اَلْتَحَمَ الْجُرْحُ: زخم بھرنا۔
لَحِمَ بِالْمَكَانِ ۔ لَحْماً: ایک جگہ کو چپکنا۔
لَحُمَ ۔ لَحَامَةً: فربہ ہونا۔
لَاحَمَ ، اَلْحَمَ: چپکانا۔
تَلَاحَمَ الْقَوْمُ: باہم جنگ کرنا۔
تَلَاحَمَ مَعَ: متحد ہونا۔
تَلَاحَمَ و اَلْتَحَمَ بِهِ: چپکنا، جڑنا۔
اِلْتَحَمَتِ الْحَرْبُ بَيْنَهُمْ: لڑائی ٹھن جانا

لَحْمٌ مَفْرُومٌ: قیمہ۔
لَحْمَةٌ: گوشت کا ٹکڑا۔
لَحْمَةٌ و لُحْمَةُ النَّسِيجِ: کپڑے کا بانا۔
لُحْمَةٌ: قرابت۔
لِحَامٌ: ٹانکا، ویلڈنگ، جوڑنے کا مسالہ۔
لِحَامٌ بِالْكَهْرَبَاءِ: الیکٹرک ویلڈنگ۔
لِحَام (عَامِلُ اللِّحَامِ): ویلڈر، ٹانکا لگانے والا۔
تَلَاحُم: اتحاد، یکجہتی۔
مَلْحَمَة: کشت وخون، خون ریزی ج: مَلَاحِم۔
لَحَنَ ۔ لَحْناً: اعراب میں غلطی کرنا۔
لَحَنَ فِي الْقِرَاءَةِ: ترنم کے ساتھ پڑھنا۔
لَحْنٌ: نغمہ (۲) لَے ج: اَلْحَان (۳) لب و لہجہ (۴) زبان (۵) غلطی۔
لَحْیٌ: جبڑا ج: لِحَاءٌ و لُحِیٌّ و اَلْحٍ۔
لِحْيَة: داڑھی ج: لُحًى۔
لِحَاءٌ: چھال۔
لِحْيَانِیٌّ ، اَلْحَى: دراز داڑھی، لمبی داڑھی والا۔
لَحَى ۔ لَحْياً: درخت کی چھال اُتارنا۔
اِلْتَحَى: داڑھی چھوڑنا، رکھنا۔

ل.........خ

لَخَّصَ الْكَلَامَ: مختصر کرنا، تلخیص کرنا (۲) وضاحت کرنا، بیان کرنا۔
مُلَخَّص: سمری، خلاصہ۔
مُلَخَّصٌ أَدَبِیٌّ: ڈائجسٹ۔

ل.........د

لَدَّ ۔ لَدداً: سخت دشمنی کرنا، جھگڑالو ہونا۔

لَدُود ، لَدِید ، اَلَدُّ: جانی دشمن ج: اَلِدَّاءُ۔
لَدَغَ ـــ لَدْغاً: ڈسنا، ڈنک مارنا، زہریلے جانور کا کاٹنا۔
لَدِیغ ، مَلْدُوْغ: مار گزیدہ۔
لَدُنَ ـ لَدَانَةً و لُدُوْنَةً: نرم ہونا۔
لَدَّنَ تَلْدِیناً: نرم بنانا۔
لَدْن: نرم، لچکدار ج: لُدْنٌ۔
لَدُنْ ، لُدْنُ: نزد۔
لَدَانَة ، لُدُوْنَة: نرمی، لچک۔
لَدَائِن ، لَدْن: پلاسٹک۔
لَدَی: پاس (۲) سامنے۔
لَدَی الطَّلَب: عند الطلب۔
لَدَیْه کَلَامٌ: اسے بات کرنی ہے۔

ل .... ذ

لَذَّذَ: مزہ دلانا۔
لَذَّ ـ لَذَاذاً: خوش ذائقہ ہونا۔
اِلْتَذَّ و تَلَذَّذَ به: لطف لینا، مزہ لینا۔
اِلْتَذَّ و تَلَذَّذَ و اسْتَلَذَّ الشئَ: چکھنا۔
لَذِیْذ: اچھا، ذائقہ دار۔
لَذَعَ ـ لَذْعاً: جلانا، جرکر لگانا۔
لَذَعَ بِلِسَانِه: زبان سے تکلیف پہنچانا۔
لَذْع: جلن، سوزش۔
لَـــذَّاع ، لَاذِع: جلانے والا، تیز گرم جو منھ کو جلائے، تیز مرچ جو منھ کو جلائے۔
لَوْذَعِیّ: ذکی، ہوشیار۔
لَذِیَ ـ لَذًی: وابستہ ہونا، چپکنا۔
اَلَّذِیْ: اسم موصول برائے مذکر غیر عاقل: وہ کہ، جو کہ، جس نے کہ۔

ل .... ز

لَزَبَ الشئُ ـُ لُزُوْباً: جما رہنا، مضبوطی کے ساتھ قائم رہنا۔
لَزَبَ به: چپکا، چمٹا۔
لَزِجَ ـ لَزَجاً و لُزُوْجاً و تَلَزَّجَ: لیس دار ہونا۔
لَزِجَ بِاِصْبَعِه: انگلی کو لگنا، چپکنا۔
لُزُوْجَة: لیس، چپکاہٹ۔
لَزِقَ ـ به لُزُوْقاً و اِلْتَزَقَ: چپکنا۔
لَزَّقَ و اَلْزَقَ: چپکانا۔
لِزْق: چپکاہٹ۔
لَزْقَة: پلاسٹر۔
لَزِق: چپکنے والا۔
لِزَاق: چپکانے کی چیز، لئی، گوند۔
لَزِمَه ـ لُزُوْماً: لازم ہونا، پیچھے پڑنا، ساتھ ہونا، الگ نہ ہونا۔
لَزِمَ الصَّمْتَ: سکوت اختیار کرنا۔
لَزِمَ بَیْتَه: خانہ نشین ہونا۔
لَزِمَ جَانِبَ الحَذَر: احتیاط سے کام لینا۔
لَزِمَ الحَذَرَ فی کذا: احتیاط کرنا۔
اَلْزَمَه: مجبور کرنا۔
اَلْزَمَه بکذا: لازم کرنا، پابند بنانا۔
اَلْزَمَة بالدَّفع: ادائیگی پر مجبور کرنا۔
اِلْتَزَمَ: مجبور ہونا۔
اِلْتَزَمَ الشئَ و به: پابند ہونا، تابع ہونا (۲) وابستہ ہونا (۳) ذمہ دار ہونا۔
اِلْتَزَمَ العَمَلَ: کام کا ذمہ لینا (۲) اجارہ دار بن جانا۔
اِلْتَزَمَ بِجَدْوَلِ الاَعْمَال: ایجنڈے کا پابند ہونا۔

اِلْتَزَمَ بِرَأْیِ الْأَغْلَبِیَّة: اکثریت کی رائے کی پابندی کرنا۔
اِلْتَزَمَ بِسِیَاسَةِ الدِّفَاع: دفاعی پالیسی پر چلنا۔
اِلْتَزَمَ بِعَمَلٍ مُعَیَّن: ٹھیکہ لینا، ذمہ داری لینا۔
اِلْتَزَمَ بِالْقَوَانِیْن: قوانین کی پابندی کرنا۔
اِلْتَزَمَ بِالتَّقَالِیْد: رسم ورواج کا پابند ہونا۔
اِلْتَزَمَ الْیَقَظَة: چوکنا رہنا۔
اِلْتَزَمَ بِالْعَهْد أو الْوَعْد: وعدہ کا پابند ہونا۔
اِلْتَزَمَ بِالْقَاعِدَة: قانون وضابطہ کا پابند ہوا۔
اِسْتَلْزَمَه: ضروری سمجھنا (۲) مقتضی ہونا، درکار ہونا۔
لُزُوم: ضرورت (۲) اقتضا (۳) فائدہ۔
عِنْدَ اللُّزُوْم: وقتِ ضرورت۔
لَازِمٌ: ضروری (۲) لازمی (۳) واجب۔
لَوَازِمُ: ضروریات۔
لَوَازِمُ السَّفَر: سامانِ سفر۔
لَوَازِمُ الْمَرَاکِب: جہازوں کا سامان۔
لَوَازِمُ الْمَعِیْشَة: لوازمِ زندگی۔
اِلْزَامِیّ: جبری، لازمی۔
اِلْتِزَام: (۱) مجبوری، پابندی (۲) فریضہ (۳) اجارہ داری (۴) ٹھیکہ (۵) ذمہ داری (۶) کنسیشن، وہ رعایت جو حکومت کی طرف سے دی جاتی ہے (۷) وابستگی ج: اِلْتِزَامَات۔
اِلْتِزَاماً: ٹھیکہ پر، معاہدہ پر۔
اِلْتِزَامَات: پابندیاں، ذمہ داریاں (۲) ٹھیکے (۳) رعایتیں (۴) شرائط۔
اِلْتِزَامَاتٌ عَلٰی: عائدشدہ پابندیاں، فرائض۔
اِلْتِزَامَاتٌ تَعَاقُدِیَّة: معاہدہ کی پابندیاں، شرائط معاہدہ۔
مُلْزَمٌ بِکَذَا: پابند۔
مِلْزَمَة: شکنجہ۔
مُلَازِم: غیر منفک جو جُدا نہ ہو (۲) تابع (۳) ماتحت۔
مُلَازِمُ بَیْتِه: خانہ نشین۔
مُلَازِمُ الْفِرَاش: صاحب فراش۔
مُلَازِمٌ أَوَّل: لفٹنٹ، ایک فوجی عہدہ۔
مُلَازِمٌ ثَانٍ: (وا) سیکنڈ لفٹنٹ۔
مُلْتَزَم، مَلْزُوْم: پابند، مجبور۔
مُلْتَزِم: (مُقَاوِل، عَهِیْد، مُتَعَهِّد): ٹھیکہ دار، اجارہ دار، ذمہ دار، معاہد کنندہ۔
مَلْزُوْمِیَّة (اِلْتِزَام): ذمہ داری، مجبوری، پابندی۔

ل.........س

لَسَعَ ـَ لَسْعاً: ڈنک مارنا، ڈسنا۔
لَسَعَ بِلِسَانِه: بدزبانی کرنا، تکلیف پہنچانا۔
لَسَعَ فَمَهُ الْفُلْفُلُ: مرچ لگنا۔
لَاسِعٌ، بِلَسْعٍ: نیش زن (۲) چبھتا ہوا (۳) جلتا ہوا، چرچرا۔
لَسِنَ ـَ لَسَناً: فصیح اللسان ہونا۔
لَسَنَ فُلَاناً ـُ لَسْناً: کسی کو برائی سے یاد کرنا۔

لَسَّنَ و لَسَّنَ: نوک نکالنا، دھار بنانا۔
لَسِنٌ، اَلْسَنُ: فصیح اللسان۔
لِسَانٌ: زبان، جیب ج: اَلْسِنَة۔
لِسَانُ الحَالِ: ترجمان، زبانِ حال۔
لِسَانُ القَوْمِ: قوم کا ترجمان۔
طَلِقُ اللِّسَانِ: خوش بیان۔
طَلَاقَةُ اللِّسَانِ: خوش بیانی۔
مَعْقُودُ اللِّسَانِ: جس کی زبان بند ہو، جس سے بات نہ کی جاسکے۔
مَسَکَ لِسَانَه: زبان بند رکھنا۔

ل .... ش

لَاشَاهُ مُلَاشَاةً: معدوم کرنا۔
تَلَاشَي: معدوم ہونا، ناپید ہونا۔
تَلَاشَي الصَّوْتُ: آواز گم ہونا، بے اثر ہونا۔
مُتَلَاشٍ: معدوم۔

ل .... ص

لَصَّصَ البُنْيَانَ: عمارت کو پختہ بنانا۔
لَصَّ الاَمْرَ ـُ لَصّاً: پوشیدہ طور پر کرنا۔
لَصَّ الشَّيْئَ: چرانا۔
تَلَصَّصَ: چور بننا۔
تَلَصَّصَ عَلَيْهِم: کسی کے حالات خفیہ طریق سے معلوم کرنا، جاسوسی کرنا۔
لِصٌّ: چور ج: لُصُوص۔
لُصُوصِيَّة: چوری۔
لَصَفَ ـُ لُصُوفاً: چمکنا۔
لَصِقَ ـَ لَصْقاً و لُصُوقاً: چپکنا۔
لِصْقٌ، لَصِيْقٌ: متصل، قریب۔
لَصُوقٌ: پلاسٹر (علاجی)۔

اَلْصَقَ: چپکانا۔
اَلْصَقَ بِهِ: لگانا۔
اَلْصَقَ الاِعْلَانَاتِ: اشتہار لگانا، پوسٹر چپکانا۔
اَلْصَقَ رُقْعَةً عَلَي: لیبل لگانا۔
اَلْصَقَ شَيْئاً فِي دَفْتَرٍ: رجسٹر میں چپکانا۔
اِلْتَصَقَ: چپکنا۔
اِلْتَصَقَ الاِفْتِرَاءُ بِأَحَدٍ: تہمت لگنا۔
مُلْصِقُ الاِعْلَانَاتِ: اشتہار لگانے والا، پوسٹر لگانے والا۔
مُلْتَصِقٌ: چپکا ہوا، لگا ہوا۔

ل .... ط

لَطَخَ ـَ لَطْخاً و لَطَّخَ: آلودہ کرنا۔
لَطَخَ ـَ لَطْخاً السُّمْعَةَ فِي اَعْيُنِ النَّاسِ: عوام کی نظروں میں حیثیت گرانا۔
تَلَطَّخَ: آلودہ ہونا، ملوث ہونا، گندہ ہونا۔
لُطْخَة: کودن، خبطی، احمق (٢) شراب خوار۔
لَطَسَ ـُ لَطْساً: طمانچہ مارنا۔
مِلْطَاس: نوک دار ہتھوڑی، پتھر توڑنے کی ہتھوڑی ج: مَلَاطِيْس۔
لَطَعَ ـَ لَطْعاً: مارنا، مٹانا۔
لَطَفَ ـُ لُطْفاً بِفُلَانٍ: مہربانی کرنا۔
لَطُفَ ـُ لَطَافَةً: ہلکا پھلکا ہونا، نرم نازک ہونا (٣) مہربان ہونا۔
لَطَّفَ: سختی کم کرنا، تخفیف کرنا۔
لَطَّفَ الاَلَمَ: تکلیف میں کمی کرنا۔
لَطَّفَ وَقْعَ الخَبَرِ السَّيِّئِ: بدخبر کے اثر کو ہلکا کرنا۔

لَطُفَ الشیُٔ: نرم بنانا، لچک پیدا کرنا۔
لَطُفَ الحُکْمَ: فیصلہ میں لچک رکھنا۔
لَطُفَ الذَّنبَ: جُرم کو خفیف ثابت کرنا۔
لَطُفَ الإجْرَاءَ: کارروائی بہتر طور پر کرنا۔
لَاطَفَہ مُلَاطَفَةً: شفقت کرنا (۲) دلداری کرنا، دل بہلانا (۳) چپکانا (۴) لاڈ پیار کرنا۔
تَلَطَّفَ: نرم بننا، نرمی برتنا (۲) مہربانی کرنا۔
اِسْتَلْطَفَ: مہربانی کی درخواست کرنا۔
لُطْف، لَطَافَة: نرمی (۲) لچک (۳) خوش مزاجی۔
لَطَافَة: (ضد: کَثَافَة) باریکی، نزاکت۔
لَطِیْف: مہربان (۲) خوب رُو (۳) نازک (۴) عمدہ، خوش گوار (۵) خوش مزاج (۶) ہلکا پھلکا (ضد: کَثِیْف)۔
الجِنْسُ اللَّطِیْف: صنفِ نازک۔
مُلَطِّف: تسکین بخش۔
مُلَاطَفَة: خوش طبعی (۲) دلداری (۳) لاڈ پیار۔
لَطَمَ ـ لَطْماً: تھپڑ مارنا، چہرہ پر مارنا۔
لَطْمَة: طمانچہ، چپت ج: لَطَمَات۔
تَلَاطُم: تصادم، موجوں کا باہم ٹکراؤ۔
مَلْطَم: رخسار۔

ل.........ظ

لَظِیَ ـ لَظًی، تَلَظَّی، اِلْتَظَی: آگ بھڑکنا، مشتعل ہونا۔
لَظًی: شعلہ، لپٹ۔

ل.........ع

لَعِبَ ـ لَعِباً: کھیلنا (۲) مذاق کرنا (۳) بیکار کام کرنا۔
ـــ القِمَارَ: جُوا کھیلنا۔
ـــ عَلَیْہِ: ٹھگنا، آنکھوں میں دھول جھونکنا۔
ـــ فِي الأمْرِ: کسی معاملہ کو کھیل سمجھنا۔
ـــ بِالسَّیْفِ: پٹا کھیلنا، تیغ بازی کرنا۔
ـــ بِالنَّارِ: آتش بازی کرنا۔
ـــ بِدَوْرِ کَذَا: کسی قسم کا رول ادا کرنا، پارٹ ادا کرنا، کردار ادا کرنا۔
ـــ بِعَقْلِہِ: جھانسا دینا، جُل دینا، چونا لگانا۔
لَعِبَ و اَلْعَبَ: کھیل میں لگانا۔
لَعِبَہ عَلَی اَصَابِعِہ: انگلیوں پر نچانا۔
لَاعَبَہ مُلَاعَبَةً: کسی کے ساتھ کھیلنا، اٹھکیلیاں کرنا۔
تَلَاعَبَ بِشَیْءٍ: کھلونا بنالینا۔
لَعِب: کھیل (۲) مذاق (۳) تفریح ج: اَلْعَاب۔
لَعِبُ السَّیْفِ: پٹا، تیغ بازی۔
اَلْعَاب: کھیل۔
اَلْعَابُ خِفَّةِ الیَدِ: شعبدہ بازی، بازی گری۔
اَلْعَابٌ رِیَاضِیَّة: ورزشی کھیل۔
اَلْعَابٌ نَارِیَّة: آتش بازی۔
لُعْبَة: کھلونا ج: لُعَب (۲) وہ شخص جس کا مذاق بنایا جائے۔
لُعْبَة، لِعْبَة: ایک کھیل، کھیل کی ایک قسم۔
لُعْبَةُ الغُمَیْضَة: آنکھ مچولی۔
لُعَبَة، لَعَّاب، لِعِّیْب: کھلاڑی۔
لُعَاب: تھوک، منہ کا جھاگ۔

لُعَابُ النَّحْلِ: شہد۔
لُعَابُ البِزْر: شیرہ۔
اُلْعُوبَة: کھلونا ج: اَلَاعِيْبُ۔
مُلْعُوبٌ: جس کی رال بہتی ہو۔
مَلْعَبٌ: کھیل کا میدان، اسٹیڈیم (۲) تھیٹر، تماشا گاہ ج: مَلَاعِبُ۔
مَلْعَبُ تِنِس: ٹینس کا میدان۔
مَلْعَبُ الخَيْلِ وغَيْرِها: سرکس۔
مُلَاعِب: کھیل کا ریق (۲) دھوکہ باز۔
لَعْثَمَ، تَلَعْثَمَ: (فِي الاَدَاءِ) توقف کرنا، ہچکچانا۔
التَّلَعْثُم: تھوک نگلنا۔
لَعَجَ ـُ لَعْجاً: تکلیف دینا (۲) سوزش پیدا کرنا۔
لَاعِجٌ: دل سوز۔
لَوَاعِجُ الحُبِّ: جذباتِ محبت۔
لَعِقَ ـَ لَعْقاً: چاٹنا۔
مِلْعَقَة: چمچہ ج: مَلَاعِقُ۔
لَعَلَّ: شاید (۲) ممکن ہے، امید ہے۔

ل .... غ

لَغَزَ ـُ لَغْزاً و اَلْغَزَ و لَاغَزَ فِي الكَلَامِ: بات گھما پھرا کر کہنا، معمہ بنانا، چیستاں بنانا۔
لُغْزٌ: معمہ، چیستاں، پیچیدہ بات ج: اَلْغَاز۔
لُغْزٌ غَامِضٌ: ناقابلِ حل معمہ۔
لَغَطَ ـَ لَغْطاً: شور کرنا۔
لَغَط: لوگوں کے بولنے کا شور، شور وغوغا ج: اَلْغَاط۔
لَغَمَ المَكَانَ ـَ لَغْماً و اَلْغَمَ: سرنگ بچھانا، ڈائنامیٹ کرنا، آتشیں مادہ سے اُڑانا۔
لَغَمٌ: بارودی سرنگ ج: اَلْغَام۔
لَغَا ـُ لَغْواً: بے کار ہونا، لغو ہونا، کالعدم ہونا (۲) کلام کرنا۔
لَغَا، لَغِيَ ـَ لَغِيَ: بے سوچے سمجھے بولنا (۲) کلام میں غلطی کرنا۔
اَلْغَى إلْغَاءً: منسوخ کرنا، کالعدم قرار دینا، کینسل کرنا، ملتوی کرنا، بے اثر کرنا۔
اَلْغَى الاِتِّفَاق: معاہدہ ختم کرنا۔
اَلْغَى إجَازَةً مَمْنُوحَةً لِاَحَدٍ: لائسنس منسوخ کرنا۔
اَلْغَى الاَحْكَام: فیصلے منسوخ کرنا۔
اَلْغَى الاَحْكَامَ العُرْفِيَّة: مارشل لا ختم کرنا، اٹھانا۔
اَلْغَى الاِمْتِيَاز: لائسنس ختم کرنا۔
اَلْغَى الاِمْتِيَازَاتِ الاَجْنَبِيَّة: غیر ملکی رعایت ختم کرنا۔
اَلْغَى الاَوَامِرَ: احکام منسوخ کرنا۔
اَلْغَى الحَظْرَ عَنْ: پابندی ختم کرنا۔
اَلْغَى الرِّقَابَة: سنسر ختم کرنا۔
اَلْغَى الرِّقَابَةَ عَنِ الصُّحُف: اخباروں کی نگرانی ہٹانا، سنسر شپ ختم کرنا۔
اَلْغَى الطَّلَبَ: آرڈر کینسل کرنا۔
اَلْغَى العَقْدَ: معاہدہ ختم کرنا۔
اَلْغَى القَوَانِينَ: آئین توڑنا، قوانین ختم کرنا۔
اَلْغَى قِيْمَةَ العُمْلَة: سکہ کی قیمت ختم کرنا۔
اَلْغَى المُرَافَعَة: اپیل خارج کرنا۔

اَلْغَى الْمُرَتَّبَ: وظیفہ بند کرنا۔
اَلْغَى الْمُعَاهَدَةَ: معاہدہ ختم کرنا۔
اَلْغَى النِّظَامَ: سسٹم ختم کرنا۔
اَلْغَى النُّقُودَ: نوٹ بند کرنا۔
اَلْغَى الزِّيَارَةَ: دورہ منسوخ کرنا۔
اَلْغَى الْقَرَارَ: فیصلہ یا تجویز منسوخ کرنا۔
لُغَة ج: لُغَات: زبان (۲) اصطلاح۔
لُغَةٌ اِصْطِلَاحِيَّةٌ: کوڈ۔
لُغَةٌ اَكْثَرُ حِدَّةً: زیادہ تیز لہجہ۔
لُغَةُ الْبَلَاطِ: درباری زبان۔
لُغَةٌ خُصُوصِيَّةٌ: لہجہ۔
لُغَةٌ رَسْمِيَّةٌ: سرکاری زبان۔
لُغَةُ الرُّمُوزِ: خفیہ تحریر۔
لُغَةُ الشِّفْرَةِ: خفیہ زبان۔
اللُّغَةُ الْعَامِّيَّةُ: عام بول چال کی زبان۔
اللُّغَةُ الْعَرَبِيَّةُ: عربی زبان۔
اَللُّغَةُ الْمُصْطَلَحُ عَلَيْهَا: اصطلاحی زبان۔
لُغَةُ الْمَوْلِدِ: مادری زبان۔
عِلْمُ اللُّغَةِ: الفاظ کے معانی اور ان کے اشتقاقات کے جاننے کا علم۔
كِتَابُ اللُّغَةِ: ڈکشنری۔
لُغَوِيّ: ماہر السنہ، فن لغت کا ماہر (۲) زبان سے متعلق۔
لَاغٍ: منسوخ، باطل، کالعدم، ختم، بے بنیاد، بے کار، بے اثر۔
اِلْغَاء: منسوخی، ابطال، خاتمہ۔
اِلْغَاءُ الْعُبُودِيَّةِ: خاتمہ غلامی۔
مُلْغًى: منسوخ، نا قابل عمل، باطل و کالعدم قرار دیا ہوا۔

ل...ف

لَفَتَ ـِ لَفْتاً و لَفْتَةً: گھمانا، دائیں بائیں موڑنا۔
لَفَتَ ـِ لَفْتاً عَنْ: موڑنا، پھیرنا، منحرف کرنا، توجہ ہٹانا۔
لَفَتَ نَظَرَه و اهْتِمَامَه و انْتِبَاهَه اِلَى: توجہ دلانا، توجہ مبذول کرانا۔
اِلْتَفَتَ و تَلَفَّتَ اِلَى: متوجہ ہونا۔
اِلْتَفَتَ يُمْنَةً و يُسْرَةً: دائیں بائیں دیکھنا۔
لِفْت: شلجم و: لِفْتَة۔
لِفْتِيُّ الشَّكْلِ: شلغمی شکل کا۔
لَفْتَة، اِلْتِفَاتَة: ایک نگاہ، ایک نظر (۲) نظر کرم، توجہ، التفات۔
لَافِتَة: موٹو ج: لَافِتَات و لَوَافِت۔
لَافِتَةٌ لِلتَّحْذِيرِ: سگنل۔
لَافِتَاتُ التَّرْحِيبِ: خیر مقدمی موٹو، استقبالیہ موٹو۔
الْمُلْفِتُ لِلنَّظَرِ: قابل التفات۔
لَفَحَ ـَ لَفْحاً: مارنا، تلوار مارنا (۲) جلانا، جھلسانا۔
لَفْح: آنچ، گرمی، لپٹ۔
لَفَظَ ـِ لَفْظاً: پھینکنا۔
لَفَظَ كَلِمَةً: لفظ بولنا۔
لَفَظَ النَّفَسَ الاَخِيرَ: آخری سانس چھوڑنا۔
لَفَظَ و تَلَفَّظَ: بولنا۔
لَافِظ: بولنے والا۔
لَفَعَ ـَ لَفْعاً و لَفَعَ الشَّيْبُ رَأْسَه: سر پہ بڑھاپا چھا جانا، سر سفید ہونا۔

اِلْتَفَعَ و تَلَفَّعَ بکذا: لپٹنا، کسی چیز کو اپنے پر لپیٹنا۔
لِفَاع: مفلر، سر کو لپیٹنے کا کپڑا۔
لَفَّفَ و لَفَّ ــــ لَفّاً: لپیٹنا، ڈھانپنا، پیک کرنا۔
لَفَّ و اِلْتَفَّ: چکر کھانا۔
اِلْتَفَّ الثُّعْبَانُ: سانپ کا بل کھانا، لپٹنا۔
اِلْتَفَّ عَلَيْهِ الْقَوْمُ: لوگوں کا کسی کے گرد جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔
لَفّ: پیکنگ، فولڈنگ۔
لَفَّة: لچھا، دھاگوں کا گولا، انٹی۔
لَفَّاف: گھومنے والا۔
بَابٌ لَفَّاف: گھومنے والا دروازہ۔
لِفَافَة: (۱) پٹی (۲) لپیٹنے کا کپڑا (۳) پیکٹ۔
لِفَافَةُ تَبْغ: سگریٹ۔
لِفَافَةُ السَّاق: پنڈلی بند۔
لَفِيف: جماعت، گروپ، مخلوط قسم کا مجمع۔
لَفِيفَةٌ مِنَ التَّبْغ: سگریٹ، بیڑی ج: لَفَائِف۔
مِلَفّ، مِلْفَاف: لبادہ (۲) ریپر، اخبار یا کاغذ وغیرہ لپیٹنے کا کاغذ۔
مِلَفّ (د) مِثْقَاب: سوراخ کرنے کا آلہ۔
مِلَفّ: کاغذات کا فائل، ریکارڈ، سیاہ ریکارڈ، فائل ج: مِلَفَّات۔
مِلَفّ فَرْعِيّ: ذیلی فائل۔
لَفَقَ ــ لَفْقاً: ٹانکے بھرنا (۲) کپڑے کو دوہرا کر کے سینا۔
لَفَّقَ الْحَدِيثَ: بات کو باطل سے مزین کرنا۔
لَفَّقَ الْكَلَامَ: بات گھڑنا۔
لَفَّقَ التُّهْمَةَ: الزام تراشنا۔
لَفَّقَ الْأَخْبَارَ: خبریں گھڑنا۔
لَفَق: سلائی۔
تَلْفِيق: بناوٹ، جعل سازی۔
تَلْفِيقَة: من گھڑت کہانی۔
لَفْلَفَ الْمَوْضُوعَ لَفْلَفَةً: مسئلہ کو لپیٹ دینا۔
أَلْفَى إِلْفَاءً: پانا۔
تَلَافَى: تدارک کرنا۔
تَلَافَى الشَّرَّ قَبْلَ اسْتِفْحَالِه: فتنہ کے سر اٹھانے سے پہلے اس کی تدبیر کرنا۔

ل............ق

لَقَب: ٹائٹل، لیبل، لقب ج: أَلْقَاب۔
لَقَبُ الْأُسْرَة: سرنام، خاندانی نام۔
لَقَحَ و لَقِحَ ــــ لَقْحاً و أَلْقَحَ أُنْثَى الْحَيَوَان: حاملہ بنانا۔
لَقَّحَ و لَقَحَ النَّبَاتَ: نر اور مادہ کو ملا کر بار آور بنانا۔
لَقَّحَه تَلْقِيحاً: انجکشن لگانا۔
لَقَّحَه ضِدَّ مَرَضٍ كَذَا: کسی مرض سے بچاؤ کا ٹیکہ لگانا۔
لَقَّحَه بِلِقَاحِ مَرَضٍ مُعْدٍ: وبائی امراض کا ٹیکہ لگانا۔
لَقَّحَه بِمَصْلِ الْجُدَرِيّ: چیچک کا ٹیکہ لگانا۔
لِقَاح: مادہ منویہ، نطفہ (۲) کھجور کا شگوفہ جو مادہ میں ڈالا جائے، زردانہ جو مادہ میں پہنچایا جائے (۳) انجکشن، ٹیکہ، دوا جو بدن میں پہنچائی جائے۔
لِقَاحُ الْجُدَرِيّ: چیچک کا ٹیکہ۔

تَلْقِيحٌ صِنَاعِيٌ: مصنوعی حمل کاری۔
لَقَطَ ـُ لَقْطاً و اِلْتَقَطَ و تَلَقَّطَ: زمین سے اٹھانا۔
اِلْتَقَطَ الصُّوْرَةَ: فوٹو لینا۔
لَقْطَة: منظر ج: لَقَطَات۔
لُقَطَة: پڑی ہوئی چیز (۲) بچی کچھی چیز جو سستی خریدلی جائے۔
لَقِيطٌ: اٹھایا ہوا نومولود بچہ۔
مِلْقَط، مِلْقَاط: چمٹی۔
مِلْقَطُ النَّار: دست پناہ، چمٹا۔
لَقِفَ ـَ لَقْفاً، تَلَقَّفَ، اِلْتَقَفَ: کیچ کرنا، اچکنا، جلدی تھام لینا۔
تَلَقَّفَ الطَّعَامَ: نگلنا۔
تَلَقَّفَهُ الْمَرَضُ: مرض کا گھیر لینا۔
لَقَمَ ـُ لَقْماً: دہانہ بند کرنا۔
لَقِمَ الشَّيْئَ ـَ لَقْماً: منہ میں لینا۔
لَقِمَ الطَّعَامَ: کھانا ہڑپ کرنا۔
لَقَّمَ و أَلْقَمَ: لقمہ بنانا۔
لُقْمَةٌ سَائِغَةٌ: لقمۂ تر، تر نوالہ ج: لُقَم۔
لَقِنَ ـَ لَقْناً و تَلَقَّنَ مِنْ: بالمشافہ کوئی چیز حاصل کرنا، سیکھنا۔
لَقَّنَ تَلْقِيناً: سکھانا، بتانا، املا کرانا، بالمشافہ سمجھانا، ذہن میں بٹھانا۔
لَقَانَة: زود فہمی۔
لَقِيَ ـَ لِقَاءً و اِلْتَقَى: پانا، ملنا، واسطہ پڑنا۔
لَقِيَ و اِلْتَقَى به و لَاقَاهُ: ملاقات کرنا۔
لَقِيَ اَسْوَأَ مَصِيرٍ: اس کا انتہائی برا حشر ہوا۔
لَقِيَ تَجَاوُباً: اسے مقبولیت حاصل ہوئی۔
لَقِيَ حَفَاوَةً بَالِغَةً: اس کا بڑا اعزاز ہوا۔

لَقِيَ الْقَرَارُ اِسْتِجَابَةً عَامَّةً فِي الوطَن: ملک میں فیصلہ کو عام پذیرائی حاصل ہوئی۔
لَقِيَ الْعَدُوُّ جَزَاءَه: دشمن کو اس کی سزا ملی۔
لَاقَاهُ: استقبال کرنا۔
لَاقَى مَصَاعِبَ جَمَّةً: زبردست مشکلات کا سامنا کرنا۔
لَاقَى فُلَانٌ الْعِلَاجَ: حل پا جانا۔
لَاقَى: وصول کرنا۔
اِلْتَقَتِ الْعُيُوْنُ: آنکھیں چار ہونا۔
تَلَقَّاهُ: استقبال کرانا (۲) حاصل کرنا، وصول کرنا، ریسیو کرنا۔
تَلَقَّاهُ بِتَرْحَابٍ: کشادگی سے ملنا۔
تَلَقَّى عَلَيْهِ: کسی سے علم حاصل کرنا۔
تَلَقَّى الْبَلَاغَ: رپورٹ ہونا، اطلاع ملنا۔
تَلَقَّى تَحِيَّةَ الْجَمَاهِيْرِ: سلامی لینا۔
تَلَقَّى التَّدْرِيْبَ الْعَسْكَرِيَّ مِنْ: فوجی تربیت حاصل کرنا۔
تَلَقَّى الدَّعْوَةَ مِنْ: کسی کی طرف سے دعوت پانا۔
تَلَقَّى الدُّرُوْسَ: سبق حاصل کرنا۔
تَلَقَّى الْمُسَاعَدَاتِ: امدادیں حاصل کرنا۔
تَلَقَّى مُكَالَمَةً تِلِيفُوْنِيَّةً: ٹیلیفون کال وصول کرنا۔
أَلْقَى إِلْقَاءً: ڈالنا۔
أَلْقَى عَنْهُ: معاف کرنا۔
أَلْقَى عليه الدَّرْسَ: سبق پڑھانا، سبق کا املا کرانا۔
أَلْقَى عليه سُؤَالاً: سوال کرنا۔

أَلْقَى عليه الشيْءَ: پھینکنا۔
أَلْقَى على عَاتِقِه: ذمہ داری ڈالنا۔
أَلْـقَـى الْـحَـبْـلَ عَـلَى الغَارِبِ: آزاد چھوڑنا۔
أَلْـقَـى الْـقَـبْـضَ عـلـى: گرفتار کرنا، اریسٹ کرنا۔
أَلْقَى الشِّقَاقَ بَيْنَهُمْ: لڑائی کرانا۔
أَلْـقَـى الأَوَامِرَ لَه و إِلَيْه: احکام جاری کرنا۔
أَلْقَى خُطْبَةً: تقریر کرنا، خطبہ دینا۔
أَلْـقَـى خُـطْبَةً حَـمَـاسِيَّةً: جوشیلی تقریر کرنا۔
أَلْقَى الرُّعْبَ فِي: خوف پیدا کرنا۔
أَلْقَى عَصَا التَّرْحَالِ: قیام کرنا۔
أَلْقَى الشَّيْءَ فِي رُوْعِه: دل میں ڈالنا۔
أَلْقَى الْقَنَابِلَ عَلَى: بمباری کرنا۔
أَلْقَى الْكَلِمَةَ: تقریر کرنا۔
أَلْـقَـى الـمَسْـئُولِيَّةَ و الْمُهِمَّةَ على: ذمہ داری ڈالنا۔
أَلْقَى عَلَيْهِ الْقَوْلَ: املا کرانا۔
أَلْـقَـى إِلَيْـهِ الْقَوْلَ و بِالْقَوْلِ: بات پہنچانا۔
أَلْقَى إليه الشيْءَ: ڈالنا۔
أَلْقَى إليـه الـسَّـمْعَ: کان لگانا، توجہ دینا۔
أَلْقَى بنَفْسِه في كذا: مبتلا کرنا۔
أَلْقَى بِنَفْسِه بَيْنَ أَنْيَابِ الْمَوْتِ: خود کو موت کے منھ میں ڈالنا۔
تَـلاقَى الشَّيْئَانِ فِي الطَّرِيقِ: کراس کرنا۔

تَـلاقَوْا و الْتَقَوْا: باہم ملنا۔
اِسْتَلْقَى: لیٹنا، چت لیٹنا۔
لِقَاءٌ: مڈبھیڑ، مقابلہ، ملاقات، اجتماع۔
لِقَاءٌ إِسْلامِيٌّ: اسلامی اجتماع۔
لِقَاءٌ حَضَارِيٌّ: تہذیبی اجتماع۔
لِقَاءٌ صَحَفِيٌّ: پریس انٹرویو۔
لِقَاءٌ فِكْرِيٌّ: فکری اجتماع۔
لِقَاءٌ نِهَائِيٌّ: آخری ملاقات۔
لِقَاءَ كَذَا: بدلے میں۔
اللِّقَاءَاتُ: ملاقاتیں۔
اللِّقَاءَاتُ الجَانِبِيَّةُ: یک طرفہ ملاقاتیں۔
تِلْقَاءٌ: ملاقات۔
تِلْقَاءَ: سامنے، بالمقابل۔
مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِه: اپنی طرف سے۔
تِـلْـقَـائِـيٌّ: بدیہی، خود بخود حاصل ہونے والا۔
تِلْقَائِيًّا: خود بخود۔
مَلْقَى، مُلْتَقَى: جائے اجتماع۔
مَلْقَى و مُلْتَقَى الخُطُوط و الفُرُوع: جنکشن۔
مَـلْـقَـى و مُـلْـتَـقَـى الطُّرُق: چوراہا، کراسنگ۔
مُلْتَقَى: (۲) میٹنگ، سیمینار۔

ل.........ک

لَكَأَ ـــ لَكْأً: مارنا۔
تَلَكَّأَ: توقف کرنا، جھجکنا۔
لَكَزَ ـُـ لَكْزاً: مکا مارنا۔
لَكِزٌ: بخیل۔
لَكَّ ـُـ لَكّاً: گدی پر مارنا۔

اَلَکَّ فِی کَلَامِہ: غلطی کرنا۔
لَکّ: لاکھ ۱۰۰۰۰۰ (۲) لاک جس سے مہر لگائی جاتی ہے (مج)۔
لَکَمَ ـُ لَکْماً: مکا مارنا۔
لَاکَمَہٗ مُلَاکَمَۃً: مکابازی کرنا۔
لَکْمَۃ: ایک مکا، باکس ج: لَکَمَات۔
لَکْمَۃٌ وَ جِیْعَۃ: سخت مکا۔
الْمُلَاکَمَۃ: مکے بازی، باکسنگ۔
الْمُلَاکِم: مکے باز، باکسر۔
لَکِنَ ـَ لَکَناً: ہکلا ہونا، ثقل لسانی میں مبتلا ہونا۔
اَلْکَنُ: ہکلا م: لَکْنَاء۔
لِکَیْ، لِکَیْمَا: تاکہ۔

ل .... م

لَمْ: نہیں (حرف جازم مضارع)۔
اِنْ لَمْ: اگر نہیں۔
مَا لَمْ: جب تک۔
لَمَّا: جب۔
لَمْبَۃ: (مج) لیپ۔
لَمَحَ ـَ لَمْحاً و لَمَحَاناً: چمکنا۔
لَمَحَ ـَ لَمْحاً الشیٔ و إلیہ: اچٹتی ہوئی نگاہوں سے دیکھنا۔
لَمَحَ إلی: اشارہ کرنا۔
لَامَحَہ: دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔
لَمْحَۃ: اچٹتی نگاہ (۲) چمک۔
لَمْحَۃٌ سَرِیْعَۃ: سرسری نظر۔
لَمْحَۃٌ خَاطِفَۃ: اچٹتی نگاہ۔
لَمْح: سرسری نظر۔
کَلَمْحِ الْبَصَر: چشم زدن میں۔

مَلَامِح: خدوخال، نمایاں آثار، علامات۔
مَلَامِحُ الْمُسْتَقْبَل: مستقبل کا نقشہ۔
مَلَامِحُ النُّبُوْغ: قابلیت کے آثار۔
مَلَامِحُ الْوَجْہ: چہرہ کے خط وخال۔
لَمَزَ ـِ لَمْزاً بِالْکَلَام: عیب لگانا۔
لَمَزَ بِالْعَیْن: اشارہ کرنا۔
لَمَسَ ـُ لَمْساً: چھونا (۲) ٹٹولنا (۳) طلب کرنا۔
لَامَسَہٗ مُلَامَسَۃً: چھونا، ہاتھ لگانا (۲) جماع کرنا۔
نُقْطَة: نقطہ (۲) پوائنٹ، گفتگو کا بنیادی نقطہ (۳) جگہ (۴) پوزیشن (۵) آئٹم، مسئلہ (۶) فل اسٹاپ ج: نُقَط و نِقاط۔
نُقْطَةُ اتِّصال: جنکشن، مرکزِ اتصال۔
نُقْطَةُ الارْتِكاز: توجہ کا مرکز۔
النُّقْطَةُ الأساسِيَّة: مین پوائنٹ۔
نُقْطَةُ الانْطِلاق: نقطۂ آغاز۔
نُقْطَةُ انْعِطاف: موڑ۔
نُقْطَةً بَعْدَ نُقْطَة: پوائنٹ وار۔
نُقْطَةُ التَّحَوُّل: مرکزِ انتقال۔
نُقْطَةُ التَّقاطُع: کراسنگ۔
نُقْطَةٌ خَطِرَة: اہم پوائنٹ، خطرناک پوائنٹ۔
نُقْطَةُ ضَعْف: کمزور پوائنٹ۔
نُقْطَةُ كَلام: آئٹم۔
نُقْطَةُ اللّاعَوْدَة: ایسی حد جس پر لوٹنا ممکن نہ ہو۔
النُّقْطَةُ المُثِيرَةُ لِلانْتِباه: قابلِ توجہ بات۔
نُقْطَةُ وَقْف: اسٹاپ۔
النُّقَطُ الحَصِينَة: مضبوط مورچے۔
النُّقَطُ القَوِيَّة: مضبوط مورچے۔
نَقَعَ ـَ نَقْعاً: بھگونا، تر کرنا۔
مُسْتَنْقَع: کچا تالاب (۲) جوہڑ ج: مُسْتَنْقَعات۔
نَقِيق: مینڈک کی آواز۔
نَقَلَ الطُّرُودَ بِالبَرِيدِ ـُ نَقْلاً: پارسل پوسٹ کرنا۔
نَقَلَ المِلْكِيَّةَ لِاسْمِ آخَر: نام کرنا، کسی دوسرے کے نام پر ملکیت منتقل کرنا۔
نَقَلَ نَصَّ النِّداءِ إلى الصُّحُفِيِّين: پریس والوں کو اصل اپیل بھیجنا۔
نَقَلَ سُرْعَةَ الأُتُومْبِيل: گیر لگانا۔
اِنْتَقَلَ إلى: منتقل ہونا (۲) کراس کرنا (۳) متوجہ ہونا۔
نَقْل: تبادلہ، منتقلی (۲) ترجمہ (۳) باربرداری (۴) نقل۔
نَقْلُ الاعْتِمادات: فنڈوں کا تبادلہ۔
نَقْلٌ بَحْرِي: سمندری ٹرانسپورٹ۔
النَّقْلُ بِالسَّيّارات: موٹر ٹرانسپورٹ۔
نَقْلٌ بَرِّي: زمینی ٹرانسپورٹ۔
نَقْلٌ جَوِّي: ایئر ٹرانسپورٹ۔
نَقْلُ حِساب: اکاؤنٹ ٹرانسفر، تبدیلی حساب۔
نَقْلٌ عَلى مَراحِل: ریلے کرنا۔
النَّقْلُ والطَّيَرانُ المَدَنِي: ٹرانسپورٹ، شہری ہوابازی۔

نَاقِل: بار بردار، ٹرانسپورٹر (۲) منتقل کرنے والا (۳) نقل نویس (۴) مترجم۔
نَاقِلَةُ بترول: ٹینکر، پٹرول بردار جہاز ج: ناقِلات۔
نَاقِلَة جَوِّيَة: ٹرانسپورٹ فضائی جہاز۔
نَاقِلُ الحَرَكَة: گیئر۔
نَقَّالَةُ المَرْضَى و الجَرْحَى: اسٹریچر، بیماروں اور زخمیوں کو اٹھانے والی چارپائی۔
مَنْقُولات: منقولہ جائیداد، قابلِ منتقلی سامان (۲) گھریلو سامان۔
مُتَنَقِّل: متحرک، چلتا پھرتا۔
نَقِمَ عَلَيْه نَقماً: بدلہ لینا (۲) ناراض ہونا (۳) حسد کرنا۔
نَقِيَ ـــ نَقَاءً: صاف ہونا۔
نَقِيَ الصَّوْتُ: آواز صاف ہونا۔
نَقِيّ: خالص، پیور، فریش۔

ن .... ک

نَكْب، نَكْبَة: مصیبت، آفت ج: نَكَبات۔
مَنْكُوب: مصیبت زدہ، آفت رسیدہ۔
مَنْكُوبٌ بِفَيَضَان: سیلاب زدہ۔
مَنْكُوبُوْن: مصیبت زدگان۔
مَنْكِب: مونڈھا (۲) جانب، گوشہ ج: مَناكِب۔
نَكَثَ: (ن) عہد توڑنا۔
اِنتِكَاث: ٹوٹنا۔
مَنْكُوْدٌ: بدقسمت۔
النُّكْرانُ للإِحْسَان: احسان فراموشی۔
تَنَكَّرَ: اجنبی بننا (۲) نامانوس ہونا (۳) حالت وہیئت بدلنا۔
تَنَكَّرَ فی زِيّ كذا: بھیس بدلنا۔
تَنَكَّرَ لَه: کسی کے سامنے بدل جانا، اجنبی بن جانا۔
قِنَاعُ التَّنَكُّر: مصنوعی چہرہ۔
لِبَاسُ التَّنَكُّر: بہروپ کا لباس۔
إِسْتِنْكَار: مذمت، ناپسندیدگی، اظہارِ نفرت۔
المُنْكِرُ للجَمِيْل: احسان فراموش۔
مُنَكَّر: اجنبی۔
نَكَسَ ـــ نَكْساً: الٹا کرنا، اوندھا کرنا (۲) سرنگوں کرنا۔
نَكَسَ و نَكَّسَ العَلَمَ: پرچم نگوں کرنا۔
نَكَّسَ الرَّأسَ: سر جھکانا۔
نَكْسَة: شکست (۲) انقلاب۔
تَنَكُّسُ الثَّوْرَة: انقلاب کی ماہیت بدل جانا۔
نَكَصَ على عَقِبَيْه ـــ نَكْصاً و نُكُوصاً: پیچھے ہٹنا۔
نَكَال: عبرتناک سزا۔
التَّنْكِيْلُ الوَحْشِيّ: وحشیانہ سزا۔
نِكَايَة: غلبہ (۲) غصہ (۳) مکر۔

ن .... م

نَمَّرَ: نمبر ڈالنا۔
نَمِرٌ: چیتا ج: أَنْمار۔
نَمِرَة: چیتے کی مادہ۔
نَمَّارَة: نمبرنگ مشین۔
مُنَمِّر: نمبردار۔
نَامُوْس: رازدار (۲) قانون وشریعت (۳)

چغل خور ج: نَوَامِیس۔
نَامُوسَة: مچھر
نَامُوسِیَّة: مچھر دانی۔
نِمْسَا: ملک آسٹریا۔
نَمَط: طرز، طریقہ، فیشن ج: أَنْمَاط۔
نَمَطِيّ: معیاری، اسٹینڈرڈ، نمونہ کا۔
عَلَى النَّمَطِ الحَدِيث: فیشن ایبل۔
نَمَّق: خوبصورت بنانا۔
نَمَّقَ العِبَارَة: لیپاپوتی کرنا، عبارت آرائی کرنا۔
التَّنْمِيق و التَّزْوِيق: لیپاپوتی، ملمع سازی۔
نَمْل و: نَمْلَة: چیونٹی۔
نَمْلِيَّة: جالی دار الماری، نعمت خانہ۔
أَنْمُلَة: انگلی ج: أَنَامِل (۲) انگلی کا پور۔
نَمَّ ـــ نَمًّا: ظاہر ہونا (۲) چغلی لگانا۔
نَمَّ عَنْ: ظاہر کرنا، پتہ دینا۔
نَمِيمَة: چغل خوری ج: نَمَائِم۔
نَمُوذَج، أُنْمُوذَج ج: نمونہ، ماڈل، فارمولا (۲) طرز، ٹائپ (۳) معیار، اسٹینڈرڈ ج: نَمَاذِج۔
نَمُوذَجُ الطَّلَب: آرڈر فارم۔
النَّمُوذَجُ المُمَاثِل: ملتا جلتا نمونہ۔
نَمُوذَجٌ يُحْتَذَى به: قابلِ تقلید نمونہ۔
نَمُوذَجِيّ: نمونہ کا، مثالی۔
نَمَا ـُ نُمُوًّا: بڑھنا، ترقی کرنا۔
نُمُوّ: اٹھان، ابھار۔
النُّمُوُّ السُّكَّانِيّ: اضافہ آبادی۔
نُمُوٌّ مُتَوَازِن: متوازن اضافہ۔

نَمَّى: فروغ دینا، ترقی دینا۔
نَمَّى رَوَابِطَ الصَّدَاقَةِ بَيْنَ البَلَدَيْنِ: دو ملکوں کے درمیان دوستی کے تعلقات بڑھانا۔
نَمَّى السُّرْعَةَ الطِّبَاعِيَّةَ: ٹائپ کرنے کی صلاحیت یا رفتار بڑھانا۔
نَمَّى السُّوق: بازار کو ترقی دینا۔
نَمَّى العَلَاقَات: تعلقات بڑھانا۔
أَنْمَى: بڑھانا، ترقی دینا۔
نَمَى ـــ نَمْيًا و نَمَاءً: بڑھنا، بڑا ہونا۔
نَمَى الحَدِيثَ إِلَى: منسوب کرنا۔
إِنْتَمَى إِلَى: منسوب ہونا، تعلق رکھنا۔
إِنْتَمَى إِلَى حِزْب: پارٹی سے تعلق رکھنا۔
إِنْتَمَى إِلَى مُنَظَّمَة: تنظیم میں شریک ہونا۔
تَنْمِيَة: اضافہ، ترقی، بڑھاوا، فروغ۔
التَّنْمِيَةُ الاقْتِصَادِيَّة: اقتصادی ترقی۔

ن............ہ

نَهَبَ ـــ نَهْبًا و نَهَبًا: لوٹنا۔
نَهَبَ الأَرْضَ عَدْوًا: پوری رفتار سے دوڑنا۔
نَهَبَ النِّسَاء: اغواء کرنا۔
نَهْب: لوٹ کا مال ج: نِهَاب۔
نَهَّاب: لٹیرا۔
مَنْهُوبَة: اغواشدہ خاتون۔
نَهَجَ ـــ نَهْجًا: راستہ پر چلنا۔
إِنْتَهَجَ: روش اختیار کرنا۔
إِنْتَهَجَ سِيَاسَةً: پالیسی پر چلنا، سیاست اپنانا۔

نَهْج: راستہ، راہِ راست۔
مَنْهَج، مِنْهَاج: طریقہ، راستہ، پروگرام۔
مَنْهَجُ بَحْثٍ: طریقۂ تحقیق۔
مَنْهَجُ التَّعْلِيمِ: طریقۂ تعلیم (۲) نصابِ تعلیم۔
مَنْهَجٌ دِرَاسِيٌّ: سلیبس، نصابِ تعلیم۔
مِنْهَاجُ الحِزْبِ: پارٹی پلیٹ فارم۔
نَهَدَ ــ نُهُوداً: پستان اُبھرنا۔
نَاهَدَهُ مُنَاهَدَةً: مقابلہ پر آنا، چیلنج کرنا (۲) مخالفت کرنا۔
تَنَهَّدَ: لمبا سانس لینا۔
نَاهِد: اُبھرے ہوئے سینہ والی ج: نَوَاهِدُ۔
نَهَرَ ــ نَهْراً: جھڑکنا، ڈانٹنا۔
نَهْرٌ مِنْ كِتَابٍ أو صَحِيفَةٍ: کالم۔
نَهَزَ ــ نَهْزاً: دفع کرنا۔
نَاهَزَ مُنَاهَزَةً: قریب ہونا۔
اِنْتَهَزَ الفُرْصَةَ: موقع پانا، موقع سے فائدہ اٹھانا۔
اِنْتِهَازِيّ: موقع پرست۔
اِنْتِهَازِيَّة: موقع پرستی۔
نَهَّازُ الفُرَصِ: موقع پرست۔
نَهَشَ ــ نَهْشاً: نوچنا۔
نَهَضَ ــ نُهُوضاً: اٹھنا، کھڑا ہونا (۲) ترقی کرنا۔
نَهَضَ للأمْرِ: تیار ہونا، اٹھ کھڑا ہونا۔
نَهَضَ بِعَمَلٍ: انجام دینا، کسی کام کا بیڑا اٹھانا۔
نَهَضَ بالأعْبَاءِ: ذمہ داریاں اٹھانا۔
نَهَضَ بأعْبَاءِ الرِّسَالَةِ: مشن پر کام کرنا۔

نَهَضَ بالمَسْئُولِيَّةِ و المُهِمَّةِ: ذمہ داری پوری کرنا۔
نَهْضَة: حرکتِ عمل (۲) ترقی (۳) بیداری، نشاتِ ثانیہ ج: نَهَضَات۔
نَاهِض: کھڑا ہوا (۲) ترقی یافتہ۔
مُنَاهِضٌ له: مخالف۔
مُنَاهَضَة: مخالفت، مقابلہ۔
نَهِيق: گدھے کی آواز۔
نَهَكَ ــ نَهْكاً: لاغر و کمزور بنانا (۲) کمر توڑنا، طاقت ختم کرنا۔
اِنْتِهَاك: خلاف ورزی۔
اِنْتِهَاكُ الاتِّفَاقِ و المُعَاهَدَةِ: معاہدہ کی خلاف ورزی۔
اِنْتِهَاكُ الحُرْمَةِ: بے حرمتی، بے عزتی (۲) عصمت دری۔
اِنْتِهَاكُ قَرَارِ الحَظْرِ بكذا: پابندی کے فیصلہ کی خلاف ورزی۔
اِنْتِهَاكَات: خلاف ورزیاں۔
مَنْهُوكُ القُوَى: ناتواں، لاغر۔
نَهِلَ ــ نَهَلاً: پینا۔
مَنْهَل: چشمۂ آب ج: مَنَاهِل۔
نَهَم: کھانے کی حرص، خواہش۔
نَهَمٌ عِلْمِيٌّ: علمی شوق و ذوق۔
في نَهَمٍ: بڑے شوق و رغبت سے۔
أنْهَى إنْهَاءً: مکمل کرنا (۲) ختم کرنا۔
أنْهَى إلى: اطلاع دینا۔
أنْهَى الأزْمَةَ بِطُرُقٍ سِلْمِيَّةٍ: پرامن طریقے سے بحران کو ختم کرنا۔
أنْهَى حَالَةَ الحَرْبِ: حالتِ جنگ ختم

کرنا۔

اَنْهَى الحَدِيثَ مَعَ أَحَدٍ: بات چیت ختم کرنا۔

اَنْهَى الشَّيْءَ لِلأَبَد: ہمیشہ کے لئے ختم کرنا۔

اَنْهَى القِتَالَ: لڑائی بند کرنا۔

اَنْهَى المُحَادَثَةَ: بات چیت ختم ہونا۔

اَنْهَى المُعَاهَدَةَ: معاہدہ ختم کرنا۔

اَنْهَى المَعْرَكَةَ: جنگ بند کرنا۔

اَنْهَى المُنَاقَشَةَ: بحث ختم کرنا۔

اِنْتَهَى التَّعْيِينُ: تقرر ختم ہوجانا۔

اِنْتَهَى العَقْدُ: معاہدہ ختم ہونا۔

اِنْتَهَتِ الانْفِجَارَاتُ: دھماکوں کا بند ہو جانا۔

اِنْتَهَتِ الحَرْبُ: لڑائی ختم ہوجانا۔

اِنْتَهَتِ المَأْمُورِيَّةُ: مہم کا پورا ہوجانا۔

اِنْتَهَتِ المُهِمَّةُ: کام یا مشن مکمل ہوجانا۔

اِنْتَهَتِ الهُدْنَةُ: مہلت کا وقت ختم ہو جانا، صلح ختم ہوجانا۔

نِهَايَة: اختتام، انجام۔

نِهَايَةُ الخِطَابِ: خط کا آخری حصہ۔

النِّهَايَةُ القُصْوَى: انتہاء۔

حَتَّى النِّهَايَةِ: آخر دم تک۔

فِي النِّهَايَةِ: آخرکار، آخر میں۔

فِي نِهَايَةِ المَطَافِ: آخرکار۔

نِهَائِيّ: آخری، فائنل، فیصلہ کن۔

بَلَاغٌ نِهَائِيٌّ: الٹی میٹم۔

حُكْمٌ نِهَائِيٌّ: آخری فیصلہ عدالت۔

بِمُنْتَهَى القُوَّةِ: پوری طاقت سے، پوری قوت سے۔

فِي مُنْتَهَى السِّرِّيَّةِ: انتہائی رازداری میں۔

فِي مُنْتَهَى السَّطْحِيَّةِ: انتہائی سطحی۔

ن............و

نَوْءٌ: بارش ج: أَنْوَاء۔

نَاءَ ـُ نَوْءاً: مشکل سے اٹھنا۔

نَاءَ بِهِ: بوجھ کا تھکا دینا، بوجھل بنانا۔

نَاءَ: (نَأَى) دور ہونا۔

نَاوَأَهُ مُنَاوَأَةً: مقابلہ پر آنا، آڑے آنا۔

نَابَ عَنْهُ ـُ نِيَابَةً: قائم مقام ہونا (۲) نمائندگی کرنا۔

نَابَهُ و انْتَابَهُ: پیش آنا، طاری ہونا۔

اِنْتَابَهُ الضِّيقُ: گھٹن ہونا۔

اِنْتَابَهُ القَلَقُ: پریشانی لاحق ہونا۔

اِنْتَابَهُ رُوحُ الاسْتِسْلَامِ: احساسِ شکست طاری ہونا۔

اِنْتَابَهُ الحَالَةُ العَصَبِيَّةُ: اشتعال پیدا ہونا۔

أَنَابَهُ عَنْ فُلَانٍ: نمائندہ بنانا، قائم مقام کرنا۔

تَنَاوَبَ الفِعْلَ: باری باری کرنا۔

نَوْبَة: نمبر، باری (۲) ایک دفعہ (۳) بیماری کا حملہ، دورہ۔

نَوْبَةُ الصَّرْعِ: مرگی کا دورہ۔

نَوْبَةٌ عَصَبِيَّةٌ: اعصابی دورہ، ہسٹریائی دورہ۔

نَوْبَةُ غَضَبٍ: طیش۔

نَوْبَةٌ قَلْبِيَّةٌ: دل کا دورہ، ہارٹ اٹیک۔

بِالنَّوْبَةِ: نمبر سے، نمبروار، نمبر پر۔

نَوْبَتْجِیَ: (۱۰) ڈیوٹی پر تعینات۔
نُـوْبَة، نَـائِبَة: آفت، مصیبت ج: نُـوَب، نَوَائِب۔
نِیَابَة: قائم مقامی، نمائندگی (۲) کمشنری۔
النِّیَـابَةُ الْعُمُومِیَّة: وزیرِ عدالت کا دفتر، مصری دیوانِ عدالت۔
بالنِّیَابَة: بطورِ نیابت، نیابتاً۔
نِیَابَةً عَنْ اَحَدٍ فِی کَذَا: کسی کی طرف سے، کسی کی نمائندگی کرتے ہوئے، کسی کی قائم مقامی میں۔
نِیَـابِیّ: پارلیمنٹری (۲) کسی کی جگہ کام دینے والا، کسی کی نمائندگی کرنے والا۔
حُکُومَةٌ نِیَابِیَّة: پارلیمنٹری حکومت۔
مَجْلِسٌ نِیَابِیّ: پارلیمنٹ۔
نَـائِب: کارندہ، ایجنٹ (۲) قائم مقام، نائب (۳) ڈپٹی، اسسٹنٹ، وائس (۴) نمائندہ، ڈیلیگیٹ (۵) پارلیمنٹ کا ممبر ج: نُوَّاب۔
نَائِبُ الْاَمِیْنِ الْعَامّ: نائب ناظمِ اعلیٰ۔
نَـائِبُ الرَّئِیْس: وائس چیئرمین، نائب صدر، ڈپٹی چیئرمین، وائس پریسیڈنٹ۔
نَـائِبُ الرَّئِیسِ فِی مَجْلِسِ النُّوَّاب: ڈپٹی اسپیکر۔
نَـائِبُ رَئِیسِ الْوُزَرَاء: ڈپٹی پرائم منسٹر، نائب وزیراعظم۔
نَائِبُ سَفِیْر: ناظم الامور۔
النَّـائِبُ الْعَامّ: ڈپٹی کمشنر، اٹارنی جنرل، عوامی مقدمات طے کرنے والا مجسٹریٹ۔
نَائِبٌ فِی الْبَرْلَمَان: پارلیمنٹ کا ممبر۔

نَائِبُ قُنْصُل: ڈپٹی کونسل۔
نَائِبُ الْمُدِیْر: ڈپٹی منیجر۔
نَائِبُ الْمَلِک: وائسرائے۔
نَائِبُ الْوَزِیْر: ڈپٹی منسٹر۔
نُوَّاب: ممبرانِ پارلیمنٹ (۲) ڈیلیگیٹس۔
مُنَاوِب: عوض، کسی کے بدلے کام کرنے والا۔
بِـالْـمُـنَـاوَبَة، بِـالتَّنَاوُب: باری باری، نمبروار۔
نُوتِیّ: ملاح ج: نَوَاتِیّ۔
مُنَـاخ: جائے قیام (۲) آب وہوا، موسم (۳) ماحول، فضا ج: مُنَاخَات۔
مُنَاخٌ وِفَاقِیّ: اتحاد کی فضا۔
نَوَّرَ النَّبَات: کلی آنا، پھول آنا۔
نَوَّرَ، اَنَارَ: لائٹ کرنا، روشن کرنا۔
تَنَوَّرَ: روشن ہونا (۲) روشن ضمیر ہونا (۳) روشن خیال بننا۔
نَار: آگ، آتش، آنچ، فائر ج: نِیرَان۔
نَارِیّ: آتشیں (۲) اشتعال انگیز۔
نَـوْر ج: اَنْـوَار، نُـوَّار ج: نَوَاوِیـر: کلی، پھول۔
نُور: روشنی، اجالا (۲) بتی، لائٹ۔
نُورٌ اَحْمَر: لال بتی۔
نُورٌ اَخْضَر: ہری بتی۔
نُورٌ ضَئِیْل: ڈم لائٹ، ہلکی روشنی۔
نُورُ الْغَاز: گیس لائٹ، گیس کی روشنی۔
النُّورُ الْکَاشِف: سرچ لائٹ۔
نُورٌ کَهْرَبِیّ: بتی، بجلی کی روشنی۔
نُورٌ و تَدْفِئَة: لائٹنگ وہیٹنگ۔

نُوْرَة: چونہ (۲) بال صفا۔
نَيِّر: روشن۔
إِنَارَة: لائٹنگ۔
تَنَوُّر: روشن خیالی۔
مَنَار، مَنَارَة: لائٹ اسٹینڈ، لائٹ ہاؤس۔
مَنَارَةُ المَسْجِد: مینار۔
مَنَارَةٌ لِهِدَايَةِ المَلَّاحِيْن: لائٹ ہاؤس۔
مُنَاوَرَة: داؤں پیچ، چال (۲) پریڈ، عملی مظاہرہ، نمائش، دکھاوا (۳) کوشش، کرتب ج: مُنَاوَرَات۔
مُنَاوَرَةٌ حَرْبِيَّة: جنگی مشق، پریڈ۔
مُنَاوَرَةٌ بَحْرِيَّة: بحری مشق۔
مُنَاوَرَةٌ دِبْلُوْمَاسِيَّة: سیاسی چال۔
مُنَاوَرَةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی پریڈ، ایکسرسائز۔
مُنَاوَرَة (فِي سِكَّةِ الحَدِيْد): شنٹنگ کرنا۔
وَابُوْرُ المُنَاوَرَة: شنٹنگ انجن۔
مُنَاوِر: نمائش کرنے والا۔
مُسْتَنِير: روشن ضمیر، روشن خیال۔
نَوْرَج: غلہ گاہنے کی مشین۔
(نوش) مُنَاوَشَة: دشمن کی نوک جھونک، فوجی دستوں کی باہمی جھڑپ ج: مُنَاوَشَات۔
نَوْص، مَنَاص: مفر، چھٹکارا۔
لَا مَنَاصَ مِنْهُ: اس سے مفر نہیں۔
نَوْط: کانوں کا جھمکا (۲) تمغہ ج: أَنْوَاط۔
نَاطَ ـُ نَوْطاً و أَنَاطَ بِكَذَا: وابستہ کرنا، لٹکانا، خدمت سپرد کرنا۔
نَوَّعَ تَنْوِيْعاً: نوع بنوع کرنا، تنوع پیدا کرنا۔
نَوْع: ٹائپ، طرز۔

مُنَوَّعَات: متفرقات۔
نَيِّف: کچھ۔
مُنِيْف: بلند، پرشکوہ۔
نُوْفَمْبَر: نومبر۔
نَالَ ـُ نَوْلاً و أَنَالَ: دینا۔
نَاوَلَهُ الشَّيْءَ: سپرد کرنا، دینا۔
تَنَاوَلَ الشَّيْءَ: لینا۔
تَنَاوَلَ الطَّعَامَ عَلَى المَائِدَة: میز پر کھانا کھانا۔
تَنَاوَلَ الشَّيْءَ بِالمُنَاقَشَة: کسی چیز کو زیر بحث لانا۔
تَنَاوَلَ البَحْثُ كَذَا: کسی چیز کا زیر بحث آنا۔
تَنَاوَلَتِ المُحَادَثَةُ كَذَا: گفتگو میں زیر بحث آنا۔
تَنَاوَلَتِ المُحَادَثَةُ مَوَاضِيْعَ شَتَّى: مختلف موضوعات کا زیر بحث آنا۔
تَنَاوَلَتْهُ الصُّحُفُ بِالتَّعْرِيْض: اخبارات کا آڑے ہاتھوں لینا۔
نَوْل، مِنْوَال: کرگہ، لوم، کپڑا بننے کی مشین ج: أَنْوَال، مَنَاوِيْل۔
نَوْلٌ آلِيّ: پاور لوم۔
نَوْلٌ يَدَوِيّ: ہینڈلوم۔
مِنْوَال: (۲) ڈھنگ، طریقہ، طرز۔
نَوَّمَ تَنْوِيْماً: سلانا (۲) بے ہوش کرنا۔
نَامَ ـَ نَوْماً: سونا۔
نَامَ عَنْهُ: غفلت برتنا۔
نَامَتِ السُّوْق: بازار مندا ہونا۔
تَنَوَّمَ: احتلام ہونا (۲) سونے کی کوشش

کرنا۔

نُوَام: نیند کا مرض۔

مَنَام: نیند (۲) خواب۔

مَنَام، مَنَامَة: بستر (۲) سونے کا کمرہ۔

مُنَوِّم: نیند آور، نشہ آور۔

مُنَوِّمَة: نیند آور دوا۔

نُوْن: مچھلی۔

نَوَّهَ تَنْوِيهًا: بلند کرنا۔

نَوَّهَ بِهِ: شہرت دینا (۲) ذکر کرنا (۳) تعریف کرنا (۴) قدر افزائی کرنا۔

نَوَى ـــ نِيَّةً: ارادہ کرنا۔

نَاوَى مُنَاوَاةً: دشمنی کرنا، مقابلہ پر آنا، آڑے آنا۔

نَوَى: بُعد، دوری (۲) منزل سفر۔

نَوَاة: گٹھلی (۲) تخم ج: نَوَيَات و نَوًى۔

نَوَوِيّ: نیوکلیائی، ایٹمی۔

النَّوَايَا العُدْوَانِيَّة: جارحانہ عزائم۔

النَّوَايَا الغَامِضَة: غیر واضح عزائم۔

نَوَايَا مَشْئُومَة: بُرے ارادے۔

ن .... ی

نَيَّأَ الأَمْرَ تَنْيِيئًا: خام چھوڑنا، بیچ اُدھر میں چھوڑنا۔

نَاءَ ـــ نَيْئًا: کچا رہنا۔

نِيء، نِيّ: کچا، خام (۲) نامکمل، ناقص۔

نَيَّبَ: دانتوں سے پکڑنا۔

نَابٌ: کچلی، دانت ج: أَنْيَاب۔

كَشَّرَ عَنْ أَنْيَابِهِ: دانت دکھانا۔

نِيْر: بیلوں کا جوا ج: أَنْيَار۔

نِيْرَةُ الأَسْنَان: دانتوں کا سوڑھا۔

نِيْسَان: اپریل۔

نَيْل: عطیہ۔

نَالَ ـــ نَيْلًا: پانا، حاصل کرنا۔

نَالَ الاِسْتِقْلَالَ: آزادی و خود مختاری حاصل کرنا۔

نَالَ الاقْتِرَاحُ أَصْوَاتًا: تجویز کو ووٹ ملنا۔

نَالَ الاقْتِرَاحُ أَغْلَبِيَّةَ الأَصْوَاتِ: تجویز کے حق میں اکثریت کے ووٹ آنا۔

نَالَ الثِّقَةَ: اعتماد حاصل کرنا۔

نَالَ الحُرِّيَّةَ: آزادی حاصل کرنا۔

نَالَ التَّقْدِيرَ: خراجِ تحسین حاصل کرنا۔

نَالَ رِضَاهُ: خوشنودی حاصل کرنا۔

نَالَ عَطْفَ الشَّعْبِ: عوام کی ہمدردی حاصل کرنا۔

نَالَ حُظْوَةً لَدَيْهِ أَوْ فِي عَيْنَيْهِ: تقرب حاصل کرنا، اعتماد و رسوخ حاصل کرنا۔

نَالَ جَائِزَةً: انعام پانا۔

نَالَ مِنْ فُلَانٍ: آڑے ہاتھوں لینا، بدنام یا رسوا کرنا۔

نَالَ مِنْ عِرْضِهِ: آبرو پر حملہ کرنا، کیچڑ اچھالنا، بدگوئی کرنا، ہتکِ عزت کرنا، بہتان باندھنا۔

مَنَال: حصول۔

صَعْبُ المَنَال: مشکل۔

سَهْلُ المَنَال: سہل الحصول۔

النَّيْلُون: نائلان۔

و

و.........أ

مَوْئِل: مرکز، جائے پناہ۔

وِئام: اتفاق، اتحاد۔

و.........ب

وَبَاء: عام بیماری ج: أَوْبِئَة۔

تَوْبِيخ: فہمائش، اظہارِ ناراضگی۔

وَبَر: اونٹ کے بال، اون ج: أَوْبَار۔

وَابُور: انجن، مشین ج: بَوَابِير۔

___ بُخَارِيّ: اسٹیم انجن، ریلوے انجن۔

___ الحَرِيقَة: فائر انجن۔

___ الزَّلَط: اسٹیم رولر جس سے سڑکیں ہموار کرتے ہیں۔

___ الرَّيّ: آب پاشی کی مشین۔

___ المِيَاه: واٹر ورکس۔

___ الطَّحِين: آٹا پیسنے کا انجن۔

___ بَحْر: سمندری جہاز، اسٹیمر۔

___ سِبِرْتُو: اسپرٹ لیمپ۔

___ الغَاز: اسٹوو۔

مُوبِقَات: خطرات (۲) گناہ، معاصی۔

وَبْل، وَابِل: بارش، زور کی بارش۔

وَبَالُ الجِسْم: آفتِ جان۔

وَبِيل: بد انجام (۲) سخت، تکلیف دہ۔

و.........ت

وَتِد: میخ، کھونٹی ج: أَوْتَاد۔

وِتْر: عددِ طاق۔

وَتَر: رسی، تانت ج: أَوْتَار۔

وَتَّرَ العَلاقَاتِ: تعلقات میں کشیدگی پیدا کرنا۔

تَوَتَّرَ: تانت کی طرح سخت ہونا۔

تَوَتَّرَ الوَضْعُ فِي مِنْطَقَةٍ: صورتِ حال کشیدہ ہونا۔

تَوَتَّرَتِ العَلاقَاتُ: تعلقات کشیدہ ہونا۔

تَوَتَّرَتِ العَلاقَاتُ بَيْنَ البَلَدَيْنِ: دو ملکوں کے باہمی تعلقات کشیدہ ہونا۔

وَتِيرَة: طریقہ۔

تَتْرَى: لگاتار، پے در پے، مسلسل۔

تَوَتُّر: ٹینشن، کشیدگی، تناؤ، کھچاؤ۔

تَوَتُّر دُوَلِيّ: بین الاقوامی کشیدگی۔

تَوَتُّر طَائِفِيّ: فرقہ وارانہ کشیدگی۔

مُتَوَتِّر: کشیدہ۔

و.........ث

وَثَبَ ـِ وُثُوباً: کودنا، اُچھلنا، چھلانگ لگانا۔
وَثَّبَ: کودانا، اُچھالنا۔
وَثِیر: نرم، ملائم، گداز۔
وِثَار: نرم بستر۔
وَثِیرَة: تکیہ ج: وَثَائِر۔
وَثَّقَ تَوْثِیقاً: مضبوط بنانا، استحکام پیدا کرنا، مضبوطی پیدا کرنا۔
وَثَّقَ عَلَی: توثیق کرنا، تصدیق کرنا، پاس کرنا، منظور کرنا۔
وَثَّقَ المَوَاقِفَ: پالیسیوں کو مستحکم کرنا۔
وَاثَقَهُ مُوَاثَقَة: معاہدہ کرنا۔
تَوَثَّقَ: مضبوط ہونا، مضبوط بننا۔
تَوَثَّقَ فِی الأَمْرِ: اعتماد حاصل کرنا (۲) اعتماد کے ساتھ کام کرنا۔
اِسْتَوْثَقَ مِنَ الشَّیءِ: اطمینان حاصل کرنا۔
ثِقَة: قابلِ اعتماد (۲) اعتماد۔
ثِقَةٌ مَالِیَّة: مالی اعتماد، کریڈٹ۔
الثِّقَةُ المُتَبَادِلَة: باہمی اعتماد۔
ثِقَتُنَا عَالِیَةٌ فِیکُم: آپ پر ہمیں مکمل اعتماد ہے۔
عَلَی ثِقَة: مطمئن، پُر امید۔
الثِّقَةُ بِالنَّفْس: خود اعتمادی۔
وِثَاق: بندھن، رسّی، زنجیر۔
وَثِیق: مضبوط۔
وَثِیقَة: دستاویز، چارٹر، واؤچر، ڈاکومنٹ ج: وَثَائِق۔
وَثِیقَةُ اعْتِمَادٍ: تصدیق نامہ۔
وَثِیقَةٌ رَسْمِیَّة: سرکاری کاغذ، سند، ڈپلوما، دستاویز۔
وَثِیقَةٌ سِرِّیَّة: خفیہ دستاویز۔
وَثِیقَةُ عَمَلٍ: دستاویزِ عمل، طریقہ کار۔
وَثِیقَةُ عَمَلٍ اَسَاسِیَّة: بنیادی طریقہ کار۔
الوَثِیقَةُ المُلْحَقَة: ملحق دستاویز۔
وَثِیقَةُ الزَّوَاجِ: نکاح نامہ۔
وَثَائِق: ثبوت، دستاویزات۔
وَثَائِقُ التَّمَلُّک: ملکیت نامے۔
وَاثِق: مطمئن، پُر یقین۔
تَوْثِیق: تصدیق، منظوری۔
مَوْثِق، مِیثَاق: عہد، چارٹر، معاہدہ ج: مَوَاثِیق۔
مِیثَاقٌ بَیْنَ طَرَفَیْنِ: دو فریقی معاہدہ۔
مِیثَاقُ الأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوامِ متحدہ کا چارٹر، منشور۔
مِیثَاقُ العَمَلِ القَوْمِیِّ المُشْتَرَک: مشترکہ قومی جدوجہد کا عہد نامہ۔
مُوَثِّق: وثیقہ نویس، رجسٹرار۔
مُوَثَّقٌ مِنْ جِهَةٍ رَسْمِیَّةٍ و غَیْرِهَا: تصدیق شدہ۔
المَوْثُوقُ بِه: معتبر، قابلِ اعتماد۔
وَثَن: بت ج: اَوْثَان۔
وَثَنِی: بت پرست۔
وَثَنِیَّة: بت پرستی۔

و............ج

وَجْبَة: ایک خوراک، ایک وقت کا کھانا (۲) دانتوں کی پلیٹ (مصنوعی) ج: وَجَبَات۔
وَجَبَاتٌ خَاصَّة: اسپیشل کھانے۔
وَاجِب: ڈیوٹی، فریضہ ج: وَاجِبَات۔

الوَاجبُ الوَطنِيّ: ملکی فریضہ۔
وَاجِبَات: مطالبات۔
اِيْجَاب: اثبات۔
اِيْجَاباً: مثبت طور پر۔
اِيْجَابِيّ: مثبت، مثبت کردار والا آدمی۔
اِيْجَابِيَّات: مثبت اقدامات، کامیابیاں۔
تَوَجُّب: دن رات میں ایک بار کھانا کھانا (۲) ضروری ہونا۔
مُوْجِب: سبب، باعث، اقتضا۔
بِمُوْجِبِ كذا: مطابق، بمقتضا، اس کی رُو سے۔
المُوجِب: موت۔
وَجَدَ وُجُوداً: پانا (۲) جاننا۔
وَجَدَ عليه وَجْداً: ناراض ہونا۔
وَجَدَ به: عاشق ہونا۔
وَجَدَ و تَوَجَّدَ له: رنجیدہ ہونا۔
لا يُوْجَدُ إِخْطَار: نوٹس نہیں ملا۔
لا يُوْجَدُ رَصِيد: فنڈ نہیں ہے۔
لا يُوْجَدُ ضَمَان: گارنٹی نہیں ہے۔
لا يُوْجَدُ حِسَاب: اکاؤنٹ نہیں ہے۔
لا تُوْجَدُ أَوَامِر: آرڈر نہیں ہے۔
أَوْجَدَ: وجود میں لانا، پیدا کرنا (۲) سبب بننا (۳) حاضر کرنا۔
أَوْجَدَ المَشَاكِلَ: مشکلات پیدا کرنا۔
أَوْجَدَ حَلَّ المُشْكِلَة: مسئلہ کا حل نکالنا۔
أَوْجَدَ حَلاً سِلْمِياً لكذا: پُرامن حل نکالنا۔
أَوْجَدَ مَخْرَجاً: راہ نکالنا۔
أَوْجَدَ مَخْرَجَ الأَزْمَة: بحران سے نکلنے کی راہ پیدا کرنا۔
أَوْجَدَ مُبَرِّراً لشيءٍ: جواز پیدا کرنا۔
أَوْجَدَ رَوَابِطَ مُبَاشِرَةً بَيْنَ: براہِ راست تعلقات پیدا کرنا۔
أَوْجَدَ التَّوَازُنَ السِّيَاسِيَّ: سیاسی توازن قائم کرنا۔
أَوْجَدَ التَّوَافُقَ و الوَحْدَةَ: اتفاق پیدا کرنا۔
أَوْجَدَ المَنَافِذَ: راہیں نکالنا۔
أَوْجَدَ النَّائِبَ: ممبر بنانا۔
أَوْجَدَ النَّاخِبَ: ووٹر تیار کرنا۔
تَوَاجَدَ: موجود ہونا، شریک ہونا۔
تَوَاجَدَ أَعْضَاءُ اللَّجْنَة: ممبران کمیٹی کا اکٹھا ہونا۔
وُجُود: شخصیت، ہستی۔
الوُجُودُ الشَّخْصِيّ: پرسنلٹی۔
تَوَاجُد: موجودگی، حاضری، وجود، شرکت، اجتماع۔
تَوَاجُدٌ عَسْكَرِيّ: فوجی اجتماع۔
مُتَوَاجِد: موجود۔
مَوْجُودَات: اشیاء، سامان، سرمایہ۔
مَوْجُودَاتٌ سَهْلَةُ التَّحْلِيلِ إلى نَقْدٍ: نقدی میں تبدیل ہونے والا سرمایہ۔
مَوْجُودَاتٌ غَيْرُ مَلْمُوسَة: غیر محسوس سرمایہ۔
مَوْجُودَاتٌ قَابِلَةٌ لِلاسْتِبْدَال: قابلِ تبدیل اشیاء۔
مَوْجُودَاتٌ مُتَدَاوَلَة: دست گرداں

سرمایہ۔
مَوْجُودَاتٌ مُسْتَهْلَكَة: قابلِ صرف اشیاء۔
مَوْجُوْدَاتٌ مَلْمُوسَة: عینی یا مادی سرمایہ۔
مَوْجُوْدَاتٌ وَهْمِيَة: فرضی سرمایہ۔
وَجْز ، وَجَازَة: اختصار۔
وَجِيْز: مختصر، معمولی۔
إِيْجَاز: اجمال۔
مُوْجَز: خلاصہ۔
مُوْجَزُ الْأَنْبَاءِ: مختصر خبریں۔
وَجْسٌ: دل کی کھٹک۔
وَجَعٌ: درد، دُکھ ج: أَوْجَاع۔
وَجَفَ ـِ وَجْفاً و وَجِيْفاً: دل دھڑکنا۔
وَجَل: ڈر ج: أَوْجَال۔
وَجَمَ ـِ وُجُوماً: خاموش ہونا، ناگواری سے سر جھکانا۔
وَجْنَة: رُخسار ج: وَجَنَات۔
وَجَّهَ إِلَى: جانا (۲) بھیجنا۔
ــــ الاتِّهَامَ إِلَى: فردِ جرم عائد کرنا، الزام لگانا۔
ــــ الاحْتِجَاجَ ضِدَّ كذا: احتجاج کرنا۔
ــــ الدَّعْوَةَ إِلَى: دعوت دینا۔
ــــ النِّدَاءَ إِلَى: اپیل کرنا۔
ــــ إِلَيهِ اللَّوْمَ: ملامت کرنا۔
وَجَّهَ إِلَيهِ التُّهْمَةَ: تہمت لگانا۔
ــــ ضَرْبَةً شَدِيْدَةً: زبردست وار کرنا۔
ــــ سِلَاحَهُ إِلَى: نشانہ لگانا۔
ــــ النَّارَ إِلَى الْعَدُوِّ: دشمن پر فائرنگ کرنا۔

ــــ الإِهَانَاتِ إِلَى: کسی کی مسلسل توہین کرنا۔
ــــ تَحِيَّةَ تَقْدِيْرٍ إِلَى: خراجِ عقیدت پیش کرنا۔
وَاجَهَ الأَخْطَارَ: خطرہ درپیش ہونا (۲) خطروں کا مقابلہ کرنا۔
ــــ المُعَارَضَةَ: مخالفت کا سامنا کرنا۔
ــــ المَوْقِفَ: صورتِ حال کا مقابلہ کرنا۔
ــــ القُوَى الطَّاغِيَةَ: ظالم طاقتوں کا مقابلہ کرنا۔
تَوَجَّهَ إِلَى: قصد کرنا، جانا، رُخ کرنا۔
تَوَجَّهَ التَّفْكِيْرُ إِلَى شَيْءٍ: کسی بات کی طرف ذہن جانا۔
تَوَجَّهَ نَحْوَ إِقَامَةِ الحُكْمِ: حکومت قائم کرنے پر توجہ دینا۔
تَوَاجَهَ الرَّجُلَانِ: سامنا ہونا۔
تَوَاجَهَ الشَّيْئَانِ: آمنے سامنے ہونا۔
وَجْهٌ: (۱) سردارِ قوم (۲) ممتاز آدمی ج: وُجُوه (۳) چہرہ (۴) جانب، طرف (۵) پہلو (۶) رُخ، فرنٹ، سامنے کا حصہ (۷) سبب (۸) ذات (۹) طریقہ (۱۰) معنی (۱۱) سطح (۱۲) صورت، مظہر ج: أَوْجُه و وُجُوه۔
وَجْهُ القُمَاشِ: کپڑے کی سیدھی جانب۔
ــــ السَّاعَةِ: گھڑی کا ڈائل۔
ــــ القَوْمِ: سربراہ۔
ــــ مُسْتَعَار: مصنوعی چہرہ۔
ــــ مُسْتَدِيْر: آفتابی چہرہ۔
ــــ مِنَ الكِتَابِ: کتاب کا ایک صفحہ۔

الوَجْهُ البَحْرِيّ: مصر کا زیریں حصہ۔
الوَجْهُ القِبْلِيّ: مصر کا بالائی حصہ۔
بِوَجْهِ الإِجْمَال: مختصر طور پر (۲) عمومی طور پر۔
بِوَجْهِ التَّقْرِيب: تقریباً۔
بِوَجْهٍ مَّا: کسی طرح بھی۔
فِي وَجْهِه: منھ پر، سامنے، روبرو۔
مَضَى عَلَى وَجْهِه: وہ جدھر منھ اٹھا چلا گیا۔
بَيَّضَ وَجْهَه: عزت کرنا۔
اِبْيَضَّ وَجْهُه: سرخ رو ہونا، عزت پانا۔
اِسْوَدَّ وَجْهُه: ذلیل ہونا۔
سَوَّدَ وَجْهَه: ذلیل کرنا۔
وَجْهاً لِوَجْهٍ: آمنے سامنے، بالمقابل۔
بِوَجْهَيْن: دورُخا۔
أَوْجُهُ الإِيرَاد: مدات آمدنی۔
أَوْجُهُ الخِلَاف: اختلاف کی وجوہات۔
أَوْجُهُ الصَّرْف: مداتِ خرچ۔
أَوْجُهُ النَّشَاط: سرگرمیوں کی انواع۔
وِجْهَة: سمت (۲) قصد گاہ۔
___ النَّظَر: نقطۂ نظر۔
___ نَظَرِ الحَيَاة: زندگی کا نقطۂ نظر۔
___ عِلْمِيَّة: علمی نقطۂ نگاہ۔
وِجْهَاتُ النَّظَرِ المُتَعَارِضَةُ: متضاد نقطہ ہائے نظر۔
وَجَاهَة: ناموری، عزت و شرف۔
وَاجِهَة: سامنے کا حصہ، چہرہ۔
وَاجِهَةُ العَرْض: شوونڈو۔
وَاجِهَةُ مَبْنًى: فرنٹ، بلڈنگ کا سامنے والا حصہ۔
وَاجِهَةُ المَحَلّ: دوکان کا اگلا حصہ۔
جِهَات: اطراف و: جِهَة۔
جِهَاتُ الاخْتِصَاص بكذا: متعلقہ ادارے۔
جِهَاتٌ مُخْتَصَّة: بااختیار ادارے۔
الجِهَاتُ المُخْتَصَّةُ بِتَنْظِيمِ المُرُور: ٹریفک انتظام کے ادارے۔
تُجَاهَ كَذَا: بالمقابل، سامنے (۲) بسلسلہ، تئیں۔
اِتِّجَاه: رخ (۲) رجحان ج: اِتِّجَاهَات۔
اِتِّجَاه اِقْتِصَادِيّ: اقتصادی رجحان۔
اِتِّجَاه صُعُودِيّ: اضافہ کا رجحان۔
اِتِّجَاه هُبُوطِيّ: کمی کا رجحان۔
التَّوَاجُه: آمنا سامنا، مقابلہ۔
تَوَاجُهُ المَجَاعَة والجَفَاف: خشکی و قحط سالی کا سامنا۔
تَوْجِيه: ڈائرکشن، ٹریننگ، رہنمائی، ذہن سازی (۲) رجحان، رخ (۳) ہدایت، حکم۔
تَوْجِيهٌ رَسْمِيّ: سرکاری حکم۔
تَوْجِيهٌ سَام: ارشادِ عالی۔
تَوْجِيهُ الصَّحَافَة: صحافت کی رہنمائی، صحافت کو صحیح رُخ دینا۔
التَّوْجِيهُ المِهْنِيّ: فنی رہنمائی۔
عَجَلَةُ التَّوْجِيه: اسٹیرنگ۔
تَوْجِيهِيّ: اصلاحی، رہنمایانہ۔
تَوْجِيهَات: ارشادات، نصائح، ہدایات۔
مُوَاجَهَة: سامنا، ملاقات، مقابلہ، ٹکر۔
مُوَاجَهَةُ القُوَّتَيْن: دوطاقتوں کا ٹکراؤ۔

مُوَاجَهَةٌ عَاتِيَة: سخت ترین مقابلہ۔
مُوَاجَهَةٌ مُبَاشِرَة: براہِ راست مقابلہ۔
مُوَاجَهَةٌ مُحْتَدِمَة: سخت ٹکراؤ، مقابلہ۔
مُوَاجَهَةُ السَّيْلِ الجَارِفِ مِنَ الأَسْئِلَة: سوالات کی بوچھاڑ کا سامنا۔
مُوَاجَهَةً: منہ در منہ، رُو در رُو، براہِ راست۔
مُوَجِّه: ذہن ساز۔
مُوَجَّه: منصوبہ بند۔

و............ح

وَحَّدَ: ایک کرنا، متحد کرنا، مربوط کرنا۔
وَحَّدَ المَجْهُودَات: کوششوں کو اکٹھا کرنا، متحدہ کوششیں کرنا۔
تَوَحُّدُ المَشَاعِر: جذبات میں یکسانیت۔
وَحْدَة: تنہائی (۲) انفرادیت (۳) یکتائی (۴) یک جہتی (۵) اتحاد، یونین (۶) اکائی، انتظامی اکائی جو مختلف شاخوں سے مل کر مرکزی شکل اختیار کرلے، یونٹ ج: وَحْدَات۔
وَحْدَةٌ إِدَارِيَّة: انتظامی یونٹ۔
وَحْدَةُ إِنْتَاج: پیداواری یونٹ۔
وَحْدَةٌ إِنْدِمَاجِيَّة: انضمامی اتحاد، دو حکومتوں کا ہر لحاظ سے ایک ہوجانا، ایک دوسرے میں ضم ہوجانا۔
وَحْدَةٌ تَكْلِفَة: کاسٹ یونٹ، اخراجات کی ایک اکائی یا نوع۔
وَحْدَةُ الجِنْس: قومیت کی یکسانیت۔
وَحْدَةُ الدَّم: رشتۂ نسب۔
وَحْدَةُ الصَّوَارِيخِ الثَّقِيلَة: بھاری راکٹوں کا یونٹ۔
الوَحْدَةُ العَرَبِيَّة: عرب اتحاد۔
وَحْدَةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی یونٹ۔
وَحْدَةُ القُوَّةِ الكَهْرَبَائِيَّة: واٹ۔
وَحْدَةٌ لِقِيَاسِ الحَرَارَة: ڈگری۔
وَحْدَةُ المَصَالِح: مفادات کی یکسانیت۔
الوَحْدَةُ الوَطَنِيَّة: قومی اتحاد۔
وَحْدَةُ الهَدَف: مقصدی اتحاد۔
وَحْدَاتٌ رَمْزِيَّة: علامتی یونٹیں (اکائیاں)۔
وَحْدَاتٌ مُتَمَاسِكَة: جڑی ہوئی اکائیاں۔
وَحْدَوِيّ: اتحاد کا علمبردار (۲) اتحاد سے متعلق۔
وَحْدَانِيّ: اکیلا (۲) غیر مشترک (۳) غیر شادی شدہ۔
وَحِيد: یکہ و تنہا، اکلوتا (۲) بے یار و مددگار (۳) خلوت پسند۔
وَحِيدُ أَبَوَيْه: اکلوتی اولاد۔
وَاحِداً إِثْرَ وَاحِد: یکے بعد دیگرے، آگے پیچھے۔
وَاحِدَةً بِوَاحِدَة: ترکی بہ ترکی۔
آحَاد: اکائیاں و: أَحَد۔
خَانَةُ الآحَاد: اکائیوں کا خانہ۔
إِتِّحَاد: اتفاق، یکجہتی (۲) یونین، وفاق، وفاقی انجمن یا جماعت، کنفیڈریشن، ایسوسی ایشن۔
إِتِّحَادُ الاِتِّجَاه: ہم آہنگی، یکجہتی۔
إِتِّحَادُ الآرَاء: ہم خیالی۔
إِتِّحَادٌ تِجَارِيّ: ٹریڈ یونین۔
إِتِّحَادٌ جُمْرُكِيّ: کسٹم یونین۔
إِتِّحَادٌ تَعَاهُدِيّ: کنفیڈریشن۔

اِتِّحَادُ الحُقُوقِيِّين: انجمنِ وُکلاء۔
اِتِّحَادُ الصَّحَفِيِّين: پریس یونین۔
اِتِّحَادُ العُمَّال: لیبر یونین۔
اِتِّحَادِيّ: یونین کا، یونین سے متعلق۔
الأُمَمُ المُتَّحِدَة: اقوامِ متحدہ۔
الوِلَايَاتُ المُتَّحِدَة: امریکا۔
وَحْش: جنگلی جانور، آدم خور ج: وُحُوش۔
وَحْشِيَّة: درندگی۔
وَحْشِيّ: وحشیانہ۔
وَحَل: کیچڑ ج: أَوْحَال۔
وَحْيٌ مِنَ الضَّمِيرِ: ضمیر کی آواز۔

و............خ

وَخَزَهُ ضَمِيرُه ـــ وَخْزاً: اس کے ضمیر نے اسے ملامت کی۔
وَخْزُ الضَّمِيرِ: پشیمانی، ندامت، ضمیر کی ملامت۔
وَخْزَة: چبھن، کچوکا۔
وَخِيم: دیرہضم (۲) نقصان دہ۔
وَخِيمُ العَاقِبَة: بدانجام۔
تَوَخَّى: چاہنا، ارادہ کرنا (۲) منتظر ہونا، متوقع ہونا۔
المُتَوَخَّى: متوقع۔

و............د

وُدّ، وِدَاد، مَوَدَّة: دوستی، تعلق، محبت، فرینڈشپ، گڈ ویل۔
وُدِّيّ، وِدَادِيّ: دوستانہ۔
وَدَّعَ تَوْدِيعاً: الوداع کہنا، خدا حافظ کہنا۔
أَوْدَعَ و اسْتَوْدَعَ الرَّجُلَ الشَّيْءَ: کسی کے پاس امانت رکھنا۔

أَوْدَعَ النُّقُودَ فِي المَصْرِف: بینک میں روپیہ جمع کرنا۔
أَوْدَعَ كِتَابَهُ كَذَا: ذکر کرنا، لکھنا۔
أَوْدَعَ التَّأْمِينَ: ضمانت داخل کرنا، مالِ ضمانت جمع کرنا۔
أَوْدَعَهُ السِّرَّ: راز کہنا۔
أَوْدَعَهُ السِّجْنَ: جیل میں ڈالنا۔
أَوْدَعَ الجُثَّةَ القَبْرَ: سپردِ خاک کرنا۔
أَسْتَوْدِعُكُمُ اللهَ: خدا حافظ، گڈ بائی۔
دِعَة، وَدَاعَة: نرمیِ مزاج (۲) سنجیدگی (۳) تواضع وانکساری۔
وَدَعٌ و وَدَعَة: کوڑی۔
وِدَاع: رخصت۔
وَدَاعاً: خدا حافظ۔
حَفْلَةُ الوَدَاع: وداعی پارٹی۔
وَدِيع: سنجیدہ، پرسکون، خاموش، مسکین صفت۔
وَدِيعَة: امانت، ڈپازٹ ج: وَدَائِع۔
وَدِيعَةٌ مَالِيَّة: بینک میں محفوظ سرمایہ۔
وَدَائِعُ إِدِّخَارِيَّة: سیونگ ڈپازٹ، جمع کردہ امانتیں۔
وَدَائِعُ الأَفْرَاد: پرائیویٹ ڈپازٹ، شخصی امانتیں۔
وَدَائِعُ البُنُوك: بینک ڈپازٹ۔
وَدَائِعُ تُسْحَبُ بَعْدَ إِخْطَارٍ: نوٹس ڈپازٹ۔
وَدَائِعُ مَصْرِفِيَّة: فنڈ، بینک سرمایہ۔
وَادِع: امانت رکھنے والا (۲) رقم جمع کرانے والا، ڈپازیٹر۔
إِيدَاعٌ لِمُدَّةٍ مَحْدُودَةٍ: فکسڈ ڈپازٹ۔
الإِيدَاعُ والسَّحْبُ: لین دین (بینک

سے)۔

اَیْداعٌ یُسْحَبُ لَدَی الطَّلَب: عند الطلب لی جانے والی امانت۔

مُوْدِع: ڈپازیٹر، امانت جمع کرنے والا۔

مُوَدِّع: الوداع کہنے والا۔

مُسْتَوْدِع: امانت دار، امانت رکھنے والا، مال چھڑانے والا۔

مُسْتَوْدَع: گودام، ڈپو، میگزین، اسٹور ہاؤس ج: مُسْتَوْدَعات۔

مُسْتَوْدَعُ الأدَوَاتِ الحَرْبِيَّة: اسلحہ خانہ۔

مُسْتَوْدَعُ بَضَائِع: مال گودام۔

مُسْتَوْدَعٌ لِلذَّخِيرَة و المُعَدَّاتِ العَسْكَرِيَّة: فوجی سامان کا ڈپو۔

وَذَک: چکناہٹ۔

اَوْدَی: ہلاک ہونا۔

اَوْدَی بہ: ہلاک کرنا۔

و............ر

وَرِثَ ـ وِرْثاً و اِرْثاً: وارث ہونا۔

تَوَارَثَ الشَّیْءَ أباً عَنْ جَدٍّ: باپ دادا سے وراثت میں پانا۔

تُرَاث: مالِ وراثت، ورثہ، میراث، موروثی سرمایہ۔

تُرَاثٌ عِلْمِیٌّ: علمی سرمایہ، وراثت۔

تُرَاثِیّ: قومی، موروثی۔

وَارِث، وَرِیْث: جانشین۔

وَارِث و وَرِیْث شَرْعِیّ: حقیقی جانشین، ولی عہد۔

الوَرِيثُ الافْتِرَاضِيّ: وارث قیاسی، ایسا وارث جس کا حق وراثت زائل نہ ہو بجز اس کے کہ کوئی قریب تر وارث پیدا ہو جائے۔

وِرَاثِیّ: آبائی، موروثی۔

مُتَوَارَث: آبائی، موروثی۔

وَرَدَ ـ وُرُوْداً: آنا۔

وَرَدَتِ الطَّلَبَاتُ: فرمائشیں آنا۔

وَرَدَتِ المَعْلُومَاتُ إلَى كذا: معلومات فراہم ہونا۔

وَرَّدَ، أوْرَدَ: لانا، حاضر کرنا۔

وَرَّدَ: برآمد کرنا، بیرونِ ملک کوئی چیز سپلائی کرنا۔

وَرَّدَ السِّلَاحَ اللَّازِمَ لأحَدٍ: کسی کے لئے ضروری ہتھیار بھیجنا۔

أوْرَدَ: لانا، ذکر کرنا۔

تَوَرَّدَ: سرخ ہونا۔

اِسْتَوْرَدَ الأشْيَاءَ: بیرونِ ملک سے سامان منگانا، درآمد کرنا، امپورٹ کرنا۔

وَرْد: گلاب کا پھول، گلاب و: وَرْدَة۔

وَرْدَة: واشر WASHAR (ا)۔

وَرْدِیّ: گلابی۔

وِرْد: وظیفہ، دعا ج: أوْرَاد۔

وَرِيد: گردن کی رگ۔

اِلْتِهَابٌ وَرِيدِيّ: سوزشِ ورید۔

وَارِد: آمدنی (۲) درآمد ج: وَارِدَات۔

الوَارِدَات: درآمدات، درآمد کردہ سامان۔

اِیْرَاد: پیش کش (۲) ذکر، بیان (۳) آمدنی، انکم (۴) پیداوار ج: اِیْرَادَات۔

اِیْرَادُ الجَمَارِک: کسٹم آمدنی۔

الایرَادُ الصَّافِي: خالص آمدنی، خالص نفع۔

الایرَادُ العَائِلِيّ: فیملی انکم، خاندان کی آمدنی۔

اِیْرَادٌ مَدْفُوعٌ مُقَدَّماً: پیشگی ادا کردہ آمدنی۔

اِیْرَادُ مَدَى الحَیَاة: آمد تا زیست۔

اِیْرَادٌ مُکْتَسَب: کمائی ہوئی آمدنی۔

اِیْرَادَاتٌ مَقْبُوضَةٌ مُقَدَّماً: پیشگی وصول کی ہوئی آمدنی۔

الایرَادَاتُ وَالمَصْرُوفَات: آمد و صرف۔

اِسْتِیْرَاد: درآمدگی۔

تَوْرِیْد: برآمدگی۔

تَوْرِیْدَات: سپلائیاں، مختلف قسم کی سپلائی۔

مُسْتَوْرَد: درآمد کیا ہوا، باہر سے لایا ہوا۔

مُسْتَوْرِد: امپورٹر، درآمد کرنے والا۔

مَوْرِد: ذریعہ آمدنی ج: مَوَارِدُ۔

مُوَرِّد: سامان مہیا کرنے والا، سپلائر (۲) ٹھیکیدار۔

مَوْرِدَة: نہروں میں کشتیوں کے لنگر انداز ہونے کی جگہ۔

مَوَارِدُ: ذرائع۔

مَوَارِدُ مَادِّیَّةٌ ضَخْمَة: زبردست مادی ذرائع۔

مَوَارِدُ مَالِیَّة: فنڈ، فینانس، ذرائع آمدنی۔

مَوَارِدُ المِیْزَانِیَّة: بجٹ کی آمدنی کے ذرائع۔

وَرْشَة: ورکشاپ، کارخانہ اصلاح ج: وَرَشَات۔

وَرَّطَ، أَوْرَطَ: ہلاکت میں ڈالنا (۲) مشکل میں پھنسانا، پریشانی میں ڈالنا۔

تَوَرَّطَ، اِسْتَوْرَطَ: مصیبت میں پھنسنا، دلدل میں پھنسنا۔

تَوَرَّطَ فِي الجَرِیْمَة: جرم میں ملوث ہونا۔

وَرْطَة: ہلاکت (۲) مشکل (۳) گرداب بھنور (۴) پریشانی، دشواری، آویزش ج وَرَطَات۔

وَرَع: پرہیزگاری، تقویٰ۔

تَوَرَّعَ عَنْ: احتراز کرنا، باز رہنا، احتیاط برتنا، دامن کش ہونا۔

وَرَفَ ـــِ وَرْفاً و وَرِیْفاً و أَوْرَفَ: نبات کا تروتازہ ہونا۔

وَارِف: تروتازہ (۲) سایہ وسیع۔

وَرَق: کاغذ (۲) پتا ج: أَوْرَاق۔

___ طَبْع: پرنٹنگ پیپر۔

___ خِطَابَات: مراسلات کا کاغذ، نوٹ پیپر۔

___ کِتَابَة: رائٹنگ پیپر۔

___ رَسْم: نقشہ کشی کا کاغذ۔

___ نَشَّاف: جاذب، بلاٹنگ پیپر۔

___ نَاعِم أَوْ نَعَّام: آرٹ پیپر۔

___ نَاعِمٌ مُمْتَاز: اعلیٰ قسم کا آرٹ پیپر۔

___ نَاعِمٌ مُسَطَّر: رولدار کاغذ۔

___ اللَّعِب: تاش کے پتے۔

___ حِیْطَان: دیوار پر لگانے کا کاغذ۔

__ الاختبار: ٹیسٹ پیپر۔
__ التغلیف: پیکنگ پیپر۔
__ حجم کبیر: فل اسکیپ سائز کاغذ۔
__ خشن: رف کاغذ، اخباری کاغذ۔
__ خطاب (مطبوع علیه العنوان): لیٹر فارم۔
__ زیتی: چکنا پیپر۔
__ الصُّحف: نیوز پیپر۔
__ کربون: کاربن پیپر۔
__ لَفّ: پیکنگ پیپر۔
وَرَقٌ مُجزَّع: رنگین یا پھولدار کاغذ۔
__ مدموغ: اسٹامپ پیپر۔
__ المِرحاض: ٹائلیٹ پیپر۔
__ مشمّع: اسٹینسل۔
__ مصقول: آرٹ پیپر۔
__ مقوّی: آرٹ کارڈ، گتا، کارڈ بورڈ۔
__ منقوش: ابری۔
__ یا نصیب: لاٹری۔
وَرَقَة: ایک کاغذ، ایک شیٹ (۲) ایک پتا۔
وَرَقَةُ الاتّهام: فرد قرار داد جرم۔
وَرَقَةُ اقتراع: ووٹ پیپر، پیپر بیلٹ۔
وَرَقَةُ الانتخاب: انتخابی پرچی، بیلٹ پیپر۔
وَرَقَةُ انتخاب بیضاءُ: کورا کاغذ، سادہ پرچہ انتخاب۔
وَرَقَةُ التّصریح: اجازت نامہ۔
وَرَقَةُ التّصویت: بیلٹ پیپر، پرچہ رائے دہی۔
وَرَقَةُ عَمَلٍ: نقشہ کار، تجویز نامہ، پروگرام۔
وَرَقَةٌ مِنَ الدَّرجَةِ الأولیٰ: فرسٹ کلاس کاغذ، فرسٹ کلاس پیپر۔

وَرَقَةٌ نَقدِیَّة: نوٹ۔
أوراق و: وَرَق: کاغذات، پرچے۔
أوراق الاعتماد: شناختی کاغذات، اسنادِ کار، اسنادِ سفارت، تعارفی کاغذات جو ایک سفیر دوسرے ملک کو پیش کرتا ہے، سفارتی اسناد۔
أوراق تحقیق الشّخصیّة: شناختی دستاویزات۔
أوراق التّعیین: کاغذات نامزدگی۔
أوراق الحظّ: لاٹری۔
أوراق دفع: کاغذاتِ ادائیگی۔
أوراق قبض: کاغذاتِ وصولیابی۔
الأوراق المُرفقة: منسلکہ کاغذات۔
وَرّاق: کاغذ ساز (۲) کاغذ فروش (۳) تاجرِ کتب (۴) اسٹیشنر۔
وِرَاقة: کاغذ سازی (۲) کاغذ وغیرہ کی تجارت، اسٹیشنری۔
وَرنِیش: وارنش (مع) پالش۔
وَرنِیش جزم: جوتا پالش۔

و..........ز

مِیزاب: پرنالہ۔
وِزر: گناہ، بوجھ ج: أوزار۔
وِزارَة: وزارت، منسٹری (۲) کیبنٹ، جماعتِ وزراء (۳) وزیر کا آفس۔
وِزارَةُ الإرشادِ القومیّ: وزارتِ قومی رہنمائی۔
وِزارَةُ الاستعلامات: انفارمیشن منسٹری، وزارتِ اطلاعات۔
وِزارَةُ الإسکان: ہاؤسنگ منسٹری، وزارتِ آبادکاری۔

وِزَارَةُ الاَشْغَال: وزارتِ محنت۔
وِزَارَةُ الاَشْغَالِ العُمُومِيَّة: وزارتِ محنت عامہ۔
وِزَارَةُ الاِعْلام: وزارتِ اطلاعات۔
وِزَارَةُ الاَوْقَاف: وزارتِ اوقاف۔
وِزَارَةُ اِئْتِلافِيَّة: مشترکہ وزارت۔
وِزَارَةُ البِتْرُول و التَّعْدِيْن: وزارتِ پٹرول و معدنیات۔
وِزَارَةُ البَحْثِ العِلْمِيّ: وزارتِ تحقیق وریسرچ۔
وِزَارَةُ التَّخْطِيْط: وزارتِ منصوبہ بندی۔
وِزَارَةُ التَّخْطِيْطِ القَوْمِيّ: وزارتِ قومی پلاننگ۔
وِزَارَةُ التَّرْبِيَةِ و التَّعْلِيْم: ایجوکیشن منسٹری، وزارتِ تعلیم وتربیت۔
وِزَارَةُ التَّمْوِيْن: وزارتِ خوراک، وزارت سپلائی۔
وِزَارَةُ الحَرْبِيَّة: وزارتِ جنگ۔
وِزَارَةُ الخَارِجِيَّة: فارن منسٹری، وزارتِ خارجہ، فارن آفس، دفتر امورِ خارجہ۔
وِزَارَةُ الخِزَانَة: وزارتِ خزانہ۔
وِزَارَةُ الدَّاخِلِيَّة: وزارتِ داخلہ، ہوم آفس۔
وِزَارَةُ العَدْل: وزارتِ قانون، وزارتِ انصاف۔
وِزَارَةُ الحَقَّانِيَّة: وزارتِ قانون۔
وِزَارَةُ الدِّفَاعِ الوَطَنِيّ: وزارتِ قومی دفاع، نیشنل ڈیفنس منسٹری۔
وِزَارَةُ الرَّيّ: وزارتِ آب پاشی۔
وِزَارَةُ السِّيَاحَة: وزارتِ سیاحت، ٹورمنسٹری۔
وِزَارَةُ الشُّئُونِ البَلَدِيَّة و القَرَوِيَّة: دیہی اور شہری معاملات کی وزارت۔
وِزَارَةُ شُئُونِ الرِّئَاسَة: وزارتِ صدارتی امور۔
وِزَارَةُ الطَّيَرَانِ المَدَنِيّ: شہری ہوابازی کی وزارت۔
وِزَارَةٌ مَدَنِيَّة: سول وزارت۔
وِزَارَةُ المُسْتَعْمَرَات: وزارتِ نوآبادکاری۔
وِزَارَةُ النَّقْلِ البَحْرِيّ: وزارتِ بحری ٹرانسپورٹ۔
وِزَارَةُ المَالِيَّة: وزارتِ خزانہ، وزارتِ مالیات، فنانس منسٹری۔
وِزَارَةُ المُوَاصَلات: وزارتِ رسل ورسائل۔
وَكِيْلُ الوِزَارَة: انڈر سکریٹری آف اسٹیٹ۔
وِزَارِيّ: وزارت کا، وزارت سے متعلق۔
وَزِيْر: منسٹر، وزیر ج: وُزَرَاء۔
وَزِيْرُ الاِسْكَانِ و التَّعْمِيْر: وزیرِ تعمیر و آبادکاری۔
وَزِيْرُ الاَشْغَال: وزیرِ محنت۔
وَزِيْرُ الاِعْلام: وزیرِ اطلاعات۔
وَزِيْرُ الاَغْذِيَة: فوڈ منسٹر، وزیرِ خوراک۔
وَزِيْرُ البِتْرُول و المَعَادِن: وزیرِ پٹرول و معدنیات۔
وَزِيْرٌ بِالنِّيَابَة: قائم مقام وزیر۔
وَزِيْرٌ بِالوِكَالَة: قائم مقام وزیر۔
وَزِيْرُ التَّخْطِيْط: وزیرِ پلاننگ۔
وَزِيْرُ التَّعْمِيْر و الاِنْشَاء: وزیرِ تعمیر وترقی۔
وَزِيْرُ التَّمْوِيْن: وزیرِ سپلائی، فوڈ منسٹر۔
وَزِيْرُ الخَارِجِيَّة: وزیرِ خارجہ، امریکا کا سیکرٹری آف اسٹیٹ۔
وَزِيْرُ الخَارِجِيَّة بِالنِّيَابَة: قائم مقام وزیرِ خارجہ۔
وَزِيْرُ الخِزَانَة: وزیرِ خزانہ۔
وَزِيْرُ الدَّاخِلِيَّة: وزیرِ داخلہ، برطانیہ کا ہوم سیکرٹری۔

وَزِیرُ الدِّفَاعِ و الطَّیران: وزیر دفاع وہوا بازی۔
وَزِیرُ دَوْلَة: وزیر مملکت، کیبنٹ وزیر، وزیر بے قلمدان۔
وَزِیرُ الدَّوْلَة لِلشُّئُونِ المَالِیَّة: وزیر مملکت برائے مالیات۔
وَزِیرُ الشُّئُونِ البَلَدِیَّة و القَرَوِیَّة: شہری و دیہاتی امور کے وزیر۔
وَزِیرُ الصِّنَاعَة و الطَّاقَة: وزیر صنعت و توانائی۔
وَزِیرُ العَمَل: وزیر محنت۔
وَزِیرٌ فِی هَیْئَةِ الوِزَارَة: کیبنٹ وزیر۔
وَزِیرُ الکَهْرَبَاءِ و المَاءِ: وزیر برقاب۔
وَزِیرُ المَعَارِف: وزیر تعلیم۔
وَزِیرٌ مُفَوَّض: وزیر مختار، سفیر مختار، وہ سفیر جسے کامل اختیارات حاصل ہوں۔
وَزِیرُ النَّقْل: وزیر نقل وحمل۔
وَزٌّ اِوَزٌّ: بطخ، مرغابی۔
وَزَعَ ـــ وَزْعاً: روکنا، منع کرنا۔
وَزَّعَ: تقسیم کرنا۔
وَزَّعَ الاخْتِصَاصَاتِ: اختیارات تقسیم کرنا۔
ـــ أَفْرَادَ البُولِیسِ عَلَی المُدِیرِیَّات: پولیس میوں کو اضلاع پر تقسیم کرنا۔
ـــ البَیَانَ عَلَی الصُّحُف: اخبارات کو بیان بھیجنا۔
ـــ قُوَّاتِ الأَمْنِ فِی مَفَارِقِ الطُّرُق: چوراہوں پر پی، اے، سی کو تعینات کرنا۔
ـــ المَهَامَّ عَلَی الأَعْضَاء: ممبران کو ذمہ داریاں سونپنا۔

تَوَزَّعَ: تقسیم ہونا، بٹ جانا۔
وَازِع: مانع (۲) عبرت۔
الوَزَّاع: کنٹرولر، نگراں۔
تَوْزِیع: سرکلیشن، اشاعت، تقسیم۔
تَوْزِیعُ الأَرْبَاح: منافع کی تقسیم۔
تَوْزِیعٌ جُغْرَافِیّ: جغرافیائی تقسیم۔
تَوْزِیعُ الدَّوَائِر: حلقوں کی تقسیم۔
تَوْزِیعُ الرَّسَائِل: ڈاک ڈلیوری، خطوط کی تقسیم۔
تَوْزِیعٌ عَادِل: منصفانہ تقسیم۔
تَوْزِیعُ الغِذَاءِ بِالمَقَرَّات: مراکز پر راشن کی تقسیم۔
تَوْزِیعَة: ایک ڈلیوری۔
مُوَزِّع: ڈسٹی بیوٹر، مقسم۔
مُوَزِّعُ المِنْطَقَة: علاقائی مقسم۔
وَزَنَ ـــ وَزْناً: تولنا۔
وَزَنَ الحِسَاب: حساب لگانا۔
الوَزْنُ الزَّائِدُ فِی العَفْش: سامان کا زائد وزن۔
وَزْنَة: باٹ۔
اِتِّزَان: توازن، سنجیدگی۔
مُوَازَنَة: تقابل، توازن، بیلنس۔
مُوَازَنَةُ الحِسَابَات: بیلنس، حسابات کا ملان، تقابل۔
مِیزَان: توازن، لیول، بیلنس (۲) ترازو، کانٹا ج: مَوَازِین۔
المِیزَانُ التِّجَارِیّ: تجارتی توازن۔
مِیزَانُ البُخَار: اسٹیم پیما، بھاپ پیما، اسٹیم دیکھنے کا آلہ۔

مِیزَانُ تِجَارِیٌّ غَیرُ مُوَافِقٍ: نامساعد تجارتی توازن۔
مِیزَانُ الثِّقلِ النَّوعِیّ: کثافتِ نوعی کا پیمانہ (ڈینسی میٹر)۔
مِیزَانُ ثِقلِ الهَوَاءِ: بیرومیٹر، بادپیما۔
مِیزَانُ الحَرَارَۃِ: تھرمامیٹر۔
مِیزَانُ السَّاعَۃِ: بیلنس، موجودہ بیلنس۔
مِیزَانُ ضَغطِ البُخَارِ: دُخان پیما، جو بائلر میں لگا ہوتا ہے جس سے بھاپ کے دباؤ کی مقدار معلوم ہوتی ہے۔
مِیزَانُ القُوَی: طاقت کا توازن۔
مِیزَانُ اللَّبَنِ: دودھ کی جانچ کا آلہ، شیر پیما، دودھ کسوٹی۔
مِیزَانُ المَدفُوعَاتِ: ادائیگی بیلنس، ادائیگی کا توازن۔
مِیزَانُ مُرَاجَعَۃٍ: حسابی جانچ کی پوزیشن۔
مِیزَانِیَۃٌ: بجٹ، بیلنس شیٹ۔
مِیزَانِیَۃُ الإِنتَاجِ: پیداواری بجٹ۔
مِیزَانِیَۃُ التَّنمِیَۃِ: ترقیاتی بجٹ۔
مِیزَانِیَۃُ الحُکُومَۃِ: سرکاری بجٹ۔
مِیزَانِیَۃُ الدِّفَاعِ: دفاعی بجٹ۔
مِیزَانِیَۃٌ ضَخمَۃٌ: بھاری بجٹ۔
المِیزَانِیَۃُ العَامَّۃُ: عمومی بجٹ، جنرل بجٹ۔
مِیزَانِیَۃٌ عُمُومِیَّۃٌ: جنرل بجٹ، عمومی بجٹ۔
مِیزَانِیَۃٌ مُتَّزِنَۃٌ: متوازن بجٹ۔
مِیزَانِیَۃُ المُشتَرَیَاتِ: خریداری بجٹ۔
مِیزَانِیَۃٌ نَقدِیَۃٌ: کیش بجٹ۔
مُتَّزِنٌ: سنجیدہ مزاج (۲) متوازن۔

و............س

وَسَخٌ: میل (۲) گندگی ج: أَوسَاخٌ۔
وِسَادَۃٌ: تکیہ (۲) زین وغیرہ کا گدا ج: وَسَائِدُ۔
تَوَسَّدَ: تکیہ پر سر رکھنا۔
وَسطٌ: بیچ، درمیان۔
وَسطَ الجُمُوعِ: ہجوم کے درمیان۔
وَسَطٌ: مرکز، وسطی حصہ (۲) درمیانی، مڈل، اوسط درجے کا، بین بین (۳) مرکزی، سنٹرل (۴) درمیانی چیز۔
وَسَطُ آسِیَا: وسط ایشیا۔
وَسَطُ أُورُبَا: وسطِ یورپ۔
وَسَطٌ (۲): ماحول، حلقہ، دائرہ ج: أَوسَاطٌ۔
وَسَطٌ، وَسَطَانِیٌّ: درمیانی درجہ کا۔
وِسَاطَۃٌ: ثالثی (۲) ذریعہ (۳) سفارش۔
وَسِیطٌ: ثالث (۲) دلال، وکیل (۳) سفارشی ج: وُسَطَاءُ۔
وَاسِطَۃٌ: ذریعہ (۲) میڈیم۔
بِوَاسِطَۃِ کَذَا: بذریعہ۔
أَوسَطُ: مڈل، درمیانہ۔
الأَوسَاطُ الأَدَبِیَّۃُ: ادبی حلقے۔
الأَوسَاطُ التِّجَارِیَّۃُ: تجارتی حلقے۔
الأَوسَاطُ الدِّینِیَّۃُ: دینی حلقے۔
الأَوسَاطُ العِلمِیَّۃُ: علمی حلقے۔
تَوَسَّطَ المَکَانَ: بیچ میں بیٹھنا۔
تَوَسَّطَ بَینَهُم: ثالث بننا، بیچ بچاؤ کرانا۔
مُتَوَسِّطٌ: درمیانی، درمیانہ، مڈل، میڈیم (۲) مرکزی (۳) اوسط۔

مُتَوَسِّطٌ حِسَابِيّ: حساب کا اوسط۔
البَحْرُ المُتَوَسِّط: بحرِ روم۔
وَسُعَ ۔ سَعَةُ المَكَانُ: کشادہ ہونا، گنجائش ہونا۔
وَسِعَهُ: سمونا، احاطہ کرنا، عام ہونا۔
وَسَّعَ آفَاقَ الشَّيِ: دائروں کو وسعت دینا۔
وَسَّعَ رُقْعَةَ السُّلْطَان: دائرۂ اقتدار بڑھانا۔
وَسَّعَ رُقْعَةَ المَمْلَكَة: مملکت کے رقبہ کو وسیع کرنا۔
وَسَّعَ الاخْتِصَاصَاتِ: اختیارات بڑھانا۔
وَسَّعَ النِّطَاقَ: دائرہ وسیع کرنا۔
وَسَّعَ الوِزَارَةَ: وزارت میں توسیع کرنا۔
تَوَسَّعَ الطَّلَبُ: ڈیمانڈ بڑھنا، مانگ میں اضافہ ہونا۔
اِتَّسَعَتِ الآفَاقُ: دائرے وسیع ہونا۔
اِتَّسَعَتِ الفَجْوَةُ بَيْنَ كذا: خلیج وسیع ہونا، درمیانی بُعد بڑھنا۔
وُسْعٌ: طاقت، پاور۔
بَذَلَ وُسْعَه: طاقت صرف کرنا۔
فِي وُسْعِه: مقدور میں۔
سَعَة: گنجائش، کشادگی، قدرت، صلاحیت۔
ذُوسَعَة: خوشحال۔
وَاسِعُ الانْتِشَار: کثیر الاشاعت۔
وَاسِعُ الخِبْرَة: بڑا تجربہ کار، وسیع تجربہ رکھنے والا۔
تَوَسُّع: اضافہ۔
تَوْسِعَةُ البِنَاء: عمارت کی توسیع۔
مُتَّسَع: گنجائش (۲) خالی جگہ۔
مُوْسِع: مالدار۔

مُوَسَّع: زبردست پیمانہ پر، وسیع پیمانہ پر، وسیع تر، اعلیٰ پیمانہ پر۔
مُوَسِّعَةُ الحِذَاء: شواسٹریچر، جوتا بنانے کا فرما۔
مَوْسُوعَةٌ عِلْمِيَّة: انسائیکلوپیڈیا۔
مَوْسُوعَةٌ لُغَوِيَّة: لغت کی جامع کتاب۔
وِسْكِي: (مع) ایک قسم کی شراب۔
تَوَسَّلَ الى: کسی سے درخواست کرنا۔
تَوَسَّلَ المَرِيضُ الدَّوَاءَ: مریض کا دوا طلب کرنا۔
وَسِيلَة: راستہ، میڈیم، ذریعہ۔
وَسَائِلُ آلِيَّةٌ حَدِيثَة: جدید مشینی وسائل۔
وَسَائِلُ الاِعْلَام: ذرائعِ نشر و اشاعت، ذرائعِ ابلاغ۔
وَسَائِلُ الاِعْلَان: ذرائعِ اشتہار۔
وَسَائِلُ تَنْهَضُ بِالتَّعْلِيم: تعلیمی ترقی کے ذرائع۔
وَسَائِلُ العُنْف: تشدد کے ذرائع۔
الوَسَائِلُ المُتَاحَة: ممکنہ ذرائع۔
وَسَائِلُ المَعِيشَة: معاشی ذرائع۔
وَسَائِلُ النَّقْل: مواصلات۔
وَسَمَ: (ض) علامت لگانا۔
سِمَة: نشان، مارک ج: سِمَات۔
وِسَام: تمغہ، شان، اعزازی نشان ج: أَوْسِمَة و وِسَامَات۔
وَسَامَة: خوبصورتی۔
وَسِيم: خوب رو۔
اِتَّسَامُ الشَّيِ بِكَذا: حامل ہونا، متصف ہونا۔

مَوْسِم: فصل، سیزن (۲) وقت (۳) تہوار (۴) میلہ، جشن ج: مَوَاسِم۔
مَوْسِمٌ رَاكِدٌ: منجمد موسم۔
مَوْسِمٌ كَاسِدٌ: ڈل سیزن، مندا سیزن۔
مَوْسِمِيّ: سیزن کا، وقتی۔
الرِّيْحُ الْمَوْسِمِيَّة: مون سون۔
مُوْسَى: استرا ج: مَوَاسٍ۔

و۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ش ک

وُشْک: نزدیکی، قرب۔
عَلَى وُشْک: قریب، نزدیک۔
وَشَى بِه إِلَى أَحَدٍ ۔ وَشْياً: چغلی کھانا، شکایت کرنا۔
وَشْيٌ، وِشَايَة: چغل خوری۔

و۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص ل

وَصَفَ ۔ وَصْفاً: صفت بیان کرنا، کیفیت بیان کرنا (۲) حلیہ بیان کرنا (۳) دوا تجویز کرنا۔
إِسْتَوْصَفَ الطَّبِيْبَ: معالج سے مشورہ لینا، ڈاکٹر یا حکیم سے دوا لکھوانا۔
صِفَة: حیثیت، حالت (فَعَلَ بِصِفَتِه طَبِيباً: اس نے بحیثیت طبیب کام کیا)۔
صِفَةٌ دَوْلِيَّة: بین الاقوامی حیثیت۔
بِصِفَةٍ رَسْمِيَّة: باضابطہ، سرکاری حیثیت سے، قانونی طور پر۔
وَصْفُ الْبِضَاعَة: سامان کی کیفیت۔
وَصْفٌ مُجْمَل: اجمالی خاکہ۔
بِوَصْفِ كَذَا: بطور، بحیثیت، باعتبار۔
وَصْفَة: نسخہ۔
وَصِيْف: خادم خاص، غلام۔
وَصِيْفَة: خادمہ، کنیز۔
مُسْتَوْصَف: مطب (۲) ڈسپنسری۔
مُوَاصَفَات: اوصاف، تفصیلات، تعارف، شرائط۔
وَصَلَ ۔ وَصْلاً: ملانا، جوڑنا۔
وَصَلَ ۔ وُصُولاً: پہنچنا۔
وَصَلَ إِلَى الحَضِيْض: گہرائی میں گر جانا۔
وَصَلَ إِلَى لَحْظَةٍ حَرِجَةٍ: نازک موڑ پر پہنچنا۔
وَصَلَتِ الْفَتْرَةُ إِلَى ثَلَاثِيْنَ يَوْماً: وقفہ کا تیس دن ہونا۔
وَصَّلَه بِه: جوڑنا۔ ملانا۔
وَصَّلَه إِلَى: پہنچانا۔
وَاصَلَ الْعَمَلَ مُوَاصَلَةً: جاری رکھنا، مسلسل کرنا۔
۔۔۔ الإِضْرَابَ عَنِ الطَّعَام: بھوک ہڑتال جاری رکھنا۔
۔۔۔ التَّحْقِيقَ فِي الحَادِث: واقعہ کی تفتیش جاری رکھنا۔
۔۔۔ التَّأْيِيْدَ لِكَذَا: حمایت جاری رکھنا۔
۔۔۔ التقدم: پیش قدمی جاری رکھنا۔
۔۔۔ بَذْلَ الجُهُود: جدوجہد جاری رکھنا۔
تَوَصَّلَ إِلَى اتِّفَاقٍ شَامِلٍ حَوْلَ كَذَا: کسی سلسلہ میں مکمل اتفاق کر لینا۔
تَوَصَّلَ إِلَى تَسْوِيَةٍ لِلْأَزْمَة: مسئلہ کے حل پر پہنچنا۔
تَوَصَّلَ إِلَى حَقِيْقَةِ شَيْءٍ: کسی چیز کی تہہ تک پہنچنا۔
تَوَصَّلَ إِلَى حَلٍّ لِأَزْمَةٍ: مسئلہ کے حل

پر پہنچنا۔
وَصْل: رسید (۲) واؤچر۔
وُصْل: جوڑ ج: اَوْصَال۔
صِلَاتٌ جَوِّيَة: فضائی روابط و: صِلَة۔
وُصُول: آمد (۲) رسید۔
وُصُولِيّ: خود غرض۔
وَصِيلُ الرَّجُل: رفیق، ہم دم۔
وُصْلَة: جوڑ، جنکشن۔
وُصْلَةُ الكَلَام: صفحہ کے آخر کا لفظ جو دوسرے صفحہ پر دُہرایا جائے۔
وَاصِلَة: پلگ۔
وَاصِلَةُ مِسَرَّة: ٹیلیفون پلگ۔
اِتِّصَال: کال، کنکشن۔
اِتِّصَالٌ مُبَاشِر: ڈائرکٹ کال، براہِ راست رابطہ۔
اِتِّصَالٌ جَوِّيّ: فضائی رابطہ۔
اِتِّصَالٌ دِبْلُومَاسِيّ: سفارتی رابطہ۔
اِتِّصَالَاتٌ تِلِيفُونِيَّة: ٹیلیفون رابطے۔
اِتِّصَالَاتٌ سِرِّيَّة: خفیہ روابط۔
اِيصَال: رسید ج: اِيصَالَات۔
اِيصَالُ اَمَانَة: رقم جمع کرنے کی رسید، ڈپازٹ رسید۔
اِيصَالُ اِيدَاع: جمع امانت کی رسید۔
اِيصَالٌ بِكُلِّ المَبْلَغ: پوری رقم کی رسید۔
تَوْصِيل: ڈلیوری۔
تَوْصِيلَة: (دا) سواری کی اُجرت۔
مُتَّصِل، مُتَوَاصِل: مسلسل۔
وَصْمَة: داغ، نشان ج: وَصَمَات۔
وَصْمَةُ الأَصَابِع: نشانِ انگشت۔
وَصْمَةٌ بِالعَار: کلنک کا ٹیکہ۔
وَصَّى بِفُلَان: سفارش کرنا۔
وَصِيّ: ٹرسٹی، نگران، ولی، سرپرست۔
وَصِيٌّ عَلَى تَرِكَة: ترکہ کا وارث۔
وَصِيٌّ عَلَى العَرْش: تخت کا وارث۔
وَصِيٌّ عَلَى فُلَان: ولی عہد، وارث، جانشین۔
وِصَايَة: سرپرستی، ولایت، ولایتِ عہدہ، نگرانی، گارجین شپ۔
وَصِيَّة، وِصَايَة: وصیت، حکم (۲) نصیحت ج: وَصَايَا۔
اِيصَاء: حکم (۲) نصیحت۔
تَوْصِيَة: رہبری، رہنمائی (۲) سفارش ج: تَوْصِيَات۔
مُوصًى عَلَيْه: رجسٹرڈ۔

و.........ض

وَضَاءَة: صفائی۔
وُضُوح: صاف ہونا، واضح ہونا، روشن ہونا (۲) وضاحت۔
اِيضَاح: تشریح، تشریحی نوٹ۔
اِيضَاحِيّ: وضاحتی۔
اِسْتِيضَاح: وضاحت طلب کرنا۔
تَوْضِيحٌ حَوْلَ كَذَا: وضاحت۔
وَاضِح: صاف، اجاگر، آشکارا، پیٹنٹ۔
وَضَعَ ـ وَضْعاً: رکھنا، ڈالنا۔
ــــ الكِتَابَ: تالیف کرنا۔
ــــ الحَدِيثَ: بات گھڑنا۔
ــــ يَدَهُ عَلَى: قابض ہونا۔
ــــ بَرْنَامَجاً: پروگرام بنانا۔
ــــ خُطَّةً: منصوبہ بنانا، اسکیم تیار کرنا۔

___ تَصْمِيماً: ڈیزائن بنانا، خاکہ تیار کرنا۔
___ حَدّاً أَقْصَى: آخری حد مقرر کرنا۔
___ التَّرْتِيبَاتِ: انتظامات کرنا۔
___ قَانُوناً: آئین بنانا۔
___ سِيَاسَةً: پالیسی مرتب کرنا۔
___ جَدْوَلَ أَعْمَالِ المُؤْتَمَرِ: کانفرنس کا ایجنڈا تیار کرنا۔
___ عَلَامَةً: نشان ڈالنا۔
وَضَعَ الاقْتِرَاحَ مَوْضِعَ المُنَاقَشَةِ: تجویز زیر بحث لانا۔
___ الأَغْلَالَ الحَدِيدِيَّةَ فِي اليَدَيْنِ: ہاتھوں میں لوہے کی ہتھکڑی لگانا۔
___ إِكْلِيلَ الزُّهُورِ عَلَى نَعْشٍ: میت پر پھول چڑھانا۔
___ الثِّقْلَ إِلَى جَانِبِ فُلَانٍ: حمایت کرنا۔
___ الجَرَائِمَ عَلَى المَشْرَحَةِ: جرائم کا پوسٹ مارٹم کرنا۔
___ الجَيْشَ فِي حَالَةِ التَّأَهُّبِ: فوج کو تیار رکھنا۔
___ الحَقَائِقَ أَمَامَ الشَّعْبِ: عوام کو حقائق سے آگاہ کرنا۔
___ القَرَارَ بِالصِّيغَةِ المَرْضِيَّةِ: من پسند الفاظ میں تجویز تیار کرنا۔
___ القَرَارَ مَوْضِعَ التَّنْفِيذِ: فیصلہ کو عملی جامہ پہنانا۔
___ اللَّمَسَاتِ النِّهَائِيَّةَ علی كذا: آخری شکل دینا۔
___ لِنَفْسِهِ نَهْجاً: اپنے لئے راہ متعین کرنا۔
___ الشَّيْءَ تَحْتَ أَحَدٍ: اختیار میں دینا۔

___ الشَّيْءَ تَحْتَ تَصَرُّفِ أَحَدٍ: حوالہ کرنا، اختیار میں دینا۔
وَضَعَ الشَّيْءَ فَوْقَ كُلِّ اعْتِبَارٍ: ہر چیز پر فوقیت دینا۔
___ الشَّيْءَ فِي الاعْتِبَارِ: ذہن میں رکھنا، خیال رکھنا، اہمیت دینا۔
___ الشَّيْءَ نُصْبَ العَيْنِ: نصب العین بنانا۔
___ الشَّيْءَ فِي الصُّنْدُوقِ: کیس میں رکھنا۔
___ الشَّيْءَ عَلَى العَيْنِ: آنکھوں سے لگانا۔
___ مَشْرُوعاً: اسکیم بنانا۔
___ المِفْتَاحَ عَلَى القُفْلِ: دکھتی رگ پکڑنا۔
___ المِيزَانِيَّةَ: بجٹ تیار کرنا۔
___ النُّصُبَ على الطُّرُقِ: راستوں پر مجسمے نصب کرنا۔
___ النِّظَامَ لكذا: قاعدہ بنانا، سسٹم جاری کرنا۔
___ اللِّحَافَ عَلَى الجِسْمِ: لحاف اوڑھنا۔
___ اللَّزْقَةَ: (پلاڈوتا) پلاسٹر لگانا۔
___ الفِكْرَةَ مَوْضِعَ التَّنْفِيذِ: نظریہ کو عملی جامہ پہنانا۔
وَضَعَ الجَدَاوِلَ الزَّمَنِيَّةَ: ٹائم ٹیبل بنانا، نقشہ اوقات تیار کرنا۔
___ خُطَّةَ العَمَلِ لكذا: لائحہ عمل تیار کرنا۔
___ مُسَوَّدَةً: ڈرافٹ بنانا، مسودہ تیار کرنا۔
___ الذَّاكِرَةَ مَوْضِعَ التَّجْرِبَةِ: حافظہ پر زور ڈالنا۔
___ نِهَايَةَ شَيْءٍ: ختم کرنا۔
___ العَقَبَاتِ فِي طَرِيقٍ: راہ میں رکاوٹیں ڈالنا۔

__ الْهَيْكَلَ التَّنْظِيمِيَّ لِشَيْءٍ: انتظامی ڈھانچہ تیار کرنا۔
__ الْمَطَارَ تَحْتَ إِجْرَاءَاتٍ أَمْنِيَّةٍ: ہوائی اڈہ پر حفاظتی انتظامات کرنا۔
وَضَعَهُ تَحْتَ الْمُرَاقَبَةِ: نگرانی قائم کرنا۔
__ فِي الْقَائِمَةِ السَّوْدَاءِ: بلیک لسٹ میں لینا۔
__ فِي وَضْعٍ صَعْبٍ: سخت پوزیشن میں ڈالنا۔
وَضْعٌ: صورتِ حال، پوزیشن ج: أَوْضَاعٌ۔
الْوَضْعُ الْمَأْسَوِيُّ: تکلیف دہ صورتِ حال، المناک حالت۔
الْوَضْعُ الْمُتَدَهْوِرُ: بگڑی ہوئی صورتِ حال۔
الْوَضْعُ الْمُتَعَارَفُ عَلَيْهِ: معلوم شدہ صورتحال۔
الْوَضْعُ الْاِقْتِصَادِيُّ الْمُنْهَارُ: گرتی ہوئی اقتصادی حالت۔
الْوَضْعُ الْمُتَفَجِّرُ: دھماکہ خیز صورتِ حال۔
الْوَضْعُ الْمُتَوَتِّرُ: کشیدہ صورتِ حال۔
الْوَضْعُ الْمُخَطَّطُ: طے شدہ صورتِ حال۔
وَضْعٌ خَطِيرٌ: خطرناک صورتِ حال۔
الْوَضْعُ الدِّبْلُومَاسِيُّ: سفارتی پوزیشن۔
الْوَضْعُ الدِّرَاسِيُّ: تعلیمی حالت۔
وَضْعٌ دَقِيقٌ: نازک صورتِ حال۔
وَضْعٌ صَعْبٌ: سخت پوزیشن۔
وَضْعٌ طَبْعِيٌّ: اصل پوزیشن۔
وَضْعٌ عَسْكَرِيٌّ: فوجی پوزیشن۔
وَضْعٌ قَانُونِيٌّ: قانونی پوزیشن۔

وَضْعٌ مُعَقَّدٌ: پیچیدہ صورتِ حال۔
وَضْعٌ نَفْسِيٌّ: نفسیاتی کیفیت۔
وَضْعٌ فَوْضَوِيٌّ: لاقانونی صورتِ حال، انتشار کی کیفیت۔
وَضْعٌ مَشْحُونٌ بِالْاِنْفِجَارِ: دھماکہ خیز صورتِ حال۔
الْوَضْعُ قَائِمٌ كَمَا هُوَ: حالت جوں کی توں ہے۔
الْوَضْعُ يَسِيرُ نَحْوَ التَّرَدِّي: صورتِ حال خراب ہو رہی ہے۔
وَضْعُ الْخُطَطِ وَ التَّصَامِيمِ: ڈیزائننگ۔
وَضْعُ الْقَانُونِ: آئین سازی۔
وَضْعُ الْعَلَامَةِ: نمبرنگ۔
عَلَى وَشْكِ الْوَضْعِ: ولادت کے قریب۔
وَاضِعُ التَّصْمِيمِ: ڈیزائنر۔
وَاضِعُ الْمِيزَانِيَّةِ: بجٹ تیار کنندہ۔
أَوْضَاعٌ: احوال، حالات و: وَضْعٌ۔
الْأَوْضَاعُ الْاِقْتِصَادِيَّةُ: اقتصادی حالات۔
الْأَوْضَاعُ الدُّسْتُورِيَّةُ: آئینی احوال۔
أَوْضَاعٌ رَاهِنَةٌ: موجودہ حالات۔
الْأَوْضَاعُ السَّائِدَةُ فِي الْبَلَدِ: ملک کے عام حالات۔
أَوْضَاعٌ قَاسِيَةٌ: سخت حالات۔
أَوْضَاعٌ مُتَقَلِّبَةٌ: بدلتے ہوئے حالات۔
أَوْضَاعٌ مُضْطَرِبَةٌ: دگرگوں حالات، غیر اطمینان بخش حالات، غیر یقینی حالات۔

مَوْضِع ج: مَوَاضِع: جگہ، پلیس۔
مَوْضِع ثِقَة: قابلِ اعتماد۔
مَوْضِعُ ثِقَةِ المَجْلِس: بورڈ کا معتمد علیہ۔
مَوْضِعُ جَدَل: موضوعِ بحث۔
مَوْضِعُ الخِلَاف: اختلافی مسئلہ۔
مَوْضِعُ سِرّ: رازدار۔
مَوْضِعُ الكَرَاهِيَة: مقامِ کراہیت۔
مَوْضِعُ المَخْزُوْن: اسٹاک روم۔
مَوْضِعُ النِّزَاع: محلِ نزاع۔
مَوْضِعُ نِقَاش: زیرِ بحث، موضوعِ بحث۔
مَوْضِعِيّ: لوکل۔
مَوْضُوع: کم درجہ (۲) گھڑا ہوا (۳) مدارِ گفتگو، پائنٹ، ٹاپک (۴) مضمون، میٹر، سبجیکٹ (۵) مسئلہ ج: مَوْضُوعَات و مَوَاضِيع۔
